UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224253
UNIVERSAL
LIBRARY

رجسٹرڈ ایل نمبر ۶۵۴ رسالہ صوفی ماہ جولائی ۱۹۳۱ء

صوفی

مقام اشاعت پنڈی بہاؤالدین ضلع گجرات

مدیر مسئول محمد الدین اعوان

ڈائرکٹر آف پالیسی۔ ملک محمد اسلم خاں صاحب ایم۔ اے (کینٹب)

فیلو رائل سوسائٹی آف آرٹس بیرسٹرایٹ لاء گجرات

سالانہ قیمت کاغذ قسم اول تین روپے

سالانہ قیمت کاغذ قسم دوم دو روپے

قیمت فی پرچہ چار آنے

رجسٹرڈ ایل نمبر ۶۵۴ رسالہ صوفی ماہ جولائی ۱۹۳۱ء

صوفی

مقام اشاعت پنڈی بہاؤالدین ضلع گجرات

مدیر مسئول محمد الدین اعوان

ڈائرکٹر آف پالیسی - ملک محمد اسلم خاں صاحب ایم - اے (کینٹب)

فیوڈرائل سوسائٹی آف آرٹس بیرسٹرایٹ لاء گجرات

سالانہ قیمت کاغذ قسم اول تین روپے

سالانہ قیمت کاغذ قسم دوم دو روپے

قیمت فی پرچہ چار آنے

اکسیر عنبری

اکسیر عنبری میں خدا کے فضل و کرم سے وہ تمام خوبیاں موجود ہیں۔ جن کے حاصل کرنے کے واسطے اہل ملک لاکھوں روپے یورپ اور نیز جھوٹے اشتہار بازوں کی نذر کر رہے ہیں۔ خداوند کریم کی عنایت سے اب چونکہ ہندوستان کے ہر حصہ میں اکسیر عنبری کا تجربہ ہو چکا ہے اس لئے اسکی تعریف میں صفحے سیاہ کر کے آپ کی سمع خراشی کرنا منظور نہیں اور نہ اس کے پورے صفات بیان کرنے کی اس اشتہار میں گنجائش ہے۔ یہ جوانی کی روح اور بڑھاپے کی جان ہے۔ عورتوں۔ بچوں اور لڑکیوں کی کمزوری کی حالت میں اس کو استعمال کیا گیا۔ اور نتیجہ نہایت تسلی بخش نکلا ہے۔ مردوں کے امراض مثل کثرت احتلام اور جریان و سرعت غیر کو نافع ہے۔ جوانی کی غلط کاریوں۔ وبچپن کی شادی سے جب انسان زندہ درگور ہو جاتا ہے تو اکسیر عنبری نئی زندگی بخشتا ہے۔ اسکی پہلی خوراک منہ میں ڈالتے ہی دل و دماغ میں ایک سریع التاثیر سرور پیدا ہو کر حواس خمسہ ظاہری و باطنی تیز و روشن ہو جاتے ہیں خیالات اعلیٰ اور مفید سوجھنے لگتے ہیں دل کو وہ تقویت اور فرحت پہنچتی ہے کہ گویا قادر مطلق نے ایک نئی زندگی عطا کی ہے ضعف دل۔ بیچینی دل۔ دل کا دھڑکنا۔ دل کا ڈوبتے جانا۔ پراگندہ خیالی۔ سانس کا پھولنا وغیرہ امراض کے واسطے ایک سچا اور قابل اعتماد تریاق ہے۔ جس کے استعمال سے دیرج کے تمام نقائص دور ہو جاتے ہیں۔ ججوں۔ منصفوں۔ تحصیلداروں۔ رئیسوں اور جاگیرداروں وغیرہ کو یہ مونس رفیق جان کے ساتھ رکھنا چاہیے۔ قیمت فی شیشی چار روپے (لاغہ) تین شیشی کے خریدار کو محصول ڈاک معاف۔

طلائے نادر یہ طلا مقوی اور اوائل کی غلط کاریوں کے ازالہ کیلئے بمنزلہ اکسیر ہے زیادہ تعریف خلاف تہذیب ہے قیمت فی شیشی ۲ عدد اکسیر عنبری کے ہمراہ اس کا استعمال سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے۔

طلائے خاص یہ نہایت اعلیٰ درجہ کا ہے۔ اس میں کستوری ہے صرف امیروں کے لئے قیمت فی شیشی پانچ روپے (۵ر)

نوٹ ان دواؤں کے تمام خطوط بصیغہ راز رکھے جاتے ہیں۔ ان کے متعلق کوئی سرٹیفکیٹ چھاپا یا شائع کرنا تو ایک طرف کسی غیر شخص کو دکھایا بھی نہیں جاتا اس لئے ان کے متعلق سرٹیفکیٹ درج نہیں کئے جاتے۔

پتہ کیلئے مینجر کارخانہ آب حیات پنڈی بہاؤ الدین۔ پنجاب

فہرست مضامین رسالہ صوفی

جلد ۶ | بابت ماہ جولائی سنہ ۱۹۳۱ء مطابق ماہ صفر المظفر سنہ ۱۳۵۰ھ | نمبر ۱

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	نمبر صفحہ
۱	ہوالباقی		۴
۲	شذرات واشارات	محترمہ ح - ب صاحبہ	۵
۳	غزل	ضیاء الملک ملا رموزی صاحب	۶
۴	جداگانہ نیابت	مولینا باسط صاحب بسوانی	۷
۵	ہم دم	جناب حسن شہید صاحب سہروردی ایم-اے	۱۳
۶	قطعہ	جناب امجد صاحب حیدرآبادی	۱۴
۷	جذبات حقیقت	مولینا روش صاحب صدیقی	۲۶
۸	میدان پانی پت	محترمہ دختر چوہدری بدرالدین صاحب قیصری	۲۷
۹	مذہب اور سائنس	جناب منظور حسین صاحب منظور بی-اے	۲۹
۱۰	محشرستان کانپور	(ڈاکٹر سڈنی بیری) مترجمہ اسرائیل احمد صاحب بی-اے	۳۲
۱۱	دائش انسانی کا پتلا	مولینا جوش صاحب ملیح آبادی	۳۳
۱۲	رباعیات طالب	(والٹر) مترجمہ ملک عزیز عالم صاحب	۳۷
۱۳	تقاضائے وفا	جناب طالب صاحب باغپتی	۳۸
۱۴	تصوف کی آڑ میں	جناب جلال الدین صاحب اکبر	۳۹
۱۵	احسن الکلام	جناب مرزا اعظم بیگ صاحب چغتائی بی-اے	۴۲
۱۶	عندلیب	جناب احسن صاحب	۴۲
۱۷	ہندو مسلم	جناب باسط صاحب بسوانی	۴۳
۱۸	جداگانہ نیابت	مولوی سر محمد یعقوب صاحب	۴۴
		ڈاکٹر شفاعت احمد خاں صاحب ایم-اے	

ضرورت ہے

صوفی کے پرچے بطور نمونہ بھیجنے کے لئے ہم کو ہر ضلع میں اردو پڑھے لکھے آدمیوں کے نام اور پورے پتے درکار ہیں گزیٹڈ افسران کے نام نہ لکھے جاویں جن کی تنخواہ دوسو روپیہ سے زیادہ ہو۔ ایک شہر میں چھ نام سے زیادہ اور ایک قصبہ میں تین نام سے اور گاؤں میں ایک نام سے زیادہ نہ ہو۔ چار سو نام کے عوض صوفی ایک سال تک یا دو روپیہ کی کتابیں۔ دو سو نام کے عوض صوفی چھ ماہ یا ایک روپیہ کی کتابیں دی جاسکتی ہیں۔

محک الفقر کلاں اردو یہ عجیب وغریب سراپا رحمت وبرکت کتاب ہے۔ حضرت سلطان باہو قادری سروری قدس سرہٗ کی اعلیٰ تصنیفات میں سے ہے۔ اس کتاب میں حضرت نے اعلیٰ راز بیان فرمائے ہیں۔ جس طرح کسوٹی سے کھرا اور کھوٹا معلوم ہوتا ہے۔ اسی طرح اس کتاب سے تصوف کے اصلی دقائق اور باریکیاں ہیں۔ اور ان کو نہایت مفصل اور سلجھے ہوئے پیرایہ میں بیان کیا ہے۔ قیمت عہ

ملنے کا پتہ: منیجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صوفی

ہُوالباقی

ادا دِل کو خوش آتی ہے ہمیشہ رہنے والے کی
ابد تک بات جاتی ہے ہمیشہ رہنے والے کی

محبّت کی جو ہے خواہش کسی سے مت محبّت کر
محبّت راس آتی ہے ہمیشہ رہنے والے کی

ہمیں کچھ ہیں ہمیں کچھ ہیں فقط لاشے ہیں سب باقی
صدا ہم کو سُناتی ہے ہمیشہ رہنے والے کی

نہیں کچھ چیز تُو اے ماسوا ہم کیا کریں تجھ کو
ادا دل کو لُبھاتی ہے ہمیشہ رہنے والے کی

بھلا ایسی طبیعت کیا کہ مٹ جانا طبیعت ہو
طبیعت ہم کو بھاتی ہے ہمیشہ رہنے والے کی

ہوا تحقیق قُرب اُس کا ہے زینہ کامرانی کا
جُدائی اَب ستاتی ہے ہمیشہ رہنے والے کی

(ح - ب)

شذرات واشارات

از ضیاء الملک مُلّا رموزی صاحب فاضل الٰہیات ایم آر۔اے۔ایس (لنڈن)

وہ جو کہا ہے کہ ؎

کلاہ گوشۂ مُلّا بہ آفتاب رسید

سو آج اُس خدائے غالب و رحمان کا شکر جس کے برتر از کائنات عالم نبی کی غلامی کے صدقے سے مُلّا رموزی کو یہ توفیق ارزانی ہوئی تھی۔

"صُوفی" اور "مُلّا رموزی" کی عزت افزائی ۔ بارگاہِ غوث الاعظم رحمۃ اللہ سے انعام

حضرت نقیب بغداد کا مکتوب گرامی ۔ حضرت سجادہ نشین بارگاہ کا ارشاد

کہ وہ "صُوفی" کے ذریعے اُس کے دین اور اُس کے پرستاروں کی خدمت میں بغیر کسی اندیشے اور تامل کے مصروف تھا، اور کچھ شک نہیں کہ اُس کی اس پُرجوش خدمت میں "صُوفی" کے خادم اسلام مالک حضرت گرامی مولینا ملک محمد الدین عوان رئیس پنڈی بہاؤالدین اور اُن کے نورِ نظر برادرم ملک محمد سلم خاں ایم۔اے، کینٹب، بار ایٹ لاء کے خلوصِ خدمت کو بہت زیادہ دخل رہا۔ پس اس سلسلۂ خدمت گذاری میں "صُوفی" اور "مُلّا رموزی" کو متعدد مرتبہ مایوسی، افسردگی، دل شکنی اور یاس کا بار بار کُن مقابلہ کرنا پڑا، مگر الحمد للہ کہ ان حالات میں بھی جب کبھی بھی نظر پڑتی تھی تو آسمانوں سے اونچی منزلت والی کتاب یعنی قرآنِ عزیز کے اس نکتے پر کہ وسنزید المحسنین ۝ یہ وہ آسمانی وعدہ تھا جو ہم و بگرفتہ خدام کا سہارا بنا ہوا تھا ورنہ ہندوستانی مسلمان تو اپنے دین کے خدام کو جو صلہ دیا کرتے ہیں اور ابنائے شہر ایسوں کو جس طرح مُنہ چڑایا کرتے ہیں اُس کی ذلت و دنارت کو کوئی پُوچھے ارباب خرد و اصحاب کار سے، مگر تعلیماتِ اسلامی کے حکمت آرا نکات و بصائر پر نظر رکھنے والوں کی پختگی بالآخر دلغفلانِ شہر کی ہٹے دھرمی سے متاثر ہوتی نہ دلوں پر ضرب لگانیوالے ناقدر دان بھائیوں کی بے اعتنائی کو خاطر میں لاتی اور یہ اس لئے کہ خدام کے سامنے خدمت ایسا مقدس و مکرم مقصد ہوا کرتا ہے نہ کہ اشخاص و افراد۔

پس آج وہ سعادت بخش گھڑی آگئی جب "صُوفی" اور "مُلّا رموزی" کی حقیر تو خدمات اُس گرامی مرتبت بارگاہ سے نوازی گئیں جو صدیوں سے بے قیاس و بیشمار انسانوں کی عقیدت و شیفتگی اور احترامات کی پیشکش کا مرکز بنی ہوئی ہے، جہاں شاہانِ کشور کُشا بصد حشمت و طمطراق بھی جُھک کر چلتے ہیں اور جس کے ادب و احترام کے لئے مُسلمانوں کی طرح کفار و مشرکین کے دلوں میں بھی جگہ ہے، جو مصدر فیض و برکت ہے اور منبع رُشد و صلاح، جہاں پہنچکر ارباب حکمت و فراست بھی قلب و دماغ کی تاریکیوں اور کشافتوں کو دُور پاتے ہیں اور اصحاب سطوت و کبریائی بھی سبق لیتے ہیں خدا شناسی و خدا پرستی کا، پس ایسے آستان پایہ مرکز و مقام سے نسبت رکھنے والوں کے مراتب کا اندازہ اگر آسان ہے تو معلوم کیجئے کہ بارگاہ حضرتِ عالی مقام غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کے سجادہ نشین اور حضرت نقیب بغداد کا "صُوفی" اور "مُلّا رموزی" کی ناچیز خدمات کو اپنے گرامی ناموں کے ذریعہ سراہنا فی الاصل وہ انعام ہے جس کی قیمت اور بلند پائیگی کو اہل اللہ و ارباب قرآن ہی کچھ خوب جان سکتے ہیں، منشی، فاضلوں اور بی، ایس، سی، لوگوں کے بس کی بات نہیں۔

حضرت گرامی مرتبت سجادہ نشین ادام اللہ اجلالہٗ کا ارشاد عالی ہے کہ :-

"صُوفی" ماشاء اللہ ابتدا ہی سے سربلند ہے مگر جب سے مُلّا رموزی صاحب کے شذرات درج ہونا شروع ہوئے ہیں اس میں چار چاند لگ گئے ہیں، یہ شذرات خاتنین ملّت کے لئے نمک برزخم اور فدائیانِ ملّت کیلئے اکسیر سے کم نہیں"۔

اس کے بعد حضرت گرامی سید محمود حسام الدین نقیب بغداد کا ارشاد ہمایونی یہ ہے :-

"چونکہ رسالہ "صوفی" میرے ایک معزز دوست کے ذریعہ میری نظر سے گزرتا ہے، جس کے مضامین کو غور سے سمجھنے کے بعد ان کے قیمتی اور مفید ہونے کا اندازہ ہوتا ہے، خصوصاً ملا رموزی صاحب کے شذرات نہایت بہتر ہوتے ہیں"۔

یہ گرامی نامہ حضرات سید محمد حنیف انصاری پرائیویٹ سیکرٹری و مولوی غلام محمد صاحب پرائیویٹ سیکرٹری حضرات نقیب الغنا و سجادہ نشین صاحب ۱۹۳۱ء کو پہنچائے گئے ہیں، ان الطاف ناموں میں رسالہ صوفی کی تدوین و ترتیب کیلئے بھی بعض قابل احترام مشورے عطا ہوتے ہیں جن کیلئے ادب سے التماس ہے کہ "صوفی" انشاء اللہ گراں پایہ مشوروں پر بلفظ بلفظ عمل کریگا۔ اور اپنی اس سعادت پر ہمیشہ نازاں رہیگا کہ اُسے عالم اسلام کی ایسی جلیل القدر ہستیوں کا مشورہ حاصل ہے۔ آخر میں ملا رموزی، مدیر صوفی اور کارکنان صوفی ممدوحین کی خدمت اقدس میں جذبات شکر گزاری کے ساتھ عرض پرداز ہیں کہ ہم ناچیز خدام کی پرجوش عقیدتیں بطریق فاتحہ مسنون اُس گرامی منزلت بارگاہ تک پہنچا دیجے جو آرام گاہ غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ ہے۔

غزل

از مولینا باسط صاحب بسطامی

ماہ گہ بدر و گہ ہلال شود — مظہر شانِ ذوالجلال شود
زیر پایت اگر دلے آید — صورتِ سبزہ پائمال شود
مے بخور زاہدا بفصلِ بہار — کندریں عہد ایں حلال شود
جلوۂ حسن ذرۂ ناچیز — پرتوِ مہر بے مثال شود
از خرامِ تو فتنۂ دوراں — فتنۂ حشر پائمال شود
اہل دل را بگوشۂ جانہا — محفلِ حال و بزمِ قال شود

باسط امروز شیخِ وقت بدور
غرق دریائے انفعال شود

ضحاک تاریخی ڈرامہ علامہ جناب اختر شیرانی صاحب ایڈیٹر رسالہ بہارستان کی تصنیف ہے۔ فاضل مؤلف کی شخصیت کسی تعریف کی محتاج نہیں۔ آپ کا نام ہی کتاب کی عمدگی کا بہترین ثبوت ہے۔ ساہنوں والے بادشاہ ضحاک اور فریدوں کا قصہ شاہنامہ میں استاد ابوالفردوسی نے فصاحت و لطافت سے بیان کیا ہے مگر اس کی تاریخی حیثیت معتبر نہیں۔ فاضل ادیب جناب اختر شیرانی نے اس ڈرامہ کو تاریخی رنگ دیکر بجائے ایک خیالی اور تصوری افسانہ کے واقعہ بنا دیا ہے۔ حجم قریباً دو سو صفحہ قیمت ایک روپیہ (عہ/) علاوہ محصول ڈاک

ہیر وارث شاہ کلاں جس میں مصنف حضرت وارث شاہ صاحب مرحوم کا رنگین فوٹو۔ رانجھا اور ہیر کے رنگین سہ رنگے بلاک کی تصاویر دیگئی ہیں جو کتاب کی شان کو دوبالا کر رہی ہیں۔ قیمت دو روپے (عہ/) علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ:۔ مینجر پنجاب اُردو اکاڈیمی۔ لاہور

جُداگانہ نیابت

از جناب حسن شہید صاحب سُہروردی ایم۔اے۔بی۔ایس۔سی۔(اکنامکس)۔سی۔ایل۔بیرسٹرایٹ لا وائس چانسلر کلکتہ یونیورسٹی

(مندرجہ ذیل تقریر حسن شہید صاحب سُہروردی نے آل بنگال مُسلم کانفرنس منعقدہ کلکتہ میں بہ حیثیت صدر استقبالیہ کمیٹی کی۔ اس کا ترجمہ کسی اخبار میں ہماری نظر سے نہیں گذرا اور اس میں جُداگانہ نیابت کے متعلق اس قابلیت سے بحث کی گئی ہے کہ ہم اس تقریر کا ترجمہ ہدیۂ ناظرین کرتے ہیں۔ مدیر)

برادرانِ اسلام!

مجلس استقبالیہ آل بنگال مُسلم کانفرنس کی جانب سے میں آپ حضرات کا یہاں دلی استقبال کرتا ہوں۔ یہ کانفرنس مُسلمانانِ بنگال کی بیداری کی ایک بہت زبردست دلیل ہے، اور اس امر کا اظہار کرتی ہے کہ مُسلمانانِ بنگال کو اس امر کا کامل احساس ہے کہ وہ اپنی سیاسی زندگی کے ایک نہایت نازک وقت میں سے گذر رہے ہیں۔ باوجود اس بات کے کہ کانفرنس کی دعوت بہت عجلت میں ہوئی اور اس کے سلسلہ میں پروپیگنڈا وغیرہ بھی بہت کم ہوا۔ آپ حضرات بنگال کے کونے کونے سے اس امر کے لئے تشریف لائے ہیں کہ غور کریں کہ مُسلم بنگال کا رویہ وقتِ موجودہ اور مستقبل میں کیا ہونا چاہئے۔ اور بحالاتِ موجودہ ہم کو کیا کرنا چاہئے۔ لیکن پیشتر اس کے کہ ہم مسئلہ پر غور کریں ہم پر یہ فرض عائد ہوتا ہے ہم جب الوطنی کے اس سرشار، اپنے قائدِ اعظم اور اسلام کے اس سپاہی مولینا محمد علی رحمۃ اللہ علیہ کی یادگار کو وہ خراجِ تحسین و تعظیم ادا کریں، جو کہ ہماری طرف سے انہیں واجب الادا ہے۔ خدائے علی و برتر نے ان کو مسجدِ اقصیٰ میں مدفن بخشا۔ مولینا کی زندگی اسلام کی عالمگیر وسعت کا ایک مظہر تھی اور ان کی موت اتحادِ مُسلمین کا۔ وہ قربانی، ہمت، مستقل مزاجی، کام کرتے رہنے کی انتھک طاقت، اور زبردست وفاداری کی ایک یادگار مثال پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔ اور ہمیں یہ سبق سکھا گئے ہیں کہ ہم اسلام اور اپنے مُلک ہی کے لئے زندہ رہیں اور ان کے لئے ہی مریں۔ یہ ہماری لاعلاج بدقسمتی ہے کہ مولینا مرحوم آج یہاں موجود نہیں ہیں کہ اس نازک وقت میں جب خطرات کی کالی بدلیاں ہمیں چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہیں وہ ہماری رہنمائی کرتے، لیکن مجھے یقین ہے کہ وہ شہادت کی موت مرے ہیں اور اُن کی رُوح اور ان کی سپرٹ زندہ ہیں۔ ان کی رُوح اس مجمع میں ہمارے ساتھ ہے، ہمیں دُعا کرنی چاہئے کہ خدا ہمیں وہی نور نصیب کرے جو کہ مولینا رحمۃ اللہ علیہ ہمارے پاس موجود ہوتے تو ہمیں منور کرتا۔

بہرحال یہ ہماری انتہائی خوش قسمتی ہے کہ ہمیں آج خادم کعبہ، شیرِ اسلام مولینا شوکت علی کے استقبال کا فخر حاصل ہے۔ مولینا پہاڑ کی سی راسخ العزمی رکھتے ہیں اور ابتلا اور آزمائش کے امتحان میں بارہا پُورے اُتر چکے ہیں۔ ہم پورے پورے اعتماد کے ساتھ انہیں اپنا جنرل بنانے کیلئے تیار ہیں، اور اُن کے زیرِ کمان ہمیں کسی خطرہ کا ڈر نہیں۔ ہمارے ہاں ایسے آدمیوں کی کثرت ہے جو کہ زبردست مُقرر ہیں اور بہت عقلمند ہیں یا جو بیں بحث مباحثہ اور سفارت میں خاص مہارت ہے، لیکن مولینا وہاں کامیاب ہوتے ہیں جہاں اور سب ناکام رہ جاتے ہیں۔ مولینا ایک عملی انسان ہیں۔ اور وہ انسان میں اعتماد اور جوش کی ایک نئی رُوح پھونک دیتے ہیں۔ اور اگر مولینا اسلام کا جھنڈا ہاتھ میں لیکر راہ رواں ہوئے ہیں تو حضرات کیا میں آپ لوگوں کی طرف سے انہیں حمایت اور وفاداری کا ہدیہ پیش نہیں کر سکتا؟

حضرات، حالات بہت نازک ہیں۔ سب سے بڑا مسئلہ جو ہمارے درپیش ہے وہ یہ ہے کہ نئے دستورِ عمل میں اسلامی تہذیب کے تحفظ کا بہترین طریقہ کیا ہو سکتا ہے۔ اگر ہمیں اپنے آباواجداد کا شاندار ورثہ ترک کر دینا پڑے تو بہ حیثیت افراد ہندوستان میں رہنا ہمارے لئے کس کام کا ہے؟ جو تصادم ہندوستان کی دونوں اقوام کے درمیان نظر آتا ہے وہ دو مختلف تہذیبوں کے تصادم کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور مُسلمانوں کو یہ کامل یقین ہو چکا ہے کہ اسلامی تہذیب کے بہترین محافظ مُسلمان ہی ہو سکتے ہیں۔ اور مُسلمان بھی وہ جو کہ ہندوؤں کے زیرِ اثر نہ ہوں۔ بالفاظِ دیگر

اسلامی تہذیب کی حفاظت جُداگانہ انتخاب کے سیاسی حربہ ہی کے ذریعہ سے ہوسکتی ہے۔ پہلا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا کوئی ایسی وجوہات ہیں یا کہ نہیں ہیں جو کہ اس تحفظِ تہذیب کو ضروری قرار دیں؟ اگر ہم دُوسرے ممالک پر نظر ڈالیں اور یہ دیکھیں کہ عوام الناس جب اپنے ہی مذہب سے برگشتہ ہوجائیں تو ان سے کیا کیا زیادتیاں سرزد ہوسکتی ہیں، اور کس کس ڈھب سے وہ اپنے ہی تمدنی خیالات کی ہلاکت کا ذریعہ بنتے ہیں تو ہمیں یہ احساس ہوجائیگا کہ جب حکومت جمہوری ہو اور مُلک میں کثرت غیر مذاہب والوں کی، تو خاص فرائع کے بغیر ہماری تہذیب کے بقاء کی کیا اُمید ہوسکتی ہے۔ خود ہندو راہنماؤں کو اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ عدم تعاون کی تحریک میں شامل ہونے سے پیشتر ہمارے رہنماؤں علی برادران وغیرہ سے وعدے لیکر اپنے دِل کی تسلی کرلیں۔

حضرات! مُسلمانوں کو جُداگانہ انتخاب ترک کردینے کی ترغیب دینے کی انتہائی کوشش کی جارہی ہے مُسلمان یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ موجودہ وقت میں جبکہ دونوں قوموں کو ایک دُوسرے کی طرف سے انتہائی بدظنی ہے، آپس میں اعتماد نہیں، اور ایک دُوسرے کی مخالفت کررہی ہیں تو مُسلمانوں کو جُداگانہ انتخاب ترک کردینے کی اِس ترغیب کے معنی کیا ہیں۔ مُسلمان یہ سوچتا اور چوکنا ہوجاتا ہے۔ نہرو رپورٹ میں جہاں مُسلمانوں کا ذکر ہے وہاں تو جُداگانہ انتخاب کا مذاق اُڑایا گیا ہے۔ اور یہ بیان کیا گیا ہے کہ اقلیت کو جُداگانہ انتخاب سے کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا۔ لیکن اسی رپورٹ میں جہاں سکھوں کا ذکر کیا گیا ہے وہاں سکھوں کو مُبارکباد دی گئی ہے کہ جُداگانہ انتخاب سے جو فوائد پہنچتے ہیں اُنہیں وہ چھوڑنے کے لئے رضامند ہوگئے ہیں۔ ہمارے رہنما کہتے ہیں کہ ہندو ہمارے تیرہ[۱۳] مطالبات تسلیم کرنے کیلئے طیار ہیں۔ اوّل تو اُن کی آمادگی اس قدر مشروط ہے کہ ہیں یہ تسلیم کرنے کے لئے طیار نہیں کہ ہمارے مطالبات میں سے تیرہ[۱۳] انہیں منظور ہوسکتے ہیں۔ لیکن اگر ان کی آمادگی کو تسلیم بھی کرلیا جائے تو اس پر اتنی نہ پورا ہوسکنے والی پابندیاں عائد کردی گئی ہیں کہ وہ آمادگی نہیں رہتی۔ بہرحال ہندو انتخاب کے مسئلہ پر کیوں اس قدر زور دیتے ہیں۔ کیا وہ ہم سے زیادہ دونوں قوموں کی آشتی کے خواہشمند ہیں؟ یہ بات صاف ظاہر ہے کہ وہ نہیں ہیں کہ ہندو تقریباً ہر جگہ اکثریت میں ہیں۔ اور سوائے چند جگہوں کے اگر وہ اقلیت میں بھی ہیں تو اقلیت ایسی نہیں کہ ان کی طرف سے بے التفاتی کی جاسکے مُسلمانوں کو ہر جگہ صلح و آشتی کے لئے زیادہ مضطرب ہونا چاہیئے بھی اور وہ ہیں بھی۔

کہا جاتا ہے کہ نیابت جُداگانہ ہو تو جس قوم کا حلقۂ انتخاب ہو اُسکے مخصوص قومی جذبات مشتعل کرنے اور اسکی مخصوص قومی ہمدردی کی طرف اپیل کرنے کی کوشش کیجاتی ہے، اور نیابت مشترکہ ہو تو یہ بات نہیں ہوتی۔ ہمارا تجربہ اس کے بالکل متضاد ہے۔ جُداگانہ حلقہ ہائے انتخاب میں جہاں ایک مُسلمان دُوسرے مُسلمان کے مقابلہ میں یا ایک ہندو دُوسرے ہندو کے مقابلہ میں کھڑا ہوا۔ اس بات کی ضرورت بالکل پیدا ہی نہیں ہوسکتی کہ مُسلمان اُمیدوار اپنے مُسلمان ہونیکی وجہ سے مُسلمانوں کے ووٹ مانگے، اور ہندو اُمیدوار اپنے ہندو ہونیکی وجہ سے ہندوؤں کے ووٹ۔ مُسلمان اُمیدوار مُسلمانوں کے قومی جذبات کو اُبھارنے اور ہندو اُمیدوار ہندوؤں کے قومی جذبات کو اُبھارنے کی کوشش نہیں کرتا۔ گو اس میں شک نہیں کہ ہر دو اپنی اپنی قوم کی خدمت کے وعدے کرتے ہیں۔ اسکے برعکس جہاں نیابت مشترکہ تھی وہاں الیکشنوں کے موقعہ پر اس قدر بین الاقوامی شکر رنجیاں پیدا ہوئیں اور ہر دو اقوام کے جذبات کو اس قدر اُبھارا گیا کہ صوبجات متحدہ اور بہار میں تو ہندو مُسلم فساد ہوگئے اور بنگال میں یہ حالت ہے کہ ہندو مُسلمان کو کبھی ووٹ نہیں دیتا اور مُسلمان ہندو کو[۱]۔ خود نہرو رپورٹ میں "بنگال کے مُسلمانوں" سے اور دراصل صرف مشرقی بنگال کے مُسلمانوں سے گویہ بات کہی نہیں گئی — یہ اپیل کیگئی ہے کہ وہ جُداگانہ انتخاب ترک کرکے مشترکہ انتخاب کے حامی بنجاویں اور اس اپیل کی حمایت میں جو دلیل پیش کیگئی ہے اُسکی بُنیاد یہی بین الاقوامی مخالفت ہے۔ اعداد و شمار دے کر ان پر یہ واضح کرنے کی

---

[۱] جیسا کہ ڈھاکہ سے جہاں مشترکہ انتخاب ہے کبھی کوئی مُسلمان اُمیدوار اسمبلی کی ممبری کیلئے کامیاب نہیں ہوا۔ ہمارے دوست مسٹر یاسین نوری بیرسٹر اس حلقہ کی طرف سے کھڑے ہوئے اور حالانکہ وہ بلحاظ قابلیت و سیاست فہمی بہترین اُمیدوار تھے وہ محض اپنے مُسلمان ہونیکی وجہ سے ناکام رہے۔ ان کے بعد ایک اور مُسلمان صاحب کھڑے ہوئے تھے وہ بھی ہندو اُمیدوار کے مقابلہ میں کامیاب نہ ہوئے۔ دہلی میں آصف علی صاحب بیرسٹر گو کہ وہ کانگریس کے ایک بہت سرگرم کارکن ہیں ایک ہندو اُمیدوار کے مقابلہ میں ناکام رہے اور خود کانگریس کے رضاکاروں نے اِس بنا پر اُن کی مخالفت کی کہ وہ مُسلمان ہیں۔ گجرات میں ۲ اور نمبر پر میں مشترکہ انتخاب ہے۔ وہاں سے آجتک کوئی مُسلمان کامیاب نہیں ہوا۔ اور یہ سب محض اس وجہ سے کہ ایک قوم کے لوگ دُوسری قوم والوں کی مخالفت کرتے ہیں۔ (مترجم)

کوشش کیگئی ہے کہ مشترکہ نیابت ان کے ذاتی مفاد کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان کے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ بہت بڑی اکثریت میں ہیں اور ہمیشہ ہندو اُمیدواروں کو مسلمان ووٹوں کے ذریعہ سے شکست دے سکیں گے۔

میرے خیال میں تجربہ نے یہ بات حد سے زیادہ واضح کردی ہے کہ مشترکہ انتخابات بجائے اس کے کہ وہ بین الاقوامی تلخیاں پیدا کریں، بین الاقوامی تعلقات کو حد سے زیادہ کشیدہ کردیتے ہیں۔ اور جو کوئی شخص اس حقیقت سے انکار کرتا ہے اس نے واقعات کی طرف سے آنکھیں بند کرلی ہیں۔

جہاں ایک قوم کی دوسری پر بہت زیادہ اکثریت ہو وہاں تو مشترکہ انتخاب تعلقات کو حد سے زیادہ کشیدہ بنا دیتا ہے۔ وہاں اکثریت والی قوم کے اُمیدوار کو یہ حاجت ہی نہیں ہوتی کہ وہ اقلیت کے ووٹ دہندگان سے ووٹوں کا خواستگار ہو۔ اپنی قوم کے جذبات اور تعصبات کو اکسا کر اُسے دوسری قوم کے اُمیدوار کو شکست دینے کی پوری پوری اُمید ہوسکتی ہے۔ مشرقی بنگال کے متعدد مسلمانوں نے مجھ سے ذکر کیا ہے کہ وہاں یہ بات بہت کم دیکھنے میں آتی ہے کہ ہندو رائے دہندے اپنی رائے مسلم اُمیدوار کے حق میں دیں ہو۔

اگر حلقہ ہائے انتخاب مشترکہ ہوں اور ہر قوم کے لئے نشستوں کی تخصیص کردی جائے تو حالات گو اسقدر بُرے نہ ہونگے لیکن پھر بھی وہ بہت کافی بُرے ہونگے۔ اس معاملہ میں ہمیں کوئی ایسے تجربات حاصل نہیں ہیں جو ہماری رہنمائی کرسکیں۔ شہروں میں شاید بعض جگہ ایسا ہوا ہو کہ سب رائے دہندگان نے کسی ایک ہی قوم کے اُمیدوار کو ووٹ دیئے ہوں لیکن یہ بات اگر دلیل کے طور پر پیش کیجائے تو غلط فہمی پر مبنی ہوگی کیونکہ وہاں حلقہ ہائے انتخاب بہت محدود ہیں۔ دوسرے یہ بحث محض ایک علمی بحث سے زیادہ حیثیت نہ رکھے گی کیونکہ ہندو نشستوں کی تخصیص کی مخالفت پر بھی، بقدر تلے ہوئے ہیں جتنے کہ جداگانہ انتخاب کی مخالفت پر۔ لیکن بفرضِ محال اگر اس بات کو تسلیم بھی کرلیا جائے کہ ہندو نشستوں کی تخصیص پر راضی ہوجائیں گے تو یہ امر غور طلب ہے کہ ہمارے معاشری تعلقات کیا ہیں۔ دیہات میں ممکن ہے کہ ہم ایک دوسرے کو شہروں کی نسبت بہتر جانتے ہوں۔ لیکن پھر بھی دونوں قوموں کے درمیان جو خلیج حائل ہے وہ بہت وسیع ہے۔ تعلقات اتنے معاشری نہیں جتنے کہ کاروباری ہیں۔ اور اس لئے مشترکہ نیابت کی صورت میں جہاں کہیں بھی منظم ہندو جماعتیں مشغول کار ہونگی مسلمان اُمیدوار اگر کوئی اپیل ہندو رائے دہندگان سے کرینگے تو اسکی کامیابی کی کوئی صورت نہیں ہوگی۔ اور مسلم اُمیدواروں کی صرف وہی اپیلیں کامیاب ہوسکیں گی جن کی منظم ہندو جماعت بھی حمایت کریگی۔ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اگر منظم ہندو جماعت نے کسی مسلمان اُمیدوار کی مخالفت کی تو وہ ایک بھی ہندو رائے دہندہ کا ووٹ حاصل کرسکے گا؟ یہ بات ظاہر ہے کہ جہاں ایک قوم کی زیادہ اکثریت ہے وہاں رائے دہندگان کے ساتھ مفاہمت کی تو کوئی حاجت ہی نہیں ہوگی۔ اور جہاں دونوں قوموں کے رائے دہندگان کی تعداد میں زیادہ فرق نہیں وہاں بھی کامیابی کی زیادہ اُمید اُسی اُمیدوار کو ہوسکے گی جو بہترین طریقہ پر اپنی قوم کو تو دھوکہ دے لے اور دوسری قوم کے ہاتھوں اپنے آپ کو فروخت کردے۔

نشستوں کی تخصیص کے ساتھ مشترکہ انتخاب کا اصول منطقی لحاظ سے بھی غلط ہے۔ اور یہ کسی طرح سے بھی نہیں کہا جاسکتا کہ مشترکہ انتخاب بلا تخصیص تشدد کا سے بہتر ہے۔ دونوں صورتوں میں بین الاقوامی تصادم اور کشیدگی ناگزیر ہیں۔ اوّل الذکر انتخاب میں کم از کم یہ بات تو ہوگی کہ ایسے ہندو اور مسلمان میدان میں آئیں گے جو چاہے ٹھیک رستہ پہ چلیں چاہے غلط رستہ پر جو کچھ کریں گے کھلے طور پر کرینگے۔ اور مؤخر الذکر کی صورت میں ایسے لوگ جو کہ دوسری قوم کی تمام جائز و ناجائز خواہشات کی مطابقت کیلئے آمادہ ہونگے اور چالوں اور دھوکہ بازی سے کام لیکر کامیاب ہونگے۔ ہر معاملہ کے متعلق جو دلائل ہیں وہ اس قدر فرسودہ ہوچکی ہیں کہ ایک ایسے شخص کی زبان سے جو کسی زمانہ میں سیاسیات کی صف اوّل میں تھا اور جو خود بھی مسلمان ہے (یعنی مولینا ابوالکلام آزاد) یہ بات سُن کر انسان کو حیرت ہوتی ہے کہ وہ اس بات کا منتظر ہے کہ کوئی شخص دلائل دیکر اُسے جداگانہ انتخاب کا قائل کردے۔ اگر ہم اسکی دیانتداری کو مشتبہ میں نہ لائیں تو اسکی لاعلمی پر ہمیں رحم کرنا پڑیگا اور اس بات پر اظہارِ تاسف کرنا چاہئے کہ مسلمانانِ ہند کے معاملات کی طرف سے اس نے اس قدر علیحدگی اختیار کرلی ہے۔ جداگانہ انتخاب اس لئے بہتر ہیں کہ ان کے ذریعہ سے بین الاقوامی مخالفتوں کی طرف اپیل کرنیکی ضرورت نہیں رہتی۔ اور ہندو اور مسلم رائے دہندگان اور منظم ہندو اور مسلم جماعتیں ایک دوسرے کے ساتھ متصادم نہیں ہوتیں۔ جداگانہ انتخاب کے ذریعہ سے ہم ایسے آدمی بھیج سکیں گے جو کہ اپنے حلقہ ہائے انتخاب کی سفارت زیادہ ایمانداری کے ساتھ، زیادہ منصفانہ طریقہ پر اور اپنی ہمسایہ اقوام کے حقوق کا زیادہ لحاظ رکھتے ہوئے

عہ پنجاب میں دیہات کی مسلمان آبادی ہندو کی اس حد تک مقروض ہے۔ اور ہندو مہاجن اُن ایسی ایسی بے ایمانیاں روزمرہ کرتے رہتے ہیں کہ اگر وہ دوسری قوم کو بہتر طور پر سمجھ سکے بھی ہیں تو اس بہتر واقفیت سے ممکن نہیں کہ سوائے نفرت اور حقارت کے کوئی جذبہ پیدا ہوا ہو۔

کرسکیں گے۔ اور انہیں دو غلا پن اور منصوبہ بازیوں کی ضرورت نہ ہوگی۔ جُداگانہ انتخاب کے ذریعہ سے ایسے آدمی بھیجے جائیں گے جو کونسلوں اور مرکزی کمیٹیوں وغیرہ میں دُوسرے ممبران کے ساتھ بہتر طور پر تعاون کرسکیں گے، اور جن کا تعاون زیادہ قابل قدر اور زیادہ وزندار ہوگا۔ اس باہمی بدظنی اور بے اعتمادی کے زمانے میں جب فریب دے دیکر ایک دوسرے پر بڑھنے کی کوششیں کی جاتی ہیں، ایسے آدمیوں کا ہونا نہایت ضروری ہے جو کہ آسانی سے دھوکے اور خوشامد میں نہ آئیں اور ایسے آدمیوں کے حصول کا واحد ذریعہ جُداگانہ انتخاب ہے۔

اس کے علاوہ بھی بہت سی قوی دلائل ہیں کہ جبتک ایک دوسری قوم کے جس کا رویہ مخاصمانہ اور تنگ نظر ہے جس کے خیالات وسیع نہیں ہیں اور جو حسد اور رقابت سے بھری ہے ہمارے اوپر حکومت کرنے کا خطرہ باقی ہو اس وقت تک انتخاب جُداگانہ رہے۔ یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ ہندو نظام حکومت پر قبضہ پالینے کی فکر میں ہیں، اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے بھی روادار نہیں۔ اس نظام حکومت کے ذریعہ سے اور ان تمام مشینری کے ذریعہ سے جن پر نظام حکومت پر قبضہ پالینے سے انکا قبضہ ہوجائیگا وہ چاہتے ہیں کہ جو جائے ان کو اس وقت حاصل ہیں ان کو دائمی بنالیں۔ ان حالات میں وہ مسلمانوں سے کیسے یہ توقع کرسکتے ہیں کہ مسلمان اپنی تہذیب کا مستقبل ان کے ہاتھوں میں سونپ دیں گے۔ اونچی ذات والے ہندوؤں نے جب اپنے ہم مذہب بھائیوں کو بھی انکے حقوق سے محروم رکھا ہے تو ان سے ایک غیر قوم کے لوگوں کے لئے کس انصاف کی توقع کیجاتی ہے۔ خصوصاً جب وہ قوم ان سے بدظن بھی ہے اور جس سے ان کے تعلقات سخت کشیدہ بھی ہیں۔

جب ہندو من حیث القوم وسیع النظر ہوجائیں، ان کو باہمی صلح و آشتی اور زیادہ پیرٹ کی ضرورت کا احساس ہوجائے ہمیں انکے وعدوں پر زیادہ اعتماد ہوسکے، اور ہم یہ دیکھنے لگیں کہ ہندو مہاسبھا جب ہندوستانی قوم کا ذکر کرتی ہے تو اس کا مطلب صرف ہندو ہی نہیں بلکہ مسلمان بھی ہیں۔ تو وہ وقت اس معاملہ پر غور کرنے کیلئے موزوں ہوگا کہ کیا باہمی تحمل اور بُردباری اور باہمی عزت کے اس درجہ تک پہنچ چکے ہیں یا کہ نہیں کہ ایک شخص اپنے آپ کو صرف ہندو تہذیب یا صرف مسلمان تہذیب کا نمائندہ کہنے کی بجائے اپنے آپ کو دونوں تہذیبوں کی صلح کا نمائندہ کہہ سکے۔

آج ہم کو کیا نقشہ پیش نظر ہے؟ ہندوؤں اور مسلمانوں نے اپنے آپ کو مختلف خیموں میں تقسیم کرلیا ہے۔ ہندو متحدہ ہیں اور اپنے آپ کو حامیان قومیت کہتے ہیں۔ چونکہ ملک میں ان کی اکثریت ہے اس لئے ان کے لئے قومیت اور ہندو اکثریت کی حکومت دونوں ایک ہی چیز ہیں۔ وہ اپنے آپ کو "ہندوستان سے محبت کرنے والے" ظاہر کرتے ہیں۔ لیکن درحقیقت وہ "ہندوستان" سے اسی طریقہ سے "محبت کرتے" ہیں جیسے کہ انسان اس دولت کے ساتھ محبت کرتا ہے جو کہ اس نے دُوسروں سے لُوٹ لی ہو، اور اور کسی کے ساتھ تقسیم نہ کرنا چاہتے۔ مسلمانوں کو متقسم ظاہر کیا جاتا ہے لیکن خدا کا شکر ہے کہ ہندوؤں کی بے انتہا دولت اور موجودہ وقت میں روپیہ پیسہ کے معاملہ میں ان کی انتہائی فیاضی کے باوجود بھی مسلمانوں کی صرف ایک نہایت ہی قلیل تعداد اپنی قوم سے علیحدہ ہوئی ہے۔ گاندھی نے مسلمانوں کو دام میں لانے کے لئے بہت فیاضانہ لہجہ میں مسلمانوں سے کہا کہ وہ اس بات کے لئے طیار رہے کہ جو کچھ بھی مسلمان مانگنا چاہیں انہیں دے دے اور جو کچھ باقی بچے وہ ہندوؤں کے لئے قبول کرلے۔ خدا کا شکر ہے کہ ہم نے اسکی بات پر زیادہ توجہ نہ کی۔ کیونکہ اسے بہت جلد ہی اپنے الفاظ کو واپس لے لینے کی ضرورت محسوس ہوئی جب وہ ہندو مہاسبھائیوں سے جنہوں نے وحشت میں آکر اُسے تار بھیجے کہ وہ بغیر اُن کے شورہ کے مسلمانوں کے ساتھ کسی قسم کا تصفیہ نہ کرے اس نے اپنا لہجہ بہت زیادہ نرم کرلیا اور کہنے لگا کہ وہ مسلمانوں کے کوئی ایسے مطالبات قبول کرنے کے لئے طیار نہیں جو کہ بالکل یا تقریباً تقریباً متحدہ نہ ہوں۔[1] اور اس بات کا

---

[1] ہمارے خیال میں اس کے ساتھ ساتھ ان امور کا اضافہ بھی ہونا چاہیئے تھا کہ:-
"جبتک مسلمان من حیث القوم ہندو کی مقروفیت سے نجات نہ پالیں۔ اور تجارتی لحاظ سے مسلمان ہندوؤں کے بالکل برابر نہ ہولیں۔ اور ہمارے ملک میں ہر شخص کے حقوق شہریت کیلئے چاہے وہ اونچی ذات کا ہو یا چھوت ذات کا، اور امیر ہو یا غریب، ہندو یا مسلمان عزت پیدا نہ ہوجائے جو کہ ہندوؤں میں تو بالکل مفقود ہے"

[2] اگر مسلمانوں کو کہا جاسکتا ہے کہ وہ متحد نہیں تو ہندو بھی متحد نہیں ہیں۔ صوبہ سرحد کے ہندو مشترکہ انتخاب کے بالکل مخالف ہیں اور جداگانہ انتخاب پر زور دیتے ہیں۔ جہاں ہندو بہت اقلیت میں ہیں وہ جداگانہ انتخاب کے حامی ہیں۔

[3] گاندھی نے دہلی میں ۲۰ اپریل کو آل انڈیا مسلم کانفرنس کے ساتھ گفتگو کے بعد ایک اخبار کے نمائندہ کو مندرجہ ذیل الفاظ کہے:-
"میں ہندو مسلمان سوال کا کوئی تصفیہ قبول کرنے کیلئے طیار نہیں ہوں جس کی بنیاد "کمیونل ایوارڈ" پر ہو اور جس کے متعلق اسکی حمایت کنندہ جماعت بالکل متفق نہ ہو"
وہاں "تقریباً" کا لفظ بھی نہیں کہا گیا۔

فیصلہ کرنے والا کون ہے کہ مسلمانوں کے مطالبات کو تقریباً تقریباً متحدہ کہا جا سکتا ہے یا نہیں؟ غالباً کانگرس جس میں صرف گنتی کے چند مسلمان ہیں۔ یا ہندو اخبارات جو کانگرسی مسلمانوں کے چار پانچ کے مجمع کو کانگرسی مسلمانوں کا عظیم الشان اجتماع کہکر مسلمانوں کے خلاف پروپوگنڈا کرنا چاہتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ "مہاتما" کی چال کامیاب نہیں ہوئی کیونکہ جو داؤ اس نے کھیلنا چاہا وہ مسلمانوں کو بہت جلد نظر آ گیا۔ اور وہ "تفرقہ ڈال کے حکومت کرو" والے اس مشہور داؤ سے بھی زیادہ بُرا تھا جس کا الزام وہ انگریزوں کے سر تھوپا کرتا ہے۔ کیونکہ "مہاتما" اپنے تنخواہ یافتہ آدمیوں کے ذریعہ سے مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کی کوشش کر رہا تھا۔ اس کے بیان کے جو کہ اُسکے پیروؤں کی طرف ایک اشارہ تھا فوراً ہی بعد چند مسلمان کانگرس کے حلقہ بگوشوں میں نظر آنے لگے اور ایسے ایسے لوگوں نے جنہیں کہ پبلک جلسوں میں اپنا منہ بھی دکھانے کی جرأت نہیں ہوتی تھی کانگرس کی تحریک میں نام نہاد مسلم "قوم پرست" بن کر کام کرنا شروع کر دیا۔ "مہاتما" نے پریس رپورٹوں اور اپنے مسلم حلقہ بگوشوں کو اپنے ارد گرد پاکر پھولا نہ سمایا۔ ان حلقہ بگوشوں کو اگر وہ گاندھی کے ساتھ اپنا رسوخ قائم رکھنا چاہتے ہیں تو لازم ہے کہ ایسے واقعات پر نظر نہ ڈالنے دیں۔ ہندو مہاسبھا نے انہیں تقریباً تقریباً یہ یقین دلا دیا ہوا تھا کہ وہ اپنے نقطۂ نگاہ پر مسلمانوں کو مجبوری رضامند کرنے میں تقریباً تقریباً بالکل کامیاب ہو گئی ہے۔ چنانچہ اسی یقین نے ان میں اتنی بیباکی پیدا کر دی کہ انہوں نے فخریہ قوم میں یہ اشوکت علی کو الٹی میٹم دیا کہ مولانا اپنے رویہ پر قائم رہے تو "مسلمان" ان کی پیروی چھوڑ دیں گے۔ بعد میں جو کچھ ہوا اس سے گاندھی پر یہ بات واضح ہو گئی ہوگی کہ اس کی دھمکیاں کیسی کھوکھلی تھیں اور ضرور ہے کہ اسکی آنکھیں کھول دی ہوں گی۔

گاندھی کی اسی قسم کی ذہنیت کا نتیجہ ہے کہ اسکے سوراج کے تصور میں یہ بات داخل ہے کہ سوراج قائم ہوا تو دونوں قوموں کی آپس میں اتنی جنگ ہوگی کہ یا تو ایک قوم ہمیشہ کے لئے برباد ہو جائیگی اور یا دونوں تھک کر بس کر دینگی۔ ابھی تک کسی شخص کو جرأت نہ ہوئی تھی کہ اس قسم کے شرارت آمیز خیالات دل میں لائے یا کم از کم ان کا اظہار کرے۔ اور ہماری تمام کوششوں کے تحت میں یہ سیاسی اصول کام کر رہا تھا کہ قسمت اس بات کا فیصلہ کر چکی ہے کہ ہندو اور مسلمان دوش بدوش رہیں۔ دونوں قوموں میں سے کوئی بھی دوسری کو ولیامیٹ نہیں کر سکتی اور غرناطہ کا سبق ہندوستان میں دہرایا نہیں جا سکتا۔ اور ہم جتنی جلدی بھی اپنے تفرقہ کو مٹانے کی کوشش کریں اتنا ہی اچھا ہے۔ لیکن "مہاتما" نے سیاسیات میں ایک نیا سبق دینا شروع کر دیا ہے۔ اس نے یہ تجویز بھی پیش کر دی ہے کہ ایک قوم دوسری قوم کو ولیامیٹ کر دینے کی کوشش کرے۔ اس کا مطلب اور کچھ نہیں ہو سکتا کہ ہندوؤں کو ہدایت کی جاوے کہ فوراً اپنے آپ کو اس آنے والے وقت کے لئے طیار کرنا شروع کر دیں۔ بدیں حالات ہمیں تعجب نہیں کرنا چاہئے کہ "مہاتما" کی کانگرس کانپور میں اس خانہ جنگی کی ابتدا کر دے۔ میرا خیال ہے کہ مہاتما جتنی جلدی بھی یہ جنگجویانہ روش ترک کر دے۔ جو بُرے نتائج اس روش سے اب تک پیدا ہو چکے ہیں انکی اصلاح کی کوشش کرے اور پھر ایک روحانی سوامی بن جائے، اتنی جلدی ہی یہ مسئلہ حل ہو جائیگا۔ ممکن ہے کہ اس کی دھمکی نے چند مسلمانوں کو واقعی ڈرا دیا ہو۔ اور وہ بدیں وجوہات ہی ہندوؤں کی شرائط پر رضامند ہو گئے ہوں لیکن میں "مہاتما" کو یقین دلا سکتا ہوں کہ اسکے الفاظ کا اثر عام مسلمانوں پر اس کے بالکل برعکس پڑا ہے۔ اور اس کی ہمارے درمیان تفرقہ کا بیج بونے کی کوشش نے ہم کو پہلے سے بھی زیادہ متحد کر دیا ہے اور ہمیں ان خطرات سے متنبہ کر دیا ہے جن کی ہم کو مستقبل میں توقع ہو سکتی ہے۔ مسلمانوں میں جو تھوڑا بہت اختلاف رائے باقی ہے وہ قابل افسوس ہے۔ لیکن دونوں فریقوں کے اصول میں جو فرق ہے وہ صرف ایک ہی بات پر ہے۔ کیونکہ جو لوگ اپنے آپ کو "قوم پرست مسلمان" کہتے ہیں وہ بھی مسٹر جناح کے چودہ نکات میں سے تیرہ کے تو حق میں ہیں اور صرف چودھویں یعنی جداگانہ انتخاب سے انہیں اختلاف ہے۔[1]

---

[1] جب گاندھی نے دیکھا کہ مسلمانوں کی اکثریت بلا شبہ جداگانہ انتخاب کے حق میں ہے تو اس نے اب یہ مطالبہ کیا ہے کہ مسلمان اور سکھ متحدہ مطالبہ کریں۔ مسلمانوں کا مسئلہ سارے ہندوستان کا مسئلہ ہے اور سکھوں کا مسئلہ صرف پنجاب تک محدود ہے۔ دونوں سوالوں کا آپس میں کوئی تعلق نہیں۔ نیز سکھ اور ہندو ایک ہی چیز ہیں۔ باپ ہندو ہو تو بیٹا سکھ ہوتا ہے اور داماد ہندو۔ دونوں بالکل ایک ہی چیز ہیں۔ سکھوں کو ایک علیحدہ گروہ ظاہر کرنا محض گاندھی اور کانگرس کی ایک سیاسی چال ہے جس سے مسلمانوں کے ساتھ مفاہمت نہ کرنے کے لئے ایک عذر پیش کرتے رہنا مقصود ہے۔ (نوٹ ۲ اگلے صفحہ پر دیکھیں)

اِس حقیقت سے تجاوز کرتے ہوئے کہ مُسلمانوں میں ان لوگوں کی آواز کوئی وزن نہیں رکھتی۔ گو کہ ہندو پریس کی ذرہ نوازیوں سے ان کی آواز کو بہت دُور دُور تک پہنچا دیا ہے۔ یہ یقین بھی نہیں کیا جا سکتا کہ وہ ان تیرہ نکات کے تسلیم کرانے پر زور دیں گے۔ ہم کو تسلّی ہوتی چاہیئے کہ وہ ان تیرہ نکات تسلیم کرنے پر زور دینا چاہتے ہیں اور سندھ اور صوبۂ سرحد کو مالی مشکلات کا عذر پیش کر کے جُداگانہ خود مختار صُوبے بنانے کی مخالفت ہندو کی طرف صرف اس وجہ سے ہے کہ ہندو مسلم مخالفت کی وجہ سے وہ نہیں چاہتے کہ جن صُوبوں میں مُسلمانوں کی اکثریت ہے وہاں خود مختار حکومت ہو۔ اگر تیرہ نکات کو مکمل طور پر تسلیم کر لیا جائے تو ہم غور کریں گے کہ ہندوؤں کے دل اس درجہ بدل گئے ہیں یا نہیں کہ مشترکہ انتخاب کو خطرناک نہ سمجھا جائے۔ تو میرا پختہ عقیدہ ہے کہ آپس میں بدگمانی ہو یا نہ ہو جُداگانہ انتخاب۔ حالت میں بہتر اور زیادہ معقول اصول پر مبنی ہے اور اس میں ان قبیح نتائج کے پیدا ہونے کا ذرہ برابر بھی خدشہ نہ ہو جن کو خدشہ مشترکہ نیا۔ مت بلایا ہوگا۔ علاوہ ازیں ان لوگوں کا پرزور غم و غوغا کہ ہم "قوم پرست مسلمان" ہیں یہ ظاہر کرتا ہے کہ ہندوستان کی اور ان پہلے اور کہ ہی خواہش بہت بڑھ رہا ہے ہیں۔ ہم ان سے ہزار درجہ زیادہ ہندوستان کی آزادی کے خواہاں ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ہم چاہتے ہیں ہندوستان حقیقی معنوں میں آزاد اور خوش حال ملک ہے۔ ترقی کرے اور فرقہ وارانہ مخالفتوں کا اڈہ نہ بنا رہے جو کہ مخلوط انتخاب کی صُورت میں وہ بنا رہیگا۔ اسی وجہ سے کہ ہماری خواہش ہے کہ ہندوستان سوراجی نظامِ حکومت کے قیام کے بعد ایسی جگہ نہ بن جائے جہاں صرف مُردہ انسانوں کی ہڈیاں رکھی جائیں ہم چاہتے ہیں کہ نئے دستورِ عمل میں ہمارے تحفظ کے لئے ہمیں ہمارے طلب کردہ حقوق دیئے جائیں۔ اگر کوئی قوم پرست گروہ ہندوستان میں موجود ہے تو وہ ہمارا ہے کیونکہ ہم ہندوستان کو ایک قوم بنانا چاہتے ہیں، نہ کہ ایک ایسی جگہ جہاں ایک طاقتور گروہ دوسرے کمزور گروہوں پر حکومت کرے۔ اور جس میں چھوت اور اچھوت اقوام کی آئے دن آپس میں خانہ جنگیاں ہوا کریں۔ ہندو مُسلمان سے لڑائے۔ ہندوستانی انگریز سے۔ اور سرمایہ دار مزدور سے۔ یہ نہایت افسوسناک امر ہے کہ چند صُوبوں میں جہاں مُسلمانوں کی اکثریت ہے اور مُسلمان اپنے حقوق کی ٹھیک طور پر حفاظت کر سکتے ہیں۔ دُوسرے صُوبوں کے مُسلمانوں کی طرف سے جو کہ اقلیت میں ہیں بے توجہی ہے۔ اور گلے گلے ہے مخلوط انتخاب کے حق میں آواز اُٹھائی جاتی ہے جو ان صُوبجات کے مُسلمانوں کے لئے فائدہ کی چیز ہے۔ شمال مغربی سرحدی صُوبہ کو زبانی وعدے دے دے کر اسی طرح سے غلط راستہ پر لگایا گیا ہے۔ ایکطرف تو ہندو سرحد کے مُسلمانوں سے وعدہ کرتے ہیں کہ وہ کوشش کرینگے کہ صُوبۂ سرحد کو بھی نئی اصلاحات ملیں۔ اور دُوسری طرف جب وہی ہندو حکومت کے ہاں جاتے ہیں تو انہیں مُسلمانوں کی پیٹھ میں چھُرے گھونپنے کی کوشش کرتے ہیں اور صوبہ سرحد کو اصلاحات دیتے جانے کی مخالفت کرتے ہیں اسی طرح سے مشرقی بنگال کے چند مُسلمان اصلاع اگر صرف اپنے ذاتی مفاد کو ملحوظ رکھیں تو انہیں شاید مشترکہ نیابت سے کوئی گزند نہ پہنچ سکے۔ لوکل باڈیز میں مُسلمانوں کی کامیابی سے وہ یہی نتیجہ نکالتے ہیں گو کہ میرے خیال میں یہ شاید بالکل صحیح نہیں۔ بہرحال وہ مُبارکباد کے مستحق ہیں کہ اس معاملہ کو زیادہ وسیع نظروں سے دیکھتے ہوئے اور مسلم بنگال اور مسلم انڈیا کے مفاد کو مدِّنظر رکھتے ہوئے انہوں نے یہ اعلان کر دیا ہے کہ جو مفاد انہیں مشترکہ انتخاب سے حاصل ہو سکتا تھا اسے وہ قربان کرنے کے لئے طیار ہیں۔

اب ہمیں اپنے آپ کی طرف توجہ کرنی چاہیئے۔ گو مُسلمانانِ بنگال تعداد میں ہندوؤں سے زیادہ ہیں ہماری کوئی قابل ذکر منظم جماعت بنگال میں موجود نہیں۔ چند حضرات نے اس قسم کی منظم جماعتوں کی بُنیاد ڈالنے کی کوشش کی ہے اور تحسین کے مستحق ہیں لیکن یہ امر نہایت ضروری ہے کہ ہماری ایک منظم سیاسی جماعت ایسی ہونی چاہیئے جو کہ کانگرس کی ٹکر کی ہو۔ صُوبہ بھر میں ہر جگہ اسکی شاخیں ہوں اور جو مُسلمانوں کے مفاد کا تحفظ کر سکے۔ وہ ایک ایسی منظم جماعت ہونی چاہیئے جو کہ کام کر سکتی ہو اور صرف سوئی ہی نہ رہے۔ اور جس میں جان موجود ہو۔ حضرات میں آپ سے

(بقیہ نوٹ صفحہ ۱۱) ۲ گاندھی اور کانگرس کے مُسلمانوں سے متعدد مطالبات کا تقاضا کرنے سے صرف مُسلمانوں کا ٹالنا اور ان میں تفرقہ کا بیج بونا مقصد نہیں تھا تو کیوں انہوں نے اُن تیرہ مطالبات کو جن کے متعلق دونوں فریق متحد تھے قبول نہیں کر لیا اور یہ کہا کہ تیرہ کا ہم فیصلہ کے دیتے ہیں۔ چودھویں کے متعلق آپ حضرات بالکل متفق ہو لیں۔ پھر ہم سے اس کے متعلق بھی تصفیہ کر لیں۔ ۳ مُسلمانوں کا یہ مطالبہ کہ چونکہ شمالی صُوبوں میں ہندوؤں کی اکثریت ہوگی وہاں ہندو حکومت کریں۔ سندھ سمیت پانچ صوبوں میں مُسلمانوں کی اکثریت ہے وہاں مُسلمانوں کی اکثریت ہو انہیں تیرہ نکات کا ایک حصّہ ہے۔ لیکن ہندوؤں نے اس مطالبہ کے متعلق بھی بالکل خاموشی اختیار کر رکھی ہے اور صرف یہ چاہتے ہیں کہ مُسلمان نئے آئینی حکومت میں کچھ بھی حاصل کریں اور سب کچھ ہندوؤں کو ہی ملے علیٰ ہذا القیاس مُسلمان کہتے ہیں کہ جس روز وٹ دہندگان میں ہر قوم کے ووٹروں کی تعداد اس قوم کی آبادی کے تناسب سے ہونی چاہیئے۔ ہندو ان مطالبات کے متعلق جن پر تمام مُسلمان متفق ہیں بالکل کچھ نہیں کہتے۔

اپیل کرتا ہوں کہ اگر آپ اس مُلک میں عزت کی زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں تو اس قسم کی مُنظم جماعت کو معرضِ وجود میں لانے کے لئے ایک دُوسرے کے ساتھ پُورا پُورا تعاوُن کریں۔ مُسلم بنگال کی پوزیشن ایسی ہے کہ اگر وہ مُنظم ہو جائے تو دُوسرے صوبجات کے مُسلمانوں کو بھی بچا سکتا ہے۔ جو کہ سخت مشکلات کے مقابلہ میں بھی اسلامی تہذیب کے بقاء کے لئے لڑ رہے ہیں۔ کیا یہ امر قابلِ رحم نہیں کہ ہم اپنے آپ کو بھی نہ بچا سکتے ہوں۔ بردرانِ مِلّت! آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ اپنے اختلافات کو مٹا دیں۔ ہمیں اپنی آواز کو فوراً مُنظم کرنا چاہئے۔ تاکہ ہماری آواز اور ہمارے کارنامے آئندہ دستورِ عمل (کانسٹی ٹیوشن) کو ایسی شکل دے سکیں کہ اسلام کی اور ہمارے مُلک کی شان دُنی ہو جائے۔ وَاِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا۔

ہم، دم

از جناب افخر صاحب حیدرآبادی

ابتک تو ہے دل فروز آتے جاتے
ہے رُوحِ رواں ہنوز، آتے جاتے

اس سانس کا آنا جانا آخر کب تک
تھک جائیگا ایک روز، آتے جاتے

تعمیرِ وجود ہے فنا پر قائم
دیوارِ حیات ہے، قضا پر قائم

دم کے دم سے ہے تن کی نقل و حرکت
یہ کوہ عظیم ہے، ہوا پر قائم

اس سانس کی قدر کچھ نہ جانی میں نے
بیکار گنوائی زندگانی میں نے

منزل کو پہونچنے کا یہی رستہ تھا
اس تارِ نفس میں رازِ سربستہ تھا

بندوں پہ ہے کون رحم کھانے والا
ہر دم کی مُصیبت سے بچانے والا

تسکین جگر کے لئے ہر سانس کے ساتھ
کون اُس کے سوا ہے آنے جانے والا

ہے دم کے قدم سے کارزارِ ہستی
دم کے دم سے ہے اعتبارِ ہستی

لو سانس ذرا سوچ سمجھ کر حضرت!
اُڑتا ہے تنفس سے غبارِ ہستی

ہاں، دم ہی سے ہم دم کا پتہ ملتا ہے
اس دم کا سراغ قدم سے جا ملتا ہے

ہمدم، اسی جلسِ دم سے ہاتھ آتا ہے
وہ دم ہی کے دم قدم سے ہاتھ آتا ہے

گر تارِ نفس تارِ نظر سے مل جائے
دل کا پژمردہ غنچہ فوراً کھل جائے

دم کو سرِ شمشیر دو دم کہتے ہیں
سر رشتۂ اسرارِ قدم کہتے ہیں

دم کے دم سے ہے ساری ہم ہم کی صدا
یہ اِک دم ہے کہ جس کو ہم کہتے ہیں

دورِ حاضرہ کا بہترین ادبی شاہکار
ڈرامہ
معصوم کلیسا
از فطرت نگار روش صدیقی جوالاپوری
جس میں محبت کے اسرار سرمدی بے نقاب کئے گئے ہیں۔ قرطبہ یونیورسٹی کے مشہور اُستاذ فلاسفہ علامہ منذر اور غدار اندلس فاضلہ دہر جولیانا کی داستانِ محبت۔ الحکم مستنصر باللہ جیسے فقیہ و فلاسفر خلیفہ کا عظیم الشان عہدِ خلافت۔ قرطبہ یونیورسٹی کی عالمگیر علمی فتوحات۔ اندلسی عربوں کی شہامت اور قدوسی تمدن مسیحی پیشوایانِ مذہب کی تاریک کاریاں یہ ہیں وہ مُنوع پر مناظر جنہیں آپ معصوم کلیسا میں مُلاحظہ فرمائیں گے۔ کتابت طباعت دیدہ زیب۔ ڈرامہ قریباً ۲۰-۲-۱۶ کے ڈیڑھ سو صفحات پر مشتمل ہوا ہے۔ قیمت بارہ آنے (۱۲ر) علاوہ محصولڈاک
ملنے کا پتہ:- مینجر پنجاب اُردو اکاڈیمی۔ لاہور

قرطبہ

از مولینا روشن صدیقی جوالاپوری

قرونِ وسطیٰ میں دُنیا کے اس باوقار شہر کو جو عدیم النظیر ترقی حاصل ہوئی وہ صفحاتِ تاریخ میں ہمیشہ درخشاں رہیگی۔ جس زمانے میں یورپ جہالت و بربریت کا گہوارہ بنا ہوا تھا۔ خدا کی وسیع سرزمین کا یہ حصہ تہذیب و تمدن کی برکتوں سے معمور ہو رہا تھا۔ کوئی شک نہیں کہ ارضِ مغرب کی فضائیں ایک عصرِ طویل تک علم و عرفان تہذیب و تقدیس کی شعاعوں سے دُور ہی رہتیں اگر یورپ کے مغربی گوشہ سے اسلامی تمدن کا آفتاب بلند نہ ہوتا۔

قرطبہ ـــــ خلافت ہسپانیہ کا دارالحکومت، وہی مقدس قرطبہ جسے یورپ کے معتقد و مورخین نے "سرچشمۂ علوم و فنون" کے مبارک لقب سے یاد کیا ہے ۷۱۱ء کے عہدِ زریں میں خلافت امویہ کے زیرِ نگیں ہوا، یہ وہی زمانہ تھا کہ اموی خاندان کا نامور فرمانروا عبدالملک تختِ خلافت پر متمکن تھا۔

قرطبہ میں عربوں کا داخلہ امن و تہذیب کے پردے میں خدا کی رحمتوں کا نزول تھا برکت و سعادت کے چشمے پھوٹے اور ارضِ اندلس کو سیراب کرتے ہوئے یورپ کے ریگزاروں تک جا پہونچے۔

خلافت امویہ کے گورنروں نے اپنے اپنے عہدِ حکومت میں قرطبہ کی عظمت و مرتبت کو منتہائے کمال پر پہنچا دیا یہاں تک کہ جب فاتح اعظم عبدالرحمٰن الداخل نے قرطبہ کی زمامِ حکومت اپنے زیرِ دست لی تھوں میں سنبھالی تو اُس وقت یہ شہر یورپ کے عظیم ترین دارالخلافوں کے مقابلے میں افضلیت کا سچا دعویٰ کر سکتا تھا۔

عبدالرحمٰن اوّل کا داخلہ ۷۵۶ء مطابق ۱۳۸ھ ایک نئے دور کا آغاز تھا۔ قرطبہ کی اعلیٰ ترین ترقیوں کا دروازہ یہیں کھلتا ہے۔ یہی وہ عبدالرحمٰن ہے کہ جس کے جانشینوں نے اپنی عظمت و جلال سے متاثر ہو کر خلیفۃ المسلمین کا مقدس لقب اختیار کیا اور قرطبہ کو "دارالخلافت" ہونیکا غیر فانی اعزاز بخشا۔

الداخل کے جانشین اپنے ہمعصر فرمانرواؤں میں کیا امتیاز رکھتے تھے یہ بیان کرنے کیلئے ایک ضخیم و جسیم تاریخ کے صفحات مرتب ہو سکتے ہیں تاہم قرطبہ کے "عہدِ زریں" کی اس مختصر روداد سے بھی قیاس کن زگلستانِ من بہار مرا کے مصداق انکے احتشام و اقبال کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

اب ہم جداگانہ حیثیت سے قرطبہ کی اُن "ترقیات" کا کسی قدر مفصل ذکر کریں گے جو اس دارالخلافہ کو اپنے فرمانرواؤں کے عہدِ سعید میں حاصل ہوتی رہیں۔

امیر عبدالرحمٰن الداخل

۱۳۸ھ تا ۱۷۳ھ

اس اولوالعزم فرمانروا نے تختِ حکومت پر متمکن ہوتے ہی نظامِ آبرسانی میں بہترین اضافہ کیا۔ کوہسار "سیرامورینا" سے سُتر اور شیریں پانی کی نہریں کاٹ کر قرطبہ میں لائی گئیں۔ ان نہروں کے آنے جانے سے قرطبہ کے باغات میں بہار تازہ آگئی۔ دریائے وادی الکبیر (جسے آجکل کے انگریزی نقشہ جات میں گواڈل کویر Guadalquivir لکھتے ہیں) کا بنو سواد ساحل کہ جو بہشت آفرین چمنوں کی جلوہ گاہ تھا ایک طلسم رنگ و بو بنکر رہ گیا۔

خوش منظر باغات میں سنگ مرمر کی مجلی نہریں محوِ خرام رہتیں گلریز روشوں کے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی "وسط باغ" کے مرکزی حوض تک پہنچکر ختم ہو جاتیں اس مقامِ اتصال پر یہ حسین نہریں آبشاروں کا پُرجوش انداز اختیار کر لیتیں۔ موجوں کے خاموش زمزمے یہاں پہنچکر بلند ہو جاتے اور اُس روح پرور موسیقی کا سبب بنجاتے جسے "مغنیۂ فطرت" ـــــ نے صرف اپنے لئے مخصوص رکھا ہے۔

ان دلکشا نہروں کے وسط میں گہریز فوارے ہوتے کہ جنکا خوش اداتر شح طلوعِ مہر کی نورانی ساعتوں میں قوسِ قزح کے رنگین جلوے بکھیر دیتا، ابھی تک ان فواروں نے مجسموں کی شکل اختیار نہ کی تھی تاہم اٹلی کے بہترین سنگتراش ـــــ آج بھی ان سے بہتر فوارے نہیں بنا سکتے۔

وسطی نوعِ زمین کا کچھ حصہ سنگ مرمر اور دوسرے قیمتی پتھروں سے ترشی ہوئی کرسیاں نصب ہوتیں جن پر بیٹھکر زندہ دل اندلسی طلوع و غروبِ مہر کے خوشگوار اوقات تفریح کے بحث کرتے، چاندنی راتوں میں یہ محفلیں اور بھی بڑھ جاتیں، خوشگوار مناظر ہوتے۔ لطائف و ظرائف سے گل افشانی کی جاتی، عود اور بانسلی کی دلکش صدائیں بلند ہوتیں غرض وہ سب کچھ ہوتا کہ جسکے خواب دیکھنے کیلئے بھی ہم ترستے ہیں۔

امیر عبدالرحمٰن نے سنگ مرمر، سنگ سُرخ، اور دُوسرے بہترین پتھروں سے جو ایوانات تعمیر کئے اُن کی خوش ادائی پر کسی طلسم کا دھوکا ہوتا تھا۔ عربوں کا طرز تعمیر تمدنِ عالم کی تاریخ میں ایک مخصوص شان رکھتا ہے اور پھر اندلسی عرب تو اس فن کے بہترین ماہر ٹھہرے صرف ایک اسی نسبت سے قرطبہ کے قصور و ایوانات کی عظمت و جلالت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

قصر کے مرمریں کی قطاریں ایک دلربا ترتیب کے ساتھ ساحل وادی الکبیر تک پہنچ گئی تھیں شب ماہ میں ان کا نظارہ کس قدر دلآویز ہوتا تھا یہ اس روایت قدیم سے بآسانی قیاس کیا جا سکتا ہے کہ جس بعض منچلی راتوں میں گروہ ملائکہ کو فضائے قرطبہ میں پرواز کرتا ہوا دکھایا گیا ہے۔

اس زمانے کا مشہور باغ "رصافہ" بھی اسی سادہ مزاج فرمانروا کے ذوق تعمیر کا ایک رنگین نمونہ تھا، یہ دمشق کے مشہور عالم "رصافۂ اموی" کے نمونہ پر بنایا گیا تھا۔ مگر اپنی ساحرانہ رعنائیوں کے اعتبار سے اس پر فوقیت لے گیا۔

بہشتِ رنگ و بو رصافہ کی دلنوازیوں کی تصویر گرانبار بیانی الفاظ کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ تمام مورخین اس پر متفق ہیں کہ رصافہ کی تعمیر و ترتیب میں فنِ تعمیر و فنِ باغبانی کو معراجِ کمال پر پہنچا دیا گیا تھا۔ کسی گوشۂ دُنیا پر کوئی ایسا قیمتی اور خوبصورت درخت باقی نہ تھا جو رصافہ کی تزئین و آرائش کا موجب نہ ہوا۔ مرمریں نہروں کے ساتھ ساتھ طلائی و نقرئی فوارے مربع، مثمن، مدور حوض جنکی فصیلوں پر طلائی نقش و نگار، آئینے سے کہیں زیادہ صاف شفاف رنگ برنگ روشیں، ان فردوسی اوصاف کے اجتماع نے اس رُوح پرور مقام کو ایک طلسم بنا رکھا تھا۔

وسطِ باغ میں ایک خوبصورت ایوان تھا جو اس تمام عمارت میں قلب کی حیثیت رکھتا تھا، یہ وہی قصر تھا کہ جس میں فروکش ہو کر امیر عبدالرحمٰن شب ماہ کے دلنواز مناظر سے لطف اندوز ہوا کرتے تھے۔

اس عظیم المرتبت فرمانروا کے عہد زریں کا سب سے بڑا کارنامہ جامع قرطبہ کی تعمیر ہے جسکی تکمیل اسکے جانشین کے ہاتھوں سے ہوئی۔ اس جامع اعظم کا نقشہ دمشق کی "جامع اموی" کے مطابق تیار کیا گیا اور کلیسائے سینٹ ونسنٹ کی جائے تعمیر کو عظمتِ جاوید بخشتے ہوئے دُنیا کے عظیم ترین "معبد توحید" کی بنیاد رکھی گئی۔

امیر عبدالرحمٰن کو تعمیر مسجد سے جو والہانہ شغف تھا وہ صرف ایک اسی امر سے معلوم ہو سکتا ہے کہ اس فرزند توحید نے اپنی تمام تر توجہ اس پر صرف کرنیکے لئے "ایوان رصافہ" کو چھوڑ کر مسجد سے متصل القصر کی سکونت اختیار کر لی اور روزانہ کچھ وقت تک آلات معماری لیکر مزدوروں اور معماروں کے ساتھ بذاتِ خود کام کیا کرتا۔ آخر جامع اعظم مکمل ہو گئی اور جمعۃ المبارک کے یوم مقدس کو امیر عبدالرحمٰن کی قیادت میں نماز جمعہ ادا کیگئی۔

جامع قرطبہ کی تعمیر میں اسکے بانی نے اپنے مذاق لطیف کی فطری رنگینیوں کا بہترین ثبوت پیش کیا، مرمریں محرابوں کے مجلی ستونوں میں طلائی و نقرئی شاہکار ایک ناظر کو کسی دوسری دنیا میں لیجاتے۔ ان محرابوں کی انتہائی جمیل شانِ ترتیب یورپ میں اس قدر عظمت و رفعت کی نظر سے دیکھی گئی کہ بعد کے زمانے میں اکثر عظیم الشان گرجا اسی طرزِ تعمیر پر بنائے گئے چنانچہ پیرس کا مشہور گرجا نوتردام اس ممتاز ترین انداز تعمیر کو آغوش میں لئے ہوئے ہے، مسجد کی عمارت بڑی طویل و عریض اور وسیع و کشادہ تھی تازہ بتازہ ہوا کے خوشگوار جھونکے نمازیوں کے دل و دماغ کو سرور و انبساط سے لبریز کر دیتے۔

الماس و یاقوت نیلم و زمرد کی مینا کاریوں کے ساتھ ہی ساتھ طلائی نقوش کی آمیزش انسانی دسترس سے بالاتر کسی دُوسری مخلوق کا۔ ماحرانہ کرشمہ معلوم ہوتی تھی۔ جامع اعظم کے باب التوبہ سے متصل "نارنجستان مسجد" کا بہار آفریں منظر مسجد میں داخل ہونیوالوں کے قلب و روح پر نشاط آگیں کیفیت طاری کر دیتا۔ امریکہ کے ایک مقتدر مستشرق مسٹر ایس، پی اسکاٹ جامع قرطبہ کا ذکر اس طرح کرتے ہیں:-

"ایک روشن، خوبصورت، نشاط بخش عمارت جس کا منارۂ اذان آسمان سے سرگوشیاں کر رہا تھا، کشادہ صحن میں "نارنجستان" کا دلنواز منظر جسمیں ہزاروں ملکی و غیر ملکی پھل دار درختوں اور خوشبودار پھولوں والے پودوں کا دلفریب اجتماع، فواروں کا خوش منظر ترشح، اور پانی گرنے کی مست کن آواز سے تخلیق زمزمہ، دیواروں پر درخشاں مینا کاری محرابوں میں طلائی حروف سے لکھی ہوئی مقدس قرآنی آیتیں، ستونوں کی درخشاں تجلیاں، ممبر و محراب پر طلائی مینا کاری قدیم افسانوں کی طرح انسانوں کی نہیں جنوں کا کارنامہ معلوم ہوتی تھی، اماموں کے فصیح و بلیغ خطبات اور طرز بیان کی سادگی، دلکشی اور وہ سادہ نماز کہ جس میں حضور قلب بھی تھا اور خشوع و خضوع بھی"

جامع قرطبہ کے علاوہ متعدد مساجد تعمیر کی گئیں۔ حماموں، سرکاہوں، ایوانوں کی کثرت نے قرطبہ کی عظمت و شہرت کو معراج کمال پر پہنچا دیا۔

امیر ہشام

۱۷۳ھ تا ۱۸۰ھ

الداخل کی وفات کے بعد اسکے نامور فرزند امیر ہشام کا زمانہ آیا جسکے زہد و تقدس علم و کرم کی بنا پر علمائے اسلام نے اس کو عمر بن عبدالعزیز ثانی کے مقدس لقب سے یاد کیا ہے۔ امیر ہشام کے عہد سعادت مہد میں قرطبہ نے نہایت سرعت سے ترقی کی منزلیں طے کیں۔ صدہا ایوانات تعمیر کئے گئے۔ باغات کی وہ کثرت ہوئی کہ جوار قرطبہ پر کسی فردوس مرغزار کا دھوکا ہوتا تھا۔

ہشام کے عہد سعید کا عظیم ترین کارنامہ جامع قرطبہ کی تکمیل و تزئین ہے۔ اس نیکدل فرماں روا نے دنیا کے ہر حصے سے معبد اعظم کی آرائش کیلئے بہترین فرنیچر مہیا کیا، محرابوں میں کمخواب مشجر کے زرنگار پردے لٹکائے گئے، صحن مسجد کیلئے بیش قیمت فروش تیار ہوئے، کبیر محراب عبادت کی زینتوں میں اضافہ کیا گیا۔ روشنیٔ مسجد کیلئے طلائی جھاڑ فانوس کنول شمعدان بنوائے گئے رمضان کی مقدس راتوں میں جب یہ چیزیں روشن کیجاتیں تو تمام مسجد بقعۂ نور بنجاتی۔ قرطبہ کا عظیم الشان منارہ بھی ہشام کی اولوالعزمیوں کا پُرجلال مظاہرہ تھا اس اضافۂ عظیم نے جامع قرطبہ کی عظمت کو دوبالا کر دیا۔

تعمیر مسجد سے فارغ ہو کر ملک سیرت ہشام نے الصبع کے مشہور پل کی از سر نو ترمیم و تکمیل کی (آج کل کے نقشوں میں یہ پل Cordoba Bridge کے نام سے دکھایا گیا ہے) اس مشہور عالم پل کا بانی اولیں شاہ اغسطس والیٔ روما تھا جس نے اسے مسلمانوں سے آٹھ سو سال قبل تعمیر کرایا پھر ۱۱۰ھ ہجری القدس میں جبکہ انحطاط و انہدام نے اسے ایک کھنڈر کی شکل بنا دیا تھا۔ اولوالعزم گورنر الصبع بن ملک الخولانی نے بحکم امیر المومنین عمر بن عبدالعزیز فرمانروائے خلافت امویہ اس عہد کے مشہور مہندس و انجنیر عبداللہ کی نگرانی میں تعمیر کرایا، آخر دوبارہ قابل مرمت ہو جانے پر امیر ہشام نے بغایت شاندار طرز پر پایۂ تکمیل کو پہنچایا۔

ہشام نے نظام آب رسانی میں بھی ترمیم کی اور الداخل اعظم کی مشہور نہر کو بڑے پیمانہ پر وسیع کیا۔ اب قرطبہ میں پانی کی یہ افراط ہوئی کہ تمام شہر فواروں، حوضوں، آبشاروں کا جلوہ زار بن گیا، پینے کا پانی ایک عظیم الشان تالاب میں اکٹھا کیا جاتا جہاں اسکی سائنٹیفک طریقہ پر صفائی کیجاتی اسکے بعد نلوں کے ذریعہ سے تمام شہر میں تقسیم کیا جاتا، اس رسالہ کے قارئین کو یہ معلوم ہو کر مسرت بخش تعجب ہوگا کہ سرچشمہ تہذیب نو شہر لندن (London) میں نظام آب رسانی کی ابتدا سولھویں صدی عیسوی میں ہوئی جس کو قابل اطمینان صورت اختیار کرنے میں اٹھارہویں صدی تک کا زمانہ درکار ہوا۔

یوں تو قرطبہ آغاز ہی سے تعلیم و تہذیب کا سرچشمہ بنا رہا ہے مگر امیر ہشام کے عہد میں مدرسوں، علمی اداروں کی بڑی کثرت ہوئی علم فقہ اور علم حدیث کے علاوہ ریاضیات، ادب، تاریخ، طبیعات، شعر و عروض کی نشر و اشاعت بھی ہونے لگی۔ گویا یہ علمی بیداری اس عظیم الشان یونیورسٹی کے قیام کا پیش خیمہ تھی کہ جس کی بنیاد الحکم مستنصر باللہ کے مقدس ہاتھوں سے رکھی گئی۔

خضاب لاجواب

افسوس ہے، کہ اکثر لوگوں نے خضاب کے اشتہارات دے کر اپنی لفاظی اور جھوٹے دعووں کے ذریعے پبلک کو بدظن کر دیا ہے ہمارا یہ دعویٰ تو ہرگز نہیں ہو سکتا کہ خضاب لاجواب کے صرف ایک دفعہ لگانے سے ہی بال سیاہ ہو کر عمر بھر کیلئے چھٹکارا ہو جاتا ہے بلکہ ہم اسکی واجبی تعریف ناظرین کی خدمت میں بلا کم و کاست پیش کرتے ہیں اور یقین دلاتے ہیں کہ اگر آپ کو بلا کسی نقص خضاب کی ضرورت ہے، جو سفیدیوں کو تھوڑی دیر میں قدرتی سیاہ رنگ دیتا ہے۔ بال مثل ریشم کے نرم رہتے ہیں اور لطف یہ ہے کہ اس کے لگانے سے پیشتر جتنے بال سفید ہوں گے اتنے ہی بنیں گے۔ ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ اس خضاب سے اچھا دنیا بھر میں آج تک کوئی خضاب ایجاد نہیں ہوا۔ اہل ملک نے اس خضاب کی خوبیوں کا اندازہ کر لیا ہے۔ آج تک کہیں سے بھی کسی قسم کی شکایت کا موقع نہیں ملا خضاب لاجواب کی تصدیق میں صرف معززین کے ہزاروں خطوط موجود ہیں اور اکثر نامی گرامی رؤسا و جاگیرداروں کی خدمت میں بکثرت جاتا ہے۔ اگر مہندی وسمہ کی تکالیف سے بچنا اور پیری میں جوانی چاہتے ہو تو آزماؤ۔

قیمت فی سٹ علاوہ محصول ڈاک ۱۰ روپے آٹھ آنہ ۔ ۔ ۔ ۔ (عام)

ملنے کا پتہ:۔ مینجر کارخانہ آب حیات پنڈی بہاؤالدین۔ پنجاب

امیر ہشام کے عہد میں مسیحیوں کی بھی حصول تعلیم کی طرف توجہ کیا گیا۔ اس زمانے کے عیسائیوں کا مبلغ علم صرف انجیل اور اس کے "فوق الادراک" مباحثہ تک محدود تھا بڑے ڈیک تا بوک مائشا اور مقدس مسیح دستخط کرنے کے علاوہ ایک لفظ بھی نہ لکھ پڑھ سکتے تھے۔ رعایا پر ور ہشام نے مسیحیوں کو حصول تعلیم میں خاص مراعات سے نوازا اور ایسی میکدل فرمانروا کے خلوص نیت کا اثر تھا کہ علم و عرفان سے دور بھاگنے والے مسیحیوں میں طالب علمانہ جذبات پیدا ہو گئے اور وہ ذوق و شوق سے قرطبہ کی اسلامی درسگاہوں میں شریک درس ہونے لگے۔

اس مبارک عہد میں قرطبہ کے تجارت و تمدن میں بھی بڑی ترقی ہوئی صنعت و حرفت کی گرم بازاری نے قرطبہ کو کارخانوں، تجارتی اداروں اور صنعت گاہوں کا شہر بنا دیا۔ ایک مورخ اس عہد کے قرطبہ کی رفعت و عظمت کا خاکہ ان مؤثر الفاظ میں کھینچتا ہے:۔

تخمینًا ما دالت وحدالت فی درمیانی بیموا یکدوشنبی میں ایک مسافر دس میل تک جا سکتا ہے"۔

امیر حکم المنتصر باللہ

۱۸۰ھ تا ۲۰۶ھ

المنتصر باللہ کی فرمانروائی شاہی شکوہ کے اعتبار سے گذشتہ دو فرمانرواؤں کے لحاظ سے کہیں بالاتر تھی، حکم کی رنگین مزاجی نے قرطبہ کو ایک اور ہی رنگ میں رنگ دیا۔ اطمینان و آسائش، دولت و احتشام کی فراوانی نے حیات انسانی کے عناصر لطیف کو بے نقاب کر دیا، اور مناظر فطرت کے ساتھ ہی ساتھ انسانی صنعتوں میں عنصر لطیف (Aesthetic) کی جستجو بیدار ہو گئی، اس "لطافت پرستی" کا قدرتی نتیجہ فنون لطیفہ کی ترقی کا آغاز تھا، چنانچہ تمام قرطبہ جادو نگار شعراء سحر طراز مغنیین اور عظیم ترین ادیبوں کا گہوارہ بن گیا۔

تمام ایرانی قصہ شاعروں اور مغنیوں کی گلفشانیوں سے "فردوس گوش" بنے رہتے، نغمہ و سرود شعر و سخن کی محفلیں گرم ہوتیں، شعر و موسیقی کے نازک ترین کمالات کو بے پردہ کیا جاتا۔ غرض تفریحی زندگی کے لیے بڑی سرعت کے ساتھ نئے نئے دروازے کھلنے لگے۔

المنتصر کا دربار فنون لطیفہ کی سرپرستی میں دمشق و بغداد سے بازی لیگیا، جس میں اس عہد کے قابل ترین فضلاء، مدبرین شعراء کے علاوہ نامور مصنفین موجود تھے۔

حکم المنتصر نے سابق القصر کو اپنی جلالت و عظمت کے اظہار کیلئے ناکافی سمجھ کر ایک رفیع الشان قصر تعمیر کرایا۔ اس قصر کی تعمیر میں حکم نے معجزانہ طور پر اپنے مذاق تعمیر کا مظاہرہ کیا۔ ایک دیدۂ حیراں اس قصر کے فوری نظارے سے اس پر ایوان بہشت کا گمان کرنے میں معذور تھا۔ قصر تزئین و آرائش سے مکمل ہوا تو منتصر اپنے درباریوں سمیت اعلیٰ ترین تزک و احتشام کے ساتھ فروکش ہوا۔ اقلیم سخن کے تاجدار شعراء نے معرکۃ الآرا قصائد پیش کئے، مغنیین نے نغمہ و سرود کے ایسے ایسے کمالات دکھائے گئے کہ خود حکم خود فراموشی کے عالم میں سر دھننے لگا۔

قرطبہ کی اس نئی شہرت نے اقصائے عالم سے بہترین شعراء و مغنیین کو حکم کے دربار میں پہنچنے کیلئے آمادہ کر دیا اور دربار بغداد کے مشہور استاد موسیقی زریاب کو (جو اپنے ہمعصر اہل فن میں "رئیس المغنیین" کے نام سے مشہور تھا) بھی یہ شوق دامن گیر ہوا وہ ابھی عازم قرطبہ نہ ہوا تھا کہ خود حکم نے اسکی عالمگیر شہرت سے متاثر ہو کر اخراجات سفر کے ساتھ پیغام طلبی بھیجا مگر انقلاب زمانہ کی یہ تصویر کس قدر عبرت انگیز ہے کہ ادھر زریاب نے ساحل اندلس پر قدم رکھا اور ادھر حکم کو موت کا پیغام آ پہنچا۔

ہوا نہ تکملۂ حسرت دل رنگیں　　تمام عمر چھلکتا رہا یہ پیمانہ

امیر عبدالرحمن الاوسط

۲۰۶ھ تا ۲۳۶ھ

عبدالرحمن الاوسط کی حکومت نے قرطبہ میں ایک نئے دور کا آغاز کیا۔ الاوسط ایک زبردست کیریکٹر کا انسان تھا جس کے ایثار و اخلاق کا اثر اہل قرطبہ پر کاری پڑا۔ یہاں تک کہ شرافت و شہامت کی شعاعیں جلوہ زار قرطبہ سے پھوٹ نکلیں۔ تمدن و معاشرت کے اصولوں میں خوشگوار ترمیم کی گئی۔ نظام اخلاق کو بلند ترین معیار پر پہنچایا گیا، یورپ کی تاریک زندگی میں کبھی کبھی جو عظمت اخلاق کی کوئی شعاع نظر آجاتی ہے یہ سب اسی عالمگیر نظام کا

صدقہ ہے۔

تجارت کی حیرت انگیز ترقی نے روشن خیال اور اولوالعزم فرمانروا کو ایوانہائے تجارت کی ترتیب پر آمادہ کیا تھا چنانچہ تمام تجارتی اداروں کو حکومت کی طرف سے آسانیاں اور مراعات بہم پہنچائی گئیں۔

اس زمانہ میں قرطبہ کی مصنوعات تمام بلاد یورپ میں براہ خشکی و تری جاتی تھیں، الاوسط نے تجارتی جہازوں کی تعداد کو حیرت انگیز طور پر وسیع کر دیا اور ساحلی تجارت میں اہل اندلس تمام اقصائے عالم سے بازی لیگئے۔

قرطبہ کے بازار اس زمانے میں اس قدر پُر رونق ہو گئے تھے کہ ان پر بجا طور سے تماشا گاہوں کا اطلاق ہو سکتا تھا، ضروریات زندگی کی کوئی شے ایسی نہ تھی جو قرطبہ کے بازاروں میں بآسانی نہ مل سکے۔ طلائی و نقرئی زیورات، ظروف، حریر و ریشم، زربفت، کمخواب، چرمی مصنوعات، مرمریں سامان آرائش یعنی سنگ مرمر سے ترشی ہوئی خوبصورت میزیں، کرسیاں، الوانے، صندلیں، کتابیں، پارچہ جات، غرض ہزاروں چیزیں فرانس، جرمنی، اٹلی، انگلستان اور دیگر بلاد مغرب کو روانہ کیجائیں۔ اس زمانے کا قرطبہ ایک وسیع بازار مورخ کے لفظوں میں یہ تھا۔

مشہور ہے میں میل طویل اور چھ میل عریض ہے اور تمام رقبہ میں محلات، باغات، مساجد، حمام، کارخانے پھیلے ہوئے ہیں۔

باعظمت عبدالرحمن الاوسط نے اپنی مذہبی عقیدت سے متاثر ہو کر تعمیر مسجد کی توسیع کا ارادہ کیا، اور بے اندازہ دریا دلی سے کام لیکر اعلیٰ ترین انتظامات کے ساتھ مسجد کو دوچند کے قریب وسیع کیا اور جدید ترین سامان آرائش سے جامع اعظم کو زینت دی۔ الاوسط جامع قرطبہ کے لیے ایک نادر روزگار "مقصورہ" بھی تیار کرایا جسکی تیاری میں بہترین صاحب فن صناع شریک کئے گئے۔ نقش و نگار کی سادگی و دلآویزی نے اس مقصورہ کو غیر معمولی طور پر حسین و جمیل بنا دیا تھا۔

جدت طراز الاوسط نے اپنی بلند ترین تخیل سے کام لیکر ایک عجیب و غریب تعمیر کا آغاز کیا۔ یہ عمارت جامع اعظم سے القنطرہ تک ایک "مسقف راستہ" تھا جو بعد میں بھی اس کے جانشینوں کے لئے بیحد مفید ثابت ہوا۔ اس عہد کا ایک قابل ذکر واقعہ یہ بھی ہے کہ اسلام کی بڑھتی ہوئی ترقیوں کو دیکھکر تنگ خیال، جاہل اور متعصب پادریوں کے قلوب میں آتش رشک مشتعل کر دی۔ بدقسمتی سے کلیسائے ہسپانیہ کے اسقف اعظم (Lord Bishop) نے انکی غلط رہنمائی کی۔ اور پادریوں کو مسیحی عوام میں آتش بغاوت مشتعل کرنے کے لئے آزاد چھوڑ دیا، نتیجہ یہ ہوا کہ اسلام اور سرور کائنات صلعم کے خلاف دریدہ دہن مسیحی فحشات و خرافات بکنے لگے، یہ ننگ خلائق عیسائی قرطبہ کی مسجدوں میں گھس جاتے اور مسلمانوں کے سامنے حضور خاتم النبیین کیلئے بدترین کلمات استعمال کرتے اس قابل لعنت تحریک سے مسلمانوں میں بڑا جوش پھیل گیا اور اگر حکومت اس موقع پر انتہائی ضبط و انتظام سے کام نہ لیتی تو بیشک غیور مسلمان ان ناپاک مسیحیوں کو ہمیشہ کے لئے ارض اندلس سے رخصت کر دیتے مگر حکومت نے بڑی دانشمندی سے اس سازش کے سرغنوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی اور عام مسیحیوں کو مسلمانوں کے غیض و غضب سے بچا لیا۔

نامناسب ہوگا اگر اس موقع پر الاوسط کی زبردست فوجی قوت کا ذکر نہ کیا جائے، الاوسط نے عساکر بارت کی سابق تعداد میں دوچند اضافہ کرنے کے علاوہ ایک خاص رسالہ اسپیشل رائل سروس (Special Royal service) کے طور پر بربری، مراکشی بہادروں سے مرتب کیا، یہ وہی رسالہ تھا کہ جسکی ہیبت و شجاعت نے الاوسط اعظم کے دربار کی عظمت کو فروں کرنیکے علاوہ تمام بلاد مغرب کو مرعوب بنا رکھا تھا۔

خریداران صوفی کیلئے ضروری ہدایات

۱۔ رسالہ صوفی عموماً ہر انگریزی مہینہ کے آخری ہفتہ میں شائع ہوتا ہے۔

۲۔ اشاعت رسالہ کی چونکہ بہت زیادہ ہے جبتک نمبر خریداری لکھا جائے تبدیل پتہ یا رسالہ کے متعلق کسی اور شکایت پر مطلق توجہ نہیں کیجائیگی۔

۳۔ ایسے خط جن پر نمبر خریداری نہیں ہوتا بکثرت روزانہ موصول ہوتے ہیں ہم مجبور ہو کر ان کی تعمیل نہیں کر سکتے۔ اس لئے بغیر نمبر خریداری لکھنے کے اگر آپ کی شکایت رفع نہ کی جائے تو اس میں ہمارا کوئی قصور نہیں۔

منیجر رسالہ صوفی

امیر عبدالرحمٰن الناصر

۳۰۰ھ تا ۳۵۰ھ

امیر عبدالرحمٰن الاوسط کی وفات کے بعد امیر محمد کے نام سے اس کا بیٹا جانشین ہوا۔ اس کے عہد میں قرطبہ کو کوئی قابل ذکر ترقی حاصل نہیں ہوئی۔ امیر محمد کی وفات کے بعد اس کا جانشین المنذر فرمانروائے امارت ہسپانیہ ہوا۔ یہ عہد بھی ہمارے مقصد کے لحاظ سے اہم نہیں ہے۔ منذر کے بعد امیر عبداللہ کا زمانہ آیا جو ۳۰۰ھ تک ختم ہوگیا۔ آخر وہ ساعت سعید آگئی کہ قرطبہ کا آفتاب عظمت نصف النہار پر پہونچ جائے اور ۳۰۰ھ میں امیر عبداللہ کا نوعمر مگر اولوالعزم پوتا عبدالرحمٰن الثالث الناصر کے لقب سے تخت حکومت پر جلوہ گر ہوا۔

یہی وہ عبدالرحمٰن عظم ہے کہ جس کے عظمت وجلال کے فسانوں سے دنیا کی تاریخیں معمور ہیں جس نے اندلسی فرمانرواؤں میں سب سے پہلے امیرالمومنین کا مقدس اعزاز حاصل کیا اور قرطبہ "دارالخلافت" کے غیر فانی شرف سے سرفراز کیا گیا۔

الناصر ——— کے پنجاہ سالہ دور حکومت میں قرطبہ کو جو بے اندازہ ترقیات حاصل ہوئیں اُن کا اجمالی تذکرہ بھی ایک طویل فقرہ کا محتاج ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس شاندار عہد کی ترقیوں کا ذکر مختلف عنوانات کے ماتحت مختصر انداز سے کریں جس سے قارئین کو قرطبہ کی غیر فانی رفعت وعظمت کا اندازہ ہوسکے۔

ایوانات وباغات قرطبہ کے امرا نے فلک بوس ایوانات تعمیر کرائے جن میں فن عمارت کی تمام لطافتیں یکجا کردی گئی تھیں، وسیع وکشادہ ہال، ہوادار برآمدے، خوشنما محرابیں، رفیع الشان گنبد دینار یہ تھیں ان عمارات کی امتیازی خصوصیات ——— !

قصرۃ الزہرا الناصر نے اپنی مشہور ومعروف محبوبہ "زہرا" کے پیارے نام پر ایک عظیم الشان قلعہ تعمیر کیا۔ اس رفیع وعظیم قصر کی تعمیر میں ۲۵ سال صرف ہوئے جبکہ دس ہزار آدمی روزانہ کام کرتے تھے، جن کو ½ درہم سے لیکر ۲ درہم تک اُجرت (یومیہ) ملتی تھی۔

بعض دلچسپ شمار واعداد جن کا مطالعہ قارئین کرام کے لئے غیر معمولی طور پر حیرت انگیز ہوگا درج ذیل کئے جاتے ہیں:۔

سنگ تراش اسباب تعمیر ڈھونے کے لئے ملازم تھے جن کی ماہانہ اُجرت ۳ مثقال تھی۔

چار سو سرکاری اونٹ جن کو کچھ اُجرت نہ دیجاتی تھی۔

ہر تیسرے روز گیارہ سو بوجھ چونے کی گچ کے لئے آتے تھے۔

ہر ستون سنگ مرمر کی قیمت دس دینار مقرر تھی۔

ہر چوکہ وداسہ کی قیمت بالقطع دس دینار تھی۔

صرف ملازمین محکمہ عمارت تین لاکھ دینار سرخ۔

کل لاگت ——— ۴۵ کروڑ روپیہ

الزہرا کی تعمیر میں جو ستون صرف کئے گئے اُن کی تفصیل حسب ذیل ہے (یہ صرف وہ ستون ہیں جو ممالک خارجہ سے آئے)

فرانس	۱۹ عدد
مرسلہ شاہ قسطنطنیہ	۱۴۰ عدد
آمدہ افریقہ	۱۰۰۰/۴۹ عدد
خریدکردہ اندلس	۳۱۵۳
کل ستون	۴۳۰۲ عدد

(سفرنامہ اندلس)

الزہرا ——— اس عہد کی تمام عمارتوں میں ایک بلند پایہ رکھتا تھا یہ وہی قصر تھا کہ جس کی رعنائی وخوبصورتی کا مقابلہ دنیا کی کوئی عمارت نہ کرسکتی تھی۔

اندلسی انجینیروں، معماروں، سنگ تراشوں کے علاوہ اقصائے عالم سے اسکے لئے ماہرین فن تعمیر بلائے گئے۔ دولت کے خزانوں کا منہ

کھولدیا گیا آخر اس دریادلی اور ذوق وشوق کا نتیجہ اس فردوس آفریں قصر کی صورت میں مرتب ہوا جسے دُنیا کے تمام مؤرخین نے نہ صرف اعزاز دیا بلکہ عقیدت ومحبت کے ساتھ یاد کیا ہے۔ قرطبہ سے چار میل کے فاصلے پر ایک خوش منظر سطح مرتفع پر اسکی بنیاد (غالباً یکم محرم ۳۲۵ھ) رکھی گئی تھی تمام قصر گلابی رنگ کے چکنے پتھر سے تعمیر کیا گیا جو دُنیا کے مختلف حصّوں سے بصرف زر کثیر لیا گیا تھا۔

زہرا کی محبت نے اس عجیب وغریب قصر پر بے انتہا دولت قربان کرادی۔ الماس ویاقوت، نیلم وزمرد، لعل وجواہر کی قیمتی کاری نے الزہرا کے ہر کمرے کو نگارخانۂ چین بنادیا تھا۔ ایک ایک بوستے میں کئی کئی قسم کے بیش بہا جواہرات کی آمیزش رنگوں کا فطری امتزاج اور صناعین کا ہوشربا انداز کمال ایک ناظر کے دل پر اس قصر کی عظمت کا غیر فانی نقش ثبت کردیتا تھا۔

باکمال مصوروں نے جنہیں حقیقتاً نقاشین کہنا چاہیئے۔ الزہرا کے در ودیوار پر دلفریب نقش ونگار سے وہ بہشت آرائی کی کہ جس کی بہار نگیں مناظر جلد پر بالاتری کا دعویٰ کرسکتی تھی۔ الزہرا کے فردوسی خیابان عرصۂ گیتی پر بہشت نژاد ہونیکا دعویٰ کرسکتے تھے۔ اِن باغات میں طلائی نقرئی فوارے اور مجسمے جن میں سے کوئی مچھلی کی شکل کا تھا تو کوئی طاؤس کی صورت پر کسی کا منہ شیر کی طرح ہیبتناک ہوتا تو کسی کا غزال رعنا کی طرح معصوم ومحبوب۔ اِن مجسّموں کے مُنہ سے صاف شفاف پانی کی دھاریں ہلکے ہلکے سُروں میں نغمے گاتی ہوئی گرتیں جن میں قمر وخورشید کا عکس لطیف گونا گوں رنگینیاں پیدا کردیتا۔ اِن باغات میں کہیں پرندوں کے لئے احاطے بنے ہوئے تھے اور کہیں درندوں کے رہائش کدے رنگ برنگ خوبصورت پروں والی چڑیوں کا اِدھر اُدھر پھدک کر جانا۔ نغمہ گر طیور کے پیارے پیارے زمزمے، سُنہرے پروں والے مُرغانِ خوش الحان کا گیت گاتے ہوئے پرواز کرنا، یہ سب مناظر کسقدر دلنواز ہوسکتے ہیں؟

یوں تو تمام قصر ہی نادر روزگار کہے جانیکا مستحق تھا مگر ایوانِ مُلاقات کی آرائش وزیبائش میں خاص توجہ صرف کیگئی تھی۔ سنگ مرمر کے ہشت پہلو ستونوں پر الماس وجواہر کی میناکاری ایک عجیب منظر پیدا کرتی تھی سقف ایوان میں تابناک جواہر سے اس قدر درخشاں نقش ونگار بنائے گئے تھے۔ کہ تاروں بھرے آسمان کا دھوکا ہوتا تھا۔ قصر کے مشرقی دروازہ پر خلیفہ کی محبوبہ زہرا کا حسین وجمیل مجسمہ نصب کیا گیا تھا۔

قصرِ مُلاقات کے بعد قصرِ خلافت کا نمبر تھا اس عظیم المرتبت قصر کی چھت بالکل طلائی تھی۔ دیواروں پر بھی طلائی پتر چڑھے ہوئے تھے وسطِ سقف میں وہ بیش بہا موتی نصب تھا جسے شاہ قسطنطنیہ نے الناصر اعظم کی خدمت میں ہدیتہً ارسال کیا تھا جس کا ثانی سخت تلاش کے باوجود بھی نہ مل سکا۔ قصرِ خلافت میں ایک خوبصورت مرمریں حوض۔ حوضِ سیماب کے نام سے بنایا گیا تھا اس میں پارہ بھرا ہوا تھا اور جب صدہا نالکوں اور فوارہ سے قطراتِ سیماب فضا میں بلند ہوکر گرتے تھے تو شعاعِ آفتاب ان کو سخت برق بنا کر نگاہوں کو خیرہ کردیتی تھی۔

الزہرا کے متصل عمائدین خلافت کے قصور وایوانات تھے اور اُن کے قریب ہی مدینۃ الزہرا کے نام سے ایک مختصر بغایت خوش منظر شہر آباد کیا گیا تھا جس میں آباد ہونیوالے کو چار سو درہم خلیفۃ المسلمین کی طرف سے مرحمت ہوتے تھے۔ خاص قرطبہ میں بھی ایوانات کی تعمیر کا سلسلہ برابر جاری تھا یہاں تک کہ ایک مؤرخ کے قول کے مطابق اس زمانے میں قرطبہ میں تین ہزار آٹھ سو مساجد اسی ہزار ایوانات۔ دو لاکھ محلات ومکانات۔ سات سو عربا کے حمام آٹھ ہزار دوکانیں تھیں (جو آجکل کی دوکانوں کی طرح تنگ ومختصر نہ ہوتی تھیں) ہوٹل اور مسافر خانے اسکے علاوہ تھے۔

دمشق وبغداد سے ہزاروں سیاح عبدالرحمٰن اعظم کی فیاضیوں کا شہرہ سُن سُن کر قرطبہ پہنچے۔ یہاں آکر اُن کی آنکھوں نے ایک حیرت انگیز منظر دیکھا۔ وہ جس بغداد اور جس دمشق کو دُنیا کے بہترین شہر سمجھتے تھے وہ دونوں قرطبہ کے سامنے گرد تھے۔

اسی مُبارک عہد میں سکسنی کی مشہور راہبہ "ہرو سوتھا" (Hroswitha) نے اس شہر کی سیاحت کی اور نور عالم کے خطاب گرامی سے اس شہر کی عظمت کا اعتراف کیا۔

نظام آب رسانی عبدالرحمٰن اوّل کی یادگار نہر کو قرطبہ جیسے وسیع وعظیم شہر کے لئے ناکافی دیکھکر ۳۲۹ھ مطابق ۹۴۰ء میں الناصر نے ایک عظیم الشان نہر تیار کرائی یہ نہر پہلی نہر سے کہیں عریض وطویل تھی گرد ونواح کے کوہساروں سے نکلے ہوئے چشموں کا پانی اپنے ساتھ لیتی ہوئی یہ نہر اُن محرابوں پر سے گذرتی ہوئی جو فن انجینرنگ کے بہترین اصولوں پر تیار کی گئی تھی شہر میں داخل ہوجاتی اُس کا پانی وسط شہر میں ایک عظیم الشان تالاب میں جمع ہوتا تھا اور یہاں سے نلوں کے ذریعے سے تمام شہر میں تقسیم کردیا جاتا تھا، تالاب کے درمیان میں ایک طلائی شیر بنا ہوا تھا جسکی پشت سے نہر کا پانی داخل ہوکر مُنہ کی طرف سے تالاب میں گرتا تھا۔ اس طلائی اسٹیچو کے پاس ہی ایک خوبصورت انسانی مجسمہ نصب تھا جسکے مُنہ سے شفاف

پانی کی دھار نکل کر شیر کے اوپر گرتی رہتی تھی۔

اس بہترین نہر کا آغاز ربیع الثانی ۳۲۹ھ میں ہوا اور ٹھیک ۱۲ سال بعد غرۂ جمادی الثانی ۳۴۱ھ میں پہلی بار حوض میں پانی داخل کیا گیا۔

تجارت، صنعت و حرفت امن و امان کی برکات نے تجارت کی یہ گرم بازاری کی کہ قرطبہ کے بازار دولت و حشمت کے خزانے بن گئے۔ اسکے کارخانے سونا، چاندی، پیتل خام، پختہ لوہا، ریشم حریری پارچہ جات، کمخواب، اونی کپڑے، زیتون، کھانڈ، مشک، عنبر، پارہ، برق، روغنیات، عطریات، کتابیں، زعفران، ادرک، سونٹھ، اور اُن سے تیار ہونے والی اشیاء دُنیا کو بھیجتے تھے، چرم سازی کے کارخانوں نے بھی اس عہد میں بڑی ترقی کی۔ یہیں سے یہ صنعت فارس میں پہنچی اور اُن سے اہل انگلستان نے حاصل کی۔ آج بھی دو قسم کے چمڑے وہاں مراکو لیدر (Morocco Leather) اور کورڈوین لیدر (Cordwin Leather) کے نام سے مشہور ہیں۔

سنگ تراشی، مینا کاری، معماری غرض تمام اعلیٰ ترین فنون میں اندلسی عربوں سے آج تک دُنیا کی کوئی قوم بازی نہ لیجا سکی جس کا الزہرا کے باعظمت طرز تعمیر سے بآسانی مل سکتا ہے۔

غلہ جات، خام معدنیات اور چوبی سامان کے علاوہ مویشیوں کی تجارت کیلئے بھی بڑے بڑے ادارے قائم تھے، گھوڑوں کی یہ کثرت ہوئی کہ ادنیٰ ترین افراد بھی اپنی سواری کے لئے کم از کم دو تین گھوڑے ضرور رکھتے تھے۔

اندلسی مسلمانوں خصوصاً باشندگان قرطبہ نے اقتصادیات کا بہترین حل ترقی تجارت سمجھ رکھا تھا، جس کا نتیجہ لازمی طور پر خوشحالی، تمول اور اطمینان و آسائش کی افراط تھا۔

تعلیم اور درسگاہیں جامع قرطبہ کے اعلیٰ ترین دارالعلوم کے علاوہ متعدد کالج اور اسکول کھلے ہوئے تھے تعلیم بالکل مفت تھی بعض حالتوں میں کتابیں اور اسباب خورد و نوش، فیرہ جات کے رہائش بھی مفت پیش کئے جاتے۔

جامع قرطبہ کا دارالعلوم اس وقت دنیا کی بہترین یونیورسٹی کے جائیکا دعویدار تھا، قاضی المنذر جیسے فقیہ اعظم کی قیادت میں یہ مقدس درسگاہ الٰہیات، حدیث، فقہ، تاریخ و سیر، ادب و عروض، ریاضیات و حکمت، طبیعات و فلسفہ کے پُرشوق طالبعلموں کی رہنمائی کر رہی تھی۔

یہ تعلیم و تہذیب کی ترقیوں ہی کا صدقہ تھا کہ قرطبہ میں دنیا بھر سے زیادہ کتابیں فروخت ہوتی تھیں۔ ہر شخص اپنی ایک موزوں لائبریری بنانے کی کوشش کرتا۔ خلافت کی عظیم الشان لائبریری کے علاوہ قرطبہ میں دو درجن سے زائد دارالمطالعہ کھلے ہوئے تھے۔ فوجی تعلیم کیلئے بھی الناصر اعظم نے ایک عظیم الشان حربیہ کالج قائم کیا تھا جس کی دو کلاسیں بری و بحری کے نام سے موسوم تھیں۔

یہ وہی کالج تھا کہ جس سے ایسے ایسے قابل کمانڈر اور امیر البحر نکلے کہ جن کا مقابلہ یورپ کے بری و بحری جرنیلوں سے کرنا ایک مضحکہ خیز حرکت ہوگی۔

محکمۂ انصاف اور عدالتیں نامناسب نہ ہوگا اگر اس موقع پر قرطبہ کے محکمۂ انصاف اور عدالتوں کا مختصر تذکرہ کیا جائے۔ محکمہ عدلیہ کا افسر اعلیٰ قاضی القضاۃ ہوتا تھا جو عدالت العالیہ کے چیف جسٹس کے فرائض بھی ادا کرتا، عدالت بالا کے ماتحت فوجداری، دیوانی، مذہبی عدالتیں تھیں، یہ امر قابل لحاظ ہے کہ اس زمانے میں بھی علمبرداران قانون نے صیغۂ دیوانی کو الناصر اعظم کی طرح فوجداری سے بالکل الگ رکھا ہے۔

اِن عدالتوں میں انصاف کو بدنام نہیں کیا جاتا تھا۔ بلکہ یہ صحیح معنوں میں "عدالتیں" تھیں۔ یہانتک کہ جب الناصر کے قابل و لائق عزیز بیٹے کو جرم بغاوت کے صلے میں عدالت العالیہ نے سزائے موت کا حکم دیا تو الناصر نے انصاف و قانون کے نام پر سر جھکا دیا، دُوسرے بیٹے یعنی ولی عہد نے مرنیوالے بھائی کی سفارش کرتے ہوئے خود کو باپ کے قدموں پر گرا دیا تو غیور باپ نے کہا:۔

"بیٹا! میں باپ ضرور ہوں مگر فرائض سلطنت کا بار بھی مجھ پر ہے، اگر میں عدالت کے فیصلے میں دخل دوں تو نظام خلافت درہم برہم ہو جائے گا۔"

چنانچہ نوجوان بیٹا موت کے گھاٹ اُتار دیا گیا مگر الناصر کی جبیں پر شکن بھی نہ آئی اگرچہ اس واقعہ کے بعد کسی شخص نے اُسے مسکراتے ہوئے نہیں دیکھا، لولو المعرم خلیفہ اس ناسور کو چھپاتے ہوئے اپنے ساتھ ہی لیگیا جو نوجوان بیٹے کی افسوسناک موت نے اسکے جگر میں پیدا کر دیا تھا۔ ایک اسی واقعہ سے اِس عدل و انصاف کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ جس پر قرطبہ کی عدالتوں کا انحصار تھا۔

عام اخلاقی حالت اخلاق کی بنیاد تعلیم و تہذیب کی ترویج سے مستحکم ہوتی ہے۔ جس شہر میں علم و فضل کی اس قدر کثرت ہو اسکی عظمت اخلاق کے متعلق آسانی سے سوچا جا سکتا ہے۔

تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ اس عہد زریں میں قرطبہ کے باشندے بے تعصبی و رواداری، سیر چشمی و فیاضی، متانت و بردباری میں اپنا نظیر نہیں رکھتے تھے۔ وہ مسیحیوں کے ساتھ مساویانہ سلوک کرتے اور جہاں تک ممکن ہوتا اُن کی مذہبی روایات کا احترام اور اُن کے آثار متبرکہ کی حفاظت کرتے، شروع شروع میں تو عیسائی باشندوں کا طرز عمل قابل ملامت تھا مگر الناصر کی مافوق الادراک خوبیوں نے انہیں اپنا معترف بنا لیا، رفتہ رفتہ مذہبی تعصبات کم ہونے لگے اور اسلامی اخلاق و ایثار نے انہیں اپنا گرویدہ بنا کر چھوڑا۔

ایک طرف مسجدیں نمازیوں سے معمور رہتیں تو دوسری طرف صدہا کنھڈرل، گرجے اپنے پرستاروں سے بھرے رہتے مسیحیوں کو کامل آزادی تھی کہ اپنے مذہبی فرائض چاہے جس طرح انجام دیں۔ مگر مسلمانوں کی دلآزاری کرنے کیلئے البتہ اجازت نہ تھی۔ یہ اسی مذہبی آزادی کی برکت تھی کہ خاص قرطبہ میں ہزاروں گرجے۔ صدہا خانقاہیں، اور مسیحی ریاضتکدے تھے جن کے اخراجات حکومت کی طرف سے ادا کئے جاتے تھے۔

یہودی ——— بدقسمت یہودی جو اُس زمانے میں ہر جگہ عیسائیوں کے غلام بننے کے سوا اور کسی لئے پیدا نہ ہوئے تھے، اب انہیں ظالم مسیحیوں کی غلامی نہیں کرنی پڑتی تھی۔ انہوں نے اسلامی حکومت کی برکات کا سچے دل سے خیر مقدم کیا اور اسکی بخشی ہوئی مراعات سے پورا فائدہ اُٹھایا۔ انہوں نے تجارتی دُنیا میں بڑی حیثیت حاصل کر لی اور قرطبہ کے بڑے بڑے بازار اُن دُکانوں سے معمور ہو گئے۔

غرض یہ تھا وہ قرطبہ کہ جو الناصر اعظم کے عظیم الشان عہد میں مشرق و مغرب کی توجہ اپنی طرف کھینچ رہا تھا۔

امیر المومنین الحکم مستنصر باللہ

۳۵۰ھ تا ۳۶۶ھ

الناصر کی وفات کے بعد اس کا قابل ترین بیٹا الحکم مستنصر باللہ کے لقب سے تخت خلافت پر متمکن ہوا۔ یہ وہی الحکم ہے کہ جو اپنے زمانے کے جید عالموں، زبردست فلاسفروں اور عظیم ترین فقیہوں سے کہیں زیادہ علم و فضل رکھتا تھا۔

ابتک قرطبہ کو جو مرتبت و عظمت حاصل ہوئی اُسے اگر مادی ترقی سے تعبیر کر سکتے ہیں تو یہاں سے رُوحانی ترقیوں کا دروازہ کھلتا ہے مستنصر باللہ کے مقدس عہد ہی میں جامع قرطبہ کو وہ عظیم ترین مرتبہ حاصل ہوا جو اُسے آج بھی دُنیا کی ممتاز ترین یونیورسٹیوں پر بالاتری بخشتا ہے۔

اس زمانے کا قرطبہ کیا تھا ایک ایسا مدرسہ تھا کہ جس میں دُنیا کے ہر گوشے سے طالبان علم و عرفان تلاش علم کی سچی تڑپ دل میں لئے ہوئے آکر جمع ہو گئے تھے۔

سیر الصحابہ صحابہ کرام جیسی مقدس ہستیوں کے عقائد، عبادات، معاملات، حسن معاشرت علوم و فنون اور زندگی کے مفصل حالات اس کتاب میں جمع کئے گئے ہیں تمام حالات نہایت تصدیق و تحقیق کے بعد لکھے گئے ہیں۔ مؤلفہ مولینا سعید انصاری صاحب دی قیمت مجلد ۱۰ بلا جلد ۵ر

صحابیات یہ کتاب اکثر زنانہ اسلامیہ کولوں میں پڑھائی جاتی ہے۔ اسمیں ۵۸ صحابیات کے حالات درج ہیں ڈاکٹر محمد شفیع صاحب۔ آنریبل نواب صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب اور دیگر کئی معززین نے اس کو زنانہ تعلیم کیلئے بہترین کتاب مانا ہے۔ مؤلفہ مولینا نیاز فتحپوری۔ قیمت ۸ر

تاریخ اسلام اُردو زبان میں تاریخ اسلام کے متعلق جس قدر کتابیں لکھی گئی ہیں کتاب ہذا ان سب میں بلحاظ واقعات طرز تحریر سیاق عبارت تکھائی چھپائی سب میں بہتر ہے۔ شائقین سے چھپا ہوا نقشہ عرب اور رنگین سفر نے چار چاند لگا دیئے ہیں۔ ہندوستان کی اکثر سرکاری ٹیکسٹ بک کمیٹی نے اس کو سرکاری مدارس کیلئے بطور لائبریری انعامی کتاب کے منظور کیا ہے مؤلفہ مولینا اکبر شاہ خاں صاحب نجیب آبادی۔ قیمت جلد اوّل للّٰہ ۔ جلد دوم ۱۰ر

سوانح احمدی حضرت سید احمد بریلوی اور انکے رفیق کار شیخ اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کے حالات جہاد اور سکھوں کے ساتھ معرکہ کی جنگ۔ آپکے اخلاق و عادات اور رُوحانی تصرفات کا [illegible] مصور ڈاک مقدور پے ۱۰ر

حکم کی مذہبی عقیدت نے اُسے سب سے پہلے توسیع و آرائش مسجد کی طرف متوجہ کیا اور عبدالرحمٰن الداخل کی مسجد کے برابر وسعت دی گئی۔ اِس توسیع کے علاوہ حکم کا اعظم ترین کارنامہ منقصورہ و محراب کی تعمیر اور بیش بہا ممبر کی تیاری ہے۔

محراب کی تزئین میں اعلیٰ قسم کے جواہرات اور نادر روزگار لعل و گوہر صرف کئے گئے تھے، جن سے اس قدر دلنواز بیل بوٹے بنائے گئے تھے کہ عقل انسانی اُن کی تعریف میں عہدہ برآ نہیں ہو سکتی۔ عظیم الشان ممبر پر طلائی نقش و نگار اس سادگی و پرکاری سے بنائے گئے تھے کہ کسی طلسم کا دھوکا ہوتا تھا۔ (یہ عدیم النظیر ممبر و محراب آج بھی قرطبہ کی جامع اعظم میں اسی طرح محفوظ ہیں اور زائرین آج بھی ان کی مقدس زیارت سے بہرہ اندوز ہو سکتے ہیں)

منقصورہ ممبر و محراب کے علاوہ زرنگار پردے جو گنگا جمنی کام سے مزین تھے محرابوں میں لٹکائے گئے۔ طلائی جھاڑ۔ فانوس شمعدان مسجد کیلئے تیار کرائے اور کتبخانۂ جامع کے لئے بیش قیمت کتابیں نذر کیں۔

جامع قرطبہ اس وقت ترقی کی انتہائی منزلیں طے کر رہی تھی۔ اسکے طالبعلموں کی تعداد اس وقت سولہ ہزار سے زائد ہو چکی تھی جن میں ایک ثلث کے قریب بلاد مغرب، المانیہ، اٹلی، جرمن، روم، فرانس، انگلستان کے باشندے تھے۔

حکم بذات خود ایک زبردست ادیب اور فلاسفر تھا۔ اس نے علوم فلاسفہ، فلکیات کی ترویج کے لئے انتہائی کوششیں کیں اور ان علوم کے قابل پروفیسروں کی خدمات جامع قرطبہ کے لئے حاصل کیں۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ عیسائی دنیا طبیعات و فلاسفہ کے نام سے چڑتی تھی۔ اگر حکم ان علوم کی سرپرستی میں اس قدر ایثار و قربانی سے کام نہ لیتا تو مغرب کی موجودہ ترقیات صدیوں پیچھے ہٹ جائیں۔ قرطبہ یونیورسٹی میں اس وقت تمام علوم پڑھائے جاتے تھے۔ طبیعات و فلاسفہ۔ ریاضی و حکمت۔ ہیئت و جغرافیہ۔ تمدن و اخلاق۔ معاشرت و تجارت۔ منطق و علم کلام۔ غرض اس درسگاہ کا ہر طالب علم یگانۂ روزگار ہو کر نکلتا تھا۔

فلکیات کے متعلق قرطبہ یونیورسٹی کے پروفیسروں نے زبردست انکشافات کئے جو آج بھی اسی طرح قابل عظمت ہیں۔ غرض قرطبہ یونیورسٹی کا معیار تعلیم اس قدر بلند ہو چکا کہ جہاں تک آج بھی دنیا کی کوئی بہترین یونیورسٹی نہیں پہنچ سکتی۔ تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ قرطبہ یونیورسٹی سے ۷۰ کے قریب ایسے ایسے ادیب، فلاسفر، محدث و فقیہ، مفسر، مہندس، علما و فضلا نکلے کہ جو تمدن عالم کی تاریخ میں آج بھی ادب و تعظیم سے یاد کئے جاتے ہیں۔ ان میں سے بعض کے متعلق کچھ تفصیلات درج ذیل کی جاتی ہیں:۔

قاضی المنذر جامع قرطبہ کا چانسلر، خلافت ہسپانیہ کا قاضی القضاۃ، فقیہہ اعظم۔ یہ وہی المنذر ہے کہ جس نے الناصر اعظم کے رعب و جلال کو بالکل نظر انداز کرتے ہوئے قصرۃ الزہرا کے متعلق سر دربار یہ پیشین گوئی کی تھی جو نصف صدی ہی کے اندر حرف بحرف پوری اُتری۔

یا بانی الزھرا مستغرقا ۔۔۔ اوقاتہ فیھا اما تمھل

للہ ما احسنھا وتقا ۔۔۔ لولم یکن زھر تھا تذیل

الناصر نے یہ پیشین گوئی سُنی تو کہا۔ قاضی صاحب! "انشاء اللہ یہ کھنڈر نہ ہونگے"۔

قاضی المنذر یہ سُنکر ضبط نہ کر سکے اور آسمان کی طرف دیکھکر کہا۔ "خدایا تو دیکھ رہا ہے میں نے نصیحت میں کوئی کمی نہیں رکھی"۔

آخر فقیہہ اعظم کی پیشینگوئی راست ثابت ہوئی اور الناصر اعظم کی وفات سے ٹھیک نصف صدی بعد زوال قرطبہ کے ساتھ "الزہرا" بھی غارتگروں کے ہاتھوں ایک کھنڈر ہو کر رہگیا۔

حاجب المنصور امیر المومنین ہشام ثانی کا حاجب اعظم جو حجابت کے پردے میں خلافت پر قابض تھا، دنیا کے بہترین مدبرین میں شمار ہوتا ہے، بڑا فیاض، دانا، منصف مزاج اور حلیم الطبع انسان تھا۔ المنصور کی عظمت و عبقریت کے فسانوں سے تاریخ اندلس کے صفحات بھرے پڑے ہیں اپنی ہر دلعزیزی کے سبب سے رعایا میں السید اور الکریم کے ناموں سے مشہور تھا۔ ۱۰۰۲ء میں وفات پائی اور مدینہ سالم میں مدفون ہوا۔

ابن الطفیل (ابوبکر محمد بن عبدالملک ابن طفیل) ہسپانوی عربوں میں نامور فلاسفر گذرا ہے وہ ایک زبردست حکیم مہندس ہونیکے علاوہ بہترین ادیب و شاعر بھی تھا۔ ۵۸۱ھ مطابق ۱۱۸۵ء میں انتقال کیا۔ اس کی تمام تصنیفات کا یورپی زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے۔

ابن زہر (ابوبکر الایاز) حکمائے اندلس کے اعلیٰ ترین خاندان کا ممبر تھا۔ اپنے وقت کا طبیب اعظم۔ اسکے کمال فن کے اعتراف میں یعقوب المنصور نے اس کو اپنا طبیب خاص بنایا۔ ۵۹۵ھ مطابق ۱۱۹۹ء میں وفات پائی۔

ابن رشد (ابوالولید محمد بن احمد بن رشد) دُنیا کا زبردست فلاسفر اور ماہر طبیعات۔ اسنے فلاسفہ پر بہترین کتابیں تصنیف کیں جن کے ترا جم تمام مغربی زبانوں میں محفوظ ہیں۔ ابن رشد ۵۲۰ھ مطابق ۱۱۲۶ء میں پیدا ہوا۔ ۵۷۳ھ میں سیویل کا قاضی القضاۃ ہوا۔ پھر ۵۷۶ھ میں قرطبہ کا قاضی ہوا۔ اور ۹ صفر ۵۹۵ھ کو اس دارالحزن سے دارالامان قدس کی طرف کوچ کر گیا۔

ابن بشکوال ابوالقاسم خلف عبدالملک بن مسعود بن موسیٰ ۱۱۰۱ء میں قرطبہ میں پیدا ہوا اور ۱۱۸۳ء میں وفات پائی۔ بڑا زبردست عالم فقہ اور عظیم المرتبت مؤرخ گذرا ہے۔

ابوبکر محمد بن یحییٰ ابن الصائغ اور ابن ماجہ کے نام سے مشہور ہے۔ بڑا زبردست حکیم، منتہی، فلاسفر اور بڑے پایہ کا مہندس و ہیئت داں تھا۔ یہ علم موسیقی کا بھی بڑا ماہر تھا۔ ۵۳۳ھ میں بمقام فارس انتقال کیا۔

ہم چاہتے ہیں کہ یہاں اُن غیر مسلم طالبان علم و عرفان کی مختصر فہرست بھی پیش کر دیں جو قرطبہ یونیورسٹی سے یگانہ روزگار بنکر نکلے۔

پاپائے اعظم سلاسٹر (پوپ سلوسٹر دوم) الٰہیات کی سچی طلب دُنیا کو مسیحیت کے اس سب سے بڑے پیشوا کو قرطبہ یونیورسٹی میں کھینچ لائی اور یہاں سے فاضل الکل کی سند حاصل کر کے روم واپس ہوا۔

لوکن مسیحیوں کا ایک زبردست فلاسفر جس نے اقتباس کلیسا کی پروانہ کرتے ہوئے علوم طبیعات و فلاسفہ کی تکمیل میں عُمر گذار دی۔

سینکا یہ بھی قرطبہ کا نامور مسیحی فلاسفر گذرا ہے جس نے جامع قرطبہ میں مُدت العمر معلم فلاسفہ کے مددگار کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

اِن کے علاوہ مائیکل اسکاٹ، مور، ہارڈین، کریمون، پیٹر زمارمٹ، ونیٹل جوانگلستان، فرانس، اٹلی کے مشہور ترین علما و فضلا میں سے ہیں ان سب نے مختلف زمانوں میں جامع قرطبہ اور اندلس کی دُوسری اسلامی درسگاہوں میں زانوئے تلمذ تہ کیا۔

قرطبہ یونیورسٹی کے ہر طالب علم کو کتابیں، قیام و طعام اور دیگر اخراجات بھی حکومت کی طرف سے پیش کئے جاتے۔ یونیورسٹی کی عظیم الشان لائبریری کے علاوہ حکم نے ایک عدیم النظیر دارالمطالعہ قائم کیا تھا جس میں اس وقت دُنیا کے تمام تر کتبخانوں سے زیادہ کتابیں تھیں۔

قرطبہ یونیورسٹی میں ہر سال جلسہ تقسیم اسناد ہوتا جس کی صدارت خود الحکم کرتا، اور جس میں دُنیا کے قابل ترین افراد جمع ہو کر اس مقدس درسگاہ کی برگزیدہ کامیابیوں کو بچشم خود مُلاحظہ کرتے، اِن سالانہ جلسوں میں علمی مقابلے ہوتے نظمیں پڑھی جاتیں طبیعات و فلاسفہ کی جدید تحقیقات پر بسیط لکچر دیئے جاتے، لفظوں کی ترکیب و ترتیب پر بحث ہوتی۔ نئے نئے لغت پیش کئے جاتے غرض وہ سب کچھ ہوتا جس کا ایک دُھندلا سا نظارہ ہمیں انہی یونیورسٹیوں کے سالانہ جلسوں میں نظر آجاتا ہے مگر

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

قرطبہ یونیورسٹی کو دورِ حاضرہ کے فضلا بھی عظمت و مرتبت کے ساتھ یاد کرتے ہیں۔ قارئین کی دلچسپی کیلئے ہم مسز اینی بیسنٹ کی ایک تقریر سے چند جملے درج کرتے ہیں یہ تقریر میننگ میں مُسلم ایسوسی ایشن کے ایک جلسہ میں بمقام مدراس کیگئی۔

"یورپ نے سب سے پہلے اگر زانوئے ادب تہ کیا ہے تو قرطبہ کے اس جامعہ اسلامیہ میں کہ جسے مُسلمانوں نے اسپین میں قائم کیا تھا"

اِس باعظمت دارالعلوم کے علاوہ حکم نے غربا کیلئے صرف قرطبہ میں ستائیس بڑے بڑے کالج اور اسکول قائم کئے۔ اِن تمام درسگاہوں میں طلبا کو تمام تر اخراجات کیلئے حکومت کی طرف سے وظائف ملتے تھے، اِن کالجوں اور اسکولوں کے طلبا کی تعداد خاص قرطبہ میں پچاس ہزار سے زائد تھی۔

اِن درسگاہوں کے بعد ہم قرطبہ کی اس پبلک لائبریری (دارالمطالعہ عامہ) کا ذکر کرینگے جس کے قیام میں الحکم مستنصر باللہ نے اپنی زندگی صرف کر دی۔ یہ لائبریری اس وقت دُنیا کے تمام کتبخانوں پر فوقیت رکھتی تھی۔ اسکی کتابوں کی حیرت انگیز تعداد کا صرف ایک اِس امر سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اُن کی فہرست چالیس ضخیم جلدوں میں تیار ہوئی تھی۔ اِس لائبریری کا منتظم حکم کا ایک معتمد افسر تھا اور حکم بذاتِ خود اسکی نگرانی کرتا تھا المستنصر اعظم کے ایجنٹ تمام دُنیا میں پھیلے ہوئے تھے جنکا کام صرف یہ تھا کہ مفید اور قابلِ قدر کتابیں اس عظیم الشان لائبریری کے لئے مُہیا کریں۔ چنانچہ اِن ایجنٹوں نے پانی کی طرح روپیہ بہا کر بڑی بڑی نایاب کتابیں حاصل کیں۔

حکم خصوصیت سے اِس امر کا شائق تھا کہ مُصنفین کی تصانیف کا پہلا نسخہ حاصل کرے چنانچہ ابوالفرج کی مشہور کتاب الاغانی کا پہلا نسخہ اکہتر طلائی دینار میں خریدا گیا۔

لائبریری کی کتابوں کی جلد بندی ترتیب و تہذیب کیلئے ایک خاص محکمہ قائم تھا جس کا افسر اعلیٰ خود حکم تھا اس نے الحمرا کے چند کمرے صرف نقول کتب کیلئے وقف کر دیئے تھے، بڑے بڑے خوشنویس حکم کی فیاضیوں کا آوازہ سُن کر قرطبہ میں جمع ہو گئے اور حکم کی سرپرستی نے انہیں مالا مال کر دیا۔ فنِ کتابت اس وقت ترقی کی اعلیٰ منزلیں طے کر رہا تھا صرف قرطبہ میں ایک سو سے زائد بہترین خوشنویس خواتین رہتی تھیں جو خطِ کوفی کے علاوہ دیگر اصناف خوشنویسی کی ماہر تھیں۔

غرض حکم کے عہد سعید میں قرطبہ کا نظام تعلیم سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچ گیا، اور علوم فنون کی اشاعت میں آج بھی وہ سرگرمی پیدا نہ ہو سکی جو حکم کے زمانے میں عظمتِ قرطبہ کی رُوحِ رواں تھی۔

یہ تو تھا قرطبہ کی علمی ترقیوں کا ذکر، اب ہم باشندگانِ قرطبہ کی شہامت و شرافت کو کسی قدر تفصیل سے بیان کرینگے یہاں انجیل کی اُس آیت کو مدِ نظر رکھا گیا ہے جو ہمیں بتاتی ہے کہ

"درخت اپنے پھلوں سے پہچانا جاتا ہے"۔

شخصی و انفرادی آزادی کا اعلان جس فراخدلی سے حکم کے عہد رشید میں کیا گیا وہ تاریخ میں اپنی مثال نہیں رکھتا، یورپ کا ایک مؤرخ اپنی ایک بہترین تصنیف میں لکھتا ہے۔

"شہامت کے وہ مقدس جوہر کہ جو بعد کے زمانے میں مغرب کی عیسائی قوموں میں پیدا ہوئے الناصر حکم اور المنصور کے زمانے میں عربوں میں پیدا ہو چکے تھے"۔

جا بجا علمی، ادبی، تفریحی انجمنیں قائم ہوئیں جن میں علمی مناظرے، شعر و سخن اور دلچسپ لکچروں سے ہنگامہ آرائی کیجاتی۔ تفریحی انجمنوں میں ہر ہفتے (اغلباً یوم جمعہ) ممبرانِ انجمن کو پُر تکلف دعوتیں دیجاتیں۔ ان میں علاوہ مردوں کے معزز و معصوم خواتین بھی شریک ہوتیں جہاں وہ پوری توجہ اور دلچسپی سے فصیح و بلیغ تقریریں سُنتیں اور علمی۔ ادبی مناظروں میں حصہ لیتیں۔

اندلسی مسلمان نہایت صاف سادہ اور آرام دہ لباس پہنتے۔ ایک اندلسی بھوکا مرنا پسند کرتا مگر میلا لباس پہن کر گھر سے باہر نہ نکلتا۔

اہل قرطبہ حقوق شہریت کا موزوں استعمال کرتے۔ وہ اپنے محلوں میں قیامِ امن کے ذمہ دار تھے۔ اور ہر فرد اپنی ذمہ داری کو مناسب طور پر محسوس کرتا۔ گداگری بالکل ممنوع تھی، اور خلافت کی طرف سے اس جرم کے لئے سخت سزا تجویز کی گئی تھی، مگر شاذ ہی ایسا ہوتا کہ قرطبہ میں کوئی گداگر پایا جاتا ایسا ہونیکے کئی سبب تھے۔ جن میں سب سے بڑا سبب تو یہ سمجھئے کہ خلافت کی طرف سے محتاج خانے بنے ہوئے تھے جن میں اپاہج اور ناکارہ محتاجوں کو لباس طعام اور رہائش کا معقول انتظام کیا جاتا۔

اہلِ قرطبہ اپنے غریب ہمسایوں کے ساتھ بطریق احسن مسلوک ہوتے وہ حقوق ہمسائیگی کی اہمیت کو کبھی فراموش نہ کرتے اور انہیں اس سے خاص مسرت حاصل ہوتی تھی کہ وہ حقوق غرباء سے برروقت سبکدوش ہوتے رہیں۔ ہر مسلمان آجکل کے نام نہاد مدعیانِ شرافت سے کہیں بالاتر شریف و شہیم ہوتا، ایک شہیم کے لئے یہ دس اوصاف ضروری تھے۔

(۱) اتقا (۲) تقدس (۳) شجاعت (۴) سخاوت (۵) خلق و حلم (۶) احترام ضمیر (۷) شمشیر زنی (۸) نیزہ افگنی (۹) شہسواری (۱۰) فصاحت و بلاغت اور علم میں پوری مہارت۔

اللہ اکبر ——— ذرا دل میں سوچئے کہ ہم اپنے مقدس اسلاف کے ان باعظمت اوصاف کے کہاں تک حامل ہیں۔ شہامت صرف مردوں کی زندگی کا نصب العین نہ تھی بلکہ عورتیں بھی اسے اپنا مایۂ زندگی سمجھتی تھیں۔ الحکم کے زمانے میں صدہا قابل تعظیم خواتین خاکِ قرطبہ سے اُٹھیں۔ جبکہ پاکیزہ ہستیاں تمام ترین اوصاف قدسیہ کا گہوارہ تھیں جن میں حفصہ۔ مریم۔ عذرا۔ صفیہ جیسی باعظمت خواتین بیحد مشہور ہیں۔

شجاعت اور فنونِ جنگ میں مہارت کا امتحان اُن عظیم الشان دنگلوں میں ہوتا کہ جن میں اقصائے یورپ سے فرانسیسی، اطالوی، المانوی، ڈی ٹائٹ۔ عرب نائٹوں (مجاہدوں) سے مبارزت طلب ہو کر آتے تھے۔ ان اجنبی نائٹوں کی حفاظت خلافت کے ذمے ہوتی اور وہ کامل آزادی کے ساتھ اپنے حریفوں پر غالب آنے کی کوشش کرتے۔ اگرچہ آجتک کسی تاریخ سے یہ نہ معلوم ہو سکا کہ کوئی عیسائی نائٹ کسی عرب مجاہد پر

غالب آیا ہو۔ یہی وہ شہامت تھی کہ جس نے اندلسی عربوں کا مقصدِ حیات عام انسانوں سے کہیں زیادہ اونچا کر دیا تھا، وہ اپنے ہر قول و فعل کو مذہب و اخلاق کے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کرتے تھے۔

حکم المستنصر باللہ کے باعظمت دور کے بعد قرطبہ اپنے مقدس مشن کی اشاعت میں سرگرم نہ رہ سکا اور ساتھ ہی اسکی ترقیوں میں زوال شروع ہو گیا۔ اس میں شک نہیں کہ حاجب المنصور نے بڑی حد تک قرطبہ کو اسکی پوزیشن قائم رکھنے کی کامیاب کوشش کی مگر اسکی وفات کے بعد یہ عظیم الشان دارالخلافہ ایک معمولی شہر ہو کر رہ گیا۔

قرطبہ آج بھی عرصہ گیتی پر موجود ہے زمانہ حال کے جغرافیے اسے "کوردوا" (Cordoba) کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ مگر آہ! اسلام کے عظیم الشان عہد حکومت یادگاروں میں سے سوائے جامع اعظم، شکستہ القصر اور چند معمولی عمارات کے کچھ بھی باقی نہیں ہے۔

قرطبہ ——— زمانہ کے حشر انگیز انقلابات کے ہاتھوں تباہ ہو گیا تو کیا اسکی روحانی عظمتیں زندہ ہیں اور انہیں زندہ رہنے کیلئے حیات ابدی حاصل ہے۔

یادگارش ——— کہ سرفراز بقا خواہد بود سجدہ گاہ دلِ ارباب وفا خواہد بود

یورپ نے اگر ایک سعادت مند شاگرد کے فرائض کو فراموش کر دیا تو کیا مسلمان بھی اپنے عظیم المرتبت اسلاف کے کارناموں کی حفاظت نہیں کر سکتے۔ یہ ایک سوال ہے جس پر آپ کو بار بار غور کرنا چاہئے۔

جذباتِ حقیقت

از محترمہ دختر چوہدری بدرالدین صاحب قیصری ایڈووکیٹ فیروز پور

مغرب سے اُٹھ کے کالی گھٹا آ رہی ہے آج برسات کا پیام صبا لا رہی ہے آج
قمری جو شاخِ سرو پہ یوں گا رہی ہے آج جذبات شاعری کو یہ اکسا رہی ہے آج
شوقِ ہوائے شعر میں ہے بے قرار دل

بدلے ہوئے ہیں بسکہ زمانے کے طور آب طرزِ ستم میں اسکی نرالے ہیں جور آب
پہلے تھے ڈھنگ اور تو ہیں ڈھنگ اور آب فتنے ہزار رنگ کے ہیں زیرِ غور آب
اِک اِک ادا پہ جن کی مٹیں گے ہزار دل

راہِ وفا پہ ٹھوکریں کھانا غضب! غضب!! دل کا لگانا اور ہٹانا غضب! غضب!!
ہر بار کوئی جھوٹا بہانہ غضب! غضب!! آنکھوں کا اس طرح سے چرانا غضب! غضب!!
اے کاش تو بھی ہوتا کبھی شریکِ دل

دُنیا نمودِ حُسن میں اِک لالہ زار ہے ہر ایک گُل سے جلوۂ حق آشکار ہے
غنچوں میں بانکپن ہے گلوں پر نکھار ہے پر حیف مختصر سی یہ ساری بہار ہے
روتا ہے خون دیکھ کے بے اختیار دل

دارالفنا میں موت کا کھٹکا نہ چاہئے بارِ ہجومِ یاس کا خطرہ نہ چاہئے
شوقِ طلب میں غیر کی پروا نہ چاہئے صدق و صفا میں جھوٹ کا سودا نہ چاہئے
راہِ طلب میں چاہئے اِک ہوشیار دل

میدانِ پانی پت

از جناب منظور حسین صاحب منظور بی۔ اے۔ ایچ۔ پی۔ ایچ۔ یو ہیڈ ماسٹر واں بھچراں

ترے ماحول سے دیو اجل کا دل بھی ڈرتا ہے
فرشتہ موت کا بھی کانپ کر تجھ سے گذرتا ہے

تری خونیں فضاؤں پر فلک بھی کانپ اٹھتے ہیں
ترے رن کی صداؤں پر ملک بھی کانپ اٹھتے ہیں

فلک پر دیکھتی ہے آنکھ جس تابش کو تاروں میں
وہی تیرے غبارِ آتشیں کے ہے شراروں میں

دکھا کر روزِ روشن میں شبِ دیجور کے منظر
چھپا دیتی ہے تیری خاک لاکھوں نور کے منظر

ابھی تک شیشۂ گردوں میں تیرا عکس تازہ ہے
شفق کہتے ہیں جس کو وہ تری مٹی کا غازہ ہے

رہے گی چشمۂ خورشید میں جب تک چمک باقی
ترے ذرّوں میں ہے خونِ شہیداں کی جھلک باقی

نجومی فلسفی کا اک بیاضِ فلسفہ ہے تو
زمیں پر گردشِ تقدیر کا اک زائچہ ہے تو

شہنشاہوں کی قسمت کے ہوئے ہیں فیصلے تجھ پر
سلاطینِ زمانہ ہیں ہوا کے بلبلے تجھ پر

طلوعِ کوکبِ اقبالِ چغتائی ہوا تجھ سے
زمانہ واقفِ طرزِ صف آرائی ہوا تجھ سے

تری دھرتی پہ ہندی راجگاں کی بے بہا فوجیں
یکایک بن گئیں بحرِ اجل کی بے بقا موجیں

ترے دورِ افق پر لودھیوں کے بخت کا تارا
ہوا ٹکڑے دکھا کر ایک حسرت خیز نظارا

یہیں سلطانِ ابراہیم کا وہ تیغ زن لشکر
دہل جاتے تھے دل شیروں کے جس کی دھاک کو سن کر

بحسرت خاک پر آخر سلا کر تاجدار اپنا
لٹا بیٹھا قضا کے ہاتھ سے عزّ و وقار اپنا

یہیں سے دشتِ تاتاری کا اک آوارۂ غربت
مؤرخ خونِ تیموری سے دیتے ہیں جسے نسبت

ظہیر الدین جس کا نام ہے شرقی زبانوں میں
جسے بابر کہا جاتا ہے تاریخِ فسانوں میں

اٹھایا خاک سے تیری جسے اعجازِ قدرت نے
اڑایا اوج پر جس کو پرِ پروازِ قسمت نے

شکوہِ خسروی سے مسندِ لودھی پہ جا بیٹھا
زمینِ راجگانِ ہند پر قبضہ جما بیٹھا

شعاعِ نور جو تاجِ ہمایوں سے ہوئی زائل
وہ جس کے واسطے دربارِ فارس سے ہوا سائل

وہی جس نور کی گم گشتگی پر شیر خانِ سوری
دبا بیٹھا سریرِ دولتِ شاہانِ تیموری

فنا ہوتی ہوئی جس دم جھلک اس نور کی سوجھی
اندھیرے میں کئی اندھوں کو فوراً دور کی سوجھی

حصولِ ملک کا یاں تک ہر اک دل میں خیال آیا
پئے تحصیلِ تختِ بابری ہیموں بقال آیا

مگر توہینِ مغلوں کی نہ بھائی چشمِ عالم کو
قضا نے دے دیا نصرت کا جھنڈا آ کے بیرم کو

اُبلتا خونِ بابر دیکھ کر رن کی زمینوں میں
لگی اک آگ غیرت کی صفِ بیرم کے سینوں میں

ہوئے بے تاب یکسر خونِ تیموری شریکوں کے
مقابل ہو گیا اک اک جواں دس دس حریفوں کے

ہمایوں کے ستارے کا وہی گم گشتہ نور آخر
جبینِ اکبری سے ہو گیا پھر یک بیک ظاہر

ملا کر خاکِ خون آشام میں ہیموں کی اُمیدیں ترے ذرّوں نے کیں پھر شوکتِ بابر کی تجدیدیں

رعونت مرہٹوں کی تیری مٹی پر مٹی آخر کہ جس سے کوکبِ اقبالِ ابدالی ہوا ظاہر
نہ بھولے گی تجھے وہ تیغِ ہندی کی درخشانی ہوا مہرِ فلک جس سے سبق آموز تابانی
مقابل ہو گئے جب تیغِ ہندی گرزِ افغانی تری مٹی پہ جانبازوں کے خوں ہونے لگے پانی
دنادن آہنی توپوں کی پھر جس دم ہوئی جاری زمین و آسماں پر زلزلے ہونے لگے طاری
دھوئیں کے بادلوں نے خون کی برسات دکھلائی چھپا کر مہرِ انور کو شبِ ظلمات دکھلائی
تڑپتے رہ گئے مٹی پہ تیغِ جانستاں والے کئی گرزوں سناں والے۔ کئی تیر و کماں والے
ہوئی چاروں طرف جنسِ اجل کی گرم بازاری لہو کی ندیاں چاروں طرف ہونے لگیں جاری
چلی جس وقت آندھی موت کی کالی گھٹاؤں کی نہ پیش اُس دم گئی کچھ مرہٹوں کے پیشواؤں کی
صفِ بستانِ ہندی میں نظر آئی جو ویرانی ہوا اونچا یکایک پرچمِ اقبالِ افغانی

شرابِ خونِ انساں کی ہوس ہے اِس قدر تجھ کو بجا ہے گر کہیں غارتگرِ نوعِ بشر تجھ کو
مگر کچھ رمز رکھتی ہے تری یہ خون آشامی نہیں تیری جبیں پر جس کے باعث داغِ بدنامی
دبستانِ جہاں میں درسِ آموزِ فنا ہے تو سرائے دورِ فانی سے عدم کا راستہ ہے تو
مئے پندار کے مستوں کا تو خاکہ اُڑاتا ہے ہوائے دہر کے اونچوں کو تو نیچا دکھاتا ہے
ترے ذرّوں میں ہیں نیرنگیٔ عالم کی تصویریں تری سب داستانیں درسِ عبرت کی ہیں تفسیریں
نہ تجھ کو دردِ مُغلوں کا نہ تو مونس پٹھانوں کا نہ تجھ کو پاس عربوں کا نہ کچھ ہندی جوانوں کا
بتاتا ہے زمانے کو ترا ہر ایک افسانہ تری نظروں میں بے معنی ہیں اپنا اور بیگانہ

نہ ابراہیم کا ساتھی نہ تو بابر کا ہمراہی
تری آنکھیں فقط دورِ فلک کی ہیں تماشائی

فقرائے اسلام اِس کتاب میں اُن پیشوایانِ دین کے سبق آموز حالات درج ہیں جنہوں نے فقر و فاقہ کے باوجود اسلام کے اصول و ارکان کو اُستوار و مستحکم کیا۔ اپنے اوپر تکالیف برداشت کر کے تبلیغ اسلام کی۔ مؤلفہ مولینا عبدالسلام صاحب ندوی۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک عہ

ذکرِ حبیبؐ عہدِ حاضر کے محبوبِ الٰہی حضرت پیر سید حیدر شاہ صاحب جلال پوری رحمۃ اللہ علیہ کے حالات۔ کرامات و ملفوظات میں بہترین اور قابلِ مطالعہ کتاب۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک تین روپے (۳)

تاریخ الحرمین الشریفین بقول امام الہند حضرت مولینا ابوالکلام آزاد۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی تاریخ پر اس سے بہتر کتاب آجتک کسی زبان میں نہیں لکھی گئی۔ شیخ عبدالقادر صاحب وزیر تعلیم صوبہ پنجاب کی رائے ہے کہ اس کتاب کا ہر ایک مسلمان کے گھر میں ہونا نہایت ضروری ہے۔ فیل کے قریب فوٹو اس کتاب میں ہیں۔ مؤلفہ مولینا عبدالسلام صاحب ندوی۔ قیمت مجلد ۴ بلا جلد عہ

فطرتِ نسوانی لڑکیوں کی تربیت میں بہتر سے بہتر کتاب ہے جو فرانسیسی زبان میں لکھی گئی تھی۔ اور اس کا ترجمہ یورپ کی تمام زبانوں میں ہوا۔ مصر کے اخبار الہلال نے اس کا عربی ترجمہ کیا۔ اور ہم نے اسے اُردو کا لباس پہنایا۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک عہ

ابنِ یمین فارسی زبان کے مشہور شاعر ابن یمین کے حالات زندگی اور اُس کے کلام پر تبصرہ۔ مؤلفہ مولینا عبدالسلام صاحب ندوی۔ قیمت عہ

ملنے کا پتہ۔ مینجر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین۔ پنجاب

مذہب اور سائنس

عقل و نقل

رقمزدہ ڈاکٹر سندنی بیری، دربر منگھم گزٹ، اشاعت ۲۵ اکتوبر ۱۹۳۴ء

مترجمہ مولینا اسمٰعیل احمد صاحب بی۔ اے (جامعہ)

بہت سے لوگ موجودہ زمانے کے سامنے ایک خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور اُسکو "عہد عقلیت" کا پُر فخر خطاب دیتے ہیں! وہ کچھ اِس طرح گفتگو کرتے ہیں کہ گویا ہر وہ چیز جو عقل کے احتساب میں پوری نہ اُترے اُسکے لئے فنا ہو جانا مقدر ہو چکا ہے! اور اِسی معیار نقد و نظر کی بنا پر وہ اِس امر کے بارے میں اپنے سنگین شبہات کا اظہار کرتے ہیں کہ آیا دُنیا کا کوئی مذہب، اپنی کسی بھی موجودہ شکل میں، جانبری کی اُمید کر سکتا ہے؟!

چنانچہ مثال کے طور پر اس بات کا ذکر کیا جاسکتا ہے کہ پروفیسر جولین ہکسلے کا یہ مذہب ہے کہ سائنس نے خدا کو (نعوذ باللہ منہا!) عالم کائنات سے خارج البلد کر دیا ہے، اور اب وہ ایک ایسے دین کی نقشبندی کرنی چاہتا ہے جو خدا کے نام کے طغرائے جلی سے خالی ہو! ..... لیکن یاد رہے کہ ایسی کوشش کی بسم اللہ ہی "تمت بالخیر" ہوگی، اِس لئے کہ اِس ناقابل اعتبار طلسم موجودات میں اگر کوئی چیز یقینی ہے تو یہی کہ خدا کا تصور مذہب کی جانِ جاں اور روح الروح ہے!

ممکن ہے کہ مطالعۂ سائنس کے ایک مُبتدی کے لئے یہ بات خطرناک سمجھی جائے کہ ایک ایسا جلیل سائنسدان جیسا کہ پروفیسر ہکسلے ہے وہ حقائق علمی کی روایت و تعبیر میں اِس درجے برخود غلط ہوا۔ لیکن اِسکو کیا جائے کہ جب میں اِن پیمغاں کی نسبت یہ رائے قائم کرتا ہوں تو میری ہمنوائی پروفیسر صاحب موصوف ہی کے پایہ و مرتبہ کے بکثرت اقطاب سائنس کی زبان و قلم سے بھی ہوتی ہے!!

تعلیمیافتہ دماغ

اہل سائنس کے حلقے میں عام طور پر یہ بات فرض کیجاتی ہے کہ مذہب ذات باری تعالیٰ کے وجود کے اثبات میں کوئی ایسے دلائل پیش نہیں کر سکتا جو خالص ذہنی بُنیاد پر عہد جدید کے اِنسانوں کے دماغوں کی تشفی کر سکیں۔

مذہب ہمیشہ اِس خیال کا علمبردار رہا ہے کہ عقیدۂ خدا کی آخری بُنیاد و اساس لازماً ایک ایسا "ایمان بالغیب" ہونا چاہیئے جو اگرچہ "ماورائے عقل" ہے، لیکن "منافی عقل" نہیں! نیز یہ کہ اِس "نقل" کی تائید میں "عقل" اور اُسکے تجربات و معلومات کی بھی کمی نہیں ہے! لیکن مصیبت یہ ہے کہ اس قسم کی فکر و نظر میں جب کسی غریب کی زبان پر "ایمان" کا کلمہ آجاتا ہے تو صف سائنس کے یارانِ حریف ایکدم بپھر کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور اپنی دانش فروشیوں کا سیلاب بہانے لگتے ہیں، جس کا گویا مقصود بس یہ ہوتا ہے کہ "ایمان و ایقان" کے لئے ایک سانتلک دماغ کے کسی گوشے میں بھی کوئی جگہ نہیں ہے! وہ "عقلیت" کی آیات قاہرہ" کو پیش کرنے لگتے ہیں، اور اُسکے مقابلے میں "ایمان" کو ایک فرضی ضرورت سے تعبیر کرتے ہیں! وہ مذہب کو نسل انسانی کے گہوارۂ طفلی کا ایک "کھلونا" سمجھتے ہیں، اور عقل و استدلال کو اُسکے سن بلوغ کی ایک ضرورت! وہ مذہب کے ذکر و فکر کو اِس طرح سرپائے استحقار سے ٹھکرا دیتے ہیں کہ گویا وہ کوئی ایسی چیز ہے جو "تعلیم یافتہ دماغ" کی پائگاہ بلند سے فروتر واقع ہوئی ہے!

طفلانہ توہمات

مذہب کے بارے میں آجکل جو بے اعتنائی پائی جاتی ہے اُسکی توجیہ یہ ناقدین اِس طرح کرتے ہیں کہ اِنسانیت کے ذہن و دماغ کا ارتقا آپ اُس منزل کو پہنچ گیا ہے کہ قدیم معتقدات یا "خرافات" اُس سے مُنہ نہیں لگا سکتے! یعنی لوگوں نے مذہب کو اِس لئے رخصت کیا ہے کہ عقل کو اُس کی موجودگی انسانی کاسۂ سر کے اندر اب ایک نظر نہیں بھاتی! پس سر کے "مکان" کو اُسکے تنہا مستحق "مکین" (عقل) کے بے تکلف قدم رنجہ فرمانے کے لئے خالی کرا لیا گیا ہے، تاکہ اِس تجلیہ و تطہیر کے بعد "حرم دماغ" کے اندر "بت عقل" کا اِن الفاظ میں خیر مقدم کیا جاسکے کہ ؎

رواق و منظر چشم من آشیانۂ تست قدم نما و فرود آ کہ خانہ خانۂ تست

لیکن اُمت سائنس کی اِس "فتح مُبین" کے بعد بعض ایسے واقعات ہنوز باقی رہ جاتے ہیں جو عقلیت کی "فرمانفرمائیت" کی بیانگِ دُہل نفی کرتے ہیں اور جن کا فیصلہ کئے بغیر سائنس بجا طور پر اپنا جشن فتح نہیں منا سکتا!

ایک ایسے سرشار عقلیت دور میں جیسا کہ موجودہ عہد ہے یہ کس درجہ بوالعجبی آمیز منظر ہے کہ مذاہب کا تلقین کردہ ایمان باللہ تو ایک مضحکہ خیز بات سمجھی جائے، لیکن اِسی "بجلی کی روشنی" میں "یہ اندھیر" بھی ہو رہا ہو کہ بدترین اور جلی ترین ضعیف الاعتقادیاں اور باطل پرستیاں حشرات الارض کی طرح پرورش پا رہی ہوں! جہاں تک عوام الناس کی عظیم اکثریت ("سواد اعظم") کا تعلق ہے یہ بیان حرف بحرف صحیح ہے۔ اِس بارے میں جو مذہبی و نفسیاتی تحقیقاتیں عمل میں آئی ہیں اُن کی روئیدادوں کے پڑھنے سے پتہ چلتا ہے کہ مثلاً جن مکانوں کا نمبر ۱۳ ہوتا ہے اُنکے متعلق لوگوں کی کثیر تعداد "دُور باش" کی تنبیہ سُنا یا کرتی ہے! کتنے حضرات ہیں جو عام طور پر تو اپنی زندگی کے افکار و اعمال میں کافی "عقلیت مآب" واقع ہوئے ہیں، لیکن اُنہی کو جب کبھی ۱۳ بچوں کی کوئی خوش لباس اور ہشاش و بشاش ٹولی بھی نظر آجاتی ہے تو وہ اُس کو کسی "میت کے جلوس کا مقدمۃ الجیش" ہی سمجھتے ہیں!!

اعمالِ سحر کے متعلق جو عام طور پر معتقدانہ خیالات پھیلے ہوئے ہیں وہ اُتنے ہی جدید ہیں جتنے کہ قدیم! اِن کو بھی اسی ذیل میں رکھئے، اور "روشن خیالوں" کے دامنِ علمی کے "سیاہ داغوں" میں شمار کیجئے! خوش قسمتی، بدقسمتی یا بالفاظ دیگر "سعد و نحس" کے بارے میں جو مقبول علم فرضیات ہر جہار طرف نظر آتے ہیں اُن کے لئے اِن ماشاء اللہ "تعلیمیافتہ دماغوں" نے اپنے اندر وہ کونسا ایسا محفوظ گوشہ تلاش کر لیا جو خدا کے خیال کی سمائی اپنے ہاں رکھنے سے قاصر ثابت ہوا تھا؟! یہ کیا ہے کہ ع

مُنکر نہ بودن و ہمرنگِ مستاں زیستن!

عہد جدید کی ذہنی زندگی کا یہ پہلو واقعی بڑا پُراسرار ہے! کیا سچ مچ لوگ اُتنے ہی عقل پرست ہو گئے ہیں جتنا کہ اُن کو خیال کیا جاتا ہے؟! کیا اُنہوں نے مذہب کو ایک طفلانہ چیز جان کر پھینک دیا ہے، یا یہ کہ اُن کا یہ اجتہاد بجائے خود ایک "بچہ پن" ہے؟! کیا "تعلیمیافتگی" مذہب سے بیزار ہوئی ہے یا "بدآموزی"؟! کیا مہذب حضرات کا یہ ایک آزاد ذاتی عمل ہے یا کہ ع

کوئی معشوق ہے اِس پردۂ زنگاری میں

راہِ صواب

ذاتی طور سے مَیں اِن لوگوں کے ان اجتہادات کی متانت و قوت کے بارے میں سنگین شبہات اپنے دل میں جاگزین پاتا ہوں! مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جب لوگ خدا کے اعتقاد کو ترک کر دیتے ہیں تو اُنکا دل و دماغ پھر "خانۂ خالی را دیو می گیرد" کے بمصداق ہزارہا پریشان خیالیوں اور بے اطمینانیوں کے غول بیابانی کا جولانگاہ بنجاتا ہے! یہی ذہنیت ہے جو بعد میں معلومہ عامیانہ توہمات کا سرچشمہ بن جاتی ہے۔ یہ دلچسپ حضرات بعض اوقات یہ بھی تاویل فرمایا کرتے ہیں کہ شاید ممکن ہے کہ تیرہ کے عدد میں کوئی نحوست پنہاں نہ ہو، لیکن یہ بھی تو قابل غور بات ہے کہ ع

چوں نباشد چیزکے مردم نگویند چیزہا

پس مصلحت کا اقتضا یہ ہے کہ بجائے انکار کے ہم اقرار کا پہلو اختیار کریں! نازم بریں فہم!

واقعہ یہ ہے کہ جب یہ تعلیمیافتہ دماغ "تعلیمیافتہ" ہو کر اعتقاد و ایمان کے اصولی معیار کو چھوڑ دیتا ہے تو پھر وہ گوناں گوں غیر مدلل خیالات، لاادریانہ قیاسات، اور سوفسطائیانہ شبہات کے حملوں کا آماجگاہ بنجاتا ہے! میری ذاتی معلومات میں ایک کثیر تعداد ایسے اشخاص کی ہے جو ماشاء اللہ اپنی "لوچدار" عقلیت کے پہلو بہ پہلو عجیب و غریب توہمات کا ایک ضخیم خانہ بنجاتے ہیں! لیکن اب سُنیئے کہ مَیں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ اُنکا سینہ ایک خدائے رؤف و رحیم کے اعتقاد سے خالی نہیں ہے، لیکن پھر ساتھ ہی اُنکی شان "رندِ ہزار شیوہ" کا یہ کرشمہ بھی ہے کہ وہ تیرہ کے ہندسے کی قربت کو اپنے لئے خطرے اور حادثے سے خالی نہیں سمجھتے!

اِن سب باتوں سے بالآخر وہی نتیجہ مستنبط کرنے کو جی چاہتا ہے کہ جب خدائے بزرگ کا عظیم عقیدہ قلوب کو ویران کر دیا کرتا ہے تو ہزاراں ہزار ارواحِ خبیثہ کی طوائف الملوکی اس اقلیم دل کو اپنے گرداب ہلاکت میں لے لیتی ہے!

خدا کا نام بھی نامِ خدا کیا راحت جاں ہے عصائے پیر ہے، تیغِ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

ایک خشک مسلک

مَیں تو نہیں کہہ سکتا کہ سائنس کئی نسلوں اور قرنوں تک بھی عقلیت کے نام پر پھیل کر کے عوام و خواص کی ان خوش فہمیوں اور دلآسا بُت تراشیوں کا خاتمہ کر سکے گی! مَیں خود اس معاملے میں سخت متشکک ہوں کہ آیا انسان کے لئے ارتقائے بشری کے کسی بعید ترین مستقبل میں بھی تمام و کمال ایک "عقلی وجود" بنجانا ممکن ہے؟! ہم تعلیم یافتگی اور ذہنی صیقلگری کی کتنی ہی اعلیٰ و ارفع معراج حاصل کر لیں لیکن بات یہ ہے کہ کائنات ہستی کے آفاق و انفس کے گرد اگرد اسرار و طلسمات کا ایک ایسا ہجوم سخت نظر آتا ہے کہ ہمارا تخیل یونہی اپنی کارستانیاں اور ابلہ فریبیاں جاری رکھے گا اور نہ معلوم کب تک اس "حیرت خانہ" کی محرم رازی ہمارے لئے ایک کانٹے دار کا مسئلہ بنی رہیگی!

دُنیا پہ فتح پائی کسی نے نہ آج تک اہلِ نظر اسیرِ طلسمِ جہاں رہے!

صلاحِ کار

مجھے خوف ہے کہ شاید مجھکو اس امر کا اعتراف کرنا پڑیگا کہ کسی بھی تفسیرِ حیات کو مدارِ زندگی قرار دینے میں اہم شکوک و شبہات سے کامل مفر حاصل ہونا ممکن نہیں ہے! لیکن بہرحال "استحسان و افضلیت" کا دروازہ کھلا ہوا ہے، اور اُسی کی راہ سے ایک راہ گریز (یا راہ نجات) نکالنی پڑیگی۔ چنانچہ مجھی کو اگر اِن دو چیزوں کے درمیان انتخاب کی دعوت دیجائے کہ ارض و سما کے اندر ایک صاحبِ خلق و امر ہستی، اور ایک مسبب الاسباب و کارساز ذات کا اعتقاد اچھا ہے یا "سعد و نحس" کے ڈھکوسلے اور گورکھ دھندے؟ تو بشرطیکہ مجھ سے صحتِ تفرق و ثباتِ عقل سلب نہیں ہو گیا ہے، مَیں اوّل الذکر "ایمان باللہ" ہی کے مسلک کو ترجیح دُوں گا!

مَیں اِس بات کو مانتا ہوں کہ یہ کوئی ایسا طریقہ نہیں ہے جو ہر ایک کے لئے متشفی بخش ثابت ہو سکے، اور صرف بہتر چارہ کار کے اُصول تصفیہ کے ذریعے وہ اس قضیۂ نامرضیہ کو یکسو کر لے! بالخصوص ہمارے سائنس نواز اور تعلیم یافتہ طبقہ کو تو مستقبل قریب کی یہ بشارت اپنی غیر مصالحانہ روش پر قائم رکھے ہوئے ہے کہ "تاثیر کواکب" اور "منشائے الٰہی کی مداخلت فی الکائنات" یہ دونوں ہی "توہمات" (نقل کفر کفر نباشد) بچوں کے گھروندوں کی طرح عقلیت کے سیلِ رواں کے سامنے بہ جائینگے! لیکن سوچئے تو کہ یہ کیسا سخت، چوبیں، بیجان و بے نشاط فلسفۂ حیات ہوگا، جس پر ست خدائے جلیل کے نام پاک کا عنوانِ جمیل بالکل غائب ہوگا!

پس میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ جب ہم انسان ضعیف البُنیان کارخانۂ عالم کی بوالعجبی اور پُر اسراری سے کسی طرح سے نہیں بچ سکتے، اور کسی عقل و عقلیت کا دستِ نازک اُس سراپردۂ کبریائی کے ایک گوشے کو بھی اُٹھانے کی جسارت نہیں کر سکتا جو تمام اقطار السموات والارض پر پڑا ہوا ہے تو . . . . ایسی صورت میں عقل سلامتی، مصلحت اور خود ہماری محبوب "عقلیت" کا مشورہ یہ ہونا چاہیئے کہ ہم ایک "احکم الحاکمین" کے وجودِ عظیم کے اعتقاد کیلئے اپنا شرحِ صدر کر لیں جس کے ہاتھ میں کارگاہ کائنات کی زمام اختیار ہے! یہ اعتقاد بہرحال اُن ذات آفرین اور مضحکہ خیز فلسفے سے تو بہتر ہی ہے کہ "ہم سارے بنی آدم ایک عجیب سوء اتفاق کے صید زبوں ہیں!!"

مانگ کیا مانگتا ہے

گھر بیٹھے مسمریزم ہپناٹزم زندہ جادو گری اور خفیہ علوم روحانیت سیکھ کر تو ایک دُنیا کو محوِ حیرت بنا سکتا ہے تاریکی میں ہاتھ پاؤں مارنے والے بدقسمت انسان! تیرے اندر حیرت انگیز اور عجیب و غریب روحانی طاقتوں کا ایک خزانہ پنہاں ہے تو اپنے آپ کو ایک بیکار سی سمجھتا ہے مگر اندر جہانگیر کر دیکھ دُنیا جہان کی دولت تیرے قدموں پر نثار ہو رہی ہے سُن! دُنیا میں کونسی ایسی خواہش ہے جو تیرے ایک ادنیٰ سے اشارے سے پوری ہو سکے جسے تو پیار کرتا ہے اُسے دم زدن میں مسخر کر لینا، حاکم یا افسر کو ہمخیال بنانا۔ روزگار میں حسب خواہش کامیابی حاصل کرنا۔ مریض کو پھونک مار کر چنگا کر دینا اپنی یا دوسرے شخص کی قسمت کو جنبشِ نظر سے بدل دینا۔ یہ سب کچھ تیرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے مفصل واقفیت کے لئے کچھ خرچ نہیں کرنا چاہیئے۔ صرف ایک کارڈ پتہ ذیل پر آنا چاہیئے:۔

المشتہر۔ پبلشنگ ہوم آف میجک اینڈ مسمریزم پوسٹ بکس ایک سو پچاس ۱۵۰ - لاہور

محشرستانِ کانپور

(کانپور میں کانگریس کے رضا کاروں نے مسلمان دکانداروں کو بھگت سنگھ ڈے کو دکانیں بند کرنے پر مجبور کرنے کی جو کوشش کی اور اس سے جو ننگ تہذیب ہنگامہ وہاں برپا ہوا جس میں کوئی دو سو کے قریب مسلمان اور تقریباً اتنے ہندو مارے گئے۔ اور جس میں مسلمان عورتیں اور بچے بھی نا قابل ذکر مظالم سے محفوظ نہ رہے اس کے متعلق ہمارے محترم دوست مولینا شبیر حسین صاحب جوش ملیح آبادی نے جو اپنی قابل فخر قوم پرستانہ نظموں کے لئے سارے ہندوستان میں مشہور ہیں ایک نظم بعنوان "محشرستانِ کانپور" لکھی۔ گو یہ نظم خاص ہمارے لئے نہیں لکھی گئی لیکن مولینا نے حب الوطنی کے ایک نہایت گہرے جذبہ سے متاثر ہو کر یہ نظم لکھی ہے اور ہم اسے ہدیۂ ناظرین کرتے ہیں۔ یہ بات خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ کانپور میں کسی مسلمان نے کسی عورت یا بچے پر ہاتھ نہیں اٹھایا۔ مدیر)

اے سیہ رو، بے حیا، وحشی، کمینے، بدگماں
اے جبینِ ارض کے داغ، اے دنی ہندوستاں

تجھ کو عورت نے جنا ہے؟ جھوٹ ہے یہ اوّلیں
آدمی کی نسل سے اور تو؟ نہیں ہرگز نہیں

تیری جانب اٹھ رہی ہے دیکھ دوزخ کی نگاہ
سبحہ و زنار میں جکڑے ہوئے دیوِ سیاہ

رودِ گنگا سے لئے اس طرح طوفانِ ممات
کس کو کھا کر آ رہا ہے؟ اے وبائے کائنات

اے درندے! یہ ترا جبڑا ہے کیوں سمٹا ہوا
کس کا یہ گوداتر ترے تالو میں ہے چمٹا ہوا

تیغِ بُراں اور عورت کا گلا! کیوں بدصفات
چھوٹ جائیں تیری نبضیں، ٹوٹ جائیں تیرے ہات

کہنیوں سے یہ تری کیسا ٹپکتا ہے لہو؟
یہ تو ہے اے سنگدل، بچوں کا خونِ مشکبو

مرد ہے تو اس سے لڑ، پہلے جو مارے پھر لڑے
تو نے اے بزدل لگائی ہے گھروں میں جن کے آگ

کیا انہیں ہاتھوں میں لیگا رختِ آزادی گی باگ؟
دل میں کھوٹا پن، ارادوں میں بدی، نیت خراب

او سیہ باطن! یہ عالم اور آزادی کے خواب؟
سن کہ کم ظرفوں کو دنیا دے نہیں سکتی خراج

یہ ترا چھوٹا سا سر اونگِ ہستی! اور تاج؟
تو ابھرتے ہی زمانے کی نظر سے گر گیا

یوں بہایا خون، امیدوں پہ پانی پھر گیا

رکنے ہی والا ہے آزادی کا جاں پرور جہاد
بجنے ہی والا ہے ناقوسِ "غلامی زندہ باد"

دانشِ انسانی کا پُتلا

از فرانسیسی مُعجز نگار والٹر ۔۔۔ مُترجمہ ملک عزیز عالم صاحب

یمنان کے دماغ میں ایک روز یہ خبط سمایا کہ وہ ایک بہت بڑا فلاسفر بن جائے۔ بہت کم ایسے انسان ہیں جنہیں کبھی نہ کبھی اس قسم کی عجیب و غریب تجویز نہ سوجھی ہو۔ یمنان نے اپنے آپ سے کہا۔ کہ "پورا فلاسفر بننے کیلئے اور مکمل طور پر شاد کام ہونے کیلئے مجھے سوائے اسکے اور کچھ کرنیکی ضرورت نہیں کہ تمام خواہشات کو ترک کر دوں۔ اور یہ تو ہر شخص جانتا ہے کہ اس سے زیادہ آسان کوئی چیز نہیں۔ سب سے اوّل تو میں کسی عورت سے محبت نہیں کرونگا۔ جب میں نے کسی خوبصورت عورت کو دیکھا۔ تو میں اپنے تئیں کہونگا۔ کہ ان رُخساروں پر ایک آنیوالے زمانہ میں جھُریاں پڑ جائیں گی۔ اِن آنکھوں کے گرد حلقے نمودار ہو جائیں گے۔ یہ جوبن قائم نہیں رہیگا۔ اور یہ مُوئے سیاہ سفید ہو کر رہیں گے۔ مجھے اپنے تخیل میں اسکی آیندہ حالت کا تصور قائم کرنے ہی کی ضرورت ہوگی۔ اور پھر یقیناً کوئی خوبصورت چہرہ مجھے فریفتہ نہیں کر سکیگا۔ دُوسرے میں اپنی عادات و اطوار میں ہمیشہ محتاط رہونگا۔ یہ ناممکن ہوگا کہ شراب پیوں یا حسینوں کی مجلس مجھے اپنی مقناطیسی کشش سے کھینچ سکے۔ مجھے صرف یہ خیال کرنا ہوگا۔ کہ کثرتِ شراب خوری کے نتائج بد۔ سر درد۔ بدہضمی۔ عقل و صحت میں خرابی اور توضیع اوقات وغیرہ ہوتے ہیں۔ میں اتنا ہی کھاؤں گا جتنا کہ میری طاقت کو بحال رکھ سکے۔ میری صحت ہمیشہ ایک سی رہیگی۔ میرے خیالات پاکیزہ اور واضح۔ یہ سب اِتنا آسان ہے۔ کہ اس پر عمل کرنا کوئی بڑی بات نہیں"۔

لیکن یمنان نے کہا۔ "مجھے ذرا غور کرنا چاہیئے۔ کہ میں مالی معاملات کا کیا اہتمام کرونگا۔ میری خواہشات معتدل ہیں۔ میرا روپیہ ساہوکار کے پاس امانت جمع ہے۔ میں اُس کے سُود پر خود مختارانہ زندگی بسر کرتا ہوں۔ اور یہ سب سے بڑی نعمت ہے۔ مجھے ایسی ضرورت کبھی لاحق نہیں ہوگی۔ کہ دربار شاہی میں مُلازمت کیلئے ناصیہ فرسائی کروں۔ میں کسی سے حسد نہیں رکھونگا۔ نہ کوئی مجھ سے حسد رکھیگا۔ پھر یہ سب کتنا آسان ہے"۔

"میرے دوست ہونگے"۔ اُس نے سلسلۂ کلام کو جاری رکھتے ہوئے کہا۔ "اور میں اُنکی دوستی کی قدر کرونگا۔ چنانچہ ہم میں کبھی اختلاف نہیں ہوگا۔ میں اُنکے کسی قول و فعل سے خفا نہیں ہونگا۔ اور وہ بھی مجھ سے ایسا ہی سلوک کرینگے۔ اِس تمام معاملے میں کوئی دشواری نہیں"۔

اپنے کمرے میں یہ چھوٹی سی فلسفیانہ تجویز سوچ کر یمنان نے اپنا سر کھڑکی سے باہر نکالا۔ اُس نے اپنے گھر کے قریب دو عورتوں کو درختوں کے نیچے سے گذرتے ہوئے دیکھا۔ ایک عورت بوڑھی تھی اور بالکل مطمئن نظر آتی تھی۔ دُوسری عورت جوان تھی اور خوبصورت۔ اور بظاہر بہت مضطرب معلوم ہوتی تھی۔ وہ سرد آہیں بھرتی تھی اور روتی تھی۔ اور رونے سے اور بھی زیادہ خوبصورت معلوم ہوتی تھی۔ ہمارے فلاسفر کی طبیعت متاثر ہوئی، یقیناً اسکی خوبصورتی سے نہیں (چونکہ وہ بہت مستحکم ارادہ کر چکا تھا کہ ایسی بات سے کبھی مضطرب نہیں ہوگا) بلکہ اُس مصیبت میں جس میں کہ وہ مُبتلا تھی۔ وہ نیچے آیا اور نوجوان عورت کو اپنے حکیمانہ خیالات سے تسلی دینے کے ارادہ سے اُس نے عورت کو سلام کیا۔ اُس ماہ جبین نے بہت سادہ ادا اور مؤثر پیرایہ میں اُسے اپنے خیالی چچا کے جور و جفا کا قصہ بیان کیا۔ اور بتایا کہ کن کن حیلوں سے اس "چچا" نے اُسے ایک خیالی جائداد سے محروم کر دیا ہے۔ مزید برآں اُس نے یہ بہانہ بھی کیا۔ کہ "چچا" کے ظلم و ستم سے وہ ہر وقت خائف رہتی ہے۔

"تم مجھے بہت دانشمند آدمی معلوم ہوتے ہو"۔ اُس نے کہا۔ "اور اگر تم میرے گھر پر آنا منظور کرو اور میرے معاملات کو بچشم خود مُلاحظہ کرو۔ تو مجھے یقین ہے۔ کہ تم مجھے اس سفاکانہ اذیت سے جس میں کہ اب میں مُبتلا ہوں نجات دلا سکو گے"۔

یمنان نے اُس کے ہمراہ جا کر فلسفیانہ طریقے سے اس کے معاملات پر غور کرنے اور اسے صحیح مشورہ دینے میں چنداں پس و پیش نہ کیا۔ مُصیبت زدہ خاتون اُسے خوشبو سے مہکتے ہوئے ایک کمرے میں لیگئی۔ اور خوش اخلاقی سے اُسے ایک صوفے پر اپنے برابر بٹھایا جس پر وہ دونوں ایک دُوسرے کے سامنے بیٹھ گئے۔ انکے انداز سے یہ معلوم ہوتا تھا۔ کہ دونوں گفتگو میں مشغول ہیں۔ سو اپنا قصہ۔ اور کرنے میں سرگرم تھی اور یہ اُسے سُننے میں ہمہ تن متوجہ۔ خاتون آنکھیں نیچے کئے اپنا قصہ بیان کرتی رہی۔ دورانِ گفتگو میں کبھی کبھی اُسکی آنکھوں سے آنسو ٹپک پڑتے جنہیں جب وہ جُرأت کر کے اوپر اُٹھاتی تو ہمارے پارسا یمنان کی آنکھوں سے دو چار پاتی۔ یمنان کے دل پر اُسکے واقعات کا

گھر لا اثر ہوا۔ اور وہ ہر گھڑی زیادہ اور زیادہ محسوس کرنے لگا۔ کہ ایسی باعزت اور غمزدہ خاتون کو ممنونِ احسان کرے۔ وہ اپنی بالمقابل نشیں چھوڑ کر ایکدوسرے کے قریب ہو گئے۔ میمنان نے اتنے قریب ہو کر مشورے دیئے اور ایسے پیارے مشورے دیئے۔ کہ ان میں سے کوئی بھی زیادہ دیر تک کاروباری گفتگو جاری نہ رکھ سکا۔ انہیں اب یہ بھی یاد نہ رہا تھا کہ اصل موضوعِ گفتگو کیا ہے۔ اس دلچسپ موقع پر بیسیا کہ آسانی سے تصور میں آسکتا ہے۔ کون آتا ہے؟ وہی اُس کا چچا۔ وہ سر سے پاؤں تک مسلح تھا۔ اور پہلی بات جو کہ اُس نے کہی یہ تھی کہ وہ میمنان اور اپنی بھتیجی کو قربانگاہ کے گھاٹ اُتار دیگا۔ مؤخر الذکر جو کہ وہاں سے کنارہ کش ہو گئی تھی۔ بخوبی جانتی تھی کہ وہ معاف کرنے پر آمادہ ہے بشرطیکہ ایک معقول رقم اُسے پیش کر دی جائے۔ میمنان اپنے بچاؤ کے لئے جتنا روپیہ اُسکے پاس تھا دینے پر مجبور ہوا۔

میمنان شرمندہ اور پریشان واپس اپنے گھر پہنچا۔ وہاں اُسے ایک دعوتی رقعہ ملا۔ اُس کے چند گہرے دوستوں نے اُسے دعوت میں مدعو کیا تھا۔

"اگر میں گھر میں اکیلا رہا"۔ اُس نے کہا۔ تو میرا دل گذشتہ رنج و ہم میں منہمک رہیگا۔ اور میں ایک لقمہ بھی حلق کے نیچے نہیں اُتار سکوں گا جس کا یہ لازمی نتیجہ ہوگا کہ میں کسی بیماری کا شکار بن جاؤنگا۔ اِس لئے یہ دانشمندی کے خلاف نہ ہوگا۔ اگر میں اپنے دوستوں کے پاس جاؤں اور تھوڑا سا کھانا کھالوں۔ اُنکی صحبت کی خوشی میں میں اُس حماقت کو بھول جاؤنگا جس کا میں آج صبح مرتکب ہوا ہوں۔ چنانچہ وہ اس دعوت میں شرکت کرتا ہے۔ اُسکے دوست بھانپ گئے کہ وہ کسی معاملے کے متعلق مضطرب ہے۔ وہ اُس سے اصرار کرتے ہیں۔ کہ وہ شراب پیئے اور رنج و غم کو دور کرے۔

"تھوڑی سی شراب اگر اعتدال سے پی جائے تو دیوتا اور انسان کے قلب کو فرحت بخشتی ہے"۔ اس طرح فلاسفر میمنان نے استدلال کیا۔ اور تھوڑی دیر میں بدمست ہو گیا۔

کھانے کے بعد قمار بازی کی تجویز پیش ہوئی۔ "اپنے دوستوں کے ساتھ تھوڑی دیر کیلئے کھیلنا ایک تفریح ہے جس میں کوئی خطرہ نہیں ہے"۔ وہ کھیلتا ہے۔ اور جتنی رقم اس کی جیب میں ہوتی ہے ہار دیتا ہے۔ اور زبانی وعدے پر اُس سے چار گنا رقم اور زیادہ ہار گیا۔ کھیل میں کسی بات پر جھگڑا ہو گیا۔ اور کھلاڑی گرم ہو گئے۔ اُسکے ایک دوست نے اُسکے مُنہ پر کھیل کا بکس زور سے دے مارا۔ اور اُس کی ایک آنکھ نکال دی فلاسفر میمنان کو اُٹھا کر اُسکے گھر پہنچا دیا گیا جبکہ وہ مدہوش تھا۔ جیبیں خالی تھیں۔ اور ایک آنکھ بھی جاتی رہی تھی۔ وہ مدہوشی کی نیند سے اُٹھتا ہے۔ اور جب اُسکے خیالات واضح ہوتے ہیں۔ تو ساہوکار کی طرف روپیہ کے لئے نوکر بھیجتا ہے۔ تاکہ روپیہ منگا کر دوستوں کا قرضہ ادا کر سکے

مسلمان لڑکیوں کی دینی اخلاقی اور معاشرتی تعلیم کا سلسلہ!

تعلیم النساء کا قاعدہ - قیمت صرف ایک آنہ (۱ر)

تعلیم النساء کی پہلی کتاب جسمیں ابتدائی دینی و ادبی کتاب کی بنیاد رکھنے کے لئے آسان لفظوں میں توحید و رسالت کے تصور کی طرف رہنمائی کی گئی ہے۔ پھر چند مناظرِ قدرت دکھائے ہیں اور کئی نصیحت آمیز کہانیوں کے نتائج پر توجہ دلائی ہے۔ قیمت صرف تین آنے (۳ر)

تعلیم النساء کی دوسری کتاب - قیمت چھ آنے (۶ر)

تعلیم النساء کی تیسری کتاب اسلامی عقائد و مسائل طہارت و نماز کا بیان نیز بچوں اور عزیزوں کے ساتھ نیک سلوک کی نیکی ترغیب اور خانداری کے ہر شعبہ کا ذکر شائستہ روزی کا روبار کے آداب۔ اور نیک اخلاق کا بیان قیمت ۹ر

تعلیم النساء کی چوتھی کتاب (متعلقہ مسائل دینیہ) نہایت آسان اُردو میں لکھدیا ہے شروع سے لیکر آخر تک کوئی ایسا مسئلہ نہیں جو درج نکیا گیا ہو۔ قیمت ۱۲ر

تعلیم النساء کی پانچویں کتاب جسمیں خانہ داری کے صیغوں سے گھر مال و متاع کھانے پینے سینے پرونے عورتوں کے شغل وغیرہ وغیرہ کا تفصیلی بیان درج ہے۔ قیمت عہ

تعلیم النساء کی چھٹی کتاب جسمیں بیت داری کے متعلق مفصل و مکمل بیان موجود ہے قیمت عہ

تعلیم النساء کی ساتویں کتاب بچوں سے لیکر بوڑھوں تک کیلئے ضروری آداب دین و اسلام کا معیار تہذیب مقلدین کیلئے نازیانہ اور طالب علم کیلئے رہنمائے دینی و دنیوی نفعاتِ بصیرت کیلئے اُردو کی مثنوی و معنوی قیمت عہ

ملنے کا پتہ۔ مینیجر پنجاب اُردو اکاڈیمی لاہور

نوکر واپس آتا ہے۔ اور بتلاتا ہے کہ ساہوکار نے دیوالہ نکال دیا ہے جسکی وجہ سے سینکڑوں خاندان مفلس اور تباہ ہوگئے ہیں میمنان فوراً اُٹھتا ہے اور آنکھ پر دوائی لگاکر اور جیب میں درخواست ڈالکر وہ عدالت میں پہنچتا ہے تاکہ بادشاہ سے دیوالیہ کے خلاف انصاف حاصل کرے۔ ایک کمرے میں وہ چند خواتین کو پاتا ہے جو بہت ہشاش بشاش ہیں۔ اور بڑے بڑے گھر کے گھگروں میں اِدھر سے اُدھر ٹہل رہی ہیں۔ اُن میں سے ایک نے جو اُسے کسی قدر جانتی تھی۔ شرارت سے نیم باز آنکھ کھولے اُسکی طرف دیکھا۔ اور کہا "اُف کتنی وحشت انگیز صورت ہے"۔ دوسری جو کہ اُسے زیادہ اچھی طرح جانتی تھی۔ اس طرح مخاطب ہوتی ہے۔

"مسٹر میمنان سلام۔ میں اُمید کرتی ہوں مسٹر میمنان کہ تم بالکل اچھے ہو۔ ہاں مسٹر میمنان تم نے آنکھ کیسے کھوئی"۔ اور جواب کا انتظار کئے بغیر وہ مُڑی اور وہاں سے چلدی۔

میمنان ایک کونے میں چھپ گیا اور اُس گھڑی کا انتظار کرنے لگا جبکہ وہ اپنے آپ کو بادشاہ کے قدموں پر گرادے۔ وہ وقت بھی آپہنچا تین مرتبہ اُس نے زمین بوسی کی اور اپنی درخواست بادشاہ کے حضور میں پیش کی حضور جلالتمآب اُس سے بہت مہربانی سے پیش آئے۔ اور اُسکی درخواست کو ایک ناظم کے حوالے کردیا۔ تاکہ وہ تمام واقعات اُن سے بیان کرے۔ ناظم میمنان کو ایک طرف لیگیا۔ اور اُسے متکبرانہ انداز اور طنزیہ لہجے میں کہنے لگا "سنو جی۔ تم ایک آنکھ والے آدمی۔ تم درحقیقت بہت ہی مضحکہ انگیز ہستی ہو۔ بجائے مجھے خطاب کرنیکے تم بادشاہ سلامت کو مخاطب کررہے ہو"۔ علاوہ ازیں تمہاری یہ جرأت کہ تم ایک ایماندار دیوالیے کے خلاف جسے عزت حاصل ہے کہ وہ میری پناہ میں ہے۔ اور حضور ملکہ معظمہ کی خادمہ کا بھتیجا ہے بادشاہ سے انصاف چاہتے ہو۔ اگر تم اپنی دوسری آنکھ کی بھی خیر چاہتے ہو جو کہ ابھی تک صحیح سلامت ہے تو بہتر کہ تم اس معاملہ کو اسی مرحلہ پہ چھوڑ دو۔

میمنان نے اپنے کمرے میں بیٹھکر ارادہ کیا تھا۔ کہ وہ عورت کثرت شراب خوری۔ قمار بازی اور دنگہ فساد سے اجتناب کریگا۔ اور بالخصوص وہ عدالت میں کبھی نہیں جائیگا۔ اب چوبیس گھنٹے کے قلیل عرصے میں وہ ایک عورت سے بیوقوف بنا اور لُٹا۔ بدہوش بھی ہوا۔ جوا کھیلا۔ جھگڑے میں بھی شریک ہوا۔ اور آنکھ بھی اس نے کھوئی۔ پھر عدالت میں بھی گیا جہاں اسکی تحقیر اور بے عزتی ہوئی۔

متحیر اور دل شکستہ ہوکر میمنان مایوسی کے عالم میں گھر واپس آیا۔ جب اس نے مکان میں داخل ہونا چاہا تو چند سرکاری افسروں نے اُسے پیچھے ہٹادیا۔ وہ اُس کا سامان اُٹھا کر رہے تھے۔ تاکہ اُسے نیلام کرکے قرضخواہوں کی رقمیں ادا کریں۔ وہ بیچان ہوکر ایک درخت کے نیچے گر پڑا اور وہاں اُس نے صبح والی خوبصورت عورت کو دیکھا جو اپنے چچا کے ساتھ جارہی تھی۔ دونوں نے جب میمنان کو آنکھ پر دوائی لگی ہوئی دیکھی تو کھلکھلا کر ہنس پڑے۔ شب ہوئی تو میمنان نے دیوار کے قریب گھاس پھوس پر اپنا بستر بچھایا۔ جہاں اُسے بخار آنے لگا۔ وہ بیماری کے غلبہ میں سوگیا۔ اُس نے خواب میں ایک آسمانی فرشتہ کو دیکھا جو نور سے منور تھا۔ اُسکے چھ چھوٹے چھوٹے پر تھے لیکن نہ ہی پاؤں۔ نہ سر۔ نہ دُم اور کسی چیز سے اُسے مشابہت نہیں دیجاسکتی تھی۔ میمنان نے دریافت کیا "تم کون ہو"؟

اُس نے جواب دیا "میں تمہارا نگہبان فرشتہ ہوں"۔

میمنان نے کہا "تب مجھے میری آنکھ واپس دیدو۔ میری صحت۔ میری دولت اور میری عقل واپس دیدو"۔ اور اُس نے بتایا کہ کس طرح وہ اِن سب چیزوں کو ایک ہی دن میں کھوچکا ہے۔

فرشتے نے جواب دیا "یہ ایسے حوادث ہیں جن سے ہمیں اپنی دُنیا میں واسطہ نہیں پڑتا"۔

مُصیبت زدہ آدمی نے کہا "تم کس دُنیا میں رہتے ہو"؟

دوسرے نے جواب دیا "میرا وطن سورج سے ایک ارب پچاس کروڑ میل کے فاصلے پہ ایک چھوٹے سے سیارے میں ہے۔ جو ملک البجار کے قریب واقع ہے۔ اُسے تم یہاں سے دیکھ سکتے ہو"۔

میمنان نے کہا "کیا ہی خوبصورت مُلک ہوگا اور کیا درحقیقت وہاں ایسی قدآور عورتیں نہیں ہوتیں جو خوبصورت مردوں کو بیوقوف بنائیں۔ اور نہ ہی ایسے یارانِ نجار جو دوستوں سے روپیہ جیت لیں۔ اور ایک آنکھ بھی نکال ڈالیں۔ اور نہ ہی ایسے دغاباز دیوالیے اور نہ ہی اپنے ظلم پر تضحیک کریں۔ اور دادخواہی سے بھی انکار کریں"۔

تمہارے کے رہنے والے نے کہا "نہیں ہمارے ہاں کوئی ایسی باتیں نہیں ہوتیں۔ ہم اکل و شرب میں بھی زیادتی نہیں کرتے۔ کیونکہ ہمیں تو کھانے پینے کی ہی ضرورت نہیں ہوتی۔ ہمارے ہاں دیوانے بھی نہیں ہوتے۔ کیونکہ نہ ہمارے ہاں سونا ہے اور نہ چاندی۔ ہماری آنکھیں بھی نہیں نکالی جا سکتیں کیونکہ ہمارے جسم تمہارے جسموں کی طرح نہیں ہیں۔ اور نہ ظالم ہمارے ساتھ کبھی بے انصافی نہیں کرتے کیونکہ ہم سب برابر ہیں"۔

میمنان نے کہا "آقا میں عرض کرتا ہوں کہ بغیر عورتوں اور کھانے پینے کے آپ اپنا وقت کیسے گذارتے ہیں؟"

فرشتے نے جواب دیا "دیگر سرزمینوں کی نگرانی کرتے ہیں۔ اور اب میں آیا ہوں تاکہ تمہیں تسلی دوں"۔

فرشتے نے کہا "میں تمہارے بڑے بھائی حسن کے ساتھ تھا۔ اسکی حالت تم سے بھی زیادہ قابلِ رحم ہے۔ جلالتمآب سلطانِ انڈیز نے جن کے دربار میں اُسے ملازمت کا فخر حاصل تھا۔ اسکی دونوں آنکھیں کسی معمولی غلطی کی بنا پر نکلوا ڈالی ہیں۔ اور اب وہ قیدخانہ میں ہے۔ اُس کے ہاتھوں اور پاؤں میں بھاری زنجیریں اور بیڑیاں ہیں"۔

میمنان نے طنزاً کہا "یہ تو درحقیقت بہت خوش نصیبی کی بات ہے۔ کہ ایسا اچھا فرشتہ خاندان کا محافظ ہے جبکہ دو بھائیوں میں سے ایک تو ایک آنکھ سے اندھا ہے اور دوسرا دونوں آنکھوں سے۔ ایک گھاس پھوس پر لیٹتا ہوا ہے اور دوسرا قیدخانہ میں"۔

عالم بالا پر رہنے والے نے کہا "تمہاری قسمت فوراً تبدیل ہو جائیگی۔ یہ صحیح ہے کہ تم اپنی آنکھ کبھی حاصل نہیں کر سکو گے لیکن اس کے علاوہ تم بہت خوش رہ سکتے ہو۔ بشرطیکہ فلاسفر بننے کا خیال پھر تمہارے دماغ میں نہ سمائے"۔

میمنان نے پوچھا "آخر کیا یہ قطعی ناممکن ہے؟"

اُس نے جواب دیا "ہاں اتنا ناممکن جتنا کہ بالکل عقلمند۔ طاقتور۔ توانا اور بشاش ہونا۔ ہم خود تو اُس سرزمین سے بہت دُور ہیں۔ البتہ ایک ایسی دُنیا ہے۔ جس میں کہ یہ سب ممکن ہے۔ لیکن خدا کی بیشمار ولایتوں میں جو دُنیا کے عرض و طول میں موجود ہیں۔ ہر ایک چیز بتدریج واقع ہوتی ہے پہلے موقعہ کی نسبت دوسرے موقعہ پر کم خوشی حاصل ہوتی ہے۔ دوسری مرتبہ کی نسبت تیسری مرتبہ کم اور آخری بار بہت ہی کم"۔

میمنان نے کہا۔ مجھے تو یہ اندیشہ ہے۔ کہ ہماری خشکی اور تری کی دُنیا دیوانوں کا گھر ہے۔ جو بیشمار ولایتوں پر مشتمل ہے۔ اور جس کے متعلق حضور نے ابھی مجھے بتا کر میری عزت افزائی کی ہے"۔

فرشتے نے کہا "بالکل اس طرح تو نہیں لیکن قریب قریب بالکل ایسے ہی ہے"۔

میمنان نے پوچھا "تو کیا وہ شاعر اور فلاسفر غلط ہیں جو ہمیں بتلاتے ہیں۔ کہ ہر چیز بہتری کے لئے ہے"۔

فرشتے نے کہا "نہیں وہ درست ہیں۔ اور جب ہم چیزوں کو دُنیا کے پایہ اور اُس کے مرتبہ کی مناسبت سے دیکھتے ہیں۔ تو ہمیں یہ بات بخوبی نظر آجاتی ہے"۔

لیکن میمنان نے بدحواسی سے جواب دیا "آہ میں تو کبھی اس بات کا یقین نہیں کرونگا۔ جب تک کہ مجھے کھوئی ہوئی آنکھ واپس نہ بلجائے"۔

استری رنگ عورتوں کی سفید رطوبت جمل نہ ہونا یا ہو کر ٹھیر نا یا ہسٹریا یا ہواری خون بند ہو جانے یا بے ترتیبی سے آنے کی دوائی ہے عورتوں کے لئے یہ دوائی اُن کی صحت کی کفیل اور تندرستی کی ضامن ہے۔ قیمت فی شیشی چار روپے (للعہ)

سل دق کی مجرب دوا اس بے نظیر دوا کا ہم نے کئی مریضوں پر تجربہ کیا ہے۔ واقعی تیر بہدف دوا ہے قیمت فی سٹ جس میں سفوف و عروق شامل ہیں دس روپے (عہ۵)

خونی بواسیر کی دوا بواسیر خونی ہو یا بادی ہر ایک کا مفصل حال لکھنا چاہئے کیونکہ دونوں کی دوائی علیحدہ علیحدہ ہے صدہا مریض اس سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ قیمت فی بکس چار روپے (للعہ)

سوزاک کی دوا قرحہ سوزاک کی شرطیہ دوائی جو ۹۰ فیصدی مریضوں کو اچھا کر دیتی ہے۔ قیمت فی شیشی چار روپے (للعہ)

ذیابیطاسم ہر ایک قسم کی ذیابیطس کی مجرب شرطیہ دوائی۔ قیمت فی بکس چار روپے ... ... (للعہ)

کھانسی کی گولیاں یہ گولیاں ہر قسم کی کھانسی کے واسطے نہایت مجرب اور زود اثر ہیں۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ (عہ)

ملنے کا پتہ۔ مینجر کارخانہ آب حیات پنڈی بہاؤالدین پنجاب

رُباعیاتِ طالب

از جناب طالب باغپتی

مدہوشِ خیال کس طرف بہکا ہے؟ کیا سوچ رہا ہے؟ کیوں عبث روتا ہے؟
تقدیر کے نقش بھی کہیں مٹتے ہیں؟ نادان! سنبھال ہوش، یہ "دُنیا" ہے!

ہر رنگِ فریب کو حقیقت سمجھا! ہر درد کو بیخودی میں راحت سمجھا!
اُف ہوش گنوا کے دِل نے سمجھایا بھی تو کیا تقدیر کے کھیل کو "محبّت" سمجھا!

قسمت سے عبث ہے نارسائی کا گِلہ گردُوں سے ہے جھوٹ کج ادائی کا گِلہ
یوں کون کسے تباہ کر دیتا ہے؟ اپنے دل سے ہے بے وفائی کا گِلہ!

باطن دیکھو تو خُون کا پیاسا ہے! ظاہر میں مگر خلوص کا پُتلا ہے!
کرتا ہے کچھ اور مُنہ سے کہتا ہے کچھ اور اِنسان حقیقتاً "بڑا دھوکا" ہے!

اِنسان مصیبتوں کا اِک پُتلا ہے مرمر کے اسی طرح یہاں جیتا ہے
پھر گردشِ چرخ پر تعجّب کیسا؟ دُنیا میں تو "اِنقلاب" ہی ہوتا ہے

ہنس ہنس کے ترا ستم اُٹھایا دُنیا رو رو کے تجھے گلے لگایا دُنیا!
تو اور وفا کرے، یہ ناممکن ہے! دُنیا تجھے خُوب آزمایا دُنیا!!

تقاضائے وفا

از جناب جلال الدین صاحب اکبر

گئے وہ دن کہ دل میں سوزِ غم تھا — گئے وہ دن لبوں پر جب تھیں آہیں
تھی ہر دم دید کی دل میں تمنا — نظارہ جو ہمیشہ تھیں نگاہیں
کسی کی گردنِ نازک میں ہر دم — محبت سے حمائل تھیں یہ باہیں
کوئی نازوادائے جانفزا سے — بتاتا تھا مجھے جینے کی راہیں

مگر وہ عہدِ زرّیں ہو چکا ہے — نہیں باقی وہ اُن کی جلوہ گاہیں
ہوئیں محروم اب کیفِ اثر سے — نگاہیں آہ وہ جادو نگاہیں

دماغ اب تو ہمیں بھی یہ نہیں ہے — کہ ظالم گیسوؤں والوں کو چاہیں
کہاں سے دل میں آئے شوقِ سجدہ — نہیں ہیں حسن ہی کی بارگاہیں
ہو رنجِ ہجر اگر جانکاہ روئیں — اگر چوٹیں لگیں دل پر کراہیں

غرض دنیا ہی اپنی اور ہے اب — نہ وہ ہم ہیں نہ وہ اُن کی نگاہیں
مگر با اینہمہ چپکے سے کوئی — یہ دل میں کہہ رہا ہے پھر بھی چاہیں

تقاضائے وفا اکبر یہی ہے
محبت ہو نہ ہو پھر بھی نباہیں

مرقعِ چغتائی دیوانِ غالب مصوّر کا دوسرا ایڈیشن۔ ۲۱۰ کاپیوں کا پہلا ایڈیشن فی کاپی ۱۰ روپے کے حساب سے تین ماہ میں فروخت ہو گیا تھا۔ ہندوستان کے مشہور اور بہترین کاتب کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہر سطر فوٹو بلاک سے تیار ہوئی ہے۔ تمام مکمل دیوانِ غالب اور ساتھ انتخابِ کلامِ غالب ہے۔ ایسا صحیح اور خوشخط نسخہ آجتک شائع نہیں ہوا جسکی لکھائی چھپائی کی مثال ہندوستان ایک مدت تک پیش نہ کر سکیگا۔ یہ مرقع پچاس رنگین شاہکاروں کا مرقع مراکو چمڑے کی جلد باوجود ان سب خوبیوں کے قیمت صرف سترہ روپے۔ (معہ محصول)

شاہنامۂ اسلام اسلام کی مکمل تاریخ از ابوالاثر حفیظ جالندھری اسکی تعریف کرنا گویا سورج کو چراغ دکھانا ہے قیمت ۴ روپے

زبورِ عجم از علامہ سر محمد اقبال قیمت بلا جلد ۲ روپے

پیامِ مشرق از علامہ سر محمد اقبال

مثنوی اسرار و رموز خودی قیمت ۲ روپے

بانگِ درا تصویر قیمت ۲ روپے

کلیدِ مرغی خانہ اس کتاب میں کئی رنگین اور ایک رنگ کی مختلف نسل و قسم کی مرغیوں کی تصاویر اور ان کی غور پرداخت کے حالات درج ہیں۔ کس طرح مرغیاں پالنے سے انسان لکھ پتی بن سکتا ہے۔ آپ بیکار ہیں تو کم سے کم ایکہزار روپیہ ماہوار اس فن سے کما سکتے ہیں قیمت سوا تین روپے (۳ روپے ۱۴ آنے) (محصول ڈاک ہر ایک بذمہ خریدار ہوگا!)

ملنے کا پتہ۔ منیجر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

تصوّف کی آڑ میں

از جناب مرزا اعظم بیگ صاحب چغتائی بی۔اے۔ایل۔ایل۔بی (علیگ)

(۳)

میری شادی سیٹھ کی لڑکی کے ساتھ نہایت ہی سادہ طریقہ سے عمل میں آئی۔ میں نے اپنی بیوی کو بھولا اور شرمیلا اور نیک مگر سادہ لوح پایا۔ علی شاہ کی ہدایت کے موافق میں اُس کے لئے گونگا بنا رہا۔ اوّل توجہ ہی نہ کرتا اور نہ بات چیت تو بالکل کم بلکہ قریب نہیں کے۔ ہر وقت بھویں سکیڑے رہنے کی کوشش کرتا۔ مگر ایک اچھی اور محبت کرنے والی بیوی کے ساتھ یہ برتاؤ ناممکن ہے۔ اسکی خدمت اور محبت و پیار نے میرے دل میں گھر کرنے لگی اور علی شاہ کی ہوشیار نظر نے تاڑ لیا کہ میں کدھر جا رہا ہوں۔ میری شادی کو پندرہ روز کے قریب ہو گئے تھے اور میں اپنی بیوی سے اتنا مانوس ہو گیا تھا کہ خواہ مخواہ کفر سکوت توڑ کر گھل مل کر رہنے کو جی چاہتا تھا۔ علی شاہ نے اپنی تجربہ کاری کی بنا پر سب کچھ تاڑ لیا اور مجھ سے ایک روز کہا کہ یا تو دس پندرہ روز میں اسکو چھوڑ چھاڑ کر میرے ساتھ چلو ورنہ پھر مجھے دس ہزار روپیہ دو۔ ورنہ میں سب معاملہ پٹ کر دوں گا۔ میں جانتا ہی تھا کہ اوّل تو علی شاہ ویسے چالاک ہے اور پھر سیٹھ پر اس کا جادو بھی چل گیا ہے کہیں اشارہ بھی کر دیا تو میں کہیں کا نہ رہونگا۔ چنانچہ میں نے وعدہ کیا کہ جلد سے جلد سیٹھ کو لوٹ کھسوٹ کر تمہارے ساتھ چلوں گا۔ علی شاہ نے یہ دیکھکر کہ میں اپنی بیوی کی طرف مائل ہوں مجھکو دوسری ہی راہ دکھائی۔ پہلی مرتبہ کے دورہ پر ایک حسین لڑکی کی طرف میں بیحد مائل ہو گیا تھا علی شاہ مجھ سے اب کہا کہ چلو میں اُسے تمہارے قبضہ میں کرا دونگا مگر مجھے اب اپنی بیوی کے آگے اُس لڑکی کی ذرہ پروا نہ تھی۔

جوں جوں وقت گذرتا گیا میرا دل اپنی بیوی سے ملتا گیا۔ وہ بہت اچھی اور شوہر پرست لڑکی تھی۔ مگر میں کیا کرتا خود مصیبت میں پھنسا تھا۔

رات کا سناٹا تھا میں اپنی بیوی کے ساتھ بڑے کمرے میں سو رہا تھا۔ اندازاً کوئی رات کے ایک بجے ہونگے۔ چھوٹے سے لیمپ کی روشنی چراغ کی مانند کارنس پر ٹمٹما رہی تھی۔ میں نے بیوی کو غافل سوتے ہوئے سے ایسے چپکے سے اُس کو ہوشیار کیا کہ جیسے کوئی خاص بات ہے۔

"چُپ! چُپ!" میں نے آہستہ سے اُس کے کان میں کہا۔ "وہ دیکھ ... وہ ... وہ دیکھ"

یہ کہکر میں نے علی شاہ کی طرف اشارہ کیا۔ علی شاہ کمرہ کے ایک کونہ میں بالکل سفید براق کپڑے پہنے فرشتہ کی طرح جہانبڑ جھول سفید ململ کی تہ بتہ کپڑے ڈالے کھڑا تھا۔

"ارے! ارے!" میں نے بیوی کے مُنہ کو ہاتھ سے بند کرتے ہوئے کہا یہ تو وہ شاہ صاحب ہیں جنہیں میں نے خواب میں دیکھا تھا"

علی شاہ نے ٹکٹکی باندھے دیکھتے ہوئے آہستہ آہستہ ہاتھ اُٹھانا شروع کیا۔

میں خود بولا "یہ کدھر سے آ گئے۔ کمرہ تو چاروں طرف سے بند تھا۔ یہ کدھر سے آ گئے"

میری بیوی سہمی ہوئی تھی۔

"شاہ جی کو نظر کر دے" یہ کہکر میں نے جلدی جلدی اپنی بیوی کے بدن پر سے زیور اُتارنا شروع کیا۔ "شاہ جی کو یہ نظر کر دے" میں نے دوبارہ کہا اور زیور اُتارتا جاتا تھا۔ وہ زیور سے دیہاتیوں کی طرح ہر وقت لدی رہتی تھی۔ سب زیور نہایت ہی بھدے قسم کا طلائی تھا۔

میں نے جلدی جلدی سب زیور اُتار کر ہاتھ میں لیا اور پلنگ پر سے اُٹھا اور علی شاہ کے آگے دوزانو ہو کر زیور پیش کر کے بولا "آپ ہی نے میری شادی کرائی ہے۔ آپ ہی کو میں نے خواب میں دیکھا تھا۔ کمرہ تو چاروں طرف سے بند ہے آپ کدھر سے آئے"

"مجھے کچھ نہیں چاہیئے۔ میں جدھر سے آیا ہوں اُدھر ہی سے جاتا ہوں" یہ کہکر روشن دان کی طرف اُنگلی اُٹھائی۔

میں نے کہا "حضور روشن دان سے کیوں جائیں۔ بیٹھئے۔ تشریف رکھئے۔ سیٹھ صاحب کو بلواؤں"۔

"نہیں میں جاتا ہوں"۔ یہ کہکر علی شاہ نے اپنے سفید لبادہ کو روشن دان کی طرف دیکھکر اس طرح جنبش کی کہ جیسے آب اڑے۔ میں نے پیر پکڑ لئے کہ روشن دان سے خدا کے واسطے نہ جائیے میں دروازہ کھولے دیتا ہوں مگر میری التجا تو یہی ہے کہ آپ بیٹھئے۔

علی شاہ نے دروازہ کی طرف رُخ کیا اور میں نے بڑھکر دروازہ کھولدیا۔ اور پھر ہم دونوں جو وہاں سے اُتر کر بھاگے ہیں تو بس غائب سکرہ کے الان سے نیچے زینہ سڑک پر جاتا تھا اُس کو اسی طرح کھول کر ہم دونوں غائب ہو گئے۔

(۲)

سیٹھ کلکتہ سے ہم دونوں عظیم آباد پہنچے اور وہاں سے پھر گیا آئے۔ میں بیحد ملول تھا اور علی شاہ مجھے ڈانٹ رہا تھا کہ محض ایک لڑکی کی وجہ سے تم اتنے کبیدہ خاطر ہو۔ یہ کمزوری اور جہالت ہے۔ وہ تمہاری ہی ہے۔ وہی تو در اصل اٹے بھرے پہ کام آئیگی۔ سیٹھ جی کو تو مستقل طور پر پھنسا رکھو۔ مگر میرا دل بالکل نہ چاہتا تھا۔ میرا دل یہ چاہتا تھا کہ بیوی کے ساتھ رہوں اور گھر کی تجارت دیکھوں۔ مگر مجبور تھا۔

گیا میں ہم لوگ ایک سرائے میں جاکر ٹھہرے کہ ایک عجیب ہی معاملہ پیش آیا۔ ایسا کہ کبھی سُنا بھی نہ تھا۔ رات کے دس بجے ایک آدمی ہمارے پاس سرائے میں آیا اُس نے چپکے سے علی شاہ سے کہا کہ شاہ صاحب آپ کو فلاں فلاں صاحب بُلاتے ہیں۔ یہ ایک راجپوت معزز بیرسٹر تھے اور ان کی کوٹھی شہر سے باہر تھی۔ میں تو میں علی شاہ بہت چکرائے کہ الٰہی یہ کیا ماجرا ہے۔ اُس آدمی نے پھر چپکے سے کہا کہ ایسے آئیے گا کہ کسی کو پتہ نہ چلے قبل اسکے ہم اور پوچھیں پوچھیں وہ مفصل پتہ بیرسٹر صاحب کی کوٹھی کا دیکر یہ کہکر بھاگ گیا کہ بیرسٹر صاحب خود تم کو پھاٹک کے دروازہ پر ملیں گے۔

علی شاہ اس قدر تجربہ کار اور جہاندیدہ آدمی بھی چکرا گیا کہ یہ کیا معاملہ ہے۔ اسکی عادت تھی کہ پوچھتا کم تھا اور سوچتا زیادہ تھا۔ بہت کچھ سوچ بچار کے بعد علی شاہ نے کہا کہ چلو۔ ہم دونوں سوچتے چلے جا رہے تھے۔ میری سمجھ میں نہ آتا تھا کہ علی شاہ نے اُس ملازم سے یہ کیوں نہیں کہا کہ میں بیرسٹر صاحب کو کیا جانو کسی اور کو بُلاتے ہونگے۔ کیوں بُلاتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ مگر جیسا کہ میں کہہ چکا ہوں علی شاہ ہمیشہ معاملات کو صاف کرنے سے گریز کرتا تھا۔

سڑک بالکل سیدھی تھی اور ہم دونوں ٹھیک بنگلہ پر پہنچے۔ رات کے گیارہ یا بارہ بجے ہونگے کسی شخص کو بنگلہ کے دروازہ ہی پر چور کی طرح کھڑا پایا۔

بیرسٹر صاحب نے نہ معلوم کیا انگریزی میں کہتے ہوئے ہم دونوں کا استقبال کیا۔

علی شاہ نے دُعا دیتے ہوئے کہا "بابا ہم لوگ فقیر انگریزی کیا جانیں"۔

"معاف کیجئیگا"۔ یہ کہکر بیرسٹر صاحب علی شاہ کا ہاتھ پکڑ کر نہایت ہی اخلاق سے بنگلہ کی طرف لائے۔ راستہ میں انہوں نے کوئی بات نہ کی۔

بنگلہ میں لیجا کر برآمدہ میں بٹھایا۔ کرسیاں پڑی ہوئی تھیں اور بنگلہ طرح طرح کے گملوں سے آراستہ تھا۔ ریاست اور تمول کا ہر چیز سے پتہ چلتا تھا۔

بیرسٹر صاحب کی شکل اب میں نے روشنی میں دیکھی۔ صورت شکل سے بالکل عیسائی معلوم دیتے تھے۔ عمر کوئی بیتالیس برس کی ہوگی۔ پتلون اور قمیص پہنے ہوئے تھے اور اس پر ایک کوٹ۔

بیرسٹر صاحب نے ہم لوگوں کو سگرٹ پیش کئے اور پھر علی شاہ سے کہا "بہتر ہے کہ آپ کمرہ میں تشریف لیچلیں"۔

یہ کہکر چٹ اُٹھائی۔ میں بھی اُٹھا تو بیرسٹر صاحب نے مُسکرا کر کہا "غالباً آپ دونوں میں کوئی مغائرت نہیں ہے"۔

"جی نہیں بالکل نہیں" علی شاہ نے کمرہ میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔ ہم دونوں کمرے میں آئے۔

کمرہ بہترین مغربی سامان سے آراستہ تھا۔ طرح طرح کے پردے پڑے ہوئے تھے اور طرح طرح کا سامان آرائش چپہ چپہ پر تھا۔ بیچ میں کرسیاں اور صوفے پڑے ہوئے تھے۔ ہم تینوں وہاں آکر بیٹھ گئے تو بیرسٹر صاحب اُٹھے اور اُنہوں نے وہ دروازہ بند کر دیا جس میں سے ہو کر ہم سب آئے تھے اور پھر تیزی سے گھوم کر ایک دروازہ کو اچھی طرح دیکھا کہ بند ہے یا نہیں۔ میں سخت گھبرایا اور میں نے علی شاہ سے پریشان ہو کر کہا "بھیا یہ کیا معاملہ ہے"۔ آنکھیں نکال کر انہوں نے کہا۔ چپ! خبردار مُنہ سے بات نہ نکالنا ورنہ تم جانو گے"۔ اتنے میں بیرسٹر صاحب دروازوں کی دیکھ بھال سے فارغ ہو کر واپس آگئے۔

اب بیرسٹر صاحب نے نہایت ہی سنجیدگی سے کہا "بہتر ہے کہ جناب خود معاملہ کی بات چیت کر لیں"۔

علی شاہ نے بغیر کسی تامل کے کہا "میں ایک ادنیٰ فقیر ہوں اور آپ کی عنایات کا محتاج"۔

بیرسٹر صاحب مسکرائے اور فوراً اٹھکر سامنے بڑی الماری کو کھول کر اُس میں سے کچھ چیز نکال کر لائے اور علی شاہ کے سامنے رکھتے ہوئے بولے "آپ کے عہدہ اور حیثیت کے لائق تو نہیں مگر یہ پیش کرتا ہوں بشرطیکہ آپ دونوں صاحبان قسم کھائیں کہ میرے خلاف آپ کوئی کارروائی نہ ہوگی اور آپ میرے موافق رپورٹ کردینگے"۔

علی شاہ نے کہا "بہتر ہے کہ یہ رقم آپ اپنے پاس رکھیں میں ویسے ہی آپ کی خدمت کیلئے تیار ہوں"۔

"مگر یہ تو آپ کو لینا پڑے گی۔ ڈھائی ہزار روپیہ ہیں۔ ڈیڑھ ہزار آپ کے اور ہزار انکے" یہ کہتے ہوئے بیرسٹر صاحب نے نوٹوں کی گڈی علی شاہ کے ہاتھ میں زبردستی دیدی۔

"معاف کیجئے گا بیرسٹر صاحب" علی شاہ نے کہا "جو کام آپ مجھ سے چاہتے ہیں اُس کے لئے لازمی ہے کہ واقعات مجھ کو صحیح صحیح معلوم ہوجائیں"۔

"پولیس کی رپورٹ میں جو واقعات درج ہیں وہ حرف بحرف صحیح ہیں"۔ بیرسٹر صاحب نے کہا "آپ کے پاس تو نقل ہوگی"۔

"بیرسٹر صاحب آپ کا نہ معلوم کن لوگوں سے ابتک سابقہ پڑا ہے۔ آپ کا خیال ہوگا کہ آپنے مجھے پہچان لیا۔ تعریف تو میں بھی آپ کی کرتا ہوں۔ مگر بیرسٹر صاحب میرے ٹکڑے ٹکڑے کرڈالئے تب بھی آپ میری زبان سے میری بابت کچھ نہیں معلوم کرسکتے سوائے اس کے کہ ایک فقیر ہوں۔ جو کچھ بھی ہے وہ میرے دل میں اور دماغ میں ہے ورنہ میرے پاس کوئی پولیس رپورٹ ہے اور نہ کوئی کاغذ ہے"۔

میں نے آپ کی تعریف سُنی تھی۔ میں آپ کو خوب جانتا ہوں "دہلی کے لارڈ ہارڈنگ والے معاملہ میں جو کچھ بھی آپنے کیا وہ کس طرح!"

"معاف کیجئے گا بیرسٹر صاحب اِن قصّوں کا ذکر فضول ہے۔ آپ اِس قسم کی کوشش نہ کریں۔ آپ کو اپنے کام سے کام۔ آپ بے کم و کاست اپنا معاملہ مجھے سمجھادیں"۔

"چہ خوش" بیرسٹر صاحب نے طنزاً کہا "خوب! میں سب معاملہ آپ کو بتادوں اور کل آپ مجھے پھانسی پہ لٹکوادیں"۔

"آپ تو بچوں کی سی باتیں کرتے ہیں"۔ علی شاہ نے کہا "کسی جُرم کے بارہ میں صحیح معلومات اور ہیں اور انکشاف اور شے ہے۔ میں نہیں کہتا کہ آپ مجھے معاملہ کے انکشاف میں مدد دیجئے"۔

بیرسٹر صاحب شراب پیئے معلوم دے رہے تھے کہ "ابھی آتا ہوں"۔ یہ کہکر وہ کمرہ کے کونہ میں گئے جہاں ایک پردہ پڑا ہوا تھا اور غالباً نہیں بلکہ یقیناً وہ ایک گلاس اور پی آئے۔

رومال سے منہ پونچھتے ہوئے انہوں نے کہا "میرے دل میں یہی ایک کسک ہے۔ آج تک میں نے کسی سے واقعات بالتفصیل نہیں بیان کئے۔ میرے دلپر ایک بارِ عظیم ہے۔ جُرم کا! خون کا!" بیرسٹر صاحب کا چہرہ گویا ایکدم سے فق سا ہوگیا۔ وہ پھر بولے "میں بے کم و کاست آپ کو تمام واقعات بتاؤنگا اور سوائے مدفن کے سب کچھ بتادونگا۔ آپکو تکلیف تو ہوگی مگر ذرا تفصیل سے واقعات سُننا پڑینگے کیونکہ مرنے سے پہلے کسی سے ضرور کہنا چاہتا ہوں مگر یہ دیکھئے" یہ کہکر اُنہوں نے جیب سے پستول نکال کر دکھایا "یہ دیکھئے میں اس کو ہر وقت جیب میں تیار رکھتا ہوں اگر کہیں کچھ وعدہ خلافی ہوئی تو سمجھ لیجئے کہ میری اور آپ کی دونوں کی جان کی خیر نہیں"۔

"آپ اطمینان رکھیں" علی شاہ نے کہا "مجھے مختصر حالات بتادیں۔ بالکل مختصر"۔ علی شاہ نے اپنی جان چھڑانے کی نیت سے کہا۔

بیرسٹر صاحب بولے "جی نہیں آپ کو مفصل حالات سُننا پڑینگے۔ میں پورا پورا قصہ بیان کرکے اپنے دل کی بھڑاس نکالوں گا۔ آپ لوگ شائد بھوکے ہیں لہذا کچھ کھالیجئے"۔

یہ کہکر وہ پھل، بسکٹ اور نمکین اور خشک میوے دراز سے نکال لائے اور ہم دونوں نے جمعرات کے فقیروں کی طرح ہاتھ مارنا شروع کئے۔ جب اطمینان سے کچھ کھاپی چکے تو بیرسٹر صاحب نے اپنا قصہ بیان کرنا شروع کیا۔ یہ قصہ ناظرین صوفی کی دلچسپی کیلئے پھر کبھی پیش ہوگا۔

احسن الکلام

از جناب احسن صاحب

دی گئی خوابِ تصور کی یہ تعبیر مجھے
کہ ہر اک شے میں دکھائی تری تصویر مجھے

جس طرح باندھ گئی زلفِ گرہگیر مجھے
یوں نہ پابند کرے گی کوئی زنجیر مجھے

آتے جاتے ہوئے رہتا ہوں سرِ دامنِ یار
خاکِ پا ہو کے یہ ہاتھ آئی ہے توقیر مجھے

عالمِ حسن کا ایک ایک مرقع دیکھا
تیری صورت کی ملی کوئی نہ تصویر مجھے

یوں نہ گھبرا کے بنا کام کہ دم پر بن جائے
سانس تو لینے دے اے نالۂ شبگیر مجھے

صورتِ نقشِ قدم خاک بسر ہوں لیکن
خضر کہتے ہیں، درِ یار کے رہگیر مجھے

لکھ کے ہر کوشش و تدبیر کا دستورِ عمل
دے گیا کاتبِ قدرت خطِ تقدیر مجھے

نہ بچا جنبشِ مژگاں کی ادا سے نہ بچا
لے گئی کھینچ کے آخر کششِ تیر مجھے

شاعری ہو گئی بدنام بوجہِ احسن
نیک نامی نے کیا خوب ہی تشہیر مجھے

عندلیب

از جناب باسط بسوانی

ہو چمن میں کیا بیاں سوزِ نہانِ عندلیب
ہیں کہاں سے لاؤں اے باسط زبانِ عندلیب

کان دھر کر گر سنے تو شاہدِ گل کی طرح
خندۂ غنچہ سنائے داستانِ عندلیب

چاک ہو نگیں گریباں لب پہ نالے گرم ہوں
وہ جو شانِ گل ہے ایدل یہ ہے شانِ عندلیب

غیر ممکن ہے کرے دامن نہ اپنا چاک چاک
گوشِ گل سے گر سنے کوئی فغانِ عندلیب

گرم بازاری چمن میں آتشِ گل کی کہاں
رنگ لایا ہے مگر سوزِ نہانِ عندلیب

آب و شبنم سے بھرے ہیں ساغرِ گل جا بجا
سوکھ کر کانٹا ہوئی پھر بھی زبانِ عندلیب

برق کو ہیں چمن بدنام کرتے ہیں عبث
آشیانہ خود بتاتا ہے نشانِ عندلیب

توڑنا گل کو نہ اے گلچیں خدا کے واسطے
کیونکہ روح گل ہے وابستہ ہے جانِ عندلیب

عشق کی اُفتاد لے آئی قفس میں باغ سے
بن گیا صیاد ظالم پاسبانِ عندلیب

ذکر یہ باسط میں یوں ہی حشر تک کرتا رہوں
کوئی گل رُو گر سنے مجھ سے بیانِ عندلیب

کالا پانی دہاپوں کے مشہور مقصہ جبکہ بہت سے علمائے کرام کو جس دوام بعبور دریائے شور کی سزا دی گئی تھی مولوی محمد جعفر صاحب تھانیسری نے مقدمہ کے حالات اور اپنے زمانہ قید کے حالات کو قلمبند کیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک آٹھ آنے (۸/)

ملنے کا پتہ: مینجر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین۔ پنجاب

ہندو مسلم مسئلہ

از جناب سر محمد یعقوب صاحب بار ایٹ لا پریذیڈنٹ مسلم لیگ دہلی

(جلسہ مسلم لیگ میں محمد یعقوب صاحب نے ۲۲ مئی کو شملہ سے ایک بیان شائع کیا تھا اس کا خلاصہ ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے۔ مدیر)

جہاں تک میں اندازہ لگا سکتا ہوں مسلمانوں کا رویہ مسٹر محمد علی جناح کے چودہ نکات کی طرف بہ حیثیت مجموعی کامل اتفاق کا ہے۔ ان چودہ نکات میں سے ایک بھی جداگانہ نیابت کو دوسرے نکات سے علیحدہ کر کے ان کی دیگانگت کو توڑنا میرے خیال میں حکمت عملی کی ایک زبردست غلطی تھی۔ صرف صرف ایک ہی نکتہ کے متعلق چند مسلمانوں کا عامۃ المسلمین سے اتفاق نہ رکھنا ایسا معاملہ نہ تھا کہ اسے زبردست اہمیت دیکر مسلمانوں میں نفاق ڈالنے کی کوشش کی جاتی اور پھر یہ معاملہ بھی ضابطہ کا تھا۔ اصول کا نہیں تھا۔ اصول کے متعلق تو تمام مسلمان بالکل ہی متفق الرائے تھے۔

بھائی پرمانند نے پنجاب اور صوبہ سرحد کی ہندو کانفرنس منعقدہ لاہور میں جو تقریر کی وہ اتنی بیجا نہ ہوتی اگر جتنی کہ ہندو مسلم اتحاد کی راہ میں حائل ہونے والی خصوصاً بھائی پرمانند نے جو دعویٰ ہندو مہاسبھائی حیثیت کے متعلق کیا اور اتحاد کے لئے کوشش کرنے والے ہندوؤں کے متعلق جو کچھ کہا اس سے اعتدال کا دامن چھوٹ گیا۔ جو کہ ہندوؤں سے صلح کرنے کے لئے مسلمانوں کے مفاد کو بھی قربان کرنے کے لئے طیار تھی۔ زیادہ مشکل بنا دیا ہے کیونکہ وہ اب خالباً یہ سوچ رہے ہونگے کہ کانگریس کے ساتھ صلح کر لی گئی تو کیا ہندو واقعی راضی ہو کر اپنے آپ کو اس صلح کے پابند سمجھیں گے یا نہیں۔

مسلمانان ہند کا جو کہ اس ملک میں زبردست اقلیت میں ہیں اپنے حقوق کے متعلق اس قدر مضطرب ہونا ایک طبعی شے ہے جس کے متعلق کوئی عذر پیش کرنے کی ضرورت نہیں، لیکن ہندوؤں کا جو کہ اتنی زبردست اکثریت میں ہیں اس مسئلہ پر اس قدر ہنگامہ برپا کر دینا مسلمانوں کو خواہ مخواہ بدظن کرنے کی کوشش ہے۔ آج سے دو ہفتہ پہلے جتنی دلیلیں مجھ کو ہندو مسلم مسئلہ کے حل ہو جانے کی تھی اب نہیں رہی مسٹر گاندھی نے شملہ سے روانہ ہونے سے پہلے جو بیان اخبارات میں شائع کرایا اس سے میری یہ آخری امید بھی باقی نہیں رہی۔ سب سے پہلے مسٹر گاندھی کی شرط یہ تھی کہ مسلمانوں کے مطالبات متحدہ ہوں۔ مسٹر گاندھی کو یہ بات معلوم ہونی چاہیئے تھی کہ سات کروڑ انسانوں کا ہر ایک معاملہ کے متعلق بالکل متفق ہونا ایک تقریباً ناممکن الفعل بات تھی۔ لیکن اب جبکہ مسلمانوں نے کر دیا تو یہ بات بخوبی ثابت کر دی ہے کہ باوجود انہیں غیر متفق دکھلانے کی کوششوں کے وہ دراصل بالکل متفق تھے۔ مسٹر گاندھی نے ہندوستان ٹائمز کے نمائندہ کو کہا ہے کہ "مسلمانوں اور سکھوں متحدہ مطالبات پیش کریں"۔ اولاً تو مسلمانوں اور سکھوں کا آپس میں کسی نقطۂ نگاہ سے مقابلہ ہی نہیں کیا جا سکتا۔ مسلمانوں کے ساتھ ناانصافی کرنے کی کوشش کرنا ہے۔ مسلمانوں کی تعداد صرف ہندوستان ہی میں سات کروڑ ہے اور مسلمان ملک کے ہر حصہ میں بستے ہیں۔ برعکس اس کے سکھوں کی آبادی صرف چند لاکھ ہے اور وہ بھی زیادہ تر صرف ایک ہی صوبہ یعنی پنجاب تک محدود ہے۔ مسلمانوں کا مسئلہ سارے ہندوستان کا مسئلہ ہے سکھوں کا مسئلہ پنجاب تک محدود ہے۔ علاوہ اس کے سکھوں اور مسلمانوں کو کسی بات پر متفق کرنا ایک بالکل ناممکن بات ہے۔ اور ہندو مسلم مسئلہ کے حل کو مسلمانوں اور سکھوں کی ہم آہنگی پر شروط کر دینا حل مسئلہ کو معرض التوا میں لانے کے مساوی ہے۔

یہ توقع رکھنا کہ ایک شخص صرف ایک ہی چیز پر متفق ہو جائیگا ناممکن امر کی توقع رکھنا ہے۔ بار بار اسی بات کو دہراتے رہنا بالکل بیکار ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ واقعات پر نظر ڈالیں ... جو جو رائیں قابل حصول تھیں اب لی جا چکی ہیں۔ مزید بحث بالکل بے سود معلوم ہوتی ہے اگر مسٹر گاندھی مسلمانوں کے ساتھ واقعی مفاہمت کرنا چاہتے ہیں تو انہیں بیٹھ کے آل انڈیا مسلم لیگ سے بات چیت کر لینی چاہیئے۔ اور ایک نیا کانگریس مسلم لیگ معاہدہ طیار کرنا چاہیئے۔ اور آپ رائیگاں وقت ضائع نہ کرنا چاہیئے۔ اگر وہ فی الواقع صلح کے خواہشمند ہیں تو یہ صلحنامہ طیار ہو کر آل پارٹیز کانفرنس کے سامنے رکھا جا سکتا ہے تاکہ وہ آئندہ دستور العمل کا ایک حصہ بن جائے۔

جداگانہ نیابت

[illegible] ڈاکٹر شفاعت احمد خاں صاحب ایم ایس سی (علی گڑھ) پی ایچ ڈی (لندن) پروفیسر تاریخ الٰہ آباد یونیورسٹی ممبر گول میز کانفرنس
(ڈاکٹر صاحب موصوف کانگریس کے مدار کی اور اپنے صوبہ میں جداگانہ نیابت کے مسئلہ کے متعلق ضروری باتیں کہیں۔ اس
خطبہ صدارت کو ہم ذیل میں درج کرتے ہیں۔ ہمارے خیال سے آئندہ دنوں میں ڈاکٹر صاحب کا تحریر کردہ یہ فیصلہ کن مکتوب ہر ناظرین کے لئے دلچسپی کا باعث ہوگا۔
کانفرنس نے کمیٹی کی سفارشات کو منظور کر لیا۔ اس کمیٹی کے ممبروں میں سے ڈاکٹر صاحب کے علاوہ قاضی محمد اسد صاحب بھوپال اور مہاراجہ
صاحب کاسمبو نے مخالفت کی۔ اس کانفرنس کے متعلق ہم [illegible] کوشش کریں گے۔ محمد سلیمان (ایڈیٹر کرنٹ ایجنسی)

مسلمانوں کے مطالبات جو کہ ۱۹۰۹ء کی گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ میں پیش کئے گئے تھے اور جنہیں گذشتہ اپریل میں دوہرایا گیا مسلمانوں کا یہ گنا چار ٹھ
مسلمانوں کے حقوق کے متعلق [illegible] بات ہے۔ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اپنے سیاسی پروگرام کو اتنی ہی توجہ کے ساتھ پورا کرنے کی
کوشش کرے جیسا کہ ایک مذہبی کارکن اپنے مذہبی فرائض کی طرف توجہ کرتا ہے۔

مسلمانوں کا یہ [illegible] ہے کہ جداگانہ انتخاب [illegible] مشترکہ نیابت کا مطالبہ کرنا جائے۔ مشترکہ نیابت کا مطالبہ پیش کر رہی ہے اس کا نتیجہ یہ
ہوگا کہ ہندو [illegible] اور مسلمان [illegible] ایک [illegible] ہو جائیں گے۔

موجودہ سیاسی حالات نے ملک کے ہندو دماغ کو متاثر کیا ہے۔ میں نے بعض ہندو اخبارات اور مسلم جذبات میں اتنی جلد پیدا ہونے والی
تبدیلی دیکھی ہے۔ گو [illegible] ہندو [illegible] بہت سے ہندو ایسے ہیں جو مسلمانوں کے جذبات کی [illegible] کرنے کا اخلاق جرأت اور [illegible] اس نتیجہ پر
پہنچا ہوا کہ مسلمانوں کی [illegible] ہے۔

موجودہ [illegible] زیادہ [illegible] ہیں کہ ہندو مسلمانوں کے جذبات ہیں کوئی رہنمائی پیروی کرنے کے لئے آمادہ نہیں ہوگا۔ ان خیالات
اور ان کو خواہ [illegible] کوئی شخص مسلمانوں کی طرف سے اگر کسی سے کوئی وعدہ کرنا چاہے تو نہیں کر سکتا ہے کہ وہ اس [illegible] کی
جماعت کے [illegible] کرے۔ بہرحال [illegible] کیا وہ کسی اور کو [illegible] کرنے کا مجاز نہیں۔

ڈاکٹر شفاعت احمد خاں صاحب نے پھر اس گفتگو کی طرف اشارہ کیا جو ابتدا میں مسلم رہنماؤں نے شروع کی ہوئی ہے کہ مسلمانوں میں [illegible] پیدا کی جائے
گو وہ [illegible] گفت و شنید کے اصول کے مخالف نہیں تھے انہوں نے فرمایا کہ کوئی گفت و شنید اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتی اور [illegible] اس وقت
تک بالکل بیکار ہے جب تک کہ [illegible] طور پر جداگانہ انتخاب کے اصول کو تسلیم نہ کر لیا جائے۔

اگر جداگانہ انتخاب کو ترک بھی کر دیا جائے تو اس سے فرقہ وارانہ [illegible] نہیں مٹ سکیں گے۔ کیونکہ ملک کی فریق آبادی یہ طبعاً ایک فرقہ وارانہ
پارٹی کے سو سالہ سے زیادہ عرصہ سے قائم ہے اور وہ اس تمام عرصہ میں فرقہ وار ہی رہی ہے ہیں اور قوم پرست نہیں بن سکی گو ہیں جداگانہ
انتخاب نہ ہوں تاہم کانگریس کو قوم پرست نہ ہونے کا الزام اس کے سر تھوپا جا سکتا ہے۔

بلجیم میں مذہبی پارٹیوں کا اقتدار ہے بلجیم کی پارلیمنٹ میں [illegible] حالانکہ وہاں مشترکہ انتخاب ہے۔ جرمنی میں کیتھلک پارٹی کا پارٹی دوسری پارٹیوں سے
گذشتہ ساٹھ سال سے بھاری ہے حالانکہ وہاں بھی انتخاب مشترکہ ہے۔ ہنگری، افریقہ کی پارلیمنٹ میں تو انگریز اپنی نیابت مناسب انتخاب
کے ذریعہ سے ہی حاصل کرتے ہیں۔

اگر جداگانہ انتخاب کو اڑا بھی دیا جائے تو بھی مسلمان مسلمانوں کو اپنے ووٹ دینگے اور ہندو ہندوؤں کو۔ جداگانہ انتخاب کیلئے کوئی مدت مقرر
نہیں کی جا سکتی۔ بعض لوگوں میں کہا جاتا ہے کہ جداگانہ انتخاب کو زیادہ سے زیادہ دس سال مزید کے عرصہ کیلئے رہنے دیا جائے مسلمانوں کو یک آواز
ہو کر اس قسم کی شر انگیز تجاویز کی مخالفت کرنی چاہئے۔

سب سے بہتر اور سب سے محفوظ طریقہ یہی ہے کہ مسلمانوں کو کامل آزادی دیدی جائے کہ جس وقت چاہیں ریفرنڈم کے ذریعہ سے مسلم مولم آنا س کی

رائے انتخاب کے مسئلہ کے متعلق حاصل کر کے چاہیں تو بڑا گاندھی انتخاب کو ترک کر دیں۔ کوئی پلیٹ فارم چاہے وہ کتنا ہی کیوں نہ ہو قوم کو تباہی کی طرف لے جانے والا ہو اس کی مخالفت کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔ اس کے لئے کانگرسی ہونا ضروری نہیں۔ کانگرس کی حمایت کرنے والے مسلمان بھی اس کی مخالفت کر سکتے ہیں۔ اور کر رہے ہیں۔ اس وقت ہندوستان کے مسلمانوں کی اکثریت کے سامنے یہ سوال ہے کہ ان کا رویہ کیا ہو۔ کانگرس کی ان حرکتوں کے متعلق جو اس نے مسلمانوں کے ساتھ کی ہیں۔ ایک طبقہ تو یہ کہتا ہے کہ آنکھیں بند کر کے کانگرس کی حمایت کرو۔ اور دوسری طرف وہ ہے جو ایک غیر ذمہ دار گروہ کی حمایت کرنے سے مسلمانوں کو روکتا ہے۔ اور مسلمانوں کی توجہ اس طرف دلاتا ہے۔

مسلمانوں کے مطالبات میں کسی قسم کی کمی نہیں ہوئی۔ وہ مطالبات جو کم سے کم مطالبات تھے۔ اگر ان میں کمی بیشی ہوئی بھی تو مسلمانوں کے لئے آپس میں گفتگو کر کے ہی کسی قسم کی کمی کرنا مصلحت عملی کے خلاف ہوتا۔ کیونکہ کچھ دینے سے پہلے ہی مسلمانوں کے تمام مطالبات کی مخالفت شروع کر دینے سے مسلمانوں کو آجکل خاص طور پر چوکنا رہنا چاہئے۔ اور اسلام کے حصول یا بقاء کے لئے ہر قسم کی قربانی کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔

ڈاکٹر شفاعت احمد خاں نے اس کے بعد گول میز کانفرنس کے کام پر ایک تنقیدی نظر ڈالتے ہوئے کہا کہ گول میز کانفرنس میں ہندوستان کی خود مختاری کے لئے ہندوؤں سے کم خواہش نہیں کی گئی۔ اور اس سلسلہ میں مسلم وفد نے بھی پورا پورا تعاون کیا۔ مسلمانوں کے مطالبات کو دستور میں قبول کر کے شامل دستور کرنے کا وعدہ کیا گیا۔

ہز ہائی نس سر آغا خاں نے بحیثیت لیڈر مسلم وفد جو کام گول میز کانفرنس میں کیا اس کی تعریف کرتے ہوئے ڈاکٹر شفاعت احمد خاں نے کہا کہ بعض حلقوں میں مسلم وفد کی یہ آواز غیر پسندیدگی کی نظروں سے دیکھی گئی کہ مسلم وفد ایک فریق کی طرح کام کرتا رہا۔ اور اس کا یہی نقطۂ نظر ترتیب و آرائشی اور نظم نے افغانستان میں لوگوں کے دل پر بہت گہرا اثر ڈالا۔ ہندوستان میں اس طرح کی کوششیں کی گئیں کہ مسلم وفد کو ناپسندیدہ قرار دیا جائے اور غیر مسلم وفد میں نفاق پیدا کرنے کی کوششیں کی گئیں۔ مگر ہر طرح اس قسم کی کوششیں ناکام ہوئیں۔ آج ہندوستان کا مستقبل جس نازک دور سے گزر رہا ہے اس میں بھی مسلمان من حیث القوم امتحان میں پورے اتر رہے ہیں اور اتحاد و تنظیم کے ایک بیمثل نظم کی وجہ سے۔

آخر میں ڈاکٹر شفاعت احمد خاں نے ان غیر عملی اسلامی تحریکات کا ذکر کیا جو موجودہ نازک حالات میں ہندوستان کے مسلمانوں میں رونما ہو رہی ہیں اور خصوصاً اپنے آخری ایام میں گول میز کانفرنس میں آ گئے ہیں۔ اور کہا کہ مسلمانوں کو ان تحریکات سے بچنا ضروری ہے۔ اصل ترتیب آرہستگی دو قسم کی ہے۔ ایک منظم جماعت بنکر رہنے اور دوسرے رہنما کی قیادت پر پورا پورا اعتماد کرنے کی۔

اگر مسلمان نوجوان اسلامی اصولوں پر پورے اتریں۔ اور دین متین کی خدمت کو اپنی زندگی کا مقصد بنا لیں تو ہندوستان کے آباد اور آزاد ہونے میں کوئی شک نہیں کہ مسلمان نوجوان اسلامی اصولوں کو ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ بیکار کے لوگوں کو جو اسلام کی خدمت کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ خاص طور پر نظر رکھیں۔ کیونکہ زیادہ تر یہی لوگ اسلام کے نام پر اسلام کے لئے نقصان دہ ثابت ہوئے ہیں۔ ہر شعبہ میں انہیں غیر مسلم ہی غیر مسلم نظر آتے ہیں۔ تجارت، کاروبار، زراعت، صنعت، سیاسیات، سرکاری ملازمتوں، غرضکہ ہر کہیں غیر مسلم ہی غیر مسلم ہیں۔ جو کہ موجودہ زمانہ میں کوئی اہمیت رکھتا ہے ہندوؤں کے ہاتھ میں ہے۔ اس لئے مسلمان نوجوانوں کو چاہئے کہ وہ محنت سے مشغول اسلامی کام کریں تاکہ ہماری قوم پھر اپنے سابقہ حالت پر آ جائے۔

مذاق العارفین مکمل چھپ چکا ہے از افادات حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن صاحب مدظلہ العالی۔ اس کتاب کا مقصد تصوف و سلوک کا صحیح مذاق پیدا کرنا ہے۔ ہدیہ صرف ۱۲ روپے۔

کلید خزائن قرآنی یہ لاجواب کتاب حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن صاحب مدظلہ العالی کے ان مفید مضامین کا مجموعہ ہے جو ماہنامہ صوفی میں شائع ہوئے۔ ان مضامین کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگائیے کہ ان کی پہلی قسط پڑھ کر ایک صاحب نے لکھا کہ اگر آپ کو یاد ہو تو پوری آیت فوراً معلوم ہو سکتی ہے۔ قیمت چھپنے پر رکھی جائے گی۔ علاوہ محصول ڈاک۔

اسرار قرآنی کتاب و حکمت کی تفسیر۔ مصنفہ جناب مولانا عبید اللہ صاحب سندھی۔ حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی کے علوم کی روشنی میں لکھی گئی ہے۔ مکمل ہے۔ ۲ جلدیں۔ ۱۲۰۰ صفحے۔ قیمت ۲۰ روپے۔

حجۃ اللہ البالغہ مصنفہ حجۃ الاسلام شیخ احمد ولی اللہ محدث دہلوی۔ اردو ترجمہ۔ ۲ جلدیں۔ ۱۲۰۰ صفحے۔ قیمت ۲۰ روپے۔

ملنے کا پتہ: مینیجر رسالہ صوفی پبلشرز بہاولپور۔ پنجاب

انجمن کا عکسی قرآن مجید

مسلمانانِ ہند کو شکایت ہے کہ کلام پاک کا جو نسخہ بھی اکثر تاجر حضرات معمولی سے کاغذ پر معمولی سی نقاشی سے کام لے رہے ہیں شدید تجارتی مقابلے نے قرآن مجید کا ہر ایڈیشن کو غلطیوں سے بھر دیا ہے۔ چنانچہ آجکل قرآن مجید کے بعض بڑے نسخے ایسے بھی چھپ رہے ہیں۔ جن میں قرآن کی ایک آیت کو کوشش ہوتی ہے کہ ہر صفحہ پر پوری آجائے۔ اس کوشش میں قرآن کا ہر ایڈیشن اتنا کم کمیوں کی خریداری کی طرف متوجہ ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ اس مقابلے کے نتائج نہایت خطرناک ہو رہے ہیں۔ نسبتاً کم تعداد میں چھپنے والے نسخے ناواقف کاتب انتخاب کر لیتے ہیں۔ نتیجہ کا کوئی معقول انتظام نہیں ہوتا بعض مطابع میں پروف سے کوئی صحیح ہوتا ہی نہیں۔ کاپیاں اور جزدان ہر سو پڑھے لکھے جاتے ہیں۔ کفایت کے خیال سے نہایت گھٹیا کاغذ استعمال ہوتا ہے۔ جلد بندی ایسی بے ڈھنگی کی جاتی ہے۔

اس پر یہ شکایت کو رفع کرنے کیلئے انجمن حمایت اسلام لاہور نے کم و بیش ۱۰۰ روپے خرچ کر کے صرف ۱۰۰ قرآن مجید کا ایک نہایت صحیح اور مکمل عکسی نسخہ شائع کرنے کا بیڑا اٹھایا ہے جو ۱۵ جنوری ۱۹۶۱ء تک شائع ہو جائیگا۔ اس کی مختصر تفصیل درج ذیل ہے۔

۱۔ ہندوستان کے مشہور اور کہنہ مشق ماہر نسخ و تعلیق منشی محمد قاسم صاحب کاتب سلطان القلم نے اس کی کتابت نہایت فراغ دلی سے انجام دیئے ہیں۔

۲۔ اس امر کی خاص احتیاط کی گئی ہے کہ تمام الفاظ اپنے اپنے صفحہ پر پوری پوری لکھی جائیں۔ دوسرے صفحہ پر نہ جائیں۔ ہر صفحہ کی سطریں گنی جا سکیں۔

۳۔ اس کی تصحیح میں نہایت ہی عرق ریزی سے کام لیا گیا ہے اور انجمن کا دعویٰ ہے کہ یہ نسخہ ہر قسم کی بڑی غلطیوں سے مبرا ہے جو شخص بھی نسخے میں کسی حرف یا حرکت کی کوئی غلطی نکالے گا، اُسے فی غلطی ایک اشرفی انعام دیا جائیگا۔

۴۔ ہر صفحہ پر ایک خوشنما جدول ہے، جس کے بالائی اور زیریں حصوں میں تحریریں خانے ہیں۔ بالائی خانوں میں پارے کا نام مع نمبر صفحہ کا نمبر اور سورت کا نام مع نمبر درج ہے زیریں خانوں میں صفحے کی پہلی سطر کی سورت آیت کا نمبر منزل کا نمبر اور صفحے کی آخری سطر کی سورت آیت کے نمبر درج ہیں۔

۵۔ سورت کے عنوان کے لئے خاص طرح کے ٹائپ تیار کیا گیا ہے، جس میں سورت کے نام مقام نزول مکی مدنی ترتیب تلاوت اور رکوع کے نمبر بالترتیب دائیں بائیں جانب درج ہیں۔ خانوں میں سورت کی آیات اور رکوع کی تعداد بھی علیحدہ علیحدہ درج کر دی گئی ہے۔

۶۔ پارے کے عنوان اور پہلی سطر کے لئے خاص ٹائپ تیار کئے گئے ہیں جس کے باعث پارے کی پہلی سطر دوسری سطور سے بالکل ممتاز ہو گئی ہے۔

۷۔ تمام قرآن مجید میں آیات کے نمبر سورت وار لگائے گئے ہیں۔ آیت کی علامت کے لئے دائرے کی بجائے ایک نہایت خوشنما ڈیزائن تجویز کیا گیا ہے۔

۸۔ رکوع کے ڈیزائن میں محراب بالائی اور زیریں خانوں کے اندر سے بالترتیب ۱ اور ۲ ہے کہ اس سورت یا پارے میں رکوع کونسا نمبر ہے۔ رکوع کا نمبر اور آیات کی تعداد آیات بتاتا ہے۔

۹۔ حوالے کی سہولت کے لئے شروع میں کمی معید فہرستیں شامل کی گئی ہیں۔

۱۰۔ اس کا تقطیع ۲۲ × ۲۹ ۸/۱ (۱۳) سطور ہے ہر صفحہ کا طول ۱۱ انچ، عرض ۷ انچ ہوگا۔ حاشیہ ۲ انچ اور باقی ۹ سطور کا حاشیہ ۱۴ انچ ہے۔

۱۱۔ اسکی طباعت میں فوٹو لتھو طریق اختیار کیا گیا ہے۔ یعنی خوشنویس کی تمام تحریر کا عکس لیکر ایلومینیم کی پلیٹوں کی بجائے آفسٹ طریق طباعت کی خاص پلیٹوں پر منتقل کیا جائیگا۔

۱۲۔ جلد تمام ہونے کی شیرازہ بندی کے بعد تیار ہوگی اور یادداشت رکھنے کے لئے خالی صفحے بھی بکثرت فیتہ لگا دیا جائیگا۔

غرض کہ قرآن مجید کا یہ نسخہ ہر حیثیت سے تعلیم اور عالم و عامی کیلئے یکساں مفید ہوگا۔ نمونہ کا صفحہ کتب خانہ انجمن حمایت اسلام لاہور سے مفت مل سکتا ہے ڈاک کے ذریعے نمونہ طلب کرنے والے دو پیسہ کا ٹکٹ بھیجیں۔ مسلمانانِ ہند کو اسلامی عبارت کا انتظار ہونا چاہیئے کہ اپنا اپنا ہدیہ بھیجکر اس کارِ خیر کی تکمیل میں انجمن کا ہاتھ بٹائیں۔

ہدیہ قسم خاص عمدہ ۱۵ آفسٹ کاغذ دونی ۲۰ پونڈ اعلیٰ چرم عملی کی جلد

قسم اول شہر نہایت سفید اعلیٰ الطاقتی کاغذ دونی ۱۲ پونڈ نفیس کپڑے کی جلد، چرم طلائی کا کونہ گوشہ

قسم دوم عمدہ کاغذ دونی ۱۲ پونڈ عمدہ کپڑے کی بیل دار جلد

ظفر اقبال سکرٹری تالیف و طبع کمیٹی، انجمن حمایت اسلام لاہور

حضرت خواجہ حسن نظامی کی تصنیفات و تالیفات کی مختصر فہرست کتب

ہندی ترجمہ و تفسیر قرآن مجید پارہ سی سفحے کاغذ کتابت چھپائی اعلیٰ درجہ کی پہلی جلد بدیہ پانچ روپے (۵/-) دوسری جلد بدیہ پانچ روپے (۵/-)

قلمی قرآن مجید آٹھ سو بہتر صفحے خوش خط غازی کاغذ کتابت سرخی کی گرد کے ساتھ مکمل ہوئے قرآن مجید کو کھیچ کر چھپوایا گیا ہے۔ قیمت

عام فہم تفسیر اردو پارہ تیس صفحے کاغذ کتابت چھپائی اعلیٰ درجہ کی ہر پارہ کی تفسیر علیحدہ علیحدہ ہے۔ ہر پارہ میں مضامین دو ہزار کے قریب ہیں۔ کتابت چھپائی کاغذ عمدہ ہر پارہ میں متن قرآن مجید عربی متن اور اردو ترجمہ اور تفسیر ہے۔ قیمت ہر پارہ

تشریح بخاری پارہ اول ایک سو تیس صفحے کاغذ عمدہ عربی متن اور اردو ترجمہ۔ قیمت علیحدہ کتابت چھپائی۔

تشریح بخاری پارہ دوم دو سو صفحے کاغذ عمدہ عربی متن اور اردو ترجمہ۔ قیمت علیحدہ کتابت چھپائی۔ اضافہ بارہ صفحہ چار آخر جمع ہشتم ہشتم ترجمہ چھپ کر تیار ہو گئے ہیں ہر پارہ علیحدہ قیمت

قرآن لسان فاعلم سو صفحے کاغذ اعلیٰ درجہ کا کتابت چھپائی اعلیٰ درجہ کی ہر پارہ کا بتصویر قیمت ۔ اندراج امین کی قیمت ۲/-

تعلیم القرآن چھیانوے صفحے کاغذ عمدہ۔ قیمت

میلاد نامہ سولہ صفحے میلاد کی مجلسوں کے لئے قیمت عہ/

سیرت نبوی اردو زبان میں سیرت کی بہترین کتاب ہے۔ قیمت عہ/

خلاصہ سیرت نبوی قیمت بارہ آنے ... ... (۱۲/)

محرم نامہ ایک سو اٹھائیس صفحے۔ کتابت چھپائی عمدہ کاغذ اعلیٰ درجہ کا محرم کی مجلسوں میں پڑھا جاتا ہے قیمت عہ/

پیر پیدا نامہ ایک سو چالیس صفحات کتابت چھپائی عمدہ کاغذ اعلیٰ درجہ کا بارہ ربیع الاول کی محفل میں پڑھنے کے لئے مناسب ہے قیمت عہ/

سلاطین عباسیہ حصہ اول ایک سو صفحے کاغذ اعلیٰ درجہ کا کتابت چھپائی عمدہ بنی عباس کی محفل تاریخ ہے قیمت عہ/

سلاطین عباسیہ حصہ دوم ایک سو صفحے کاغذ کتابت چھپائی عمدہ بنی عباس کی محفل تاریخ ہے۔ قیمت عہ/

فاطمی دعوت اسلام ایک سو صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی عمدہ کاغذ اعلیٰ درجہ کا فاطمی خلفاء کی محفل تاریخ ہے قیمت عہ/

رسول کی عیدی ایک سو صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی عمدہ مسلمان بچوں کے لئے بہت مفید ہے قیمت ۲/-

اردو دعائیں ایک سو صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی عمدہ دعائیں بہت مفید ہیں قیمت ۲/-

مغلیہ کا مجرب علاج تیس صفحات کاغذ عمدہ کتابت چھپائی عمدہ خاندانی نسخہ جات ہیں قیمت ۲/-

اعمال حج البیر ایک سو صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی عمدہ قیمت ۱۰/-

مرشد کو پیغام تعظیم ۲۰ صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی عمدہ قیمت عہ/

شاہی جہاد ایک سو صفحے کاغذ معمولی جہاد کی تاریخ۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے

غزوۂ ہند کی جہاد ایک سو صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی عمدہ جہاد کی تاریخ۔ قیمت ۱ روپیہ ۸ آنے

کیا ہندوؤں نا ایک سو صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی عمدہ قیمت ۱۲/-

خلاصہ تعلیم صوفی چالیس صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی عمدہ قیمت ۱/-

لاہوتی آپ بیتی ایک سو صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی عمدہ قیمت ۱/-

اردو خطبے دو سو چھبیس صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی عمدہ ایک سال کے خطبے جمعہ کے لئے نہایت عمدہ قیمت عہ مجلد عہ/

امام الزمان کی آمد ایک سو صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی عمدہ قیمت ۱۰/-

لے تور کا سلام آٹھ صفحے نعتیہ مضمون قیمت ایک آنہ

قبر کے خطبی نوشے تیس صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی اچھی قیمت ۲/-

انگریز کو دعوت اسلام ایک سو صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی اچھی قیمت ۱/-

خدائی احکام میں کالن ایک سو صفحے کاغذ عمدہ کتابت چھپائی اعلیٰ قیمت ۱۰/-

فلسفہ شہادت آٹھ صفحے کاغذ عمدہ قیمت ایک آنہ

حق پرستوں پر ستم ۱۶ صفحے کھلائی چھپائی اور کاغذ اعلیٰ درجہ کا حالیکہ اس کے حساب کا تذکرہ۔ قیمت ۱ر

تین شہید ۱۶ صفحے۔ تین نامور اشخاص کا تذکرہ۔ قیمت ۱ر

چند درویشوں کا تذکرہ ۱۶ صفحے خوبصورت ٹائٹل کھلائی چھپائی اچھی۔ کاغذ معمولی۔ قیمت ۱ر

داعی اسلام ۱۶ صفحے کھلائی چھپائی عمدہ کاغذ معمولی ہفتہ وار رسالہ کی تمام ہندوستان میں سو سے کچھ زیادہ ہے قیمت ۲ر

تبلیغی مرثیہ ۱۶ صفحے کھلائی چھپائی اچھی۔ کاغذ معمولی۔ مرثیہ اردو مرثیے۔ قیمت فی کاپی ۱ آنہ (۱ر)

عرب کا ارتداد ۳۲ صفحے کھلائی چھپائی اچھی۔ کاغذ معمولی۔ وفات رسول کے بعد کی مفصل تاریخ۔ قیمت ۴ر

عید کارڈ ایک درجن کارڈوں کا جوڑ بتیس صفحات۔ قیمت فی آنے

اسلام کا انجام ۱۶ صفحے کھلائی چھپائی عمدہ کاغذ دادای۔ قیمت ۱ر

تبلیغی اشتہاروں کا پہلا مجموعہ ۱۶ صفحے کاغذ اور کھلائی چھپائی عمدہ۔ قیمت ۱ر

اسلامی رسول ۳۲ بتیس صفحے کھلائی چھپائی عمدہ کاغذ درمیانی مختصر سیرۃ نبوی۔ قیمت فی آنہ (۲)

اسلامی توحید ۳۲ بتیس صفحے کھلائی چھپائی اور کاغذ عمدہ۔ قیمت ۲ر

تاکید مزید ۳۲ بتیس صفحات کاغذ اور کھلائی چھپائی عمدہ۔ قیمت فی آنہ (۲)

جانباز مسلم ۱۶ صفحے کاغذ اور کھلائی چھپائی مسلمانوں کو اسلام کے فدائی بنانے کی کوشش کرے۔ قیمت ۱ر

اسلام کے ضروری عقائد تین صفحے کاغذ اور کھلائی چھپائی قیمت ۱ر

اسلامی رسول کے معجزات ۱۶ بتیس صفحے مرزق۔ کاغذ اور کھلائی چھپائی عمدہ۔ قیمت فی آنہ (۱)

محمد در رشن ۱۶ آٹھ صفحے۔ رنگین مرزق۔ کاغذ اور کھلائی چھپائی اعلیٰ درجہ کی۔ نظم و نثر اعلیٰ عقائد۔ قیمت آٹھ آنے (۸ر)

ترکیب گناہ ۱۶ صفحے۔ کھلائی چھپائی اور کاغذ اعلیٰ درجہ کا قیمت دو آنے ... (۱ر)

مسلمان مہاراجا بالتصویر ۳۲ صفحے۔ کاغذ اور کھلائی چھپائی عمدہ رنگین مرزق۔ سات رنگ پانچ فاکہ راجپوتانہ کے مسلمان رؤسا کا تذکرہ۔ قیمت ۲ر

نادان دوست ۱۶ صفحے۔ کھلائی چھپائی اور کاغذ عمدہ۔ قیمت ۱ر

حلال خور ۱۶ صفحے۔ کھلائی چھپائی کاغذ دادای۔ قیمت ۱ر

ہندو مذہب کی معلومات ۱۶ صفحے۔ کھلائی چھپائی اچھی کاغذ درمیانی قیمت فی آنہ ... (۱)

سلاطین سبعہ ۱۶ صفحے سرورق رنگین قیمت ۱ر

بیگمات کے آنسو ایک سو پچھتر صفحے کھلائی چھپائی اور کاغذ اعلیٰ درجہ کا قیمت سلور آنہ

انگریز دوست کی بپتا ۱۶ صفحے کھلائی چھپائی قیمت ۱ر

محاصرہ دہلی کے خطوط ۱۶ صفحے۔ کھلائی چھپائی اچھی۔ کاغذ اور کھلائی عمدہ۔ قیمت ۱ر

بہادر شاہ کا مقدمہ ۱۶ صفحے کھلائی چھپائی عمدہ کاغذ درمیانی۔ قیمت دو روپے (۲ر)

گرفتار شدہ خطوط ایک سو چالیس صفحے کھلائی چھپائی اچھی کاغذ درمیانی۔ قیمت سوا روپیہ (۱ر)

غدر دہلی کے اخبار ۱۶ چوبیس صفحے کھلائی چھپائی اچھی کاغذ درمیانی قیمت چار آنے (۴ر)

غالب کا روزنامچۂ غدر ۱۶ صفحے۔ رنگین ٹائٹل۔ کھلائی چھپائی عمدہ کاغذ۔ قیمت بارہ آنے (۱۲ر)

دہلی کی جاں کنی بالتصویر ۳۲ صفحے۔ رنگین ٹائٹل۔ کھلائی چھپائی اور کاغذ اعلیٰ درجہ کا قیمت ایک روپیہ (۱ر)

دہلی کا آخری دن ۱۶ صفحے۔ قیمت دو سو چار صفحے

غدر دہلی کی صبح شام ۱۶ صفحے کھلائی چھپائی اور کاغذ عمدہ۔ قیمت ایک روپیہ آنے (۱ر)

دہلی کی آخری شمع ۱۶ صفحے کاغذ قیمت عمدہ

قیمتیں کاپی منیجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

بیوی کی تعلیم ایک سو اٹھاسی صفحے رنگین سرورق۔ کھائی چھپائی اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت سوا روپیہ (علم)

بیوی کی تربیت ایک سو بیس صفحے رنگین سرورق کھائی چھپائی اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت ایک روپیہ (علم)

اولاد کی شادی ایک سو بیس صفحے۔ کھائی چھپائی عمدہ کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت ایک روپیہ (علم)

عورت نامہ ایک سو ساٹھ صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ۔ قیمت چار آنے (علم)

اوصیٰ بتقویٰ یا تعلیم ایک سو ساٹھ صفحے رنگین سرورق کھائی چھپائی عمدہ کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت آٹھ آنے (علم)

ماں باپ کے کالجز کہنے کی باتیں بائیس صفحے رنگین سرورق کھائی چھپائی عمدہ کاغذ۔ قیمت

جنگ بیتی کہانیاں ایک سو ساٹھ صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ۔ قیمت

تاریخ مسیح چھ سو سولہ صفحے کھائی چھپائی اعلیٰ کاغذ۔ قیمت آٹھ

کرشن بیتی ایک سو بیس صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ۔ قیمت

جرمنی خلافت ایک سو ستر صفحے کاغذ اور کھائی چھپائی عمدہ۔ قیمت

شیطان کا حملہ سولہ صفحے کاغذ اور کھائی چھپائی عمدہ۔ قیمت

سی پارہ دل چار سو صفحے رنگین سرورق۔ کاغذ اور کھائی۔ چھپائی اعلیٰ درجہ کی۔ قیمت دو روپے (علم)

ملمع نہ خریدیو ایک سو چودہ صفحے کھائی چھپائی اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت عمدہ

کم ثروت چھ صفحے کاغذ اور کھائی چھپائی عمدہ۔ قیمت علم

مرگ نامہ ایک سو بیس صفحے کھائی چھپائی کاغذ معمولی قیمت

چنگیاں گڈ گڈیاں ایک سو بارہ صفحے کھائی چھپائی اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت

فرام قبلہ ٹو شلم ایک سو صفحے کھائی چھپائی عمدہ قیمت

پڑوس کے ستر ہاجی ایک سو صفحے کھائی چھپائی عمدہ قیمت

دربار عالم سکرار میں ایک سو صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ قیمت

نمونہ جنگ صفین ایک سو ساٹھ صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ خواجہ صاحب اور سر محمد علی کی قمیض جنگ کا تذکرہ۔ قیمت دو روپے (علم)

آنا لیق خطوط نویسی ایک سو بارہ صفحے سرورق رنگین۔ کھائی اور چھپائی عمدہ۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے (علم)

چھکی دست سنام ایک سو صفحے کھائی چھپائی کاغذ معمولی قیمت

دل کی عجیل یا چھتیس صفحے رنگین کھائی چھپائی اور کاغذ عمدہ۔ قیمت پانچ آنے۔ (علم)

آپ بیتی حسن نظامی ایک سو پچاس صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے (علم)

رسالہ نامچہ حسن نظامی سنہ ۱۹۲۴ء ۲۴۲ صفحے رنگین کھائی چھپائی عمدہ کاغذ قیمت

لڑائی کا گھر چھپن صفحے رنگین سرورق کھائی چھپائی عمدہ کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت چار آنے (علم)

گاندھی نامہ ایک سو صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ دیدہ زیب قیمت

سفرنامہ مصر و شام و حجاز با تصویر ۱۹۲ صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ قیمت

سفرنامہ ہندوستان ۱۶۷ صفحے کھائی چھپائی اور کاغذ عمدہ قیمت بارہ آنے (علم)

سیر دہلی با تصویر چھیانوے صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ قیمت ایک روپیہ (علم) با تصویر بارہ آنے (علم)

ستانن سنیدیسم ۱۲۷ صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ قیمت

غلامی مرفع ۱۲۸ صفحے عمدہ چھپائی عمدہ کاغذ قیمت

بوتل کا جن ایک سو صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ قیمت

ہیر بال کی گھڑ بال ایک سو صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ قیمت

سادھو سنکٹ ایک سو صفحے کھائی چھپائی عمدہ کاغذ قیمت

بھلاوا سولہ صفحے کھائی چھپائی اعلیٰ کاغذ عمدہ قیمت

سکھ دوم بارہ صفحے کھائی چھپائی کاغذ معمولی قیمت

پنواڑی کی دکان تیس صفحے رنگین کھائی چھپائی عمدہ کاغذ اعلیٰ درجہ کا قیمت تین آنے (علم)

پتہ: مینجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین۔ پنجاب

تعلیم خدمت گاری آٹھ صفحے کا رسالہ۔ چھپائی عمدہ۔ کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت ۲ر

سبکھوں کا رستہ آٹھ صفحے کا رسالہ۔ چھپائی عمدہ۔ کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت ۱ر

خوشامدی ڈرکشن بتیس صفحے کا رسالہ۔ چھپائی عمدہ۔ کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت دو آنے (۲ر)

حلوائی کی تعلیم چھپن صفحے۔ رسالہ۔ چھپائی عمدہ۔ کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت آٹھ آنے (۸ر)

ترغیب حساب چھتیس صفحے کا رسالہ۔ چھپائی عمدہ۔ کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت ۲ر

بچوں کی کہانیاں باتصویر اڑتالیس صفحے کا رسالہ۔ چھپائی عمدہ۔ کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ قیمت آٹھ آنے (۸ر)

حضرت رسول کریم صلعم نے معاذ بن جبل صحابی کو جو تقویٰ۔ توبہ استغفار و دیگر مکارم اخلاق کے متعلق جامع وصیت فرمائی تھی اُس کی پوری تشریح ہے ترجمہ اردو۔ قیمت ۴ر

تفسیر سورۂ فلق والناس

اس تفسیر میں امام ابن تیمیہ نے پہلے تمام متقدمین کے اقوال نقل کئے ہیں جو لفظ و قلب رب ملک الہ کے متعلق ان کی تفسیروں میں پائے گئے ہیں۔ ترجمہ اردو۔ قیمت ۹ر

زیارۃ القبور

امام ابن تیمیہ نے قرآن حدیث سے ثابت کیا ہے کہ قبروں کی زیارت کا مسنون طریقہ کیا ہے۔ ترجمہ اردو۔ قیمت ۹ر

درجات الیقین

علم الیقین عین الیقین اور حق الیقین کی مکمل تفسیر ہے۔ ترجمہ اردو قیمت ۲ر

کتاب الہدیٰ

قرآن مجید کی مضمون وار ترتیب معرکۃ الآرا تفسیر۔ مؤلفہ مولینا یعقوب حسن صاحب۔ قیمت حصہ اول مجلد پارچہ للعہ ۸

کشاف الہدیٰ مقدمہ کتاب الہدیٰ

یعنی قرآن حکیم کے حقائق و معارف و علوم و مطالب کا بصیرہ قیمت مجلد پارچہ ۸ر

قرآن مجید ترجمہ فتح الحمید

یہ سب سے باقاعدہ سلیس ترجمہ قرآن مجید کا ہے جو مولوی فتح محمد خانصاحب جالندھری نے کیا ہے۔ ہدیہ پانچ روپے (۵ر)

القول المتین

سورۂ یٰسین کی تفسیر اردو زبان میں حضرت مولینا ابو الکلام آزاد کے رشحات قلم سے۔ قیمت ۸ر

رسالت مآب

یہ اسلامی تاریخ کا پہلا حصہ ہے جس میں حضور سرور دو جہان کی مبارک زندگی کے حالات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ قیمت عہ ۸

فردوس آسیہ

فضائل صحابہ میں بہت اعلیٰ درجہ کی کتاب ہے۔ قیمت عہ ۸

ملنے کا پتہ:۔ منیجر صوفی کمپنی لمیٹڈ پنڈی بہاؤالدین۔ پنجاب

پیارے نبیؐ کے پیارے حالات

حضرت رسولِ خدا صلعم کے حالاتِ زندگی قیمت عہ

سعادت الکونین فی فضائل الحسنین

یہ کتاب امام حسن و حسین سبطین رسول مقبول صلعم کے مناقب اور فضائل شریف میں حضرت شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی کے خاندان کے رکن کی لکھی ہوئی۔ قیمت عہ

دارمی شریف

احادیث رسول مقبول صلعم کا ایک مستند مجموعہ کتب احادیث میں قدیم کتاب کا زر کثیر خرچ کر کے عربی سے ترجمہ کرایا گیا ہے۔ قیمت عہ

فیضانِ قدسی

اس میں آیۃ الکرسی شریف کے پڑھنے کے نہایت صحیح اور مجرب اعمال درج ہیں۔ پڑھنے کا طریقہ نہایت آسان ہے۔ قیمت ۸ر

بہشت بہشت

یعنی نورِ مجسم صلعم اور اجگان چشت اہل بہشت جس میں آٹھ اولیائے کرام کے حالات و واقعات درج ہیں۔ قیمت عہ

انقلاب قسطنطنیہ

جس میں جنگ ہفت سالہ کے سلسلہ میں ترکوں اور اتحادیوں کے جان توڑ مقابلوں کے فوٹو الفاظ کی صورت میں کھینچے گئے ہیں تازہ واقعات سے معمور عشق کی چاشنی اور کیف محبت میں مشہور نبی روشنی کے آلاتِ جنگ کے ساتھ تلوار کی کاٹ دکھائی گئی ہے قیمت ۸ر

کلیاتِ اکبر

مولینا اکبر حسین صاحب اکبر الہ آبادی پنشنر مشن سکول جج کا کلیات حصہ اول عہ

حصہ دوم عہ حصہ سوم عہ

کلام اکبر

یعنی حضرت اکبر الہ آبادی کے کلام کا مختصر مجموعہ۔ قیمت ۸ر

تاریخ سلاطین آل عثمان معہ جنگ ترکان احرار یونان

سلطنت عثمانیہ کی تاریخ کا مطالعہ ہندوستانی مسلمانوں کیلئے نہ صرف سبق آموز ہے بلکہ اسکے پڑھنے سے ہمارے بچوں میں شوق حصولِ حریت جذبۂ حبِ قوم و ملک اور مذہبی جوش پیدا ہوگا۔ تمام سلاطین آل عثمان کی تصاویر اور چند ایک نقشوں کے ساتھ کتاب کو شائع کیا گیا ہے قیمت مجلد عہ

دیوان نہایت الکمال

مصنفہ سلطان الشعرا حضرت امیر خسرو دہلوی ہند قدس سرہ جس میں آپکے نہایت نایاب چیدہ چیدہ قصائد غزلیات قطعات رباعیات مطائبات چیستان وغیرہ شامل ہیں۔ قیمت عہ

دیوان نہایت الکمال معہ دیباچہ

سلطان الشعرا حضرت خواجہ امیر خسرو والی ہند کا دیوان جس میں قصائد غزلیات۔ قطعات۔ چیستان رباعیات وغیرہ شامل ہیں۔ قیمت عہ

سکندر نامہ خسرو

جسے مولینا نظامی گنجوی کے سکندر نامہ کے جواب میں حضرت امیر خسرو نے تحریر فرمایا ہے ساڑھے چار ہزار شعر کی کتاب علاوہ حسن عبارت و صنعت شاعری کے نصائح حکیمانہ اور مباحث فلسفیانہ سے لبریز ہے۔ قیمت عہ

بیان خسرو

مرحوم حالات حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ از مولینا شبلی نعمانی۔ قیمت ۱۰ر

سترھویں نامہ

جس میں حضرت امیر خسرو کی کیفیت زندگی کے ساتھ اُنکی نہایت مزیدار پہیلیوں اور علمی تصنیفات کا تذکرہ ہے قیمت ۳ر

مذہبی معلومات

اس کتاب میں اسلام کی تعلیم کا خلاصہ اس خوبی کے ساتھ دیا گیا ہے کہ تمام اہم و ضروری باتیں جو مذہبی معلومات سے تعلق رکھتی ہیں درج کی گئی ہیں۔ قیمت عہ

فلاح دین و دنیا

یہ کتاب دینی مسائل پر حاوی ہے مذہب کا ازالہ کیلئے پیڈیا ہے یہ آپ کو وہ تمام مذہبی باتیں سکھائیگی جن کی زندگی میں ضرورت ہو سکتی ہے۔ نہایت مستند مذہبی فارسی کتب کا عطر ہے اور ایک زبردست عالم کی تصنیف ہے حجم ۶۰۰ صفحات۔ قیمت للعہ

اسلامی زندگی کا اصول

جس میں اہلسنت والجماعت کے عقائد کے ماتحت اسلامی معاشرت سے تعلق رکھنے والے ان تمام ضروری اور نازک مسائل کو نہایت تصدیق و تحقیق کے بعد معتبر کتب سے جمع کیا گیا ہے جسکی اس پُرآشوب وقت میں مسلمانوں کو بہت ضرورت ہے۔ قیمت عہ

عملیات

اس کتاب میں پانچسو سے زیادہ ایسے مستند اور مجرب عملیات جمع کئے گئے ہیں جو اولیاء اللہ اور زبردست عالموں کے زیر عمل رہے ہیں اردو زبان میں عملیات کے متعلق ایسی جامع کوئی کتاب موجود نہیں اس کتاب کے مطالعہ سے آپ ایک زبردست عالم بن سکتے ہیں۔ قیمت عہ

دین دنیا کے افسانے

نہایت مفید دلچسپ اور موثر افسانوں کا مجموعہ جن کے مطالعہ سے زندگی کے ہر شعبہ کی اصلاح ہو سکتی ہے قیمت حصہ اول درس عبرت۔ قیمت عہ

قیمت حصہ دوم تصویر معاشرت۔ قیمت عہ

طوفانِ زندگی

دین و دنیا کے افسانوں کا مجموعہ از مولینا سید ظہور احمد صاحب وحشی شاہجہانپوری۔ قیمت عہ

زندگی کی صبح و شام

دین و دنیا کے افسانوں کا مجموعہ از مولینا سید ظہور احمد صاحب وحشی شاہجہانپوری۔ قیمت عہ

ملنے کا پتہ۔ منیجر صوفی کمپنی لمیٹڈ بنڈی سہاوالدین، پنجاب

دُولہا دُلہن یہ کتاب زوجین کی زندگی کو پُرکیف بنادیگی اور اُن لذتوں کی طرف رہنمائی کریگی جن سے بڑے بڑے ناتجربہ کار ناواقف ہیں اس کتاب کے مُطالعہ کے بعد مواصلت کی لذت دوگنی اور چوگنی ہوجائیگی۔ باغ حسن کی گلچینی کا سلیقہ آجائیگا۔ قیمت ۴ر

میاں بیوی یہ کتاب بھی اُن ہی لوگوں کیلئے مفید ہے جو ازدواجی زندگی میں قدم رکھ چکے ہیں۔ قیمت عہ

اولاد کی تربیت یہ کتاب نوجوانوں کو دینداری حق پرستی۔ نیکوکاری کی تعلیم دینے والی ہے۔ قیمت عہ

میاں بیوی کے لطیفے مرتبہ محمد انوار صاحب ہاشمی قیمت ۸ر

لُطفِ زندگی قاری سرفراز حسین صاحب کے مکمل ریزقلم کا ایک نہایت دلچسپ قصہ۔ قیمت ۲ر

معلوماتِ تجارت اس کتاب میں بتایا گیا ہے کہ تجارت کیوں اور کیونکر کیجائے۔ تجارت کے شروع کرنے اور تجارت میں کامیاب ہونیکے طریقے بتائے گئے ہیں۔ قیمت عہ

اسرارِ نباتات نباتات کی پیداوار تصویریں اور انکے طبی اسرار مختصر سی کتاب میں درج کرکے مُصنف نے دریا کو کوزہ میں بند کرنے کی کوشش کی ہے۔ قیمت ۸ عہ

کملی والا اس کتاب کی جس قدر تعریف کیجائے کم ہے۔ پنجابی زبان میں حضرت سرور کائنات سرورِ دوجہاں کے حالات زندگی کو ایسی خوبی سے نظم کیا ہے کہ مُصنف کی محنت کی داد دینی پڑتی ہے۔ قیمت ۴ عہ

اکمال فی اسماء الرجال جامع مشکوٰۃ شریف کی تصنیف ہے۔ یہ کتاب صدہا محدثین کے حالات پر مشتمل ہے۔ حدیث کے شائقین کیلئے اس کا مطالعہ ازبس ضروری ہے۔ قیمت عہ

بہشتی زیور کامل دوجلد مؤلفہ حضرت مولینا مولوی اشرف علی صاحب یہ کتاب عورتوں کی تعلیم کیلئے تالیف ہوئی ہے اور اس کتاب کے گیارہ حصے ہیں۔ اس میں تمام ضروری مسائل وحقوق طریقہ تربیت اولاد طرز معاشرت قواعد تجوید وصلاح الرسوم مروجہ صلاح باطن تہذیب اخلاق وذکر قیامت اور نیک بیبیوں کی حکایات وحفظ صحت وسلیقہ خانہ داری وغیرہ وغیرہ بوضاحت درج کئے گئے ہیں قیمت مکمل کتاب ۳ر

عارفاتِ سُلطانی اس کتاب میں ہندوستان کی تعلیمیافتہ خواتین کے مُطالعہ کیلئے چالیس ولی اللہ عورتوں کے حالات واقوال لکھے گئے ہیں نیز ایک مخاطبہ ہے جس میں معززین خواتین کو وہ پیام دیا گیا ہے جس کیلئے قدرت نے انہیں پیدا کیا ہے قیمت مجلد عہ

تذکرۃ الاولیاء اردو اس کتاب میں ایک سو کے قریب ولیوں کا تذکرہ ہے ہزارہا نکات اور ولیوں کے اقوال ہیں۔ کتاب کے مُطالعہ سے دل پر حقیقی اثر پڑتا ہے۔ قیمت عہ

تصدیق صداقت حضرت رسول مقبول صلعم کے حالات۔ کلام اللہ شریف اور اسلام کی صداقت کُلیہ غیر مُسلموں کی سند اور تائید سے ثابت کی گئی ہے۔ قیمت ۱۲ر

الدر النضید اس کتاب کو امام مجتہد قاضی محمد بن علی شوکانی نے عربی زبان میں لکھا اور عربی زبان کے فاضل مولوی محمد علی صاحب ایم اے نے اسے اُردو کا جامہ پہنایا۔ قیمت ۱۲ر

حیاتِ باقیہ اس کتاب میں حضرت خواجہ باقی باللہ کے حالات و خوارق عادات سلیس اُردو زبان میں نہایت احتیاط کے ساتھ قلمبند کئے گئے ہیں معہ آپ کے ملفوظات اور کلمات طیبات کے قیمت ۱۲ر

رکن الدین اردو یہ کتاب علم فقہ میں بڑے اعلیٰ پایہ کی کتاب ہے قیمت ۱۲ر

نماز حنفی مدلل ہر دو حصہ قرآن وحدیث سے عام مسائل نماز مذہب حنفیہ کے ہر ایک مسائل کو ثابت کیا گیا ہے قیمت عہ

خطباتِ دینِ محمدی اس میں ساٹھ عدد خطبات جمعہ خطبات عیدین و خطبات نکاح درج ہیں۔ قیمت ۸ عہ

حکمت کے موتی وہ قول اور شلوک معہ تشریحات کامل جو انسانی زندگی کو بہترین اور کارآمد بنا سکتے ہیں۔ قیمت ۴ر

تُرکی حرم اس کتاب میں ٹرکی خواتین کی معاشرت پر ایک نظر غائر ڈالی گئی ہے اور تصویر کا اصلی پہلو دکھایا ہے۔ قیمت عہ

حجاج بن یوسف علامہ جرجی زیدان ایڈیٹر الہلال مصر کے مشہور عربی ناول کا ترجمہ۔ حجاج بن یوسف کے محاصرہ بیت اللہ شریف وحضرت عبداللہ بن زبیرؓ کے مقابلہ کے حالات ضمناً عشق کی چاشنی بھی موجود ہے۔ قیمت سوا روپیہ (عہ)

المدینہ والاسلام علامہ محمد فرید وجدی مصری کی کتاب کا ترجمہ ہے جو بقول فاتح محسن الملک مرحوم اسلام کے اظہار کیلئے بہترین کتاب ہے۔ قیمت عہ

(محصول ڈاک ہر ایک کتاب بذمہ خریدار ہوگا)

ملنے کا پتہ:- منیجر صوفی کمپنی لمیٹڈ پنڈی بہاؤالدین۔ پنجاب

رفیق عام مریدین سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ مہتمم فتحی عزیز الدین پریس پنڈی بہاؤالدین ضلع گجرات پنجاب سے شائع ہوا

معدہ کی شکایت تمام بیماریوں کی جڑ ہے

نمک سلیمانی سرہ

سہل و اصلاح علاج

نمک سلیمانی تمام شکایتوں کو دُور کرکے معدہ کو مقوی کرتا ہے اور بدن میں خون صالح بافراط پیدا کرکے تندرستی کو بڑھاتا ہے۔ دائمی قبض بدہضمی شکم میں درد اور نفخ ہو جانا۔ کمی اشتہا یعنی بھوک نہ لگنا۔ کھٹے ڈکار آنا۔ سینہ جلنا۔ منہ سے بدمزہ پانی چھوٹنا۔ طحال یعنی تاپ تلی۔ ضعف معدہ۔ دبائی امراض۔ ہیضہ۔ اسہال پیچش۔ بواسیر۔ درد کمر۔ درد گردہ۔ اوجاع اور ام مفاصل یعنی گنٹھیا درد سر ضعف دماغ۔ ضعف بصر وغیرہ اور دیگر امراض میں مثل تریاق کے حکمی تاثیر رکھتا ہے۔ بچوں کو دانت نکلنے کی حالت میں نفع پہنچاتا ہے۔ عورتوں کی خاص بیماریوں کے واسطے، ایام ماہواری میں کسی قسم کا خلل ہو تو فائدہ کثیر بخشتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے اور غذا کو فوراً ہضم کرتا ہے جس کے باعث انسان کے جسم میں خون معمول سے زیادہ پیدا ہوتا ہے اور ہر قسم کی سستی اور غنودگی دُور کرتا ہے اور طاقت مردانگی بڑھاتا ہے۔ فاسد خون کو زائل کرکے رنگ بدن صاف شفاف رکھتا ہے۔ قلب کو قوت اور فرحت بخشتا ہے۔ پژمردہ طبیعت کو خورسند کرتا ہے اور وہم و فکر کو زائل کرتا ہے اور معدہ کی تمام خرابیوں کو دُور کرکے اُس کی قوت کا محافظ رہتا ہے۔ ہیضہ اور طاعون کے دنوں میں اس کا استعمال اکسیر کا کام دیتا ہے۔ ہر گھر میں اس نمک کی ایک شیشی موجود رکھنی نہایت ضروری ہے اس سے وقت پر جادو کا اثر پڑتا ہے۔

جو لوگ نمک سلیمانی باقاعدہ استعمال کرتے ہیں اُن کی رائے ہے اور اکثر نے اپنا تجربہ لکھا ہے کہ استعمال سے اوّل بدن کا وزن کیا جائے تو ہر خون صالح اس قدر زیادہ پیدا ہوتا ہے کہ دو تین ماہ میں دس پونڈ سے زیادہ وزن بڑھ جاتا ہے۔ جن لوگوں کو دودھ ہضم نہ ہوتا ہو وہ اس کو ضرور باقاعدہ استعمال کرتے ہیں۔ قیمت فی شیشی بارہ آنے (۱۲ر) تین شیشی دو روپیہ چار آنے (۲ع) چھ شیشی چار روپیہ آٹھ آنے (للعہ)

بال اُڑانے کا بے ضرر پوڈر

یہ پوڈر نرم سے نرم جگہ پر بھی بے ضرر اور بلا تکلیف بال اُڑا کر جلد کو ریشم کی مانند ملائم کر دیتا ہے۔ قلعی و چونہ اور ہڑتال اس میں نہیں ہے۔ قیمت فی پیکٹ چھ آنے (۶ر)

اعوان ہیر آئل یعنی بالوں کے لگانے کا خوشبودار تیل

کارخانہ آب حیات نے طبی اصول کے موافق بالوں کی اصلیت اور روئیدگی و دلربائی پرورش اور قیام وغیرہ کے حالات پر غور کرکے موجودہ تیل اجزائے مروجہ کے تمام نقصانات کو مدنظر رکھکر یہ تیل بیس برس سے ایجاد کیا ہوا ہے جو سر پر لگانے سے بالوں کو تقویت دیتا ہے اور عصاب و عروق کو مضبوط کرتا ہے۔ درد سر۔ سر کا چکر۔ یبوست سے بالوں کا گرنا اور بدخوابی دُور ہو جاتی ہے۔ بالوں کی جڑ ہمیشہ تر رہتی ہیں اور بال لمبے و چمکدار رہتے ہیں۔ دماغ کو طاقت رہتی ہے۔ مسامات میں اس کے اثر سے وہ رطوبت جلد تر تبدیل ہوتی ہے جس سے بال سفید ہو جایا کرتے ہیں۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ (عہ/) علاوہ محصول ڈاک۔

ملنے کا پتہ: مینیجر کارخانہ آب حیات پنڈی بہاؤالدین پنجاب

پچیس ۲۵ سال گذشتہ میں چالیس ہزار سرٹیفکیٹ ہماری کامیابی کی سب سے بڑی شہادت

آبِ حیات

آبِ حیات نے جس کا نام پیارا ہے اُس کی مکمل تشریح کے واسطے ایک علیحدہ کتاب کی ضرورت ہے۔ اس کے فوائد کی تصدیق میں گذشتہ پچیس سال کے اندر چالیس ہزار سرٹیفکیٹ موصول ہو چکے ہیں۔ عام طور پر ہر ایک انسانی بیماری کے واسطے اکسیر اعظم ہے طرفہ یہ کہ اس کا اثر فوراً ظاہر ہوتا ہے۔ ہر قسم کی کھانسی۔ سردی۔ زکام۔ نمونیا۔ درد پہلو۔ درد جوڑ۔ مفاصل۔ نقرس۔ امراض معدہ پر اس کا اثر فوراً ظاہر ہوتا ہے۔ اور فساد خون۔ قوانع۔ ہیضہ۔ ماعون۔ پھوڑا۔ پھنسی۔ دندان کے درد ضعف بصارت کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔ آبِ حیات جس گھر میں موجود ہے اُس کو اور ادویات تیار کرانے کی ضرورت نہیں رہتی۔ ایک شیشی میں پچاس بیماروں کے لئے کافی دوا ہوتی ہے۔ آبِ حیات کے مقابلہ میں اور ادویات کے وزنی بکس فضول ہیں۔ سفر و دیہات میں جہاں حکیم و ڈاکٹر نہیں ملسکتا وہاں یہ نعمت عظمیٰ ہے۔ بڑے بڑے ڈاکٹر اور حکیم اس کے استعمال سے لوگوں کے ہمراس بنا رہے ہیں۔ ناواقف اس کو استعمال کر کے پورا حکیم بن سکتا ہے قیمت فی شیشی خاص ۱۰ شیشی ۶ روپیہ۔ چھوٹی ۱۲ شیشی ۳ روپیہ۔ ایک جز عہ ۱۲ شیشی ۹ روپیہ۔ دو جز ۲۴ شیشی ۱۷ روپیہ علاوہ محصول ڈاک

صوفیانہ سرمہ

یہ سرمہ ضعف بصر۔ تاریکی چشم۔ دھندلا۔ جالا۔ پردہ۔ غبار پھولا۔ سرخی۔ پانی بہنا۔ خارش وغیرہ کے واسطے بفضل خدا شرطیہ علیہ علاج ہے۔ سٹوڈنٹوں اور قانون پیشہ اصحاب کیلئے یہ ایک عجیب و غریب تحفہ ہے۔ جو اصحاب اس کو اپنا معمول بنائیں گے۔ انشاء اللہ عمر بھر کبھی آنکھیں خراب نہ ہوں گی جوانی کی عمر میں جو لوگ اس کا استعمال کرتے رہیں گے بوقت پیری اپنی آنکھوں کو جوانی سے بہتر پائیں گے قیمت فی شیشی ۱۲ ماشہ ۲ روپیہ علاوہ محصول ڈاک

محافظ دندان

دانت عضو فدائی ہیں۔ اُن پیروں کا جن سے ہمارے جسم کی پرورش ہوتی ہے۔ غذا و غیرہ تمام دنیا کی نعمتیں جو معدہ میں داخل کریں اُن کی درستی ابتداءً انہیں دانتوں سے ہوتی ہے۔ پس ہر وقت ان کو صاف رکھنے کی فکر رکھیں اس سلسلہ سے پختہ اور مضبوط مسوڑوں کا گوشت درست۔ مسوڑوں کا بند ہونا جس سے دانت گرنے محفوظ اور کیڑا نہیں لگتا۔ دانت ہمیشہ موتیوں کی طرح چمکدار رہتے ہیں۔ قیمت چار تولہ عدہ

ملنے کا پتہ: مینیجر کارخانہ آبِ حیات پنڈی بہاؤالدین ڈاک خانہ صوفی آبِ حیات پنجاب

طبع عام پریس بیڈن روڈ لاہور میں باہتمام منشی عزیز الدین پرنٹر چھپکر پنڈی بہاؤالدین ضلع گجرات پنجاب سے شائع ہوا



قیمت فی پرچہ چار آنہ

6,000 Copise.

پچیس سال گذشتہ میں چالیس ہزار سرٹیفکیٹ ہماری کامیابی کی سب سے بڑی شہادت

آبِ حیات

قیمت فی شیشی دو روپے

نمونہ شیشی مفت

آبِ حیات نے جس قدر نام پایا ہے اسکی مکمل تشریح کے واسطے ایک علیحدہ کتاب کی ضرورت ہے۔ اسکے فوائد کی تصدیق میں گذشتہ پچیس سال کے اندر چالیس ہزار سرٹیفکیٹ موصول ہو چکے ہیں۔ عام طور پر ہر ایک انسانی بیماری کے واسطے اکسیر اعظم ہے۔ طرفہ یہ کہ اس کا اثر فوراً ظاہر ہوتا ہے۔ ہر قسم کی کھانسی۔ سر درد۔ زکام نمونیا۔ درد ریح۔ وجع المفاصل نقرس۔ امراض معدہ پر اس کا اثر فوراً ظاہر ہوتا ہے اور فساد خون قولنج۔ ہیضہ طاعون پھوڑا پھنسی اور دانت کے درد ضعف بصارت کیلئے نہایت مفید دوا ہے۔ آبِ حیات جس گھر میں موجود ہے اس کو اور ادویات تیار کرانے کی ضرورت نہیں رہتی۔ ایک شیشی میں پچاس بیماروں کیلئے کافی دوا ہوتی ہے۔ آبِ حیات کے مقابلہ میں اور ادویات کے وزنی بکس فضول ہیں سفر و دیہات میں جہاں حکیم و ڈاکٹر نہیں مل سکتا وہاں یہ نعمت عظمیٰ ہے۔ بڑے بڑے ڈاکٹر اور حکیم اسکے استعمال سے پانچ کے پچاس بنا رہے ہیں ناواقف اسکو استعمال کر کے پورا حکیم بن سکتا ہے۔ قیمت فی شیشی عہ تین شیشی ۶ے چھ شیشی ۱۰؎ ایک جن عہ ۸ دو جن ۱۵؎ علاوہ محصول ڈاک

صوفیانہ سرمہ

یہ سرمہ ضعف بصر تاریکی چشم دھند جالا پڑوال غبار پھولا سرخی۔ پانی بہنا خارش وغیرہ کے واسطے بفضل خدا شرطیہ حکیمیہ علاج ہے سٹوڈنٹوں اور قانون پیشہ اصحاب کے لئے یہ ایک عجیب و غریب تحفہ ہے۔ جو اصحاب اس کو اپنا معمول بنائینگے انشاء اللہ عمر بھر کبھی انکی آنکھیں خراب نہ ہونگی جوانی کی عمر میں جو لوگ اس کا استعمال کرتے رہینگے بوقت پیری اپنی آنکھوں کو جوانی سے بہتر پائینگے قیمت فی تولہ سرمہ سفید عہ فی تولہ سرمہ سیاہ عہ

محافظِ دندان

دانت مشین خدائی ہیں ان چیزوں کا جن سے ہمارے جسم کی پرورش ہوتی ہے غذا وغیرہ تمام دنیا کی نعمتیں جو معدہ میں داخل کریں انکی درستی ابتداءً انہیں دانتوں سے ہوتی ہے پس ہر وقت انکو صاف رکھنے کی فکر رکھیں اس سے ہلتے دانت مضبوط مسوڑوں کا گوشت درست خون آنا بند۔ بدبو میل دور دانت گرنے محفوظ اور کیڑا نہیں لگتا دانت ہمیشہ موتیوں کیطرح چمکدار رہتے ہیں قیمت چار تولہ (عہ)

ملنے کا پتہ: منیجر کارخانہ آبِ حیات پنڈی بہاؤالدین ڈاکخانہ صوفی آبِ حیات پنجاب

فہرست مضامین رسالہ صوفی

جلد ۴۶ | بابت ماہ اگست سنہ ۱۹۳۱ء مطابق ماہ ربیع الاول سنہ ۱۳۵۰ھ | نمبر ۲

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	نمبر صفحہ
۱	شذرات و اشارات	ضیاء الملک مُلّا رموزی صاحب	۴
۲	جنگ نامۂ اسلام	جناب منظور حسین صاحب منظور بی۔ اے	۱۰
۳	مئے مجاز و حقیقت کے دو جرعے	جناب مولوی عبد المالک صاحب آروی	۱۳
۴	ذرہ ذرہ میں ترے حُسن کا جلوا دیکھا	مولینا باسط صاحب بسوانی	۲۸
۵	سرحدی اقدامی پالسی	آنریبل سید حسین امام صاحب ممبر کونسل آف سٹیٹ	۲۹
۶	غزل	جناب مرزا فرحت اللہ بیگ صاحب دہلوی	۳۱
۷	زیب النساء بیگم	ملک غلام غوث صاحب منشی فاضل	۳۲
۸	میرا کنھیا	جناب سید احمد حسین صاحب امجد حیدر آبادی	۳۴
۹	حضرت بابا فرید مسعود گنجشکر رح	مولینا عبد المالک صاحب آسی	۳۵
۱۰	اظہار تشکر	جناب اصغر حسین خاں صاحب نظیر لودیانوی	۳۹
۱۱	خدمتِ مخلوق	از مولینا احسن صاحب ماہروی	۴۰
۱۲	خاتونِ ہند	از حضرت جوشش صاحب ملیح آبادی	۴۱

خاتونِ جنّت } حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے حالات زندگی میں ایک جامع کتاب ہے۔ اس کتاب کی تعریف میں صرف اس قدر لکھدینا کافی ہے کہ پانچ سال کے عرصہ میں اس کے سات ایڈیشن سولہ ہزار کی تعداد میں فروخت ہو چکے ہیں۔ قیمت مجلد ۲ بلا جلد عہ

سوانح احمدی } حضرت سید احمد بریلوی اور اُن کے رفیق کار سید اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کے حالات۔ جہاد اور سکھوں کے ساتھ معرکہ کی جنگ آپ کے خرق و عادات اور رُوحانی تصرفات کا ذکر۔ قیمت دو روپے (عہ) علاوہ محصولڈاک

ذکرِ حبیب رض } عہد حاضرہ کے محبوب الٰہی حضرت پیر **جماعت شاہ** صاحب جلال پوری رحمۃ اللہ علیہ کے حالات۔ کرامات و ملفوظات میں بہترین اور قابل دید کتاب۔ قیمت تین روپے (عہ) علاوہ محصولڈاک

کالا پانی } وہابیوں کے مشہور مقدمہ میں جبکہ بہت سے علمائے کرام کو جس دوام بعبور دریائے شور کی سزا دیگئی تھی مولوی محمد جعفر صاحب تھانیسری نے مقدمہ کے حالات اور اپنے زمانہ قید کے حالات کو قلمبند کیا ہے۔ قیمت آٹھ آنے (۸/) علاوہ محصولڈاک

روضۃ القیومیہ ترجمۂ اردو } مُصنفہ جناب صاحبزادہ بزرگوار حضرت مولینا خواجہ کمال الدین شیخ محمد احسان معصومی مخدومی } یہ کتاب حضرات قیوم اربعہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے حالات میں ایسی جامع اور مکمل ہے کہ اسکی مثل اور کوئی کتاب نہیں۔ کتاب کے چار حصے ہیں۔ ہر حصہ میں ایک ایک قیوم کے حالات بتفصیل درج ہیں۔ قیمت جلد اوّل ہر دو حصہ تین روپے (عہ) جلد دوم ہر دو حصہ تین روپے (عہ)

ابنِ یمین فارسی بیان کے مشہور شاعر ابن یمین کے حالات زندگی۔ مؤلفہ مولینا عبد السلام صاحب ندوی۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے

ملنے کا پتہ:۔ **مینجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین۔ پنجاب۔**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صُوفی

شذرات و اشارات

از جناب ملک ملّا رموزی صاحب فاضل الٰہیات ایم۔آر۔اے۔ایس (لندن)

یہ امر مسلم ہے کہ دُنیا میں جب تک کنجڑے۔ دھوبی۔ مزدور۔ بھٹیارے اور ایم۔اے پاس لوگ زندہ رہیں گے اُس وقت تک کندۂ ناتراش پیر اور صُوفی بھی پیدا ہوتے رہیں گے اور جب یہ پیدا ہوتے رہیں گے تو بداعمالی بھی ضرور پیدا ہوتی رہیگی اور جب بداعمالی ہوتی رہیگی تو مسلمانوں سے غفلت اور کاہلی بھی دُور نہ ہوگی، مگر اب سوال یہ ہے کہ پیر اور صُوفی کا وجود صرف مُسلمانوں ہی کے لئے کیوں مُصیبت بن کر رہگیا ہے؟ جبکہ اس عجیب و غریب چیز کا وجود ہر قوم اور ہر ملک میں پایا جاتا ہے خصوصاً افغانستان اور عربستان تو پیروں کے اتنے اہم مقامات ہیں کہ العظمت للہ، مگر غور کے بعد معلوم ہوا کہ جس قسم کا پیر ہندوستان میں "تیار ہوتا ہے" شاید ہی دُنیا کے کسی ایک کارخانے میں ویسا پیر "تیار" ہوتا ہو۔ مثلاً ایک نہایت کامیاب قسم کے پیر کو دیکھنا ہو تو ہندوؤں میں گاندھی کو دیکھ لو۔ اس شخص میں کسی لحاظ سے بھی پیر بننے کی گنجائش نہ تھی مگر آج وہ ہندوؤں میں بہت بڑی ہستی بنا ہوا ہے فرق یہ ہے کہ اپنے ہاں کے پیر اعلیٰ درجہ کا ریشمی لباس پہنتے ہیں۔ اعلیٰ درجہ کا پمپ جُوتا پہنتے ہیں۔ اور گاندھی "ننگ دھڑنگ پیر" بن کر اپنی فراست اور حکمت عملی سے تمام ہندوؤں میں سرکردہ بن رہا ہے حالانکہ اصلیت یہ ہے کہ گاندھی سے زیادہ خطۂ فلک اور مُسلم آزاد ہستی روئے زمین پر پائی نہیں جاتی۔

اب "پیریات و مُریدیات" کے بعد مساجد کی "امامیات" پر بھی ایک نظر ڈال لیجئے، یعنی ہندوستان سے اسلامی حکومت اور اسلامی علوم کے فقدان کے باعث یہ مساجد کے امام لوگ بھی دیہات کے "اُل مالو لوگ" سے کچھ کم اذیت رسان اور مضحکہ خیز چیز نہیں ہیں۔ چنانچہ یہ امر مسلم ہے کہ ہندوستان کی اکثر مساجد کے امام جن کے اندر "شروط شرعی" کی کوئی تکمیل نہیں مگر وہ ہیں کہ جاہل اور کندۂ ناتراش مقتدیوں اور دین سے بے خبر اہل محلہ کے باعث اپنی مسجد سے لیکر پورے محلے کے "کوتوال شہر" بنے ہوئے ہیں۔ ان کا حُجرہ ان کے خیال میں پاکیزگی اور برگزیدگی کے لحاظ سے "بیت المقدس" کی عظمت سے کسی طرح کم نہیں ہوتا مگر یہ حُجرہ اصل میں ان کی عیش پسند اور عشرت آرا زندگی کا "ڈریسنگ روم" ہوا کرتا ہے، اسی حُجرہ میں ان کی "انانیت" اور جاہلانہ بدمستی کا وہ تخت ہوتا ہے جس پر بیٹھکر وہ تمام جاہل مقتدیوں اور اہل محلہ پر حکومت فرماتے ہیں، اس حُجرہ میں بظاہر تو امام صاحب ہی رہتے ہیں مگر اس میں امام صاحب کی حکمرانی کے وہ تمام "آلات و اسلحہ" بھی فراہم رہتے ہیں جن کے ذریعہ وہ نمازیوں پر اپنے اقتدار کو قائم اور مسلط رکھتے ہیں

ان لوگوں کے خیالات حد سے سوا گندہ، حد سے سوا تاریک اور حد سے سوا محدود ہوتے ہیں، وہ اگر عمر میں کبھی کبھار یا مسٹر لائیڈ جارج کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں تو ایک کو مشہور مشرک کہہ دیتے ہیں اور دوسرے کو کافر باقی سب طرح خیریت، البتہ وہ جمعرات اور جمعہ کے دن فاتحہ، پلاؤ، نذرانے اور ایصال ثواب کے تمام نقد طریقوں سے نہ فقط واقف ہی ہوتے ہیں بلکہ اپنے زیر اثر نمازیوں سے "نارِ جہنم" کا خوف دلا کر منواتے بھی ہیں۔

ان کا سب سے بڑا "مذہبی کارنامہ" یہ ہے کہ اپنی صورت اور اپنے لباس کو ہر وقت دودھ سے زیادہ سفید بنائے رہتے ہیں۔ ان کی علمیت قرآنِ محترم کی چند ابتدائی سورتوں اور وضو اور غسل کے چند مسائل سے آگے کچھ بھی نہیں مگر جاہل مقتدیوں پر ہر آن و ہر لحظہ کھانس کھانس کر اپنے بزرگ ہونے کا اثر ڈالنے سے غافل نہیں رہتے، تبلیغ مذہب یا اعلاء حق کے لئے اگر ان کے سامنے کبھی گورنمنٹ کا نام لیجئے تو مارے وحشت اور خوف کے آنکھیں بند ہو جائیں اور دس بارہ دن تک کسی حکیم کے ہاں سے گل بنفشہ اور شربت نیلوفر پیتے پھریں۔

مگر اس بے خردی اور بے دانشی پر مولویانہ اکڑ فوں کا یہ عالم کہ ہر وقت بیٹھے داڑھی پر ہاتھ پھیر رہے ہیں گویا بس ان کے حکم کی خلاف ورزی کر کے مسلمان دوزخ کا کندہ بھی بن جائینگا اور دوزخ کا دروازہ بھی، حیران ہیں کہ اس درجہ "علم ریز و علم بیز زمانے میں" یہ امامت کے آثار قدیمہ" مساجد میں کیوں باقی چھوڑے گئے ہیں؟

بارے مسلمانوں کو ہوش آ رہا ہے اور اب وہ صحیح معنیٰ کے امام اور بنے ہوئے امام میں فرق محسوس کرنے لگے ہیں چنانچہ یکم جون ۱۹۳۱ء کو ہمارے نام شمالی بنگال سے ایک طول طویل خط آیا ہے جس میں "بنگالی اماموں" کے عجیب و غریب مظالم اور ان کی جہالت اور عصیاں سے لبریز زندگی کو پیش کر کے لکھنے والے نے بتایا ہے کہ صوبہ بنگال میں علوم دینی سے یکسر بے خبری کے باعث بنگال کے ائمہ مساجد بنگالی مسلمانوں کو جی بھر کر لوٹ رہے ہیں، ان لوگوں نے اپنے خود غرضانہ اور من گھڑت عقائد و خیالات سے اسلامیانِ بنگال کو نہ عقبیٰ کا رکھا نہ دنیا میں ڈپٹی کلکٹری کا۔ اسی طرح ان اماموں کی زندگی کا سب سے گھناؤنا اور گندہ خلاصہ یہ ہے۔

۱۔ یہ لوگ ایک ہی قسم کی وضع قطع پر مسلمانوں کو تازیست دیکھنا چاہتے ہیں اور لباس و عمل کے ادنیٰ تغیر کو وہ کفار سے مشابہت کہہ کر محلے میں رہنا مشکل کر دیتے ہیں۔

۲۔ بہترین اور لذیذ غذائیں خود کھاتے ہیں، اور حد سے سوا موٹے ہوتے چلے جاتے ہیں لیکن مقتدیوں کو کافی ریاضت، عبادت اور تسبیح و وظائف کی ہدایت فرماتے ہیں۔

۳۔ در پردہ مسلمانوں کو آپس میں لڑاتے ہیں اور پھر خود فریقین سے ایک خاصی رقم وصول کر کے مصلح اور ثالث بن جاتے ہیں مگر کسی ایک طاعون میں مرنہیں جاتے، بلکہ پلاؤ بھی کھاتے ہیں اور زردہ بھی۔

۴۔ ان کے متعلقین خود ان کے نقش قدم پر نہیں چلتے بلکہ امام صاحب کے بیٹے صاحب اپنے باوا صاحب سے کہیں زیادہ خوش پوشاک اور خوش غذا ہوتے ہیں۔ مگر امام باوا اس اپنے عیش پسند بیٹے پر کوئی شرعی حد جاری نہیں فرماتے۔

۵۔ کہیں کہیں خود امام صاحب بھی جائیداد اور مکانات پر مقدمہ بازی میں کافی حصہ لیتے ہیں مگر ایک مرتبہ بھی ہیضے اور تپ دق میں مبتلا نہیں ہوتے۔

یہ تو ہوا خلاصہ بنگالی اماموں کا۔ اب ذرا ملا رموزی سے ان مقتدیوں کا حلیہ بھی سن لیجئے جو ان اماموں کے مظالم سے بیچین ہیں چنانچہ مقتدی نمبر اول وہی مانا جاتا ہے جو محلے میں سب سے زیادہ غریب اور سب سے زیادہ جاہل ہوتا ہے، اس قسم کے مقتدیوں ہی کی تعداد ہر جگہ زیادہ ہوتی ہے، اس غریب کا مقصد نماز یہی ہوتا ہے کہ خدا اس سے خوش رہے، لہٰذا اپنے جہل کے اثر سے وہ مسجد میں پورے پابندی کے ساتھ حاضر ہونا اور امام صاحب کے احکام کی تعمیل ہی کو خلاصۂ نماز سمجھتا ہے، اور ایسے ہی مقتدی ہوتے ہیں جو امام کی کسی چال اور مکاری کو نہیں سمجھ سکتے اور ایسے ہی مقتدیوں کے امام بھی ہوتے ہیں جو ہر قسم کی عیاری سے کام لیتے ہیں اور لے سکتے ہیں، لہٰذا ایسے مقتدیوں اور اماموں کا فیصلہ یا تعلیم دین کر سکتی ہے یا حاکم شرع۔

البتہ مقتدیوں کا ایک اور گروہ ہے اور وہ گروہ مشتمل ہے اُردو، فارسی اور انگریزی پڑھے ہوئے مسلمانوں پر، جو علوم دینی سے خبردار مسلمانوں پر اِس قسم کے مسلمان مسجد اور نماز سے صرف اتنی دلچسپی کا اظہار فرماتے ہیں کہ نہایت تکلف سے تشریف لائے امام صاحب کے پیچھے نماز پڑھی اور "دولت خانے" واپس ہو گئے۔ انہیں اس سے کوئی بحث نہیں کہ امام کا امتحان اور اُس کا انتخاب بھی ہمارے فرائض میں ہے۔

اس کے بعد مرتبہ ہے امراء و رؤسا کا سو اس طبقہ کو مسجدوں اور اماموں سے جتنی دُوری اور بے خبری ہے اُسے یا خدا جانتا ہے یا کوتوالی والے اور بفرض محال کسی مصیبت میں مبتلا ہو کر کوئی رئیس اور امیر مسلمان مسجد میں جماعت سے نماز پڑھنے بھی لگا تو اس سے یہ لازم کہاں آتا ہے کہ وہ رئیس یا امیر ہو کر مسائل شرعی سے بھی واقف ہے اس لئے اس قسم کے مقتدیوں اور اماموں کا قصہ بھی ختم۔

اب رہ گئے وہ مقتدی جو یا خود عالم و فاضل ہیں یا "کچھ کچھ" سو اوّل تو ایسوں کا امام بھی ناقابل اعتراض ہوتا ہے یا پھر بھی اگر اُس میں کوئی کمزوری ہے تو اس کے ذمہ دار یہی واقف مقتدی ہیں نہ کہ امام، اس لئے کہ منصب امامت کو اتنی آسانی سے قبول و اختیار کر لینے والے کی نیک نیتی میں بھی ذرا شک ہے جبکہ منصب امامت کا اختیار کرنا بھی نااہل کے لئے مفید و موزوں بات نہیں۔

خلاصہ یہ کہ نااہل یا مکار اماموں کی اصلاح مقتدیوں ہی کے اختیار کی بات ہے اس کی شکایت مُلّا موزی یا گورمنٹ سے فضول ہے، ہاں اگر کچھ ذمہ دار ہیں تو آپ کے مذہبی لیڈر اور قائدین جن کی ذمہ داری میں مساجد اور ائمہ مساجد کی تنظیم نگرانی اور اصلاح داخل ہے مگر ان غریبوں کے پاس دورہ کر کے ایک ایک مسجد اور ایک ایک امام کی نگرانی کیلئے نہ ٹکٹ کے دام ہیں نہ کوئی مرکزی ذمہ داری، لہٰذا یہی ہو سکتا ہے کہ مسلمانوں میں علوم دین اور فرائض دینی کی تعلیم کو اتنا عام کر دیجئے کہ وہ نہایت درجہ ضروری اور روزانہ ادا کرنے والے فرائض ہی سے واقف ہو جائیں پھر بھی اگر لکھے پڑھے مقتدیوں کے امام صاحب سے کوئی خطا ہو تو انہیں تھرڈ کلاس میں بٹھا کر مُلّا موزی کے پاس بغرض "صدر درجہ" بھیجتے رہیے گا۔ آہ مسلمانان در گور و مسلمانی در کتاب۔

علوم دینی اور شعائر اسلامی سے بے خبری اور دُوری کا ایک اور نمونہ مُلاحظہ ہو۔ مگر ایک تمہید بھی عرض ہے یعنی اس زمانے میں مضمون نگاران اُردو کے چند قبیلے ہیں۔ مثلاً ایک قبیلہ تو وہ ہے جو اپنے علم و فضل، عُمر اور تجربے کے لحاظ سے نہایت درجہ باوقار، متین اور سنجیدہ ہے اور اُس کی انشار کا ہر نقطہ انہی علائم و آثار کا علمبردار ہے، دُوسرا قبیلہ وہ ہے جو رُتبے میں اس سے دُوسرے نمبر پر ہے، اور تیسرا قبیلہ وہ ہے جس کے افراد کو بہ لحاظ عُمر و علم، تجربے اور پختہ کاری کے یوں کہہ سکتے ہیں کہ "بے چارے ابھی بچے ہیں"۔ چنانچہ ایسوں کی پہلی علامت یہ ہے کہ اُن کے زور انشار پر اڑھی کی آخری حد برسات تک ہے جہاں برسات کا موسم ختم ہوا بس پھر وہ کسی دفتر میں تو نظر آ سکتے ہیں مگر اخباروں اور رسالوں میں نہیں، دُوسری علامت یہ ہے کہ وہ دس بارہ مضامین لکھنے کے بعد ایک نہ ایک رسالے کے ایڈیٹر بن کر رہتے ہیں، تیسری علامت یہ ہے کہ وہ مشکل سے دس بارہ مضامین اور ایک آدھ "بوڑھی پھی کتاب" لکھنے کے بعد کسی نہ کسی مشہور اہل قلم کے خلاف لکھنا تو کیا مگر ہاں "ناچنا" شروع کر دیتے ہیں، مقصد صرف یہ ہوتا ہے کہ کسی طرح مشہور تو ہو جائیں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مُلک و صحافت میں بجائے کسی قابل ذکر مرتبے اور رُتبے کے انہیں دائمی موت کا پیغام مل جاتا ہے اور چار و ناچار روٹیاں کمانے کے لئے انہیں یا بی، اے، پاس کرنا پڑتا ہے یا خواص خرید نا ہوتا ہے تب جا کر دن پورے ہوتے ہیں۔ اسی لئے زندگی، شہرت عام، قبول عام، وقار اور اثر کے لحاظ سے ایسوں کے لئے چند گالیاں تو باقی رہ جاتی ہیں، باقی خیریت۔

اب اگر ایسوں کے ہفوات کو کوئی رسالہ اپنے صفحات میں جگہ دیدے تو پھر وہ خود کو "محمد فاضل" سمجھتے ہیں اور لطف یہ کہ دائیں بائیں دیکھ کر خوش بھی ہوتے ہیں، چنانچہ ایسوں میں سے ایک "مشتاق تہذیب لنڈن" اور دلگرفتہ تہذیب مغربی نے ایک "مضمون چہ تھوپا ہے"۔ اب اس مضمون میں آپ کی "بی۔ اے رسید عقل" کی کارگزاریاں مُلاحظہ ہوں۔

۱۔ مثلاً ہم نے ہزار مرتبہ لکھا ہے کہ مسلمانوں کو علوم دین سے بے خبری نے برباد کر دیا۔ اسے جناب محمد فاضل صاحب کی عقل نے یوں سمجھا ہے کہ ہم انگریزی علوم اور انگریزی زبان کے مخالف ہیں، مگر جب بیچارے نے اپنے اسی مضمون چہ کے ساتھ ہمارے مضمون میں یہ دیکھا ہوگا کہ ہم نے مسلمانوں کو "جامعہ ملیہ دہلی" ایسی، بی، اے، ساز اور ایم، اے، گرد درس گاہ میں اپنے بچوں کو داخل کرنے کی ترغیب دی ہے

تو غریب کا بُرا حال ہوتا ہوگا۔

۲۔ ہم نے لاکھ مرتبہ لکھا ہے کہ زبان اردو کی بربادی کا سبب یہ ہے کہ انگریزی خوان طبقہ رسائل اُردو، اخبارات اُردو اور کُتب اُردو سے محبت نہیں کرتا بلکہ "پائینر" پر مرتا ہے، مگر ہمارے اِس خیال کو محمد فاضل صاحب کی عقل نے یوں سمجھا گویا ہم ہندوستانیوں کو انگریزی زبان کے رسالوں، اخباروں اور کتابوں کے مطالعہ سے "شرعاً منع" کرتے ہیں، چنانچہ آپ نے بی۔ اے کا تمام زور صرف فرما کر لکھا ہے کہ "اے مُسلمانو مُلّا رموزی کی بات پر نہ جانا بلکہ جتنا ہو سکے انگریزی رسالوں اور اخباروں کو پڑھنا۔

۳۔ ہم نے بے شمار مواقع پر لکھا ہے کہ موجودہ عہد کے اِسلامیہ ہائی اسکولوں اور کالجوں میں اِسلامی علوم کی تکمیل و تعلیم کا تسلی بخش بندوبست نہیں اسی لئے ان درس گاہوں سے کوئی قاضی و مفتی بن کر نہ نکلا، اس کا جواب محمد فاضل صاحب کی عقل سے کچھ نہ بن آیا اور مُنہ چڑا کر رہ گئے مگر آخر میں ہمارے ایک خیال پر خاصی بلاغت ربوبی دکھائی ہے آپ بھی لطف لیجے، یعنی

۴۔ ہم کئی سال سے لکھ رہے ہیں کہ مُسلمانوں نے قومی اور دینی خصائص و آثار سے اتنا بُعد اختیار کر لیا ہے کہ اب وہ دُوسری قوموں کے آداب و خصائص کو اپنے آداب و خصائص سمجھنے لگے ہیں اور اسی ذیل میں وہ عیسائیوں کے سالِ نو عُرف دسمبر اور جنوری میں "کرسمس ڈے، اور نیو ایر س ڈے" کو اُسی شان سے مناتے ہیں جس طرح عیسائی مناتے ہیں، ظاہر ہے کہ ہمارے اس خیال کا مقصد صرف یہ ہے کہ مُسلمان اپنے آداب قومی اور اصول مذہبی کو ترک کر کے غیر اقوام کے آداب کو قبول نہ کریں، اُنہیں اگر ایسا ہی شوق ہے تو وہ اپنے ہی سال ہجری اِسلامی پر "نوروز" منائیں۔ اس کے جواب میں محمد فاضل صاحب نے "تناز بردست اور عالمانہ جواب رسید کیا ہے" کہ پڑھئے اور خود بھی عالم فاضل بنیئے" یعنی آپ فرماتے ہیں کہ محرم کا مہینہ چونکہ رنج کا مہینہ ہے اِس لئے اس کے آغاز پر خوشی کا اظہار نہ کرنا چاہیئے۔

لیجیے یہاں محمد فاضل صاحب کی جُملہ "لیاقتیں" صرف و ختم ہو گئیں، اوپر کی لیاقتوں کا اندازہ تو اسی سے ہو گیا کہ فضیلت دستگاہ محمد فاضل صاحب نے ہمارے خیالات کو دانستہ طور پر غلط سمجھانے کی کوشش کی ورنہ نہ ہم انگریزی علوم کے مخالف ہیں نہ زبان کے، اسی طرح موصوف یہ ثابت نہ کر سکے کہ انگریزی خواں طبقہ انگریزی سے محبت نہیں کرتا اور سرتاسر اُردو ہی کا حامی اور سرپرست بنا ہوا ہے۔ آپ رہی محرم الحرام پر "نوروز" منانے کی خوشی سو اس کے لئے آپ نے جو "ایل۔ ایل۔ بیانہ دلیل" پیش فرمائی ہے اُس سے ہمارا مقصد خطاب و تنقید حاصل ہو گیا، یعنی ہم نے اوپر جو کچھ لکھا ہے اور لکھتے رہے ہیں وہ یہی ہے کہ موجودہ "انگریزی زدہ مُسلمان" اپنے دینی اور قومی آداب و اُصول سے کوسوں دُور جا پڑے ہیں لہٰذا احمد فرح بی۔ اے، جناب، کی یہ فضیلت مُلاحظہ ہو کہ آپ محرم کو رنج کا مہینہ قرار دیکر خوشی سے باز رکھنا چاہتے ہیں۔

آب اس خیال کے رد میں کہ محرم کو صرف رنج ہی کا مہینہ قرار دیکر ہر قسم کا اظہار مسرت ترک کر دیں ہم عرض کرتے ہیں کہ اوّل تو مُسلمانوں میں "ماتم" اور اظہار رنج و الم اُس حیثیت سے جس حیثیت سے کہ آپ بتاتے ہیں شروع سے جائز ہی نہیں۔

آب رہا حضور آقائے آسمان منزلت سیدنا امام حسین علیہ السلام کے حادثۂ فاجعہ پر اظہار رنج و الم کا طریقہ سو اس کے احترام سے الحمدللہ کہ مُلّا رموزی کا کوئی اِنکار نہ آپ ثابت کر سکتے نہ دُنیا کے کوئی اور محمد فضل خان، رہا یہ امر کہ جس رنگ میں آپ اس مہینے میں ماتم کرنا چاہتے ہیں اور اگر نہ کریں تو آپ کو دُنیا "یزید" کہنے پر آمادہ نظر آتی ہے اُس کیلئے بجائے ہمارے آپ ایک ایسے شاعر سے جواب سُن لیجے جسکی شعری عظمت و بلند پائیگی کے قائل آپ ایسے ڈھائی لاکھ بی۔ اے پاس لوگ موجود ہیں اور کاش آپ اپنی مادری زبان کے رسالوں اور اخباروں کو مُلاحظہ فرماتے رہتے تو آپ کو اُردو کے سب سے بلند اور ممتاز اخبار "زمیندار لاہور" کی ایک نہیں چار اشاعتوں میں یہ جواب مل جاتا لہٰذا آپ ۱۲ جون ۱۹۳۱ء کے "زمیندار لاہور" سے حضرت جوش ملیح آبادی کا جواب سُن لیجے ؎

کھول آنکھیں اے اسیرِ کاکلِ زشت و نکو — آہ کن موہوم موجوں پر بہا جاتا ہے تو،
ختم ہے آنسو بہانے پر ہی تیری آرزو — اور شہیدِ کربلا نے تو بہایا تھا لہو
ہاتھ ہے ماتم میں تیرا سینۂ افگار پر — اور حسین ابنِ علیؓ کا ہاتھ تھا تلوار پر

تھیں بہتر خون چکاں تیغیں حسینی فوج کی — اور صرف اِک سیّدِ سجاد کی زنجیر تھی
اتنی تیغوں کی رہی ہے تیرے دل میں تو یاد بھی — حافظے میں صرف اِک زنجیر باقی رہ گئی
رُوح کو بے چارگی سے اُنس پیدا ہو گیا — اشجع عالم کے پیرو، یہ تجھے کیا ہو گیا؟

• آپ ان حالات کے بعد بی، اے، پاس محمد فاضل صاحب کے ذرائع اگر موجودہ عرب کے حالات معلوم کرنے کے لئے وسیع ہوتے تو اُنہیں معلوم ہوتا اُس طرف کے اکثر مُسلمان سال ہجری کے آغاز پر اُسی طرح اظہارِ مسرّت کرتے ہیں اور مُبارکباد کے کارڈ اور خطوط ایک دُوسرے کو بھیجتے ہیں جس طرح آپ کے ہاں بعض وارفتگانِ لندن مُسلمان عیسائیوں کے سال نو پر، آہ آج یہ بھی وقت آیا کہ مُسلمان زادے اپنی روایات، اپنی قومی خصوصیات اور مذہبی آداب کو ترک کر کے غیر قومی آداب و اُصول کے اخذ و اختیار پر اس شدّت سے مصر ہیں اور بدنصیبی یہ کہ اسے بھی اپنی لیاقت سمجھتے ہیں سوالیسوں کیلئے جریدۂ محترم "البشیر اٹاوہ" نے اسی سالِ ہجری پر اظہارِ مسرّت کے جواز میں لکھتے ہوئے آخر میں جو کچھ بتایا ہے اُس کے پورے الفاظ اخبار "مدینہ بجنور" مورخہ ۱۷ جون ۱۹۳۵ء کے صفحہ ۵ کالم ۱ سے سُن لیجے جو یہ ہیں:-

"افسوس آج یہی حالت ہم ہندوستان کے مُسلمانوں کی دیکھ رہے ہیں، ہمارے اعلیٰ طبقے میں اور تعلیمیافتہ لوگوں میں جس مُسرّت کے ساتھ انگریزی تمدّن، انگریزی رواج، انگریزی طرزِ معاشرت، انگریزی عادات و اخلاق رواج پا رہے ہیں اور جس طرح ہم روز بروز مذہب سے بیگانہ ہو رہے ہیں اپنے علوم و فنون کو بھول رہے ہیں اگر یہی رنگ پچاس برس اور رہا تو ہندوستان کے مُسلمان اگر یورپینوں میں نہیں تو دیسی عیسائیوں میں ضرور جذب ہو جائیں گے"

اب فرمائیے کہ اگر آپ کے "ارشاداتِ لندن آیات" پر ہندوستانی مُسلمان چل پڑیں تو بقول اخبار "البشیر اٹاوہ" انہیں آپ اگر "یورپینوں میں" جذب کرا دیں گے تو خود کے لئے دیسی عیسائی کی صُورت قبول کرنا پسند کیجئے گا یا نہیں؟

آب براہِ کرم ایک بات ضرور یاد رکھئے کہ اپنی شہرت کی خاطر آئندہ جو مضمون آپ لکھیں اُس میں مُلّا رموزی کا نام صاف صاف لکھیں تاکہ آپ کے ساتھ وہ غریب بھی مشہور ہو جائے دُوسرا فائدہ یہ ہو کہ جس رسالے میں مُلّا رموزی کے خلاف آپ کے مضامین مسلسل شائع ہوں اُس کا علمی و ادبی وقار برباد ہوتا رہے اور لوگ اُس سے اسی لئے نفرت کریں کہ "لڑاکا پرچہ ہے ہٹاؤ بھی اسے کون خریدے" کیونکہ الحمدللہ آپ کے مضمون میں کسی پر اعتراض ہی ہوگا تیسرے یہ کہ خود آپ کے لئے لوگ اندازہ کر لیں کہ ابھی بے چارے نیم پختہ ہیں ورنہ مخالفانہ مضامین کے عوض کوئی اعلیٰ درجہ کا علمی اور تاریخی مضمون لکھتے تو ایک علمی وقار کے مالک ہو جاتے، اِس لئے کیا اچھا ہو کہ آپ آئندہ اس سے بھی زیادہ صاف صاف گالیاں لکھیں اور مُلّا رموزی کا نام بھی، بس ایک بات سے منع کرتے ہیں سو وہ بھی "ذرا ذرا" "بہت بہت نہیں" اور وہ یہ کہ رسالہ "صُوفی" "تصوّف" "وسیاست" کی خشکی اور ہمت آزمائی کا میدان ہے اور پھر مُلّا رموزی ایسا "بازاری آدمی" اور آپ کے ہاں پھر "ادبی اور شعری" نزاکتیں اور لطافتیں ہیں اِس لئے یہ بے چارا آپ کیلئے موزوں نہیں ہے آئندہ حضور مالک ہیں، باقی سب خیریت ہے اُمید ہے کہ آپ بھی درجے بدرجے خیریت سے ہونگے؟

• آپ چلئے اور اس مہینے کے تصوّف کو مُلاحظہ فرمایئے گویا ہندوستانی مُسلمانوں کے حق میں تصوّف بھی ایک ماہوار رسالہ ہو گیا ہے جس کے ہر مہینے کی اشاعت میں نئے نئے اور اگلی اشاعت سے مختلف مضامین ہوا کرتے ہیں چنانچہ ۱۱ مئی ۱۹۳۵ء کے اخبار "انقلاب لاہور" کے صفحہ ۳ کالم ۲ پر ایک پیر صاحب یوں "لکھتے ہوئے پڑے ہیں" کہ

"تحصیل گوجرہ ضلع لائل پور کے ایک گاؤں میں ایک پیر صاحب رونق افروز ہوئے آپ نے دو چار لڑکوں کے سامنے آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھایا تو چند روپیہ آپکے قدموں میں آگرے۔ ان روپیوں کو اُٹھا کر پیر صاحب نے لڑکوں کو بخش دیا، بس پھر کیا تھا گاؤں کے جاہل تھے اور پیر صاحب، پیر صاحب نے جب اندازہ فرما لیا کہ میری اس روپیہ برسانے والی کرامت کا جادو چل گیا تو آپنے اعلان فرما دیا کہ آجکل زمینداروں کی تباہ حالی دیکھکر خدا نے مجھے بھیجا ہے تاکہ تمہاری مشکلات کا خاتمہ کر دوں، جاؤ اور تمام چاندی جمع کر دو تاکہ میں اُسے سونا بنا دوں۔ ایک پیر کا ہندوستان کے جاہلوں سے اتنا کہہ دینا

کافی تھا فوراً ہی تمام گاؤں کی چاندی جمع ہونے لگی اور آن کی آن میں اس گاؤں کی تمام ننھے میاں کی والداؤں کا زیور یوں اُتار لیا گیا گویا وہ اب بیوہ ہوگئیں، اس جمع شدہ زیور کی قیمت پندرہ ہزار کے قریب تھی، پیر صاحب نے اس مُریدانہ ذخیرہ کو ایک صندوق میں بند کرا دیا اور دُوسرے دن سے جو مع صندوق غائب ہیں تو اب نہیں کہہ سکتے کہ وہ پولیس والوں ہی کو ملیں گے یا عاقبت میں ؟"

ناظرین "صوفی" بتائیں کہ یہ نقد "تصوف" اچھا یا مُلّا رموزی کی یہ خشک مضمون نگاری ؟ واللہ ان حالات کو دیکھ دیکھ کر اور لکھ لکھ کر اب تو جی چاہتا ہے کہ اس مضمون نگاری کو تو کسی ڈھکتے ہوئے چولھے میں ڈالیں اور بجائے مُلّا رموزی کے "رموزی شاہ" بن کر کچھ دن جوانی کے مزے لوٹ لیں کیوں کہ علم دین سے بے خبر مُسلمانوں کی جو کثرت اس ہندوستان میں ہے قیامت میں دُنیا کے مُرید بھی جمع ہو کر ان کا مقابلہ نہ کر سکیں گے

اچھا اب اس سے بھی اونچی مُلاحظہ ہو، چنانچہ اخبار "زمیندار لاہور" مورخہ ۱۷ جون ۱۹۳۱ء کے صفحہ ۳ کالم ۳ و ۴ پر ایک بھوت پریت اُتارنے والے پیر صاحب کا ایک واقعہ لکھا ہے جسے پڑھ کر دُنیا سیاہ نظر آتی ہے اور جی چاہتا ہے کہ اگر یہ بدمعاش پیر مل جائے تو اس کی ہڈیاں تک چبا جائیں یعنی ہندوستان کے اجہل مُسلمانوں کا ایک قہر زدہ طبقہ قائل ہے کہ انسان کے اندر بھوت یا آسیب جب چاہے بغیر پولیس کی اجازت کے داخل ہو جاتا ہے اور پھر یہ بغیر کسی پیر یا عامل کے نکالا نہیں جا سکتا، اور خصوصیت سے اس قسم کا بھوت جاہلوں کی کنواری لڑکیوں کے اندر زیادہ اثر کرتا ہے، چنانچہ گورداسپور پنجاب کے قریب ایک موضع میں ایک ایسی ہی کنواری لڑکی پر بھوت کا اثر ہوا، لڑکی کے جاہل ترعزیزوں نے کچھ دن پہلے سُنا تھا کہ قریب ہی ایک ایسے عامل صاحب مقیم ہیں جو انسانوں کے اندر سے بھوتوں کو نکال باہر کرنے میں مُلّا رموزی عامل سے بھی زیادہ طاق ہیں۔ بس پھر کیا تھا فوراً ہی یہ نوجوان لڑکی اس بدکردار و بداطوار عامل کو رات بھر کے تخلیے میں دیدی گئی اور صبح کو یہ معصومہ بیوں بے ہوش ملی کہ عامل صاحب تو غائب اور لڑکی بدحال۔ اس سے آگے جو تفصیلات "زمیندار" اور "ملاپ لاہور" میں شائع ہوئی ہیں واللہ کہ مُلّا رموزی کا قلم اُنہیں نقل کرنے سے بھی کانپتا ہے بس مختصر یوں کہ اگر ان واقعات پر بھی ہندوستان کا کوئی ایک عالم دین جوش میں آکر سارے ہندوستان کے بدمعاش پیروں اور عاملوں کو دُنیا سے مٹا دینے کے لئے کھڑا نہ ہو جائے تو خدا حافظ۔

اللہ اکبر آج مُسلمانوں کی غیرت کا یہ حال اور اُن کی بہو بیٹیوں پر جاہل اور ہوس پرست ڈاکو یوں ڈاکے ڈالیں اور اُن کے لیڈر سو راج ہی کے لئے لیڈری کرتے پھریں۔

بہرکیف ایسی "بھوت زدہ" اور "آسیب رسیدہ لڑکیوں" کیلئے مُلّا رموزی کا ایک نہایت آزمودہ نسخہ بھی نوٹ کر لیجئے۔ یعنی جب کسی کنواری لڑکی پر آسیب یا بھوت کا اثر سُنا جائے تو فوراً ہی اُسے ایک کوٹھری میں بند کر دیا جائے اور دُوسرے ہی دن اُس کا نکاح کسی شخص سے پڑھا دیا جائے۔ اور جو شوہر کی تلاش میں کچھ تاخیر ہو تو اس آسیب زدہ لڑکی کے سر کے بیچوں بیچ ہر پانچ منٹ کے بعد دس جوتے نہایت زور سے رسید کر کے یہ عمل پڑھنا چاہئے کہ "سمجھ گئے بدذات" "سمجھ گئے بدذات" اس کے بعد اُسے اپنے حال پر چھوڑ دیا جائے اور جب تک وہ سیدھی نہ ہو اُسے غذا تو غذا پانی کا ایک قطرہ بھی نہ دیا جائے، اور جب وہ کہے کہ پانی تو جوتا مار کر کہئے کہ کیوں بدذات یہ تجھے پانی طلب کرنے کا ہوش کیوں آیا، ؟

اُمید ہے کہ مُلّا رموزی کے اس نسخے سے لڑکیوں پر بھوت صاحب ایک گھنٹہ بھی اثر نہ کر سکیں گے اور سب سے آخری عمل یہ ہے کہ ایسی لڑکی کے ہاتھ پاؤں باندھ کر مسلسل دو سو بید رسید کرتے جائیے اور یہ دُعا پڑھتے جائیے کہ "بحق حضرت مُلّا رموزی ہوش میں آبدذات" بحق حضرت مُلّا رموزی ہوش میں آبدذات" انشاء اللہ لڑکی فوراً سمجھ جائیگی کہ میری بدمعاشی کو سب سمجھ گئے ہیں لہذا ایک منٹ میں ہوش میں آجائیگی۔

خریدارانِ صوفی کیلئے ضروری ہدایات (۱) رسالہ صوفی عموماً ہر انگریزی مہینہ کے آخری ہفتہ میں شائع ہوتا ہے (۲) اشاعت رسالہ کی چونکہ بہت زیادہ ہے جبتک نمبر خریداری نہ لکھا جائے تبدیل پتہ یا رسالہ کے متعلق کسی اور شکایت پر توجہ نہیں کیجائیگی (۳) ایسے خط جن پر نمبر خریداری نہیں ہوتا بکثرت روزانہ موصول ہوتے ہیں۔ ہم مجبور ہو کر اُن کی تعمیل نہیں کر سکتے اس لئے بغیر نمبر خریداری لکھنے کے اگر آپ کی شکایت رفع نہ کی جائے تو اس میں ہمارا کوئی قصور نہیں۔

مینجر رسالہ صوفی

جنگ نامۂ اسلام

از جناب منظور حسین صاحب منظور بی۔ اے۔ ایچ۔ پی۔ ایچ۔ یو ہیڈ ماسٹر واں بھچراں

(رُدشتہ مہینہ کے صُوفی میں ناظرین پانی پت کے میدانِ جنگ کے متعلق جناب منظور کی نظم مُلاحظہ فرمائی ہوگی۔ اُس نظم کے پڑھنے سے مَیں اِس قدر متاثر ہُوا۔ کہ مَیں نے اس شیریں بیان شاعر کو اسلامی غزوات کے حالات منظوم کرنے کی دعوت دی میانوالی کی اس بُلبلِ خوش مقال نے میری درخواست کو شرفِ قبولیت عطا فرماتے ہوئے غزواتِ اسلام پر ایک طویل نظم لکھنا شروع کردی ہے۔ آجکی صحبت میں ہم اس نظم کا دیباچہ شروع کرتے ہیں بعد میں اسکے متعدد ٹکڑے صُوفی میں شائع ہوتے رہیں گے اور آخر وہ کتابی صُورت میں جلوہ افروز ہوگی۔ اُمید ہے کہ اُردو کا یہ فردوسی اِسلامی جنگوں کے حالات منظوم کرکے اپنے لئے شہرتِ دوام کا تاج حاصل کرلیگا۔ ا۔ص)

دیباچہ

پڑھی ہیں مَیں نے جب سے شوکتِ ماضی کی تاریخیں
مرے اسلاف کے وقتوں کی وہ پُرجوش تصنیفیں

محرّک میرے خامے کا ہُوا ہے ہر سبق اُن کا
مرے جذبات کو اُکسا رہا ہے ہر ورق اُن کا

مگر پہلو میں کہتا ہے اِدھر رہ رہ کے دل مجھ سے
کہ سب کچھ لکھ چکے ہیں شاعرانِ نغز گو پہلے

حقیقی خادمِ اِسلام سے کیا تو نہیں واقف؟
حفیظ خوشنوا کے نام سے کیا تو نہیں واقف؟

حفیظ خوشنوا فخرِ سخن سنجی سخندانی
ترنّم جس کا ہے رُوحِ رواں گلشنِ معنی

تصرّف میں ہے جس کے جنسِ نغمہ کی فراوانی
وہ جس کی طرزِ خوشخوانی سے ہے زندہ غزل خوانی

زباں جس کی بتاتی ہے کہ اِک اہلِ زباں ہے وہ
بیاں کہتا ہے جس کا بُلبلِ ہندوستاں ہے وہ

اثر دائم قدم لیتا ہے جُھک کر جس کے خامے کے
جہاں میں چار سُو چرچے ہیں جس کے شاہنامے کے

قلم کے زور سے جس نے سمندر پھاڑ ڈالا ہے
ضلالت کے بھنور سے قوم کو جس نے نکالا ہے

جہاں کو جس نے دکھلائے ہیں پھر توحید کے جلوے
سپہرِ حق پہ یعنی دین کے خورشید کے جلوے

دلِ پُردرد جس کا نورِ ایماں سے مُنوّر ہے
متاعِ دو جہاں جس کو عقیدت سے میسّر ہے

زباں محرم ہوئی جس کی حقیقت کی صداؤں سے
بیاں روشن ہُوا جس کا صداقت کی شعاعوں سے

بیانِ صدق میں جو ہے محدّث بھی مفسّر بھی
مصنّف بھی۔ مورّخ بھی۔ محقّق بھی۔ مبصّر بھی

مٹا کر جس کے خامے نے صفِ اصنام کی عظمت
دکھا دی ہے زمانے کو درِ اسلام کی عظمت

سراپا جس نے کھینچا ہے عرب کی جاہلیّت کا
شرف چمکے ہوئے تھی جو بشر سے آدمیّت کا

کیا ہے ذکر جس نے ساتھ ہی حق کی ودیعت کا
کہ جس سے گمرہوں کو مل گیا رستہ شریعت کا

شریعت جس کا مطلب ہے، وہی قانونِ ربّانی
کہ حق نے فطرتِ کامل کی دی جس کو نگہبانی

درندوں کو سکھایا جس نے آکر خُلقِ انسانی
جسے پہلو میں لائے عرش سے محبوبِ سُبحانی

عطا کی جس نے انساں کو شرافت بھی، خلافت بھی
امانت بھی۔ دیانت بھی۔ قناعت بھی۔ صداقت بھی

سکھائی جس نے عالم کو سخاوت بھی، امارت بھی
اخوّت بھی۔ مروّت بھی۔ ریاضت بھی۔ سیاست بھی

دیا عالم کو جس نے درسِ عالمگیر اُلفت کا
سکھایا نوعِ انساں کو سبق جس نے جبت کا

سرافرازانِ عالم جس کے آگے جُھک گئے سارے
یکایک ظلم کے طوفان جس سے رُک گئے سارے

مبدّل کر دیا گلزار سے جس نے بیاباں کو
منظم کر دیا عالم کے اوراقِ پریشاں کو

دِکھا کر منظرِ یکسانیت اولادِ آدم کو
مسخّر کر لیا جس نے دلِ اقصائے عالم کو

دلایا منصبِ فرماندہی صحرا نشینوں کو
جُھکایا اُن کے آگے کاخِ کسریٰ کے مکینوں کو

نہ مشرق سے ڈری جو کُفر کی کالی گھٹاؤں میں
نہ مغرب سے دبی ہرگز جو تثلیثی فضاؤں میں

قبا کہنہ پہن کر جس کے متوالوں نے کھدر کی
ملائی خاک میں جا کر رعونت تاجِ قیصر کی

فضائل چشمِ عالم پر سبھی اُس کے عیاں کرتا
یہ خواہش تھی کہ با تفصیل میں اُن کو بیاں کرتا

تقاضے ہیں مگر مجھ سے یہ میرے مہربانوں کے
کہ دفتر کھول دوں اسلام کے جنگی فسانوں کے

سو اب جوشِ عقیدت میں ارادے ہیں یہی میرے
کہ نقشے کھینچ دِکھلاؤں نزاعِ حق و باطل کے

دکھا کر سوزِ دل شمعِ نبوّت کے پتنگوں کا
کروں میں ذکر با تفصیل باطل سوز جنگوں کا

سُوئے میدان دکھلاؤں شہِ ابرار کا جانا
مجاہد غازیوں کے لشکرِ جرّار کا جانا

علم توحید کا لے کر علم بردار کا چلنا
پئے شوقِ وغا ہر قاتلِ کفّار کا چلنا

جنابِ حیدرِ کرّارؓ کی تلوار کا چلنا
دکھاؤں ذوالفقارِ حیدری کی دھار کا چلنا

درِ خیبر کا شیرِ حق کے ہاتھوں سے اُکھڑ جانا
صفِ کفّار میں اِک زلزلہ سا ڈر سے پڑ جانا

دکھاؤں حضرتِ حمزہؓ کی خوں آشام شمشیریں
وہ شمشیریں کہ جو کوہِ ضلالت کا جگر چیریں

دکھاؤں خالدِؓ جانباز کی شمشیر کا اُٹھنا
فضا میں چار سُو وہ نعرۂ تکبیر کا اُٹھنا

صحابہؓ کے وہ بچّوں اور بوڑھوں کا جوانوں کا
نکلنا روزِ میداں بن کے لشکر پہلوانوں کا

خلوصِ دل سے حضرتؐ کی رفاقت میں وغا کرنا
خدا کے راستے میں مال و جاں اپنا فدا کرنا

نمازوں کا ادا کرنا کبھی تیروں کی بارش میں
شریعت سے وفا کرنا وہ شمشیروں کی بارش میں

رہِ حق پر صفِ کفّار کے آگے وہ ڈٹ جانا
کبھی سر کاٹنے اُن کے کبھی خود آپ کٹ جانا

درُود ہر دم فسونِ کُفر کی تردید کو پڑھنا
جُدا ہو کر سروں کا کلمۂ توحید کو پڑھنا

غم و اندوہ میں پابندِ تسلیم و رضا رہنا
نبیؐ کا وہ دُعا کرنا اُدھر اُن کا اِدھر کہنا

دُعا کے لفظ کا لب پر شہِ لولاکؐ کے آنا
اِجابت کا اُتر کر مسندِ افلاک سے آنا

زمانے کو دکھاؤں کُفر کے طوفان کی طاقت
اُدھر شیطان کی طاقت اِدھر ایمان کی طاقت

دکھاؤں عکرمہ کی اور ابو سفیان کی طاقت
اِدھر اُن کے مقابل میں شہِ ذیشان کی طاقت

بتاؤں کس طرح بوجہل کے ناپاک منصوبے
گناہوں کے سمندر میں اُسے آخر کو لے ڈُوبے

بتاؤں کس طرح نخوت مِلا کرتی ہے ذلّت سے
دکھاؤں کس طرح کثرت دبا کرتی ہے قِلّت سے

بتاؤں وہ غبارِ کفر کیونکر چھٹ گیا آخر
دکھاؤں ظلم کا بادل وہ کیونکر چھٹ گیا آخر

غرض میں نے حقیقت کا یہی فوٹو دکھانا ہے
یہ موضوعات ہیں جن پر قلم میں نے اُٹھانا ہے

مرا مضمونِ تاریخی صداقت خیز قصّہ ہے
حفیظِ محترم کے خاص مضموں کا یہ حصّہ ہے

مگر تصنیف سے اِس کی نہیں یہ مُدّعا میرا
کہ ہو اُن کے تخیّل سے قلم زور آزما میرا

نہ وہ طبعِ رواں میری نہ وہ طرزِ بیاں میرا
نہ وہ ذوقِ نوا سنجی نہ وہ لطفِ زباں میرا
نہ یاں وہ گلشنِ ادبی نہ یاں اُس باغ کے مالی
زمینِ خشک صحرا ہے وطن میرا میانوالی
مری عاجز بیانی کا مجھے اقرار ہے دل سے
مری اِس انکساری کا یہ سب اظہار ہے دل سے
فقط اس واسطے یہ ہمنوائی چاہتا ہوں میں
کہ دربارِ محمدؐ کی گدائی چاہتا ہوں میں
رفیقِ راہ بن جائے حفیظِ خوشنوا میرا
یہی ہے آرزو میری یہی ہے مُدّعا میرا

بنا کر آسرا دونو درِ سرکارِ احمدؐ کو
گدایانہ رفاقت سے چلیں دربارِ احمدؐ کو

مُسلمان لڑکیوں کی دینی اخلاقی اور معاشرتی تعلیم کا سلسلہ

تعلیم النسار کا قاعدہ قیمت صرف ایک آنہ .. .. (۱ر)

تعلیم النسار کی پہلی کتاب جس میں آئندہ دینی و ادبی کتاب کی بنیاد رکھنے کیلئے آسان اسلوب میں توحید و رسالت کے تصور کی طرف رہنمائی کیگئی ہے۔ پھر چند مناظرِ قدرت دکھائے ہیں اور کئی نصیحت آمیز کہانیوں کے نتائج پر توجہ دلائی ہے۔ قیمت صرف تین آنہ .. .. .. (۳ر)

تعلیم النسار کی دوسری کتاب قیمت چھ آنے .. .. (۶ر)

تعلیم النسار کی تیسری کتاب اسلامی عقائد و مسائل طہارت و نماز کا بیان بزرگوں اور عزیزوں کے ساتھ نیک سلوک کرنیکی ترغیب اور خانہ داری کے ہر شعبہ کا ذکر شبانہ روزی کاروبار کے آداب اور نیک اخلاق کا بیان۔ قیمت ۹ر

تعلیم النسار کی چوتھی کتاب متعلقہ مسائل ذیلیہ نہایت آسان اُردو میں لکھدیا ہے شروع سے لیکر آخر تک کوئی ایسا مسئلہ نہیں جو درج نہ کیا گیا ہو۔ قیمت ۱۲ر

تعلیم النسار کی پانچویں کتاب جس میں خانہ داری کے مفید نسخہ جات گھر داری کے متاع، کھانے پینے پرونے، عورتوں کے شغل وغیرہ وغیرہ کا تفصیلی بیان درج ہے۔ قیمت عہ

تعلیم النسار کی چھٹی کتاب جس میں تربیت اولاد کے متعلق مفصل و مکمل بیان موجود ہے قیمت ۱۲ر

تعلیم النسار کی ساتویں کتاب پچھلی سے لیکر پوری ہوں تک کیلئے ضابطہ آداب دین و اسلام کا معیار تہذیب مقلدین یورپ کیلئے تازیانہ تادیب طالبعلم کیلئے رہنمائے دینی و دنیوی ذوات بصیرت کیلئے اُردو کی مثنوی و معنوی۔ قیمت عہ

ضحاک

یہ تاریخی ڈرامہ علامہ جناب اختر شیرانی صاحب ایڈیٹر رسالہ بہارستان کی تصنیف ہے۔ فاضل مؤلف کی شخصیت کسی تعریف کی محتاج نہیں۔ آپ کا نام ہی کتاب کی عمدگی کا بہترین ثبوت ہے۔ سانپوں والے بادشاہ ضحاک اور فریدوں کا قصہ شاہنامہ میں اُستاد بافردوسی نے فصاحت و لطافت سے بیان کیا ہے مگر اُسکی تاریخی حیثیت معتبر نہیں۔ فاضل ادیب جناب اختر شیرانی نے اِس ڈرامہ کو تاریخی رنگ دینے بجائے ایک خیالی اور تصوری افسانہ کے واقعہ بنا دیا ہے۔ حجم قریباً دو سو صفحہ۔ قیمت ایک روپیہ علاوہ محصول ڈاک

دورِ حاضرہ کا بہترین ادبی شاہکار

معصوم کلیسا

از فطرت نگار روشن صدیقی جوالاپوری

جس میں مجرم کے اسرار سرمدی بے نقاب کئے گئے ہیں قرطبہ یونیورسٹی کے مشہور اُستاد فلاسفہ علامہ منذر اور عذرائے اندلس فاضلۂ دہر جولیانا کی داستانِ محبت۔ الحکم مستنصر باللہ جیسے فقیہہ و فلاسفر خلیفہ کا عظیم الشان عہد خلافت قرطبہ یونیورسٹی کی عالمگیر علمی فتوحات۔ اندلسی عربوں کی شہامت اور قدوسی تمدن مسیحی پیشوایانِ مذہب کی تاریک ریاکاریاں۔ یہ ہیں وہ رُوح پرور مناظر جنہیں آپ معصوم کلیسا میں ملاحظہ فرمائیں گے۔ کتابت طباعت دیدہ زیب۔ حجم تقریباً ڈیڑھ سو صفحہ۔ قیمت بارہ آنے (۱۲ر) علاوہ محصول ڈاک

ہیر وارث شاہ کلاں

جس میں مصنف حضرت وارث شاہ صاحب مرحوم کا رنگین فوٹو۔ رانجھا اور ہیر کے رنگین سہ رنگ کے بلاک کی تصاویر دی گئی ہیں جو کتاب کی شان کو دوبالا کر رہی ہیں۔ قیمت دو روپے (عہ) علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ: **مینیجر پنجاب اُردو اکاڈیمی لاہور**

مے مجاز و حقیقت کے دو جرعے

از جناب مولوی عبدالمالک صاحب آروی

ہر انسانی زندگی میں ایک ایسا مرحلہ بھی ہوتا ہے، جہاں پہونچکر انسان اپنی سخت کوششوں کے باوجود اپنے ایک راز کی پردہ پوشی نہیں کرسکتا۔ وہ "وضع احتیاط" کو بنا بہنا چاہتا ہے لیکن اداؤں کی غمازیاں اسے مجبور کرتی ہیں کہ وہ اس منزل پر آجائے۔

تا قبا سازیم پیراہن کجاست　　عاشق چاک گریبانیم ما

لیکن سوال یہ ہے کہ انسانی زندگی میں یہ تغیر ہوتا ہی کیوں ہے؟ اور اسکی ماہیت و حقیقت کیا ہے؟ لیکن جس طرح دنیا میں بہت سی علم باتوں کے متعلق ہمارے نظریات مختلف ہوا کرتے ہیں اسی طرح مختلف طبقات نے اسکی مختلف علمی توجیہیں کی ہیں ایک ماہر نفسیات جذبہ جنسی کی مرکزی صورت کو "عشق" سے تعبیر کرتا ہے، اس کا خیال ہے کہ جب جذبہ جنسی کو دبایا جائیگا، تو وہ کسی نہ کسی شکل میں ضرور ابھریگا۔ اور یہ ثانوی صورت جسے اصطلاح نفسیات میں "جذبہ تبعی" (Derivad Impulse) کہتے ہیں التہاب عشق کی اصل ہے، لیکن جب یہی سوال صوفیہ کے نزدیک پیش کیا جاتا ہے، تو وہ اسے "مے مجاز" بتاکر "مشاہدہ حق" کا مسئلہ چھیڑ دیتے ہیں۔

ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو　　بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر

مجاز و حقیقت کے اس ربط و اختلاط پر شعرائے فارس نے کثرت سے اشعار کہے ہیں چنانچہ عہد عادلشاہیہ کا ایک فارسی شاعر ظہوری ترشیزی کہتا ہے۔

بہ کعبہ می بردم خضر عشق از رہ دیر　　کہ رہنمائے حقیقت کند مجاز مرا

بہاؤالدین احمد عاملی کی کتاب "کشکول" میں عشق کی مفصلہ ذیل تصریحات ملتی ہیں[1] ایک حکیم کہتا ہے۔

معنی عشق جذب قلوب ہست و کشش ارواح بمقناطیس حسن و کیفیت و چگونگی این کشش را کسے نتواند دانست، و بر حقیقت آں اطلاع نتواں یافت۔

مامون رشید نے یحییٰ بن اکثم سے پوچھا کہ عشق کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا۔

عشق وسوسہ چند است کہ آدمی را پدید می آید و ہوس بے حاصل از پریشانی اندیشہ می زاید و دل را غمگین می سازد و آدمی را از کار می اندازد۔

نمامہ (مشہور شاعر) نے جواب دیا یحییٰ! چپ رہو تم قاضی ہو تمہیں عشق و محبت سے کیا سروکار، تم کو مقدمات کا فیصلہ کرنا چاہیئے یا کسی شرعی مسئلہ کا جواب دینا چاہیئے۔ ہم لوگ البتہ اس میدان کے مرد ہیں اور یہ مسئلہ ہم لوگوں سے خاص لگاؤ رکھتا ہے۔ مامون نے کہا اچھا، نمامہ! تم ہی جواب دو، نمامہ نے کہا۔

عشق ہمنشینے است سرکش و مصاحبیت بادشاہ غش راہش بغایت تنگ است و بے نہایت و باریک و حکمش مطاع و فرمانش واجب الاتباع، بادشاہیست کہ سر بر ملک بدن جائے اوست سلطانیست کہ تصرف دل و جان بر ائے اوست عنان انقیاد و اطاعت ما را بہ قبضہ تصرف خود در آوردہ۔

مامون نے شاباش کہا اور نمامہ کو ایک ہزار دینار عطا کیا۔

---

[1] اصل کتاب عربی زبان میں ہے، علامہ ملک العلی احمد عاملی نے ایک بادشاہ شاہ عبداللہ کے حکم سے فارسی زبان میں اس کا ترجمہ کیا۔ اسی فارسی ترجمہ کا ایک نہایت خوشخط، پاکیزہ قلمی نسخہ میرے پاس ہے۔

بوعلی سینا نے "عشق" پر ایک رسالہ بھی لکھا ہے، اس میں ایک جگہ لکھتا ہے۔

عشق مخصوص انواع انسان نیست بلکہ در جمیع موجودات فلکی و عنصری و موالید ثلاث معدنی و نباتی و حیوانی ساری و جاریست۔

افلاطون کہتا ہے۔

قوتیست غریزی کہ مولدی شود از وساوس طبع و اشباح فکر۔

ایک دوسرے حکیم کا قول ہے۔

حب لغۃ طیس ہست روحانی آں چناں جذب دلہائی کند و از جائے خود بسوئے خود می کشاند کہ او را بہیچ وجہ تعلیل نمی تواں کرد، و وجہے و سببے غیر از خاصیت از برائے او نمی تواں داد،

غالب نے شاید اسی نظریہ کی طرف اشارہ کیا ہے۔

عشق پر زور نہیں ہے یہ وہ آتش غالب کہ لگائے نہ لگے اور بجھائے نہ بنے

ایک مصور کی روح نگارش، ایک مغنی کا سوز ترنم، ایک شاعر کا گداز بیان، ایک ادیب کی لطافت انشا، الغرض انسانی کاوشوں کے وہ تمام شعبے جن کا تعلق مصورہ سے ہے، بہت کچھ اسی جذبہ جنسی کی دبی ہوئی صورت یعنی عشق سے اثر پذیر ہوئے ہیں۔

غالب نے تفریط کی تو سرے سے اس کو "خلل دماغ" بتادیا، عرفی نے افراط کی تو "عشق آمد و گوید کہ رسولم نام ست" کہہ بیٹھے، میرا خیال ہے دونوں اپنی اپنی جگہ پر صحیح ہیں۔ غالب نے "فلسفہ عشق" بیان کیا۔ عرفی نے "اعجاز عشق" کی وضاحت کی۔ اس میں شک نہیں جذبہ جنسی ہی کی ایک دبی صورت کا نام عشق ہے، اور ہم "فرلوڈ" کے نظریہ سے کام لیکر کہہ سکتے ہیں کہ "شعور جنسی" (Sexual Instinct) عشقیہ تاثرات کے ماتحت "ارتفاع" (Sublimation) کی صورت اختیار کر لیتا ہے، ممکن ہے علمائے نفسیات کی تحقیق کے مطابق "عشق" جذبہ جنسی کی پیداوار ہو کیونکہ عشقیات کی جتنی روایتیں مثنویوں، افسانوں اور تاریخوں کے ذریعہ محفوظ ہیں ان کے مطالعہ سے یہی پتہ چلتا ہے کہ اس کی تحریک شباب میں ہوتی ہے، جس وقت جذبہ جنسی کا طوفان بپا رہا کرتا ہے، لیکن نفسیات اور فلسفہ کا ناخن فکر آج بھی اس عقدہ کو حل کرنے سے عاجز ہے، کہ ایک خاص مرد ایک خاص عورت پر کیوں مٹ جاتا ہے؟ طرفہ یہ کہ وہی عورت سب کیلئے باعث کشش نہیں ہوا کرتی، یہاں پہونچکر جمالیات کا یہ اہم نظریہ پیدا ہوتا ہے، کہ حسن کی ماہیت اور اس کا معیار کیا ہے؟ امام غزالیؒ اسے "تناسب اعضا" بتاتے ہیں لیکن پھر یہ ثولیدگی باقی رہجاتی ہے، کہ اگر حسن نام ہے "تناسب جسمانی" کا تو اس کے مطالعہ اور اثر پذیری میں نوع انسان اس قدر مختلف کیوں ہیں؟ اور وامق و عذری، لیلیٰ و مجنوں، شیریں و فرہاد، نل و دمن کے عشقیہ تاثرات مخصوص دائرہ میں کیوں رہگئے؟

میں اس وقت کوئی فلسفیانہ مسئلہ چھیڑنا نہیں چاہتا، صرف ان حقیقتوں پر بحث کرنا چاہتا ہوں جن کے ماتحت کسی نے عشق کو جنون کہدیا، کسی نے اسے مشاہدۂ حق کا زینہ بتایا، پہلا نظریہ تحقیق و جستجو سے تعلق رکھتا ہے، دوسرا ذوق سے اور میں کوشش کرونگا کہ دونوں ایک حد تک نمایاں کر سکوں۔

ڈاکٹر ابرکرامبی نے اپنی کتاب "قوائے عقلیہ و فلسفہ اخلاقیہ" کے پہلے حصہ میں "جنون" کے متعلق بڑی عالمانہ بحث کی ہے[1]، ڈاکٹر صاحب ایک جگہ لکھتے ہیں کہ (Bicetre) کا دفتر دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ تعلیم یافتہ لوگوں میں انہیں حضرات کو جنون ہوا ہے جو صناع، مغنی، شاعر، ادیب، مصور اور مذہبی تھے، کیمیاگر، طبیب، ماہر طبیعات وغیرہ اس صف میں نظر نہیں آتے، یعنی جن لوگوں کو قوت مصورہ کی نیرنگیوں سے واسطہ پڑتا ہے، وہی لوگ اس مرض کا شکار ہوتے ہیں، ابرکرامبی عشقیہ کیفیات کو بھی مرض پر مبنی کرتا ہے، اور انہوں نے اس عامیانہ کلیہ پر بھی روشنی ڈالی ہے کہ مذہب جنون کی اصل ہے، چونکہ عشق و جنون میں ایک خاص مماثلت ہے، اس لئے ڈاکٹر صاحب کے اس مقالہ کا اردو ترجمہ پیش کیا جائے تو دلچسپی سے خالی نہیں۔

---

[1] ڈاکٹر ابرکرامبی یورپ کے ایک فلسفی اور طبیب گزرے ہیں، آپنے مختلف علوم فلسفہ، طب، اخلاق وغیرہ کے گہرے مطالعہ کے بعد یہ کتاب لکھی اسکے ایک مقالہ "خواب" کا ترجمہ و شرح "جن" لکھنؤ بابت ماہ مئی ۱۹۳۵ء میں میں نے شائع کیا تھا۔

ڈاکٹر ابرکرامبی کا فلسفہ جنون "مدرکہ" اس قوت دماغی کا نام ہے، جس کے ذریعہ ہم لوگ واقعات کا باہم موازنہ اور دماغی تاثرات کا عالم خارج سے مقابلہ کرتے ہیں۔ اس کے ذریعہ ہم لوگ واقعات کے باہمی ربط و علاقہ اور اپنے تاثرات اور اشیائے عالم خارج کی حقیقی حالت کے تناسب کا فیصلہ کر سکتے ہیں، دماغ کے اندر وہ مخصوص قوت بھی ہوتی ہے جس کے ذریعہ ہم لوگ سلسلہ خیالات کی گرفت کرتے ہیں یا اپنی مرضی کے مطابق اس میں تغیر پیدا کرتے ہیں اس وقت ہم لوگ اپنی توجہ یا تو کسی ایک موضوع پر مرکوز کرتے ہیں، یا دوسرے مرکز پر ہٹا لیجاتے ہیں، اسی قوت کا نتیجہ ہے کہ ہم اپنا سلسلہ خیال متشابہ اور مماثل سلسلوں سے بدلتے جاتے ہیں یا خیال کا سلسلہ ہی ختم کر دیتے ہیں یہی طاقت کمتر و بیشتر درجہ میں جنون کے اندر گم ہو جاتی ہے، اور اس کا نتیجہ دو حالات سے خالی نہیں۔

(۱) یا تو دماغ کسی خاص ایگانہ تاثر کے زیر اثر ہو جاویگا، اس وقت دماغ میں یہ صلاحیت باقی نہیں رہیگی کہ ہم اس تاثر کے اندر تغیر پیدا کریں یا اسے مسترد کر دیں یا دوسرے تاثرات کے ساتھ اس کا موازنہ کریں۔

(۲) یا دماغ ان سلسلہ ہائے تاثرات کے رحم پر جو متحرک رہتے ہیں آزاد چھوڑ دیا جاتا ہے، اور بعض اصول ربط کے مطابق ایک سلسلہ کے بعد دوسرا سلسلہ آتا جاتا ہے، اور مجنون ان سلسلوں پر قبضہ نہیں رکھ سکتا۔

مفصلہ بالا دو نو حالات میں مجنون کو یقین ہوتا ہے، کہ اس کے دماغی تاثرات عالم خارج میں حقیقی اور حالی وجود رکھتے ہیں، مجنون میں یہ اہلیت نہیں رہتی، کہ اس غلط ایقان کا اشیا کی حقیقی حالت سے جن کا محسوسات کی وساطت سے ہمیں ادراک ہوتا ہے، تصحیح کر سکے، اسمیں یہ بھی صلاحیت نہیں رہتی، کہ دوسری ذی ہوش ہستیوں کے ذریعہ جو حقائق یا سمجھ کی باتیں پہونچیں انہیں کے ذریعہ اس غلط ایقان کو مسترد کر سکے، اس کا جنون اسے حافظ کی اس عشقیہ منزل پر لے آتا ہے۔

دگرم مگو کہ خواہم کہ زدرگہت برانم تو برین و من برانم کہ دل از تو برندارم

قوائے دماغی کی تندرست و صحیح حالت سے جو یہ عجیب و غریب بے راہروی ہوتی ہے، اس کا سبب ہمیں کچھ معلوم نہیں، ہم لوگ صرف قوائے جمیعہ کے لاحقہ (concomitant) حالات سے اس کے ربط و علاقہ کا پتہ لگا سکتے ہیں، اور بعض معلول کا استقرار کر سکتے ہیں جو اس سے منتج ہوتے ہیں لیکن اس تغیر کی حقیقت اور جس طور سے یہ تغیر پیدا ہوتا ہے، اس سے ہم بے خبر ہیں اور خلاق کائنات کے نظم و نسق میں یہ بھی ان سوالات میں سے ہے جہاں پہونچکر ہماری تحقیقات جواب دیدیتی ہے۔

نظریہ بالا سے ثابت ہوتا ہے کہ ہمارے عالم جنون اور دنیائے خواب میں جو مظاہر دماغیہ ہوتے ہیں وہ ایک دوسرے سے عجیب و غریب مماثلت رکھتے ہیں اور ہر دو حالتوں کی نمایاں خصوصیات دو عنوان کے تحت رکھی جا سکتی ہیں۔

(الف) ان تاثرات کے متعلق جو دماغ میں پیدا ہوتے ہیں یقین ہوتا ہے کہ ان کا وجود حقیقی اور حالی ہے، اور اس خیال کا اشیائے عالم خارج کی حقیقی حالت سے موازنہ کر کے اس ایقان میں درستی اور تصحیح نہیں کیجاتی۔

(ب) خیال یا صورتوں کا سلسلہ جو دماغ میں پیدا ہوتا ہے، بعض قانون ائتلاف کے تحت ایک دوسرے کے بعد رواں ہوتا ہے، اس پر مجنون تصرف نہیں رکھ سکتا، عالم صحت کی طرح وہ نہ تو اس سلسلہ میں ترمیم کر سکتا ہے، نہ اس میں اپنی مرضی کے مطابق وقفہ دے سکتا ہے۔

جنون کی مختلف صورتوں میں ہم ان خصوصیات کو علی قدر مراتب نمایاں پاتے ہیں لیکن تمام مدارج جنون کے اندر ان کے اثر کا پتہ لگ سکتا ہے اور اعلیٰ حالتوں میں یا جسے ہم کامل مانیا کہتے ہیں ہم لوگ اس خصوصیات کو اسی طریقہ سے نمایاں پاتے ہیں جس طرح خواب کے اندر ان کی جلوہ گری ہوئی ہے۔

مانیا کے مبتلا کو اپنے تئیں بادشاہ ہونے کا وہم ہو جاتا ہے، وہ سمجھتا ہے کہ وہ نامحدود طاقت کا مالک ہے، دنیا کی تمام شان و شکوہ اس کے

صوفی مفت

اگر آپ رسالہ صوفی کو مفت پڑھنا چاہتے ہیں تو کم سے کم نو روپیہ کی مطبوعات صوفی منیجر صاحب رسالہ صوفی سے منگالیں۔ اگر کارخانہ آب حیات کی تیار شدہ ادویات سولہ روپیہ کی طلب کریں تو بھی رسالہ صوفی ایک سال مفت حاضر ہوگا لیکن اس اشتہار کا حوالہ دینا ضروری ہے۔

منیجر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

اردگرد ہے، اور جسمانی محسوسات کے مکمل وظیفہ عمل کے باوجود جس کے ذریعہ وہ اپنی بوریا اور حجرہ کی خوفناکیوں کا مطالعہ کر رہا ہے، وہ اس وہم کو دُور نہیں کر سکتا، وہ خسرو کے اس نظریہ پر عمل کرتا ہے۔

ہر صبح بہ قبلہ ہمہ خلق و من بدکیش افتادہ در اندیشہ ابروئے تو باشم

جب یہ حالت کمتر درجہ میں رہتی ہے تو ہم اسے "خبط" (Eccentricity) کہتے ہیں اور ہم اپنے روزانہ محاورہ میں کسی آدمی کے متعلق بولتے ہیں کہ اسے کسی خاص موضوع کا خبط ہو گیا ہے، خبطی کسی ایک تاثر یا وہم کو بیجا اور متجاوز اہمیت دیتا ہے، اس میں یہ صلاحیت باقی نہیں رہتی کہ وہ ان واقعات و نظریات پر بھی غور و فکر کرے جنہیں اس سلسلہ میں باہم ملا کر غور کرنا چاہیئے، ایسا آدمی کسی یگانہ خیال کے تحت مستعدی اور عجلت سے عمل پیرا ہوتا ہے اور وہ "طے منزل" کے خیال میں "حاملہا" کی پروا نہیں کرتا۔ وہ عمل کا خاکہ تیار کرتا ہے، اور اسکی نظر صرف ان اہم فوائد پر ہوتی ہے، جو تکمیل کے بعد حاصل ہو سکتے ہیں، وہ زحمتوں اور رکاوٹوں کی پروا نہیں کرتا بہت ممکن ہے خبطی کا یہ تاثر بذات خود صحیح ہو، لیکن اس کا خبط یہ ہے کہ وہ اس کو حد سے متجاوز اہمیت دینے لگتا ہے، یا ایسے ایسے نتائج مرتب کرنے لگتا ہے، جو بحیثیت مجموعی صحیح عقل رکھنے والوں کے نزدیک غیر ضروری ہو، اکثر دشوار ہوتا ہے کہ اس حالت کے بعض مدارج اور مانیا کے درمیان خطِ امتیاز کھینچا جائے اور حقیقت یہ ہے کہ اکثر اوقات خبط و جنون کی حالتیں مشترک ہوتی ہیں مفصلہ ذیل واقعات سے اسکی توضیح ہوتی ہے۔

اسکاٹ لینڈ میں ایک مسیحی عالم اپنی بہتیری بے راہرویوں کے بعد مجلس شوریٰ کے سامنے پیش ہوا۔ ملک کے ایک قانون کے مطابق اس پر اپنے معاملات کے انجام دینے کی بابت نا اہلی کا الزام تھا اس لئے اسے معتمدین کے زیر نگرانی رہنا چاہیئے تھا، اس کی بے راہرویوں کے سلسلہ میں جو باتیں بیان کی گئیں ان میں ایک بات یہ تھی کہ اس نے اپنا کتب خانہ جلا دیا تھا جب مجلس شوریٰ کے اراکین نے اس سے دریافت کیا کہ اپنے اس رویہ کا وہ کیا جواب دے سکتا ہے، اس پر اس نے مفصلہ ذیل اظہار خیال کیا۔

"میں اپنی زندگی کے ابتدائی زمانہ میں ایک نہایت ہی غیر مفید شعبہ علم یعنی "علم مناظرہ دینی" کا ذوق رکھتا تھا جب میں اپنے کتب خانہ کا معائنہ کرنے لگا تو میں نے دیکھا کہ اسمیں اس موضوع کی بہت سی کتابیں ہیں۔ میں نے خیال کیا کہ کہیں میرے گھر والے اسی مشغلہ میں نہ لگ جائیں یہی وجہ تھی کہ میں نے سارا کتب خانہ جلا دیا۔"

اس کے دوسرے حرکات کے متعلق جب اس سے سوال کیا گیا تو اُس نے اسی طرح کا معقول جواب دیا، نتیجہ یہ نکلا کہ مجلس شوریٰ کے اراکین نے اسے معتمدین کے زیر نگرانی دینے کی کوئی وجہ نہ پائی لیکن اسی وقت سے دو ہفتہ کے اندر وہ کامل مانیا میں مبتلا ہو گیا۔

اِس لئے جنون کے بارہ میں یہ کہنا غلط ہے، جیسا کہ کہا جاتا ہے، کہ مجنون غیر معقول کلیات پر صحیح ادراک کرتا ہے اس کے کلیات غیر معقول ہو سکتے ہیں یعنی اس کے اندر ایک ایسا دماغی عکس ہو جو محض خیالی ہوگا لیکن کسی حیثیت سے یہ ضروری نہیں کہ یہ مرض پیدا کر دے، اس کے مقدمات کبریٰ و صغریٰ معقول ہو سکتے ہیں گو ان سے نتیجہ نکالنے میں وہ انہیں توڑ مروڑ دیتا ہے، مسیحی عالم کا جس کا ابھی تذکرہ ہوا یہی حال تھا۔ اس کے کلیات صغریٰ و کبریٰ صحیح تھے، یعنی مناظرہ دینی کے غیر مفید ہونیکی حیثیت اور یہ کہ اس کے گھر والے کہیں اسی مشغلہ میں نہ لگ جائیں اس کا جنون اس کے اس جانبدارانہ اور سریع نظریہ پر مبنی تھا جس کے تحت اس نے اپنے مقصد کی تکمیل کے لئے ذریعہ اختیار کیا یعنی سارے کتبخانہ کو جلا ڈالا۔

برزخ موت کے بعد اور قیامت سے پہلے انسان پر کیا حالت گذرتی ہے اسکی مفصل کیفیت اگر آپ ملاحظہ فرمانا چاہتے ہیں تو بولٹی کی ایک جلد برزخ طلب فرمایئے۔ اس میں بحوالہ اسناد قرآن مجید احادیث نبوی صلعم وہ تمام باتیں درج ہیں جن کا جاننا ہر ایک مسلمان کیلئے باعث ازدیاد و تکمیل ایمان ہے۔ یہ کتاب سید محمد شاہ صاحب ذوقی بی اے (علیگ) سابق ایڈیٹر اخبار آبزرور و الحق سندھ کی عرصہ دراز کی محنت اور جانکاہی کا ثمرہ ہے۔ قیمت صرف بارہ آنے (۱۲ر)

مذہب اور تلوار اس کتاب کو اقوام و مذاہب کی مکمل تاریخ کا ایک جامع و مانع اور لطیف ترین خلاصہ کہا جا سکتا ہے۔ کتاب کا ایک حصہ اس تحقیق کی نذر ہوا ہے کہ دُنیا میں کون کون سے مذاہب کس کس طرح پھیلے۔ اس مسئلہ پر بھی خوب روشنی ڈالی گئی ہے کہ تلوار کا استعمال مذہب میں قطعاً ناجائز ہونا چاہیئے۔ یا یہ کہ جہاں تلوار کا استعمال نامناسب تھا وہاں تلوار سے اجتناب کیا جائے۔ آخر میں مذاہب اسلام اور اسکی تبلیغ و اشاعت پر محققانہ و مؤرخانہ نظر ڈالی گئی ہے مصنفہ مولانا اکبر شاہ خاں صاحب نجیب آبادی قیمت صرف نو آنے (۹ر)

ملنے کا پتہ: مینیجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

اگر وہ اپنا کتب خانہ بیچ ڈالتا یا اُس کا صرف وہ حصّہ فروخت کر دیتا جس میں مناظرہ و جدل کی کتابیں تھیں تو اس کی یہ ترکیب اس کے اس مقصد سے جو وہ پیش نظر رکھتا تھا صحیح مطابقت رکھتی، اگر اس نے اپنے کتب خانہ میں ایسی کتابیں پائی تھیں جو غیر اخلاقی رجحان پیدا کرنے والی تھیں تو اُن کا جلا ڈالنا تاکہ وہ کسی دُوسرے فرد کے ہاتھ میں نہ پڑ سکیں ایک عاقل اور نیک سرشت آدمی کا فعل تھا، لیکن سارا کُتب خانہ جلا ڈالنا تاکہ اس کے گھر والے مناظرہ دینیات کی کتابیں نہ پڑھ سکیں جنون کی فہمائش تھی جس نے واقعات کی حقیقی مطابقت میں زولیدگی پیدا کر دی اور ایک تاثر پیدا کر دیا جو بذاتہ صحیح تھا لیکن ایسے نتائج پیدا کر دیئے جن کی کسی حد تک ضرورت نہ تھی۔

جنون کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں دماغ کے اوراد و وظائف بڑھ جاتے ہیں اور خیال تیز ہو جاتا ہے، مجنون کا یہ رجحان ہو جاتا ہے کہ وہ تیزی کے ساتھ واقعات کے عارضی اور جانبدارانہ تعلقات کی گرفت کر لے اکثر اس کی قوت مصوّرہ تر و تازہ ہو جاتی ہے اور بعض اوقات تعجب خیز طریقہ سے کوئی پیچیدگی پیدا کئے ہو، دماغ کی خصوصیت کو متغیر کر دیتی ہے، ایسی حالتوں میں حافظہ کامل ہو جاتا ہے، بلکہ صحت کے زمانہ سے زیادہ عُمدہ ہو جاتا ہے، قدیم سلاسل ایسی سُرعت سے رواں ہوتے ہیں جو صحت کے زمانہ میں مجنون پر بالکل مجہول تھے۔

ڈاکٹر ویلس کا بیان ہے کہ ایک شریف آدمی جس پر جنون کا دورہ ہوا کرتا تھا کہتا تھا کہ میں اس دورہ کا بہت بیچینی سے منتظر رہتا ہوں، چونکہ اس زمانہ میں، میں بے انتہا مُسرت محسوس کرتا ہوں ہر چیز مجھے آسان معلوم ہوتی ہے، نہ تو نظریات کے اعتبار سے میرے سامنے کوئی تصادم ہوتا ہے، نہ عملیات کے اعتبار سے میری قوت حافظہ یگانہ حیثیت کا کمال حاصل کر لیتی، لاطینی مُصنّفوں کے طویل مکتوبات مجھے یاد آ جاتے عموماً قوافی کی کاوش میں مجھے بڑی دِقّت لاحق ہوتی، لیکن دورہ میں اسی آسانی کے ساتھ نظم لکھا کرتا جس طرح نثر لکھا جاتا ہے، خیال کی اسی مستعدی اور سلسلہ و ربط کے اسی استحضار کا نتیجہ ہے کہ ایک خاص طبقہ کے مجنون افراد کے اندر ہم ذہانت و عقل کا مطالعہ کرتے ہیں، اسی لئے کہا جاتا ہے کہ وہ غلط کلیات (صغریٰ و کبریٰ) پر عاقلانہ حیثیت سے ادراک کرتے ہیں اور ایک مُصنّف نے تو یہاں تک کہدیا کہ ایک خاص قسم کا مجنون ایک بہترین منطقی ہو سکتا ہے، لیکن یہ کہنا کہ ایک مجنون معقولیت اور سمجھ کے ساتھ غور و خوض کرتا ہے ایک اصطلاحی اتہام ہے وہ ذہانت اور معقولیت کے ساتھ ادراک کرتا ہے، یعنی سُرعت کے ساتھ وہ عارضی اور جانبدارانہ علائق کی گرفت کرتا ہے، لیکن جس تیزی کے ساتھ انکی گرفت کیجاتی ہے، بعض اوقات پہلے پہل انکے مغالطہ کا پتہ لگانا مشکل ہو جاتا ہے مجنون ایک ہوشیار منطقی ہو سکتا ہے، لیکن صرف اس مسلک کا جہاں منطق تعبیر ہے محض لفظی مباحث اور فضول امتیازات سے لیکن وہ کبھی ایسی معقول منطق پیش نہیں کر سکتا جس کی غرض واقعات کے صحیح علائق کا پتہ لگانا ہے اور جس کا موضوع راستی و حقیقت ہے۔

عالم جنون کی تمام صورتوں کے اندر ایک خاص بات یہ پائی جاتی ہے، کہ کوئی تاثر دماغ کے اندر مُسلّط ہو جاتا ہے اور اس صُورت سے مُسلّط ہو جاتا ہے کہ باقی تمام تاثرات سے آنکھیں بند کر لی جاتی ہے، یا یہ کہ دماغ کے اندر یہ صلاحیت باقی نہیں رہتی کہ اس مرکزی تاثر پر صحیح واقعات کے علاقہ کے تحت اثر آفرینی کیجائے ہو سکتا ہے یہ تاثر بالکل خیالی اور بے بنیاد ہو یا یہ کہ حقیقتہً بہ صحیح ہو لیکن اوراد و وظائف اور ترتیب نتائج کے اعتبار سے بالکل زولیدہ کر دیا گیا ہو، اس طور سے ایک دولتمند آدمی کے دماغ میں خود کو بھکاری خیال کرنے کا وہم ہو جاتا ہے وہ سمجھنے لگتا ہے کہ میں بھوک سے موت کے خطرہ میں ہوں، دُوسرے پر بھی جس نے حقیقتہً ایک بڑا نقصان اُٹھایا ہے اسی تاثر کا غلبہ ہوتا ہے، پہلی صُورت میں تاثر بالکل خیالی حیثیت رکھتا ہے، جیسا کہ خواب کے اندر واقع ہوا کرتا ہے، دُوسری صُورت میں تاثر کی نوعیت تو حقیقی ہے لیکن ترتیب نتائج کے اعتبار سے اس میں افراط ہے۔

دماغ کے اندر غلط تاثرات کی جاگزینی کے مختلف النوع مدارج ہیں بعض حالات میں تو یہ تاثر ایسا جاگزین ہوتا ہے کہ انسان تمام خیالات سے یکسر اثر پذیر نہیں ہوتا یہاں تک کہ محسوسات کے ذریعہ جو تاثرات پیدا ہونے چاہئیں، وہ بھی مریض کے اندر پیدا نہیں ہوتے، بہت سی صُورتوں میں یہ بھی ہوا کرتا ہے کہ انسان کی پوری سیرت ہی میں تغیر ہو جاتا ہے، اس حالت کے مدارج غلط تاثر کی نوعیت کے مطابق ہوا کرتے ہیں مثلاً ایک آدمی جو پہلے اپنی چال چلن اور عادات میں صحیح تھا بالکل بے حیا اور لعنتی بن جائے جن امور کا وہ عادی ہو وہ اسے خراب معلوم ہونے لگیں اس کے نزدیک ترین اور محبوب دوست قابل نفرین اور موجب ناپسندیدگی ہوں، ان خصوصیات کے تحت بعض دلچسپ باتیں مطالعہ میں آتی ہیں اور بعض اوقات یہ بات دلچسپی سے خالی نہیں ہوتی جبکہ اثر جنون کے زائل ہونیکے بعد تمام اگلی خصوصیات

عود کر آتی ہیں۔ ڈاکٹر رش کا بیان ہے کہ ایک نوجوان خاتون کی تمام حرکات جو کچھ دنوں دارالمجانین میں تھی، کئی ہفتہ تک صحیح دماغ رکھنے والوں کی طرح معلوم ہوتی تھیں، سوائے اس کے کہ وہ اپنے باپ سے نفرت رکھتی تھی، آخر کار ایک دن اس نے خوشی کے ساتھ، باپ کے ساتھ وہ گرویدگی ظاہر کی جو بچوں کو والدین کے ساتھ ہوتی ہے، اور اس کے تھوڑے ہی دنوں کے بعد اسے مجلس جنون سے رہائی دیگئی، اور وہ بالکل شفا پا چکی تھی، اس وقت بھی جبکہ کوئی واحد غلط تاثر دماغ کے اندر مسلط ہوجاتا ہے تو یہ تعجب خیز بات ہے کہ دوسرے احساسات جو انسان کو مضطر بنا ڈالتے ہیں وہ بھی کوئی اثر نہیں پیدا کرتے۔ میں ایک دولتمند آدمی کو جانتا ہوں جو ایک تجارتی معاملہ کے سلسلہ میں جس کے لڑکے کا اسے افسوس تھا لیکن جس کا نتیجہ محض ناقابل لحاظ تھا، وہ ماخولیا (Mania) میں گرفتار ہوگیا تھا وہ اسی حالت میں تھا کہ اس کے خاندان میں ایک سخت غمناک موت ہوئی لیکن اس پر اس کا مطلق اثر نہ ہوا۔ ڈاکٹر پنیل کا بیان ہے کہ اس نے دارالمجانین (Bicetre) کے اندر ماخولیا کے مبتلا لوگوں کو بارہ، پندرہ، بیس اور تیس برس تک محبوس دیکھا ہے اور اس لمبے زمانہ میں ان کا ماخولیا محض ایک موضوع تک محدود رہا۔ بعض دس برس تک ایک خام خیالی میں مبتلا رہے اور اس کے بعد ان کا سررشتہ خیال دوسری طرف منعطف ہوگیا۔ ڈاکٹر موصوف بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی کو آٹھ برس تک یہ ماخولیا رہا کہ اسے کوئی زہر نہ دیدے اس کے بعد موضوع بدل گیا اور وہ بادشاہ بن بیٹھا، اور بیحد خوش رہا کرتا اسی طور سے اس نے چار سال تک بسر کیا۔

دماغی خرابی کے باعث جو تاثرات بہت دنوں معطل ہوگئے تھے وہ یکایک ابھر آتے ہیں۔ ڈاکٹر پریچارڈ نے امریکن "جریدہ الحکمت" کے حوالہ سے اس کے متعلق ایک دلچسپ واقعہ لکھا ہے، ایک شخص ایک چاردیواری بنانے کی غرض سے لکڑی کاٹنے کے لئے ایک موگری اور میخ لیکر ایک دن کام کرتا رہا، رات کے وقت گھر جانے سے قبل اس نے موگری (یا ہتھوڑا) اور میخ ایک پرانے درخت کے کھوہ میں رکھدیا اور اپنے لڑکوں کو جو پہلو والے میدان میں کام کر رہے تھے، ہدایت کی کہ وہ بھی چاردیواری بنانے میں کل اسکی مدد کریں رات کے وقت اس پر جنون طاری ہوگیا اور وہ چند سال تک اس مرض میں مبتلا رہا اس زمانہ میں اس نے کوئی ایسی بات نہ کہی جو موضوع سے متعلق ہو جن سے وہ صحت کے زمانہ میں وابستہ تھا چند سال کے بعد یکایک اس کی قوت مدرکہ لوٹ آئی اور پہلا سوال جو اس نے لڑکوں سے کیا وہ موگری اور میخ کے متعلق تھا، کہ وہ لائے تھے یا نہیں؟ ان لوگوں نے اس خوف سے کہ کہیں مزید تشریح نہ پوچھی جائے، جواب دیا کہ وہ ہمیں ملا نہیں اس پر وہ اپنے بستر سے اٹھا اور اس میدان میں گیا جہاں وہ اتنے سال قبل کام کر رہا تھا، اس نے میخ اور ہتھوڑے کا آہنی حصہ پایا چونکہ لکڑی والا حصہ سڑ گیا تھا، اسی جریدہ میں ایک خاتون کا تذکرہ ہے، کہ وہ ایک سلائی کے کام میں مشغول تھی، قبل اس کے کہ وہ اس کام کو ختم کرے وہ جنون میں مبتلا ہوگئی، اور

تفسیر حقانی اردو آٹھ جلد

اُن مسلمانوں کیلئے جو دل سے کلام الٰہی کے معنی و تفسیر حقائق اور سورۂ قرآن شریف سمجھنے کیلئے بیتاب و مشتاق ہیں اور اُن مسلم بیبیوں کیلئے جو اپنے اللہ اور اللہ کے رسول کے کلام سننے کی سچی شیدا ہیں اور اُن علماء کیلئے جو عربی کی بڑی بڑی تفاسیر نہیں خرید سکتے اور اُن طلبا کیلئے جو صحیح طور سے واعظ و مفسر بننا چاہتے ہیں اور اُن مساجد کے اماموں کیلئے جو روزمرہ صبح کی نماز کے بعد مقتدیوں کو قرآن شریف کا ترجمہ سنانا چاہتے ہیں اور اُن مناظر و مباحثہ کرنے والوں کیلئے جن کو مخالفین اسلام سے واسطہ پڑتا ہے یہ تفسیر نہایت معتبر و مستند اور اس کی روایات صحیح اور سلف صالحین کے عقیدے اور طریقے کے موافق ہے اس میں اُن تمام شکوک و شبہات اور سوالات کے جوابات ہیں جو مخالفین اسلام کی طرف سے اسلام پر کئے جاتے ہیں۔ تفسیر اسلامی عقائد، عبادات و معاملات کے مسائل کا حل اور علم و تصوف کی روحانی تعلیم کا آئینہ ہے۔ کوئی اسلامی درسگاہ اور کوئی اہل علم اس کے مطالعہ سے محروم نہیں رہا۔ چھٹی مرتبہ نہایت اہتمام کے ساتھ اعلیٰ درجہ کے کاغذ پر جو نہایت دبیز چکنا ولایتی ۲۰×۲۶ پر طبع ہوئی ہے۔ لکھائی چھپائی عمدہ اور تصحیح نہایت غور سے کیگئی ہے۔ متن قرآن شریف جلی قلم سے مع صحیح اعراب، نیچے بامحاورہ اردو سلیس ترجمہ پھر تفسیر کے متعلق ترکیب شان نزول، ربط آیات وغیرہ۔ تفسیر آٹھ جلدوں میں ہے، وزن ۹ سیر، مقدمۃ القرآن یعنی پہلی جلد دو روپے۔ دوسری سے آٹھویں تک ہر ایک جلد چار روپے۔ الگ الگ جلدیں خریدنے کی صورت میں کل تفسیر تیس روپے (نمبر ۳۰) کی ہوتی ہے۔ مگر پوری تفسیر منگانے والوں کو رعایتہً پچیس روپے (صرف ۲۵) میں ملتی ہے۔ محصول ڈاک بذمہ خریدار ہوگا۔ کامل تفسیر طلب کرنے والے پانچ روپے پیشگی روانہ کریں۔

ملنے کا پتہ:۔ مینیجر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین۔ پنجاب

سات سال تک اس مرض کا شکار رہی اس کے بعد اس کی قوت مدرکہ واپس آئی، ان سوالات میں سے جو پہلے پہل اس نے کئے ایک اس سلائی کے متعلق تھا گو اس نے اپنی بیماری کے زمانہ میں جیسا کہ یاد کیا جاتا ہے، کبھی اس کے متعلق اشارہ نہیں کیا تھا۔

اسی طرح ایک اور خاتون کو ہذیان کا دورہ ہوا کرتا تھا یہ دورہ ملکہ ایسا یکایک ہوا کرتا کہ بات چیت کے اندر وہ ایک قصہ کے درمیانی حصہ بلکہ ایک جملہ کے درمیان میں ٹھیر جاتی اور اپنی ہذیانات شروع کر دیتی اور جب جنون کا دورہ ختم ہو جاتا تو پھر وہ قصہ شروع کرتی، اور ٹھیک وہیں سے شروع کرتی جہاں سے اس نے دورہ کے شروع ہونے کے وقت چھوڑا تھا اور پھر جب دورہ شروع ہوتا تو اپنی ہذیانات کی ابتدا وہیں سے کرتی جہاں سے اس نے دورہ کے خاتمہ کے وقت چھوڑا تھا بعض حالتوں میں زمانہ جنون کی مدت کے متعلق مریض کو مطلق احساس نہیں ہوا کرتا ہیلم (Naelam .) کا بیان ہے کہ ایک مریض کا خیال تھا کہ میں نے ایک خاص کھیت میں تخم افشانی ہوتے دیکھا اور چار ہی پانچ دن کے بعد لوگوں کو غلہ کاٹتے ہوئے پایا یہ درمیانی زمانہ جس کا احساس اس سے بالکل زائل ہو گیا تھا، ایک شورش جنون میں بسر ہوا تھا۔

جنون کے یگانہ مظاہر میں وہ حالات بھی شامل ہیں جن میں کسی واحد نقطہ پر خبط کا اظہار ہوا کرتا ہے، اس کے علاوہ تمام موضوع و امور، گفتار و کردار میں انسان ایک عاقل اور ذی ہوش آدمی کی طرح عمل پیرا رہتا ہے، اور وہ اکثر جب موقع اسے مناسب معلوم ہوتا ہے، اپنے تاثر ذلیدو کے موضوع کو چھیڑنے سے حیرت انگیز طریقہ پر کتراتا ہے

تو لے کز بادۂ عشق بنا نم تو بدمی گوئی　　مرا عمریست متم این سخن با ہوشیاران گو

لارڈ اسکائن ایک آدمی کی عجیب و غریب تاریخ بیان کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے ڈاکٹر "تا فرد" پر یہ الزام لگایا گیا کہ انہوں نے مجھے بلاوجہ پاگل خانہ میں مقید کر رکھا ہے، مجلس تحقیقات کی طرف سے اس کا سخت امتحان لیا گیا لیکن جنون کا کچھ پتہ نہ لگ سکا یہانتک کہ ایک معزز آدمی عدالت میں آیا اور اس نے خواہش ظاہر کی کہ اس سے ایک شہزادی کے متعلق جس کے ساتھ وہ مراسلت کیا کرتا تھا ایک سوال کروں گا، شہزادی کا نام آتے ہی وہ مجنونانہ انداز کی باتیں کرنے لگا، اور اس طور سے اس کا استغاثہ ختم ہو گیا لیکن یہ مقدمہ وسٹمنسٹر میں دائر کیا گیا تھا۔ اب دوسرا مقدمہ لندن میں دائر ہوا اس مرتبہ باوجود سعی اس کے انداز جنون کا پتہ نہ لگ سکا لیکن وسٹمنسٹر میں جو ثبوت اس کے جنون کے متعلق مل چکا تھا اسکی بنا پر یہ مقدمہ مسترد کر دیا گیا۔ اسی طرح ایک شخص نے اپنے بھائی پر مقدمہ چلایا کہ اس نے مجھے مجنون سمجھ کر مقید کر رکھا ہے، امتحان ہونے لگا تو دن کا زیادہ حصہ ختم ہو گیا لیکن جنون کا کچھ پتہ نہ لگ سکا، تب ڈاکٹر سمس آیا اور اس نے مجلس تحقیقات کو مطلع کیا کہ مریض خود کو دنیا کا نجات دہندہ بتاتا ہے، اس سلسلہ میں اسے خطاب کیا گیا تو وہ دیوانگی کی باتیں کرنے لگا۔

ان دماغی قوتوں کی عجیب و غریب حالت کی ماہیت اور علت کے متعلق جو مظاہر جنون کو برانگیختہ کرتے ہیں، ہمیں کچھ علم نہیں، ہم لوگ صرف واقعات کا مشاہدہ کر سکتے ہیں اور کوشش کر سکتے ہیں کہ ان کے درمیان بعض عام اصول سلسلہ کا پتہ لگائیں اور اس میں بھی بڑی دقت ہے، خصوصیت کے ساتھ اس وجہ سے کہ اس غرض کے لئے مطالعہ کو وسعت نہیں دی گئی، مشاہدہ سے جو کچھ پتہ لگا ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جنون اور خواب کے اندر ایک عجیب و غریب مماثلت پائی جاتی ہے، خاص خاص خبطگی مفصلہ ذیل عنوان کے ماتحت رکھ سکتے ہیں۔

(۱) عوالف سیرت جن پر قوت مدرکہ یا خارجی حالات کے تحت قبضہ رکھا جائے اور پرانی عادتیں جو مغلوب کر لی جائیں، یا روک رکھی جائیں یہ عوالف سیرت اور مغلوب عادتیں قبضہ سے باہر ہو کر ترقی کرنے لگتی ہیں اور ان سے دماغ کے اندر اوہام کے سلاسل پیدا ہونے لگتے ہیں اس طور سے ایک پرجوش بلند حوصلہ سیرت کا آدمی خود کو بادشاہ یا ایک بڑی شخصیت تصور کرنے لگے اسکے برعکس ایک بزدل شکی طبیعت والے انسان کے دماغ میں ایک فرضی تکلیف، نقصان متاع یا زوال جاہ کا تخیل قائم ہو جائے۔

(۲) دماغ کے اندر پرانے اتیلافات (Associations .) کا عود اور جدید تر حوادث کے ساتھ انکی آمیزش، جیسا کہ اکثر خواب کے اندر ہوتا ہے، ڈاکٹر گوچ کا بیان ہے کہ ایک خاتون جو پڑوس میں آگ لگ جانے کے شور و غوغا سے دیوانی ہو گئی تھی خود کو کنواری مریم تصور کرنے لگی اور کہتی کہ اس کے سر کے چاروں طرف ایک ہالۂ نور ہے۔

(۳) خواہائے تصور جن سے پہلے لطف لیا جاتا تھا، یعنی اس قسم کی خیال آرائیاں جنہیں ہم خواب بیداری یا ہوا میں محل بنانا کہتے ہیں اس حالت جنون میں دماغ کے اندر آتے ہیں اور اب مجنون کو ایقان ہوتا ہے کہ ان کا وجود حقیقی ہے، میں خبط کی اس اصلیت کا پتہ

لگا سکا ہوں، ایک مثال تو ایک منصب کی تھی جس پر مریض کو اپنے تقرر کا تصور جم گیا تھا اور اس کے خلاف اس کو راغب کرنا ناممکن تھا یہاں تک کہ یہ بھی کہنا کہ وہ محمدؐ ہی خالی نہیں، اس کو مرکزی خیال سے ہٹا نہیں سکتا تھا اس نے اس کے بعد اقرار کیا کہ اس کا خیال اس تقرر کے لئے بہت دنوں سے لگا تھا، گو ایسی حالتیں رُونما نہ ہوئیں جن کے ذریعہ اسے اس کے حصول کی کچھ اُمید ہوتی۔

(۴) احساسات جسمیہ جو تیلافات کی کڑیاں مرتب کرنے لگتی ہیں اسی افراط کے ساتھ جس طرح خواب میں واقع ہوتا ہے۔ ڈاکٹر رشس کا بیان ہے کہ ایک شخص کو تصور ہو گیا تھا کہ میرے معدہ میں Coffee ہے، جو "کیپ آف گڈ ہوپ" کے نزدیک اس میں سما گیا ہے، اور اُس وقت سے برابر ایک دائمی تکلیف مجھے پہونچا رہا ہے اس حالت میں ممکن ہے، کہ اسے معدہ میں ہیضہ یا اکثر تکلیف رہا کرتی ہو اور تکلیف کی ابتدا کے وقت اس پر ایک ایسے معاملہ کا جس میں ایک Coffee کا علاقہ ہو گہرا اثر ہو۔

ڈاکٹر پینل کا بیان ہے کہ ایک آدمی جو انقلاب فرانس کے زمانہ میں پاگل ہو گیا تھا، تصور کرتا تھا کہ اُس کا سر کاٹ ڈالا گیا، ججوں نے فیصلہ پر عمل ہو جانے کے بعد اپنی رائے بدل ڈالی اور حکم دیا کہ اُس کا سر پھر جوڑ دیا جائے اور یہ کہ جن لوگوں کے ذمہ یہ فریضہ سپرد کیا گیا تھا اُنہوں نے غلطی کی اور ایک دُوسرا سر اس کے جسم میں لگا دیا۔ ڈاکٹر کانوپی کا بیان ہے کہ ایک دُوسرے آدمی کو تصور ہو گیا تھا کہ اُسے پھانسی دیدی گئی، اور پھر قوت برقیہ یا کہربائیہ کے ذریعہ اُس کو دوبارہ زندگی ملی، لیکن اُسکی زندگی کا پُورا حصّہ اُسے نہیں دیا گیا۔

نظام دماغی کے اسی احساس کے ذریعہ جس کی اصطلاحی تعریف نہیں ہو سکتی اور جو زمانہ صحت کے نظام دماغیہ سے مختلف ہے، غالباً ایک دُوسرا عام تاثر پیدا ہوتا ہے، یعنی عالم ارواح کے افراد سے مُلاقات، خواب اور الہام، ان کی خاص صورت کا مدار دماغ کے کسی اگلے نظام یا عادات کے محکم رجحان پر ہے، اور ماوراالطبعی الہام کا خیال ایک جدید اور خاص طرز کے کسی احساس سے بڑھتا ہے، ٹی ڈاکٹر پینل کا بیان ہے کہ ایک مسیحی عالم کو خیال ہو گیا تھا کہ اُسے کنواری مریم کا فرمان ملا ہے، کہ فلاں آدمی کو جو کافر ہو گیا ہے قتل کر دے، اس حالت میں ممکن ہے کہ مریض طبعاً ایک تُند مزاج اور زود رنج ہو گا لہٰذا اس آدمی سے ملا ہو گا اور اُس نے اپنے کفریہ امتیاز کا اظہار کیا ہو گا اس سے اس کو تکلیف پہونچی ہو گی، اس لئے اسکے دماغ میں اسکی طرف سے ایک زبردست احساس پیدا ہو گیا ہو گا۔ جو جنون کے زمانہ میں اس روایت کی شکل میں بدل گیا۔

جب دماغی تاثر کے اندر المناک خصوصیت ہو گی تو ایسے مرض کی پیدائش ہو گی جسے "ماخولیا" کہتے ہیں یہ موضوع کج فہمی کے اعتبار سے مانیا سے مختلف ہوتا ہے، اور ہم لوگ دیکھتے ہیں کہ دونو امراض ایک دُوسرے میں گزرتے ہیں، ایک ہی مریض ایک وقت ماخولیا کا شکار ہوتا ہے، اور دُوسرے وقت اسکے اندر مانیا کی تحریک ہوتی ہے، ماخولیا کے مریض کے اندر یہ مشترک عنصر پایا جاتا ہے کہ وہ ایک ہی موضوع کے علاقہ کے ساتھ زحمت میں رہتا ہے، ماخولیا کی عجیب خصوصیت یہ ہے کہ اس کے مریض میں خودکشی کر لینے کا رجحان پیدا ہو جاتا ہے، جب ماخولیا کی کج فہمی دماغ کے اندر پوری طرح مسلط ہو جاتی ہے، تو یہ توجہ کا مرکز بنجاتی ہے اور دماغ کے اندر یہ صلاحیت

مذاق العارفین مکمل چار جلد عربی میں تصوف پر سب سے بہتر کتاب امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی احیاء العلوم ہے۔ یہ کتاب چار جلدوں میں اس کا ترجمہ ہے۔ وزن کتاب قریباً پانچ چھ سیر ہے۔ قیمت مکمل کتاب چار جلد ۱۲ عدد علاوہ محصول ڈاک

کلید خزائن قرآنی یہ لاجواب کتاب سُلطان المعظم خلیفۃ المسلمین سُلطان عبدالحمید خاں مرحوم کے حکم سے بہ صرف کثیر تیار ہوئی قلمی نسخہ میں پہلی مرتبہ چھپی تھی۔ دُوسری بار ہندوستان میں طبع ہوئی ہے۔ قرآن مجید کی کسی آیت کا ایک لفظ بھی آپ کو یاد ہو تو پُوری آیت فوراً معلوم ہو سکتی ہے۔ قیمت چھ روپے (۶) علاوہ محصول ڈاک

عقائد اسلام اُردو انسان کی نجات کا دارومدار اور سعادت اُخروی محض عقائد پختگی پر موقوف ہے۔ اگر آپ اپنے عقائد و اعمال کو سُنت نبوی کے مطابق بنانا چاہتے ہیں تو کتاب "عقائد الاسلام" کا مطالعہ فرمائیے۔ اس میں تمام اسلامی معتقدات و معلومات کا خلاصہ لب لباب اور ہر قسم کے مسائل کے دلائل عقلیہ و نقلیہ سلیس اُردو میں درج ہیں مُصنفہ علامہ ابو محمد عبدالحق صاحب حقانی مدظلہ قیمت عہ علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ۔ مینجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین۔ پنجاب

باقی نہیں رہتی کہ اس تاثر میں تغیر پیدا کریں یا ایسے واقعات اور غور و تامل سے کام لیں جن سے یہ محو ہو جائے یا اس میں تخفیف ہو، وہ خرابی جسے ماخولیا کا مریض اپنے ذہن میں جاگزین کر لیتا ہے مالایطاق اور ناقابل علاج معلوم ہوتی ہے، جس کے اندر نہ تخفیف کی صورت نظر آتی ہے، نہ سکون و اُمید کی کیونکہ وہ نظام دماغی جس کے ذریعہ اس تاثر میں کمی ہو سکتی یا موہومہ خرابی کے اندر تخفیف کی اُمید کیجا سکتی۔ اس خاص حالت (ماخولیا) کے اندر یا تو گم ہو جاتا ہے یا معطل ہو جاتا ہے، یعنی موضوع خیال کے بدلنے، دُوسرے حقایق و تامل کی طرف توجہ مبذول کرنے اور دماغی تاثر کو ان سے اور خارجی اشیا کی حقیقی حالت سے موازنہ کرنے کی صلاحیت سلب ہو جاتی ہے، عشق و جنون کے ڈانڈے یہاں آکر مل جاتے ہیں۔ علی حزیں لاہجی کا عقیدہ ہے۔

افزود غم عشق ز غمخواری ناصح　　درد لیست دلم را کہ ز درماں گلہ دارد

ایسی مالایطاق اور یاس افزا مصیبت کے اعتقاد کے ماتحت فطری طور پر یہ احساس پیدا ہوتا ہے، کہ زندگی ایک بار ہے اور اس کے ساتھ ہی اس سے نجات پانے کا قصد ہوتا ہے، لیکن بعض اوقات جب کوئی جدید اتفاقی تاثر پیدا ہو جاتا ہے جس کے ذریعہ دماغ کے اندر کسی ہنگامی احساس کی تکوین ہوتی ہے، تو خودکشی کا خیال زائل ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر پنیل کا بیان ہے کہ ایک شخص ڈوبنے کے ارادہ سے رات کے وقت اپنے گھر سے باہر نکلا، ڈاکوؤں نے اس پر حملہ کیا اس نے بڑی سعی کے بعد اپنی جان بچائی اور گھر میں واپس آیا۔ اب اُس کے دماغ سے خودکشی کا ارادہ سلب ہو چکا تھا۔ اسی طرح ڈاکٹر برتروز کا بیان ہے کہ ایک عورت نے جو اسی غرض (خودکشی) سے باہر گئی تھی سر پر کچھ گرنے سے اپنا ارادہ بدل ڈالا۔

لوگ جنہیں جنون کی اخلاقی علتوں سے تعبیر کرتے ہیں انکے اندر بھی میرا شبہ ہے کہ بہت کچھ مغالطہ ہے، حقیقتہً یہ بھی مرض کا ایک حصہ ہے، اس طور سے ہم لوگ جنون کی بہتیری حالتوں کو مذہب کے غلط نظریات پر محمول کرتے ہیں، بہتیری حالتوں کو عشق اور جاہ طلبی سے تعبیر کرتے ہیں لیکن شاید یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ ان حالتوں میں ہم جسے علت تعبیر کرتے ہیں وہ اکثر حالات میں خبطگی کا جزو نہ تھی میرے خیال میں خصوصیت کے ساتھ یہ نظریہ مذہب جیسے اہم باب پر منطبق ہوتا ہے جسے لوگ عامیانہ مبہم محاورہ میں جنون کی بہم علت بتاتے ہیں۔[1]

رُومی کی عشقیہ روایت فارسی شاعری کا مطالعہ کرنے والے جانتے ہیں کہ رومی کے بیان میں کس بلا کی تاثیریت، کیسا بے پناہ فغان درد، کیسا دل میں اثر کر جانیوالا اشارہ حسیات ہے، آپ کی آخری زندگی صرف ایک والہانہ محبت میں گزری کبھی شمس تبریز پر مرتے کبھی صلاح الدین قونیوی پر جب دونو نہ رہے تو چلپی حسام الدین مطمح نظر بنے، آپ کے تمام اصناف کلام میں ایک ہی رُوح تاثرات کام کر رہی ہے، غزل میں ایک جگہ ان الفاظ میں عشق کی تبلیغ فرماتے ہیں۔

آں رُوح را کہ عشق حقیقی شعار نیست　　نابودہ بہ کہ بودن او غیر عار نیست
در عشق مست باش کہ عشق ہست ہر چہ ہست　　بے کار و بار عشق بر یار بار نیست

اس کے بعد عشق کی ماہیت بتلاتے ہیں۔

گویند عشق چیست بگو ترک اختیار　　ہر کو ز اختیار نہ رست اختیار نیست
عاشق شہنشہیت دو عالم ہر و نثار　　ہیچ التفات شاہ بسوئے نثار نیست
عشق ہست و عاشق ہست کہ باقی ہست یا ابد　　دل جز بریں منہ کہ بجز مستعار نیست
آں کز بہار زاد بمیرد گہ خزاں　　گلزار عشق را مدد از نو بہار نیست

مثنوی میں اسی موج عشق کی بیتابیاں پائی جاتی ہیں پہلے دفتر کی پہلی حکایت میں فرماتے ہیں۔

علت عاشق ز علتہا جداست　　عشق اصطرلاب اسرار خداست
عاشقی گر زیں سر ست و گر زاں سر ست　　عاقبت ما را بداں سر رہبر است

---

[1] ڈاکٹر صاحب کا مطلب یہ ہے کہ عشق سے جنون نہیں ہوا کرتا، اور بہت سے عشاق وامق و قیس و مجنوں کی مجنونانہ تاثرات عشق سے نہیں پیدا ہوئے بلکہ اسکی وجہ ان "ارباب وفا" کی قوت مدرکہ میں اختلال کا پیدا ہو جانا ہے، یعنی ڈاکٹر ابرکرامبی کا یہ نظریہ غالب کے عقیدہ کہتے ہیں عشق جس کو خلل ہے دماغ کا" سے ملتا ہوا ہے۔

ہرچہ گویم عشق را شرح و بیاں — چوں بہ عشق آیم خجل باشم ازاں
گرچہ تفسیر زباں روشنگر است — لیک عشق بے زباں روشن تر است
چوں قلم اندر نوشتن می شتافت — چوں بہ عشق آمد قلم بر خود شگافت
چوں سخن در وصف ایں حالت رسید — ہم قلم بشکست و ہم کاغذ درید
عقل در شرحش چو خر در گل بخفت — شرح عشق و عاشقی ہم عشق گفت
آفتاب آمد دلیل آفتاب — گر دلیلت باید از وے رو متاب

رومی نے اپنی مثنوی کی ابتدا ہی ایک نہایت دلگداز افسانہ عشق سے کی، اور بتایا کہ حسن صورت اور حسن معنی میں کیا فرق ہے، اور فنا پذیر جان دینے والا گوشت پوست کی برہمی تناسب کے بعد کس قدر جلد بے التفاتی کرنے لگتا ہے، فرماتے ہیں۔

اگلے زمانہ میں ایک مسلمان بادشاہ تھا، ایک دن اپنے درباریوں اور خدم و حشم کے ساتھ شکار کیلئے نکلا۔ وادیوں اور جنگل میدانوں میں شکار کی تلاش کر رہا تھا یکایک اس نے ایک لونڈی دیکھی اور اس پر فریفتہ ہوگیا۔ بادشاہ کے پاس دولت کی کیا کمی تھی، روپے دیکر لونڈی کو خرید لیا لیکن ابھی مواصلت کے زیادہ ایام نہ گذرے تھے کہ لونڈی بیمار پڑی، درباری اطبا، اطراف و جوانب کے مشاہیر نے بڑی تندہی سے علاج کیا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوتا تھا بلکہ مرض روز بروز زور پکڑتا جاتا تھا، ادھر بادشاہ لونڈی کے عشق میں سرشار تھا، اسکی بیتابی بڑھی۔ اطبا کی ناکامیابی نے اسکے اندر ایک آشفتگی پیدا کر دی، آب و دوا کی بجائے اس نے دعا کی طرف رخ کیا ننگے پیر مسجد میں آیا اور سجدہ میں گر پڑا، بہت دیر تک طاری رہی رو رو کر خدا سے دعائیں کرنے لگا، چونکہ دل کی آواز ہمیشہ پر اثر ہوا کرتی ہے، روتے روتے اس کی آنکھیں لگ گئیں، خواب میں دیکھا کہ ایک بوڑھے آدمی تشریف لائے ہیں اور فرماتے ہیں۔

گفت اے شہ مژدہ حاجاتت رواست — گر غریبے آیدت فردا ز ماست
چونکہ آید او حکیم حاذق است — صادقش آں کو امین و صادق است
در علاجش سحر مطلق را ببیں — در مزاجش قدرت حق را ببیں

بیگمات کے لائق تحفے

نورجہاں کریم جلد کا کھردرا پن، سختی اور چہرہ پر جھریاں پڑ گئی ہوں تو اس کا استعمال کریں جلد نرم نازک اور چمکدار نکل آتی ہے اسکو رات کو صرف اسی لئے استعمال کیا جاتا ہے کہ یہ حسن خوبصورتی کو چمکانیکے علاوہ یہ جلد کو ہموار کرے اور جھریوں اور چھائیوں کو دفع کرے بنظیر خوشبو ہے قیمت فی شیشی علاوہ محصولڈاک عہ/

نورجہاں سنو رنگ و روپ نکھارنے دلکشی و دلفریبی کے آثار پیدا کرنے کیلئے اس کا استعمال حسن کے قدردان کرتے ہیں حسن کی حفاظت ہر انسان کیلئے لازمی ہے اور اسکی حفاظت سے لاپرواہی برتی جائے تو بہت جلد جلد رسیا ہو کر رنگ و روپ خراب ہو جاتا ہے معمولی طور پر صابن سے چہرہ اور ہاتھوں کو دھونے سے ہرگز جلد کی رنگت نہیں نکھرتی کیونکہ صابن کا اثر مسامات کے اندر نہیں پہنچتا اور نورجہاں سنو مسامات کے اندر سے میل کو پھلا کر نکالتی ہے اور فوراً ہی چہرہ سفید و دلکش اور دلفریب نکل آتا ہے۔ یوں میں بہت وقت استعمال کیجاتی ہے کیونکہ اس میں تسکین بخش ٹھنڈک اور فرحت بخش خوشبو ہے۔ عام بازاری کریم یا سنو کا استعمال ہرگز نہ کرنا چاہیئے کیونکہ ان میں چربی اور دیگر خلاف مذہب اجزا ملاتے ہیں۔ ہمارے ہاں اسپرنگ اور دیگر پھولوں سے اور مفرحات کے کشتی سے کیمیائی طور سے ان چیزوں کو تیار کیا جاتا ہے اور ان میں گلیسرین اور چربی نہیں ڈالی جاتی۔ ایک مرتبہ آزمائش سے آپ کو علم ہو جائیگا کہ اس میں کس قدر اوصاف ہیں۔ قیمت فی شیشی علاوہ محصولڈاک ایک روپیہ (عہ/)

نورجہاں آبِ مرآت انگلستان فرانس اور امریکہ کے تبدیل اس کے سامنے فضول ہیں دونے کا فعلہ جاتا ہے۔ ایک فعہ جو منگا لے اس کا سارا خاندان اس کا خریدار بن جاویگا قیمت فی شیشی علاوہ محصولڈاک ایک روپیہ (عہ/)

محافظ دندان دانتوں کا نہایت اعلیٰ اور مجرب ہے قیمت فی شیشی علاوہ محصولڈاک عہ/

ملنے کا پتہ مینیجر کارخانہ آب حیات پنڈی بہاؤالدین پنجاب

بادشاہ کی آنکھیں کھلیں اور وہ موعودہ دن کا بیچینی سے انتظار کرنے لگا، آفتاب اُفق مشرق سے طلوع ہو رہا تھا، اور بادشاہ جھروکہ پر "حکیم حاذق" کے شوق دید میں بیچین تھا، ناگاہ ایک منور اور پاک صورت درویش جو خجافت کے باعث دُور سے ہلال کے مانند نظر آرہے تھے آتے ہوئے دکھائی دیئے۔ بادشاہ نے خود استقبال کیا اور گلے سے لگا کر اپنے یہاں لایا بزرگ کے ہاتھوں کو بوسہ دیا، پیشانی کو چوما اور دلسوزی کے ساتھ وطن و سفر کی کیفیتیں دریافت کیں۔ مہمانداری کے یہ ابتدائی مراحل طے ہوئے تو بادشاہ نے محرم مہمان کا ہاتھ پکڑا اور حرم سرا میں لایا، مریضہ کو دکھایا، مرض کی حالت بتائی، قارورہ دکھایا، معالجہ کے حالات بیان کئے حکیم حاذق نے فرمایا۔

گفت ہر دارو کہ ایشاں کردہ اند — آں عمارت نیست ویراں کردہ اند
بے خبر بودند از حالِ دروں — استعیذ اللہ مما یفترون
دید رنج و کشف شد بروے نہفت — لیک پنہاں کرد با سلطاں نہ گفت
رنجش از صفرا و از سودا نبود — بوئے ہر ہیزم پدید آید زدود
دید از زاریش کو زار دل است — تن خوش است و او گرفتار دل است
عاشقی پیداست از زاری دل — نیست بیماری چو بیماری دل

حکیم حاذق نے جب مرض کی تشخیص کر لی تو بادشاہ سے کہا کہ پردہ کرائیے اور آدمیوں کو ہٹا دیجئے۔ صرف میں رہوں اور یہ عورت رہے اور کوئی ہماری باتیں سُننے کی بھی کوشش نہ کرے۔ بادشاہ نے خلوت کر دی۔ حکیم صاحب مریضہ کے پاس آئے اور پُوچھا کہ تمہارا وطن کہاں ہے؟ اور غرض یہ بتائی کہ اصول طب کے مطابق ہر شخص کا علاج اُسکے وطن کے لحاظ سے کیا جاتا ہے، وطن میں اپنے بیگانے کن کن سے تم کو لگاؤ ہے، حکیم صاحب نبض پر ہاتھ رکھے رہے اور سوال کرتے گئے، مریضہ جواب دیتی رہی۔

آں حکیم خارچیں اُستاد بود — دست می زد جا بجا می آزمود
زاں کنیزک بر طریق راستاں — باز می پرسید حال و داستاں
با حکیم او راز ہا می گفت فاش — از مقام و خواجگاں شہر تاش
سوئے قصہ گفتنش می داشت گوش — سوئے نبض و جستنش میداشت ہوش

حکیم صاحب مریضہ کے مُنہ سے وطن اور اہل وطن، اپنے بیگانے، اگلے آقا اور سفر کے حالات سُنتے رہے، کان قصہ کی طرف لگائے تھے، ہاتھ نبض پر رکھکر حرکت کا بغور مطالعہ کرتے جاتے تھے، مریضہ ایک واقعہ بیان کرنے کے بعد دُوسرا واقعہ شروع کرتی تھی، اور حکیم صاحب دلچسپی سے سُن رہے تھے۔

دوستاں شہر خود را بر شمرد — بعد ازاں شہر دگر را نام برد
گفت چوں بیروں شدی از شہر خویش — در کدامیں شہر می بودی تو پیش
نام شہرے گفت و زاں ہم درگذشت — رنگ زرد و نبض او دیگر نگشت

اسی طرح ہر آقا، ہر شہر اور سفر کے حادثات بیان کرتی گئی، لیکن نبض کی حرکت جیسی تھی ویسی رہی چہرہ کی رنگت میں کوئی فرق نہ ہوا یہاں تک کہ سمرقند کا تذکرہ آیا۔ سمرقند کا نام آتے ہی لونڈی نے ایک آہ کھینچی اور اسی کے ساتھ زرد زرد رخساروں پر قطرات اشک ٹپکنے لگے، مریضہ نے بیان کیا کہ وہاں ایک سُنار نے مجھے مول لیا اور چھ ماہ رکھکر مجھے بیچ ڈالا۔

نبض جست و لحظے سرخش زرد شد — کز سمرقندی زرگر فرد شد

حکیم صاحب نے جب مرض کا پتہ لگا لیا تو پُوچھا کہ وہ سُنار سمرقند کے کس محلہ میں رہتا ہے۔ لونڈی نے کہا کہ پل پر "خانقہ" کی گلی میں اس "خواجہ زرگر" کا مکان ہے۔ حکیم صاحب نے مریضہ کو تشفی دلائی اور کہا کہ اس راز کو فاش نہ کرنا میں بہت جلد تمہاری کامیابی کی صورت صُورت نکالتا ہوں۔ غدار سیہ حکیم نے بادشاہ سے کہا کہ سمرقند میں فلاں سُنار ہے اُسے بُلوائیے، مال و دولت، خلعت و انعام کی لالچ دیجئے وہ آئیگا۔ بادشاہ کا پیام پُہنچا، سمرقندی سُنار آیا، بادشاہ نے سونا اُسکے سپرد کیا اور کہا کہ کنگن، طوق، پازیب، کمر و غیرہ

اور جو زیورات بادشاہ کے لائق ہیں بنائے۔ سُنار نے سونا لیا اور اپنے کام میں مشغول ہو گیا۔ حکیم نے بادشاہ سے کہا کہ مریضہ کو اس سُنار کے حوالہ کیجئے، بادشاہ نے لونڈی کو سُنار کے سپرد کیا۔

مدت شش ماہ می راند ند کام تا بہ صحت آمد آں دُختر تمام

آہ! عشق مجازی کے سرگردانو! یہ فسانہ تمہاری عشقیہ ہیجان کے لئے ایک تازیانہ عبرت ہے، سُنو اور سبق لو، تم حُسن ظاہر پر مٹنے ہو اور ہر وہ بات کر گزرتے ہو جسے دُنیا اخلاص و محبت سے تعبیر کرتی ہے، لیکن تم نفس کی اس غداری سے بیخبر رہتے ہو تمہیں اندھی محبت غور و فکر کا موقعہ نہیں دیتی کہ تم اپنی نفسیات عشق کا تجزیہ کرو، اعضا کا تناسب، گوشت پوست کی ظاہری نرمی و لطافت تم کو بچپن کر دیتی ہے اور تمہارے دماغ میں ایک مجنون کی طرح ایک ماخولیا کے مریض کے مثل بس ایک ہی خیال رہتا ہے، ایک ہی محو کر دینے والا تصور رہتا ہے، راتوں کو تمہارا کروٹ بدلنا، خلوت میں تمہاری اشکباریاں، جلوت میں تمہارا خموش فغان اور ازیں دُوسرے عشقیہ تاثرات تمہیں کہیں کا نہیں رکھتے، یہ آخر کیوں؟ اس لئے کہ تم ظاہر پرست ہو، تم نے نفس کی غداری کو اخلاص سمجھا، تم نے فریب نظر کو حقیقت سمجھ لیا۔

بہ عذار جسم منگر کہ ہبوسد و بریزد بہ عذار جان نگر کہ خوش و خوشگوار بادا

رقابت کی آگ بُری ہوتی ہے، بادشاہ نے غریب سُنار کو زہر دلوا دیا ع "تا بخورد و پیش دختر می گداخت"۔ زہر کے اثر نے حسین سُنار کو بدصورت بنانا شروع کیا نہ اگلا سادہ تر و تازہ رخسار تھا اور نہ وہ منور چہرہ، روز بروز اضمحلال بڑھتا گیا اور اسی کے ساتھ خود غرض انسان کی پرستارانہ عقیدتمندیاں بھی افسردہ ہونے لگیں لونڈی کے دل میں محبت بھی کم ہو گئی۔

عشقہائے کز پے رنگے بود عشق نبود عاقبت ننگے بود

یہ ہے ننگ عشق اور یہ ہے عشقیہ خود غرضیوں کی پُر افسوس داستان جس کا ہماری ادبیات میں کافی ذخیرہ ہو گیا ہے اور جسے پڑھنے کے بعد کم از کم ہمارے دل کے اندر بھی اس "ننگ حیات" مشغلہ سے جُرأت آزمائی کا ولولہ پیدا ہونے لگتا ہے، لیکن کبھی غالب کے اس شاعرانہ فلسفہ پر غور کرنے کو جی نہیں چاہتا۔

ہمہ نا امیدی ہمہ بے قراری یہ دل ہیں فریب فاخوردگاں کا

انسان کی ضمیر میں خود غرضی ہے، اور جہاں تک اس کی حسیات غیر متشابہ ہوتی جاوینگی وہیں تک اس پر ضمیر کا جمال نمایاں ہوتا جاویگا دُنیا کے اندر اخلاص کے نام پہ بہت سی افسانہ تراشیاں ہوتی ہیں یہاں تک کہ افسانہ تراش بھی اپنے مجنونانہ ہیجان صنم پرستی کی بنا پر انہیں حقیقت تصور کرنے لگتا ہے، جیسا کہ ڈاکٹر ابر کرامبی کے مقالہ سے پتہ چلا ہوگا، اسی منزل پر پہنچکر عشق و جنون میں ایک مماثلت پائی جاتی ہے اور ایک عاشق ناکام کی صبر آزمائیاں جنون کے ڈانڈوں سے ملجاتی ہیں۔

گر شکل دلاویز تو انیست بسا کس درقید بلا افتد و زنجیر جنوں ہم

مرقع چغتائی یعنی **دیوان غالب** مصور کلاں سہ رنگا ایڈیشن۔ ۲۱۰ کاپیوں کا پہلا ایڈیشن فی کاپی ۱۱۰ روپے کے حساب سے تین ماہ میں فروخت ہو گیا تھا ہندوستان کے مشہور اور بہترین کاتب کے ہاتھ کا لکھا ہوا۔ ہر سطر فوٹو بلاک سے تیار ہوئی ہے تمام مکمل دیوان غالب اور ساتھ انتخاب کلام غالب ہے۔ ایسا صحیح اور خوشخط نسخہ آجتک شائع نہیں ہوا جس کی لکھائی چھپائی کی مثال ہندوستان ایک صدی تک پیش نہ کر سکے گا یہ مرقع پچاس رنگین شاہکاروں کا مرقع ہے ہر اکو چمڑے کی جلد قیمت صرف سترہ روپے (محصول علیحدہ)

کلید مرغی خانہ اس میں کئی رنگین اور ایک رنگ کی مختلف نسل و قسم کی مرغیوں کی تصاویر اور انکی غور و پرداخت کے حالات درج ہیں کس طرح مرغیاں پالنے سے انسان لکھ پتی بن سکتا ہے۔ آپ بیکار ہیں تو کم سے کم ایک ہزار روپیہ ماہوار اس فن سے کما سکتے ہیں۔ قیمت ۳ روپے ۴ آنے

ملنے کا پتہ:- **منیجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب**

غریب سُنار کو زہر دلوایا گیا، زہر نے یوں جلد اپنا اثر کیا حُسن میں بے رونقی پیدا ہوتی گئی، وطن چھوٹا، بچے چھوٹے اور سب سے بڑھ کر محبوبہ نے بھی نظر سے گرا دیا، جس کے شرارہ حسنیات نے غریب سُنار کو گھر سے بے گھر کر دیا تھا آخر کار رنگ و بو کی محبت نے دھوکہ دیا اور انسان نے اپنا دیدۂ عبرت اُس وقت وا کیا، جب معاملہ اُسکے ہاتھ سے نکل چکا تھا۔ غریب سُنار "فریب وفا خوردہ" بنکر اب اس کے سوا کہہ ہی کیا سکتا تھا۔

برمن بہت امروز فردا بر وے است　　خوں چوں من کس چنیں ضائع کی است

محبت ناپائیدار کی اس منزل پر پہونچکر غریب سُنار دم توڑ رہا تھا، گو وہ نہ رہا لیکن ہماری اثر پذیری کے لئے یہ افسانہ چھوڑ گیا اس کی درماندہ زندگی کے آخری نتیجہ نے ہماری حوصلہ آزمائیوں کو تو ضرور متاثر کیا اور ہم نے سمجھا کہ "مئے مجاز" کا خمار کتنی دیر تک قائم رہتا ہے، اور خمار کے زائل ہونیکے بعد کیسی رُوح فرسا بدمزگی پیدا ہوتی ہے کہ لب "یہ دہ سنج زمزمہ الامان" بھی نہ ہوگا اور ہماری نیم وا آنکھیں ہماری بے بسی کا ترانہ گا رہی ہونگی، سُنار اپنی فریب خوردہ زندگی پر ہاتھ ملتا جاتا تھا، اور آخری بار اس کے مُنہ سے یہ نکلا۔

ایں جہاں کوہ است و فعل ما ندا　　سوئے ما آید ندا ہا را صدا

عشق میں بیمار پڑ جانے والی عورت پر اس کا یہ اثر ہوا، کہ وہ اس افسوسناک واقعہ کے بعد رنج والم سے آزاد تھی ع

آں کنیزک شد ز درد و رنج پاک

سید جمال مجرد کا عشقیہ ردعمل صُوفی کا مذہب ہی عشق ہے، اور تصوّف کی بُنیاد عشق و جمال پر قایم ہے، صُوفی بھی جمالیاتی نیشن کی جستجو میں بھٹکتا ہے، وہ ہر مظہر جمال کو "ھذا ربی" کہکر سربسجود ہو جاتا ہے، لیکن جب اس کا شعور لطیف اسے جمالیات فانی کی بے مائیگی کا صحیح پتہ بتاتا ہے تو وہ "لا احب الآفلین" کہکر دُوسری منزل کی تلاش میں سرگرداں ہوتا ہے، اسی جستجوئے حق کے دیوانوں میں عراقی بھی تھے اور سید جمال مجرد بھی عراقی پر رواقیین کا نظریہ "ہمہ اوست" مسلط رہا، وہ جمالیاتی مظاہر میں مشاہدہ حق کرنے لگے، لیکن سید جمال "مئے حقیقت" سے سرشار تھے، اس لئے "مئے مجاز" انکے سامنے بالکل بے وقعت تھی وہ "عذار جسم" کی زاہد فریبیوں سے واقف تھے انہوں نے اپنے پرستار کو ٹھکرا دیا۔

سید جمال مجرد ساوج کے رہنے والے تھے، مُدت تک مصر میں مقیم رہے، جب کوئی ٹیڑھا مسئلہ پیش ہوتا تو سید موصوف بلا کتاب دیکھے جواب دیا کرتے تھے، اسی لئے اہل مصر آپ کو "کتابخانہ رواں" کہا کرتے تھے، لوگوں کا بیان ہے زندگی کے آخری ایام میں آپ پر ایک جذبہ طاری ہوا آپ نے داڑھی مونچھیں مُنڈا ڈالیں اور دہاط نامی ایک مقام میں جو مصر سے آٹھ دن کے فصل پر ہے، اور جو حضرت یوسفؑ کے زمانہ سے ویران تھا، جا کر بیہوش ہو گئے، چند دنوں کے بعد ہوش میں آئے لیکن بہوت بیٹھے رہا کرتے تھے، نہ روزہ رکھا کرتے تھے، نہ نمازیں پڑھتے، یہی وجہ ہے کہ علمائے مصر آپ کو ملحد اور رافضی کہنے لگے، اور ارزیر ( ) گرم کر کے آپ کے حلق میں دیا لیکن اس سے آپ کو کچھ آسیب نہ پہونچا اس لئے اس حرکت سے باز آئے اور آپ کے معتقد ہو گئے۔ سید جمال بڑے حسین و جمیل تھے، مصر والے آپ کو "یوسف ثانی" کہتے تھے، اور زلیخا کی طرح مصر کی ایک امیر زادی آپ پر فریفتہ بھی تھی، آپ کو اس عشقبازی سے تکلیف پہونچی۔ آپ مصر سے بھاگ کر دمیات پہونچے، کشش عشق عورت کو وہاں بھی لایا۔ حضرت جمال نے تنگ آکر دُعا کی کہ خدا مجھے بدصورت بنا دے، چنانچہ تاریخ نے اس واقعہ کو محفوظ رکھا۔

وآں زن بیتابانہ دنبال او شتافت وچوں ایں خبر بہ سید جمال مجرد رسید مضطرب گشت و دست بدعا برداشتہ زوال حُسن خود از خدا خواست وآں بہ شرف اجابت رسید موئے سبلت و ریش و ابروئے او ہمہ ریخت و زن چوں بدانجا رسیدہ، بداں ہیئات دید روئے گردانیدہ بہ مصر رفت و سید ازاں بلا نجات یافت[1]۔

عراقی کے عشقیہ تاثرات نفحات الانس اور فرشتہ کے اندر شیخ ابراہیم عراقی کے عشقیہ حالات تفصیل سے ملتے ہیں۔ آپ ایک صوفی شاعر تھے اور جمالیات سے اثر پذیری کا نہایت ملتہب شوق رکھتے تھے حضرت شہاب الدین سہروردی کے بھانجہ حضرت محمد شہریار کے لڑکے تھے، چنانچہ ابوالقاسم فرشتہ کی روایت ہے۔

---

[1] تاریخ فرشتہ مقالہ ۱۲ ذکر بہاؤالدین ذکریاؒ۔

ہمواره با صاحب حسنان بہ نظر پاک عشق ورزیدے روزے بہ عرض شیخ الشیوخ رسانیدند کہ ابراہیم عراقی روبروئے نشستہ بسرے نشستہ نظارہ می کند۔

شیخ شہاب الدین نے ملامت کی اور فرمایا کہ شاید تم ابھی تک دوئی کا مطالعہ کر رہے ہو۔ عراقی نے جواب دیا کہ "شیخا غیر کجاست کہ می گوئی" حضرت شیخ شہاب الدین کو اس گستاخی سے بڑا رنج ہوا، عراقی کو جب رنجش کا حال معلوم ہوا تو بہت روئے، شیخ خوشدل ہوئے اور ہدایت کی کہ ملتان میں جاکر حضرت بہاؤالدین ذکریاؒ سے فیض باطن حاصل کرو، فرشتہ نے عراقی اور حضرت بہاؤالدین ذکریا کی ملاقات کے متعلق ایک مختصر واقعہ لکھا ہے۔

عراقی اپنے مدرسہ کے اندر اٹھارہ سال کی عمر میں درس دیا کرتے تھے، ایک دن قلندروں کی ایک جماعت مدرسہ میں آئی اس میں ایک نہایت حسین قلندر بھی تھا، عراقی نے درس دینا بند کر دیا اور قلندروں کی مہمان نوازی میں لگ گئے قلندروں کو جب معلوم ہوا کہ ہمارے ایک رفیق پر شیخ فریفتہ ہیں تو چار دن کے بعد انہوں نے خراسان کا سفر کیا، عراقی التہاب عشق میں بیچین تھے، وہ بھی قلندروں کے پیچھے چلے جب ان سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ آپ بڑے آدمی، ہم داڑھی مونچھ مونڈے قلندر ہمارا آپ کا ساتھ کیونکر ہو سکتا ہے۔ ناچار آپ نے بھی چار ابرو کا صفایا کرایا۔ پھرتے پھراتے یہ قافلہ ملتان میں حضرت بہاؤالدین ذکریا کی خانقاہ میں پہونچا آپ نے عراقی کی ضیائے باطن کو دریافت کر لیا اور کوشش میں رہے کہ انہیں قلندر بچہ کی محبت سے نجات دلائیں اس عرصہ میں قافلہ ملتان سے روانہ ہو گیا۔ شیخ کو خبر پہونچی آپ متامل ہوئے اتنے میں ایک زبردست آندھی اٹھی زمانہ تیرہ و تار ہو گیا، قلندروں کی جماعت منتشر ہو گئی اور عراقی سراسیمہ پھرتے ہوئے شیخ بہاؤالدین کی خانقاہ کے دروازہ پر پہنچے۔ شیخ کو نور باطن کے ذریعہ معلوم ہو گیا آپ نے خادم کو بھیجا کہ حضور میں لاتے، جب سامنا ہوا تو شیخ نے سینہ سے لگایا، شیخ کے آغوش کی برکت سے عراقی کے دل سے قلندر بچہ کی محبت زائل ہوئی، شیخ نے اپنی لڑکی سے عراقی کی شادی کر دی پچیس سال تک آپ حضرت ذکریا کی خدمت میں رہے، ایک بزرگ کی گرمی صحبت سے آپ کا سینہ چمک اٹھا۔ آپ نے اس عرصہ میں نہایت پرسوز اشعار کہے اور شیخ بہاؤالدین ذکریا عراقی کی برجستگی سخن سے وجد حال پیدا ہوتا تھا، ایک دن شیخ بہاؤالدین ذکریا عراقی کے در خلوت پر پہونچے تو اندر سے اس غزل کے گانے کی آواز سنی۔

سحرگہاں بادہ کاندر جام کردند — زچشم مست ساقی وام کردند
برائے صید مرغ جان عاشق — ززلف ماہرویاں دام کردند
بہ عالم ہر کجا رنج و ملامت — بہم بردند و عشقش نام کردند
زبہر نقل مستاں از لب و چشم — مہیا شکرد بادام کردند
عراقی را چرا بدنام کردند — چو خود کردند راز خویشتن فاش

شیخ نے لحن کے پرسوز لہجہ میں جو دل ہلا دینے والی یہ زمزمہ سنجیاں سنیں تو آپ پر عجیب کیفیت طاری ہوئی۔ حضرت بہاؤالدین ذکریا کا انتقال ہوا تو آپ نے حج بیت اللہ کیا۔ زیارت مدینہ کے بعد روم میں آئے اور قونیہ میں حضرت شیخ صدرالدین عارف سے کتاب فصوص (جو فرشتہ

خضاب لاجواب

افسوس ہے کہ اکثر لوگوں نے خضاب کے اشتہارات دیکھ کر اپنی لاعلمی اور جھوٹے دعووں کے ذریعہ بیچارے سیہ بالک کو بدنام کر دیا ہے۔ ہمارا یہ دعویٰ تو ہرگز نہیں ہو سکتا کہ خضاب لاجواب کے صرف ایک دفعہ لگانے سے ہی بال سیاہ ہو کر عمر بھر کیلئے چھٹکارا ہو جاتا ہے بلکہ ہم اس کی واجبی تعریف ناظرین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں اور یقین دلاتے ہیں کہ اگر آپ کو بلا کسی نقص خضاب کی ضرورت ہے جو سفید بالوں کو تھوڑی دیر میں قدرتی سیاہ رنگ دیتا ہے جو ہم کے نرم رہتے ہیں اور لطف یہ ہے کہ اس کے لگانے سے بیشتر جتنے بال سفید ہونگے اتنے ہی رہیں گے۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ اس خضاب سے اچھا اب آجتک کوئی خضاب ایجاد نہیں ہوا۔ اہل ملک نے اس خضاب کی خوبیوں کا اندازہ کر لیا ہے۔ آج تک کہیں سے بھی کسی قسم شکایت کا نہ ملا۔ خضاب لاجواب کی تصدیق میں صرف معززین کے ہزاروں خط موجود ہیں اور اکثر نامی گرامی رؤسا و جاگیرداروں کی خدمت میں بکثرت اگر ہندی وسمہ کی تکالیف سے بچنا اور پیری میں جوانی چاہتے ہو تو آزماؤ۔ قیمت فی شیشہ علاوہ محصول ڈاک عہ

ملنے کا پتہ:۔ مینیجر کارخانہ آب حیات پنڈی بہاؤالدین پنجاب

کے اندر کتابت کی غلطی کے باعث خصوص لکھا ہوا ہے) پڑھی ہیں تصوف کی مشہور کتاب "لمعات" لکھی اور حسن قوال پر جو شعر و موسیقی کے کمال کے ساتھ حسن و جمال میں بھی بے نظیر تھا، عاشق ہو گئے اسی زمانہ کا کلام ہے۔

ساز طرب عشق چہ دانی کہ چہ ساز است کز زخمہ او نہ فلک اندر تگ و تاز است[1]

اس کے بعد مصر میں گئے اور ایک موچی کے لڑکے پر عاشق ہو گئے "لمعات" کی روایت کے مطابق سلطان مصر نے آپ کو مصر کا شیخ الشیوخ بنا دیا لیکن آپ اسی طرح بازار میں پھرا کرتے تھے، ایکدن بازار میں جا رہے تھے ایک چمار کی دوکان پر پہونچے دیکھا ایک خوبصورت لڑکا دوں پر کام کر رہا ہے، عراقی نے موچی سے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ اس نازک لب اور چمکیلے دانتوں سے گدھے کا چمڑا کاٹا جائے، موچی نے جواب دیا، حضرت! یہی میرا پیشہ ہے اور اسی پر ہماری روزی کا مدار ہے، اگر ایسا نہ کرے تو کھانے کو کہاں سے میسر آئے، عراقی نے پوچھا کہ روزانہ کتنا کماتا ہے، موچی نے جواب دیا کہ چار درم، عراقی نے کہا کہ آٹھ درم مجھ سے لیا کرو، لیکن اس لڑکے سے یہ کام نہ لو، آپ روزانہ موچی کی دوکان پر جاتے اور کفشگر زادہ کے حسن کا نظارہ کرتے اور شعر پڑھا کرتے۔ سلطان مصر کو خبر پہنچی تو اس نے دریافت کیا کہ کبھی اس لڑکے کو اپنی خانقاہ میں بھی لاتے ہیں یا دوکان پر کبھی خلوت بھی ہوتی ہے، لوگوں نے کہا نہیں۔ سلطان نے اسی وقت وظیفہ میں پانچ درم کا اور اضافہ کر دیا ملاقات ہوئی تو کہا کہ سنا ہے کسی موچی زادے پر طبیعت آ گئی ہے، اس لئے خرچ کے لئے پانچ درم کا اضافہ کر دیا گیا اگر خواہش ہو تو اسے خانقاہ میں لے آئیں، عراقی نے جواب دیا۔

مارا نقد او می باید بود بر وے حکم نتوانیم کرد[2]

اس کے بعد عراقی نے شام کا سفر کیا۔ سلطان مصر نے شام کے ملک الامرا کو لکھ بھیجا کہ عراقی کا اعزازانہ استقبال کیا جائے۔ ملک الامرا کا ایک حسین لڑکا تھا عراقی نے دیکھا تو اسکے سر پر قدم رکھدیا لڑکے نے بھی شیخ کے قدموں پر سر رکھا اور اسی کے ساتھ ملک الامرا نے بھی، اہل دمشق کو یہ عشق بازی ناگوار گزری، لیکن کسی دم مارنے کی مجال نہ تھی۔

علامہ بہاؤالدین احمد کی کتاب "کشکول" میں ایک نہایت ہی دلگداز روایت عشق پائی جاتی ہے، علامہ موصوف لکھتے ہیں۔

دریائے دجلہ کے دو دل والے | محمد بن اسحاق موصلی جس زمانہ میں وزیر اور حاکم عراقین تھا، اپنے خدم و حشم کے ساتھ سامرہ سے بغداد کی طرف جا رہا تھا، قافلہ حرافہ نامی ایک منزل میں پہونچا، اس وقت دجلہ میں طغیانی تھی، وزیر نے قافلہ کو ایک ایسے مقام پر فروکش ہونے کا حکم دیا جہاں سے دجلہ قریب ہو، ایک طرف وزیر کی مغنیہ لونڈیاں اتریں، دوسری طرف وزیر اور اسکے رفقا و خدام اترے، بیچ میں پردہ پڑ گیا۔ وزیر نے محفل شراب بپا کی اور لونڈیوں کو حکم دیا کہ پردہ کے اندر سے گانا بجانا شروع کر دیں، ایک لونڈی گا چکی تو دوسری نے "پردۂ عشاق" میں گانا شروع کیا جس کا فارسی ترجمہ یہ ہے۔

مرا افسوس آید رحم و شفقت بحال عاشق معشوق جانی
کہ ایشاں را مغنی نیست درعشق بغیر از فرقت و درد نہانی

اور چند والہانہ شکوہ سنجی و درد کے بعد یہ اشعار گانے لگی۔

چوں بشنید ایں سخن آں شخص گفتا مکن مکشوف ایں راز نہانی
چہ باید کرد شاں گفت اینکہ آنکہ بدریا شد فرو بے خوف جانی

یہ کہتی ہوئی اس نے پردہ اٹھایا، لوگوں کی نظر پڑی تو معلوم ہوا کہ بدلی سے چاند نکل آیا اور بے خوف و خطر اس نے خود کو دریائے دجلہ کے موجوں کے حوالہ کر دیا یہ حال دیکھنا تھا کہ ایک رومی غلام نے جو حسن و جمال میں یگانہ تھا اور جس کے چہرہ سے وجاہت و عظمت ٹپکتی تھی، اور پنکھا لئے وزیر کے سرہانے کھڑا تھا، پنکھے کو ہاتھ سے پھینک دیا اور فوراً اس مبتلائے فراق لونڈی کے عقب میں دریائے دجلہ کے اندر کود پڑا، وزیر نے بڑی کوشش کی کہ ان دو مرغان عشق کو ملاحوں اور غوطہ خوروں کے ذریعہ بچائے لیکن ممکن نہ ہوا۔ غالب نے شاید عشق خانہ ویراں ساز" کے اسی بے پناہ حربہ کی طرف اشارہ کیا تھا۔

رونق ہستی ہے عشق خانہ ویراں ساز سے انجمن بے شمع ہے گر برق خرمن میں نہیں

---

[1] التفصیل کیلئے دیکھو تاریخ فرشتہ مقالہ دوازدہم ذکر حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا۔ [2] نفحات الانس جامی تذکرہ شیخ ابراہیم عراقی۔

ذرہ ذرہ میں ترے حُسن کا جلوا دیکھا

از مولانا باسط صاحب سلطانی

پُوچھتا ہے جو کوئی پردے سے "جلوا دیکھا"
طالبِ دید یہ کہتے ہیں۔ "ابھی کیا دیکھا!"

دیر ہو آئے۔ حرم پہونچے۔ کلیسا دیکھا
خانۂ دل میں مگر یار کا جلوا دیکھا

کیا کہیں۔ ہستی دو روزہ میں کیا کیا دیکھا
جو مقدر نے دکھایا وہ تماشا دیکھا

پردۂ دل میں ترا روئے دل آرا دیکھا
دل کے آئینے میں بھی آئینہ سیما دیکھا

جلوہ اس طرح دکھادو جو دکھانا ہے تمہیں
اہلِ نظارہ بھی کہہ اُٹھیں کہ "دیکھا دیکھا"

قطرہ قطرہ میں نظر آیا ترا عکسِ جمال
ذرہ ذرہ میں ترے حُسن کا جلوا دیکھا

ہم نے کیں چشمِ سخن گو سے ہزاروں باتیں
تجھ کو خاموش اگر اے لبِ گویا دیکھا

کنجِ زنداں میں خبر موسمِ گُل کی پا کر
ہم نے حسرت سے بہت جانبِ صحرا دیکھا

کام آتا نہیں ہنگامِ مصیبت کوئی
اُس نے مُنہ پھیر لیا جس نے شناسا دیکھا

دامنِ یار کی زینت نہ بنے اشک کبھی
رنگ لاتے نہ تجھے خونِ تمنّا دیکھا

آپ سے کیا کہیں کچھ یاد ہے۔ کچھ بھول گئے
خواب تھا عہدِ جوانی بھی اُسے کیا دیکھا

ہم نے خلوت میں وہی انجمن آرائی کی
جو تصور میں تری بزم کا نقشا دیکھا

قیس و فرہاد ہوں یا واثق و باسط کوئی
کوچۂ عشق میں دیکھا جسے رُسوا دیکھا

صُوفی مُفت

اگر آپ رسالہ صُوفی کو مُفت پڑھنا چاہیں تو کم سے کم بیس روپیہ کی مطبوعات صوفی نیچر صاحب رسالہ صُوفی سے منگالیں۔ اگر کارخانہ آبِ حیات کی تیار شدہ ادویات سولہ روپیہ کی طلب کریں تو بھی رسالہ صوفی ایک سال مُفت حاضر ہوگا۔ لیکن اس اشتہار کا حوالہ دینا ضروری ہے۔

خاکسار منیجر رسالہ صُوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

ضرورت

جے۔ وی یا ایس۔ وی پاس اُستانیوں کی ضرورت ہے۔ درخواست اور نقول اسناد کے ہمراہ ایک آنے کا ٹکٹ بھیجنا چاہیئے جملہ درخواستیں بنام اصغر حسین خاں نظیر محکمہ تعلیم گورداسپور ارسال کریں۔

مانگ کیا مانگتا ہے؟

گھر بیٹھے مسمریزم ہپناٹزم زندہ جادو گری اور خفیہ علوم و جامعیت سیکھ کر تو ایک دُنیا کو مسخر بنا سکتا ہے۔ تاریکی میں ہاتھ پاؤں مارنے والے بدقسمت انسان! تیرے اندر حیرت انگیز اور عجیب و غریب روحانی طاقتوں کا ایک خزانہ پنہاں ہے تو اپنے آپ کو ایک بھکاری سمجھتا ہے مگر اندر جھانک کر دیکھ تو دُنیا جہان کی دولت تیرے قدموں پر نثار ہو رہی ہے۔ سُن! دُنیا میں کوئی ایسی خواہش ہے جو تیرے ایک اشارے سے پوری نہ ہو سکے، جسے تو پیار کرتا ہے اُسے دم زدن میں مسخر کر لینا۔ حاکم یا افسر کو ہمخیال بنانا۔ روزگار میں حسبِ خواہش کامیابی حاصل کرنا۔ مریض کو پھونک مار کر چنگا کر دینا۔ اپنی یا دُوسرے شخص کی قسمت کو جنبشِ نظر سے بدل دینا۔ یہ سب کچھ تیرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ مفصل واقفیت کیلئے کچھ خرچ نہیں کرنا چاہیئے صرف ایک کارڈ پتہ ذیل پر آنا چاہیئے۔

المشتہر: پبلشنگ ہوم آف میجک اینڈ مسمریزم پوسٹ بکس نمبر ۱۵۰ لاہور

سرحدی اقدامی پالیسی

از آنریبل سید حسین امام صاحب ممبر کونسل آف سٹیٹ

کچھ دن ہوئے۔ کہ جناب اسلم خاں صاحب کی فرمائش ہوئی۔ کہ ایک مضمون سیاست پر لکھوں۔ مگر قید یہ عائد کیگئی کہ مضمون سیاست مسلمانوں[1] کی دلچسپی کا ہو۔ اولاً یہ بات میری سمجھ میں نہ آئی۔ کہ سیاست میں کونسی باتیں ایسی ہیں۔ جن کو ہندو مسلمانوں میں تقسیم کروں۔ میرا تو ابتک یہ خیال تھا۔ کہ سیاست ایک مشترکہ چیز ہے۔ ہاں زاویہ نگاہ مختلف جماعتوں کا ایک دوسرے سے جُدا ہوتا ہے۔ اشتراکیہ احرار اور قدامت پسند ایک ہی مسئلہ پر مختلف خیال رکھتے ہیں۔ اس لئے یقیناً بہتیرے مسائلِ سیاسی ایسے ہیں جنمیں ہم کو ہندوؤں سے اختلاف رائے ہے۔ مگر اس کے معنی یہ تو نہیں ہوئے کہ ہم لوگوں کو اُس معاملہ سے دلچسپی نہیں۔ پھر دوبارہ جب غور کیا۔ تو اس نتیجہ پر پہنچا۔ کہ اس فرمائش کی علّت غائی یہ ہے کہ ہمارے بھائیوں کو سیاست سے دلچسپی بحیثیت سیاست کے نہیں ہے۔ بلکہ چند ایسے معاملات جن کو مسلمانوں کی فلاح و بہبودی سے تعلق ہے۔ اُن کو تو البتہ ہم لوگ ذوق سے پڑھتے ہیں۔ اور دلچسپی لیتے ہیں۔ مگر دیگر اور شعبۂ امامت سے ہم لوگ متمتع نہیں ہوتے اس لئے اسلم خاں صاحب کی قید لازمی تھی۔ کیونکہ رسالوں کو تو صرف ایسے مضامین دینے چاہئیں۔ جو اُن کے خریداروں کے لئے دلچسپ ثابت ہوسکیں۔ میرے خیال میں یہ کلیہ بھی ہر حالت میں صحیح نہیں۔ بڑے رسائل کو تو قارئین کرام کے بھی ذوق کو ارفعہ اور بلند کرنا چاہئے اس لئے میری استدعا ہے۔ کہ آئندہ سے اپنا لائحہ عمل یہ رہنا چاہئے کہ مذاق سلیم مُلک کا بڑھے۔

سیاست اوّل ہے کیا۔ اس سے واقفیت کے بعد معلوم ہوجائیگا۔ کہ کتنی چیزیں ایسی ہیں جن میں ہمارا بھی تعلق ویسا ہی ہے جیسا کہ دیگر برادران وطن کا۔ اور ابتک صرف ناواقفیت کی بنا پر ہم اس سے بالکل علیحدہ ہیں۔ علم السیاست اُس مجموعہ لامتناہی کا نام ہے۔ جس کی غائت انسانوں کو اُس کے ذاتی اور طبعی حیوانیت سے بلند اور ارفع بناکر ایک نظام کے اندر منسلک کرکے ایک مکمل اور مہذب اور منضبط ہستی قرار دے۔ یہ اصولی تعریف علم السیاست کی ہے۔ مگر عملی توصیف اُس کی یہ ہے۔ کہ علم السیاست مُلک کے قانونی معاشرتی اور مالی انتظامات کے مجموعہ کو کہتے ہیں۔ چونکہ ہمارے مُسلمان اس علم سے مذاق نہیں رکھتے اس لئے کنٹرگارڈن کے اصول پر میں ابتداءً صرف اُس کے اُس شعبہ سے آگاہ کرانا چاہتا ہوں جس سے ہم لوگوں کا تعلق زیادہ ہے۔

صُوبہ سرحد کا مسئلہ اِس وقت پیش نظر ہے۔ اس کی نسبت مختلف پہلوؤں سے اپنے خیالات کا اور واقعات کا اظہار کروں گا صُوبہ سرحد قیام بحیثیت ایک علیحدہ صُوبہ کے لارڈ کرزن کے نئے انتظامات کا مرہون منّت ہے۔ اس کے ماقبل یہ صُوبہ بھی پنجاب کا ایک جزو لاینفک تھا۔ اور اوّل جنگ افغان کے وقت سے یہ عالم وجود میں آیا۔ اس صُوبہ کے قیام نے ماہرین سیاست کو دو مختلف جماعتوں میں منقسم کردیا۔ ایک جماعت (Forward Policy) کی حامی اور دُوسری جماعت قدرتی سرحد کی موئید تھی۔ انگلستان پر جس زمانہ میں رُومیوں کا قبضہ تھا۔ ان میں بھی اسی طرح پر دو خیال کے حامی تھے۔ اقدامیہ جماعت کا خیال تھا کہ مشرق میں (Caledonia) پکٹس کے حملہ اور یلغار کا بہترین سدباب یہ ہے۔ کہ اُن کے مُلک میں داخل ہوکر ان کو مغلوب کیا جائے۔ دُوسری جماعت جو کہ آخر میں کامیاب رہی۔ اس کا خیال یہ تھا۔ کہ فطرتی اور فزیکل تشکیل سے فائدہ اُٹھاکر ایسے سرحد کی مضبوطی سے قلعہ بندی کیجائے۔ کہ جس پر سے آسانی سے اور یقینی طور پر مدافعت کیجاسکے۔ واقفانِ تاریخ برطانیہ سے یہ بات مخفی نہیں۔ کہ انجام کار آخری جماعت کامیاب رہی۔ مگر کس قدر افسوس کی بات ہے کہ خود انگلستان کے باشندے جو اس وقت برسر اقتدار ہیں۔ وہ اپنے مُلک کی تاریخ سے سبق نہیں لیتے۔ اور

---

[1] موجودہ وقت میں ہندوستانی سیاسیات نے کچھ ایسی صورت اختیار کرلی ہے کہ مُسلمانوں اور ہندوؤں کے زاویہ ہائے نگاہ میں لازمی طور پر بہت فرق ہے یعنی سید صاحب سے درخواست کی تھی اُس کا مطلب یہ تھا کہ وہ موجودہ سیاسی مسائل میں سے کسی پر مُسلمانوں کے زاویۂ نگاہ سے روشنی ڈالیں۔ (محمد اسلم خاں)

اقدام کی پالسی کے پیچھے کروڑہا کروڑ غریب ہندوستان کا روپیہ ایک ایسی بے سُود اور غیر فائدہ رسانی مہم پر ہر سال پانی کی طرح بہا رہے ہیں۔ ممکن ہے کہ یہ خیال کیا جائے کہ اقدام کی پالسی کے مخالف صرف ہندوستانی قوم پرور جماعت ہے۔ واقعہ یہ نہیں ہے۔ بلکہ خود انگریزوں میں ایسے انصاف پسند لوگ موجود ہیں۔ جو قوم پرور جماعت کے اس خواہش کے پیدا کرنیکے مؤید ہوئے ہیں۔ کرنل ہنا (Hanna) کا نام صف اولین میں حروف زرّین سے اس جماعت کے قائدین کرام کی فہرست میں لکھا جاتا ہے۔ میں نے صرف تاریخی تبصرہ کیا ہے میں اقدام کی پالسی کے معائب اور نقائص میں بالتفصیل نہیں جانا چاہتا ہوں۔ کیونکہ یہ ایسی طولانی بحث ہے کہ جس پر ایک مضمون کی محدود وسعت میں تبصرہ کرنا ناممکن ہے۔ سطحی طور پر کچھ اظہار خیال کروں گا۔

مُلک کی توسیع عموماً اِن تین اغراض کے لئے کیجاتی ہے۔ اوّلاً آمدنی میں اضافہ کے لئے۔ دوئم اُس کی عظمت میں چار چاند لگانے کیلئے یا پھر مُلک کی حفاظت کے لئے یہ ضروری ہوتا ہے۔ کہ دشمن کے قبضہ میں مضرت رسان محاذ نہ چلا جاتے۔

آمدنی کا فائدہ تو کجا۔ سرحد کا مُلک نہ تو زرخیز ہے۔ نہ زر ریز ہے۔ ایک چٹیل میدان اور پہاڑوں کا سلسلہ جس میں نہ تو زراعت ہی ممکن ہے اور نہ معدنیات کی کثرت۔ اور نہ تجارت کی توقع۔ پھر ایسے مُلک پر قبضہ سے یقیناً بجائے فائدہ کے نقصان ہی متصوّر ہے۔ چنانچہ ابتک دولت برطانیہ کو اس صُوبہ کے پیچھے زرکثیر خرچ کرنا پڑا ہے۔ گذشتہ تین سالوں میں ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۱ء تک سات کروڑ چھتیس لاکھ خرچہ کا تخمینہ ہے۔

دُوسری صورت یعنی عظمت میں اضافہ۔ وہ بھی ہندوستان کو حاصل نہیں۔ کیونکہ یہ مُلک نہ تو کوئی تاریخی اہمیت رکھتا ہے نہ مذہبیاً مقدس جگہوں میں شمار ہوتا ہے۔

تیسری صورت صرف ذرا بحث طلب ہے۔ سرحد کے دُوسری جانب افغانستان کی ایک چھوٹی سلطنت ہے جس سے کسی قسم کا خطرہ ہندوستان جیسے بڑے مُلک کو نہیں ہوسکتا ہے۔ اس لئے صرف ایک خطرۂ بعید روس سے پیدا ہوسکتا ہے۔ مگر افغانستان بمجبور روابط گورنمنٹ برطانیہ کے ہیں اُسکی غائت ہمیشہ حفظِ ماتقدم ہی رہی ہے۔

انگلستان افغانستان کا اس لئے مددگار کبھی نہ تھا۔ کہ افغانستان قوم کے ساتھ خاص اُنس ہے۔ بلکہ پوشیدہ غرض اُس کو مضبوط کرنے کی یہی تھی۔ کہ وہ روس اور ہندوستان کے درمیان (بفر اسٹیٹ) ایک حد فاصل رہے۔ جس طرح پر کہ فرانس نے ہمیشہ بلجیم کی پُشت پناہی قبل از جنگ عظیم اِس لئے کی تھی کہ وہ اپنے اور جرمنی کے درمیان بُنیان مرصوص اور آہنی دیوار کھڑی کرے۔ یہ تشبیہ اور بھی مکمل ہوجاتی ہے جب ہم یہ دیکھتے ہیں۔ کہ فرانس اور جرمنی کے درمیان (وسیجز) کا پہاڑی سلسلہ حد فاصل اُسی طرح پر ہے جس طرح چترال وغیرہ کا پہاڑی سلسلہ ہمارے اور روس کے درمیان ہے۔

جنگ عظیم نے ہم لوگوں کو یہ بھی سبق دیا۔ کہ لکھوکھا افواج سے بہتر حفاظت مُلک پہاڑی سلسلہ سے ہوتی ہے نتیجہ یہ نکلا کہ ہندوستان کو کسی قسم کا خوفِ زیاں نہیں۔ اِس لئے تیسرے شق کے مطابق بھی اقدام کی پالسی فائدہ بخش نہیں۔

اَب مَیں چند نقائص علاوہ مالی نقصان کے دکھانا چاہتا ہوں۔ صُوبہ سرحد دو حصّوں میں مقسوم ہے۔ ایک (Settled District) یعنی منظوم اضلاع اور دُوسرا غیر منظوم (Tribal Area) منظوم اضلاع کی آبادی (۲۵ لاکھ) غیر منظوم کے برابر ہے۔

منظوم اضلاع میں حکومت برطانیہ کی عملداری مستحکم ہے۔ اور وہاں کے باشندے بھی کسی قدر طوق غلامی کے خوگر ہوگئے ہیں۔ غیر منظوم اضلاع میں باضابطہ نظم سلطنت نہیں ہے۔ وہاں کے رہنے والے چونکہ ماضی قریب میں زیر نگین حکومت برطانیہ ہوئے ہیں۔ اس لئے ابھی محکومیت کی ملامت سے پوری طرح آشنا نہیں ہوئے ہیں۔ اور آزادی جو کہ انسان کا فطرتی حق ہے اس کی طلب ابھی اُن کے دل سے فراموش نہیں ہوئی ہے اِس لئے کبھی کبھی اس خداداد کے حق کے حصول کے لئے نبرد آزما بھی ہوجایا کرتے ہیں۔

گورنمنٹ برطانیہ نے اپنے تحفظ کے لئے قانون کے نام سے جو ضوابط مسلّی (Frontier Regulation Act) وغیرہ وہاں جاری کئے ہیں۔ وہ اس قدر بربریت و بہیمیت پر مشتمل ہیں کہ اُنہیں قانون کا نام دینا قانون کی تذلیل ہے۔

ابھی حال میں جو حبیب نور مرحوم کی پھانسی کا قضیہ اسمبلی میں پیش ہوا تھا۔ تو کل ہندوستانی اقوام کے نمایندوں نے حکومت کی مذمت کی

کہ وہ اس قدر ناانصافانہ اور بہیمانہ قانون مُلک میں جاری کئے ہوئے ہیں۔ اسی کا نتیجہ یہ ہُوا کہ گورنمنٹ نے موجودہ کمیٹی برائے تحقیقات قوانین سرحد قائم کی۔ سرحد کے لوگوں کو چاہیئے کہ "حبیب نُور ڈے" قائم کریں کیونکہ اس کی پھانسی اُن کی گلوخلاصی کی سبب ہونے والی ہے۔

گورنمنٹ کو اس قدر تشدد آمیز قوانین جاری کرنے کی وجہ صرف یہ ہوئی کہ آزادی کے شیدا سرحدی باشندے جور و ستم زندان و محن سے بھی حراساں نہ ہوئے۔ اور اپنے عشق آزادی کے پیچھے جان تک کی حقیقت نہ سمجھی۔ تعجب ہے کہ آزاد مُلک کے باشندے جنہوں نے طلب آزادی کے پیچھے اپنے بادشاہ تک کی جان لینے میں دریغ نہ کیا ہو اور جنہوں نے سیکڑوں لڑائیاں اپنی اور دُوسروں کی آزادی قائم رکھنے کیلئے لڑیں ہوں وہ آج ایک بہادر اور حُریت پسند قوم کو غلام رکھنے کیلئے اس قدر جد وجہد کر رہے ہیں۔

غزل

از جناب مرزا فرحت اللہ بیگ صاحب دہلوی رجسٹرار ہائیکورٹ حیدرآباد دکن

ہے آہ میں اثر بھی بس اِک گماں ہے گویا — اور اس پہ آہ کرنا اِک امتحاں ہے گویا
دیکھو تو وہ نہاں ہے سمجھو تو ہر جگہ ہے — وہ ان نشانیوں پر اِک بے نشاں ہے گویا
سُننے کو سب ہیں سُنتے۔ ہوتی نہیں ہے عبرت — میرا بھی قصّہ غم اِک داستاں ہے گویا
آئے ہیں ہم کہاں سے جانا ہمیں کہاں ہے — یہ زندگی ہماری اِک چیستاں ہے گویا
مُلکِ عدم کے رہرو اس طرح جا رہے ہیں — ہستی سے نیستی تک اِک کارواں ہے گویا
آفت نئی ہے آتی ہر روز دل کے ہاتھوں — میرے لئے تو دل بھی اِک آسماں ہے گویا

کیونکر ہو اسکے در تک فرحت میری رسائی
اسکی گلی میں جو ہے اِک پاسباں ہے گویا

اِستری رنگ عورتوں کی سفید رطوبت۔ حمل نہ ہونا یا ہو کر نہ ٹھیرنا۔ ہسٹریا ماہواری خون بند ہونے یا بے ترتیبی سے آنے کی دوائی ہے عورتوں کے لئے یہ دوائی اُن کی صحت کی کفیل اور تندرستی کی ضامن ہے۔ قیمت فی شیشی چار روپے (للعہ)

سِل و دِق کی مجرب دوا اِس بے نظیر دوا کا ہم نے کئی مریضوں پر تجربہ کیا ہے۔ واقعی تیر بہدف دوا ہے قیمت فی سٹ جس میں سفوف و عروق شامل ہیں دس روپے (عہ)

خُونی بواسیر کی دوا ہر اسیر خونی ہو یا ریاحی ہر ایک کا مفصل حال لکھنا چاہیئے کیونکہ دونوں کی دوائی علیحدہ علیحدہ ہے۔ صدہا مریض اس سے شفایاب ہو چکے ہیں قیمت فی بکس للعہ

سُوزاک کی دوا قرحہ و سوزاک کی شرطیہ دوائی جو ۹۵ فیصدی مریضوں کو اچھا کر دیتی ہے۔ قیمت فی شیشی چار روپے (للعہ)

ذیابیطس کی گولیاں ہر ایک قسم کی ذیابیطس کی مجرب شرطیہ دوائی قیمت فی بکس چار روپے۔ (للعہ)

کھانسی کی گولیاں یہ گولیاں ہر قسم کی کھانسی کے واسطے نہایت مجرب اور زود اثر ہیں۔ قیمت فی شیشی عہ

ملنے کا پتہ:۔ مینجر کارخانہ آب حیات پنڈی بہاؤالدین پنجاب

زیب النساء بیگم

از ملک غلام غوث صاحب منشی فاضل سوہاوہ

گاہے گاہے باز خواں ایں دفترِ پارینہ را تازہ خواہی داشتن گر داغہائے سینہ را

یہ نامور خاتون حضرت ابوالمظفر محی الدین اورنگ زیب عالمگیر کی سب سے پہلی اولاد تھی۔ ماہ شوال ۱۰۴۸ھ میں پیدا ہوئی جب ذرا ہوش سنبھالا اور پڑھنے کے قابل ہوئی تو اورنگ زیب نے دینی علوم کی تکمیل کے لئے حافظہ مریم کو مقرر کیا۔ زیب النساء نہایت ذہین اور طباع تھی۔ بہت جلدی قرآن حفظ کر لیا جس کے صلہ میں قدر دان باپ نے تیس ہزار اشرفیاں انعام میں دیں۔ زیب النساء نے عربی فارسی کی تعلیم نہایت اعلیٰ درجہ کی حاصل کی تھی۔ بڑے بڑے علماء و فضلاء اسکی خدمت میں رہتے تھے۔ لیکن سب سے زیادہ مقرب ملا سعید اشرف ماژندرانی تھے۔ اسی تعلیم کا نتیجہ تھا کہ وہ پالیٹکس سے بالکل ناآشنا تھی۔ زیب النساء علوم عربی اور فارسی زباندانی میں کمال رکھتی تھی۔ خط شکستہ اور نستعلیق نہایت عمدہ لکھا کرتی تھی۔ عام طور پر مشہور ہے کہ وہ مخفی تخلص کرتی تھی اور دیوان مخفی اسی کا ہے۔ لیکن یہ بالکل غلط ہے۔ مخفی دراصل حاکم فارس کے ایک صاحب کا تخلص تھا۔ مولوی غلام علی آزاد بیدبیضا میں لکھتے ہیں ؎

"ایں دو بیت از نام او مسموع شدہ"

پھر دو شعر نقل کئے ہیں۔ اگر اس کا دیوان ہوتا تو صرف دو شعروں کا کیوں ذکر کرتے۔ ہاں یہ بات مسلم ہے کہ وہ شاعرہ تھی اور زیب تخلص کرتی تھی۔ لیکن اس کا کلام ضائع ہوگیا۔ زیب النساء کی بیاضِ خاص ایک خواص کے ہاتھ سے جس کا نام ارادت فہم تھا، حوض میں گر پڑی تھی۔ تذکرہ میں یہ دو شعر زیب النساء کے نام سے منقول ہیں ؎

بشکند دستے کہ خم در گردنِ یارے نشد کور بہ چشمے کہ لذت گیرِ دیدارے نشد

صد بہار آخر شد و ہر گل بہ فرقے جا گرفت غنچۂ باغِ دلِ ما زیب دستارے نشد

زیب النساء نے اپنی زیر نگرانی اہل علم و فن سے بہت سی کتابیں تصنیف کرائیں۔ اس کا دربار حقیقت میں بیت العلوم تھا۔ ہر فن کے علماء و فضلاء نوکر تھے جو ہر وقت تصنیف و تالیف میں مصروف رہتے تھے اور یہ کتابیں اس کے نام سے موسوم کرتے تھے۔ زیب النساء تصنیف و تالیف کا جو محکمہ قائم کیا تھا اس کے ساتھ ایک عظیم الشان کتب خانہ بھی تھا جس کی نظیر کسی کی نظر سے نہ گذری ہوگی۔

زیب النساء اگرچہ درویشانہ اور منصفانہ مذاق رکھتی تھی۔ تاہم شاہجہان کی پوتی تھی۔ اس لئے نفاست پسندی اور شاہانہ امارت کے سامان بھی لازمی تھے۔ اس نے کشمیر میں نہایت پُرتکلف باغات اور عمارات تعمیر کرائی تھیں۔ یہ اپنے بھائیوں سے نہایت محبت رکھتی تھی۔

زیب النساء نے تمام عمر شادی نہیں کی۔ کیونکہ اس کی منگنی شاہزادہ سلیمان شکوہ کے ساتھ ہو چکی تھی۔ جب گردشِ زمانہ سے دارا شکوہ اور اس کے دونو نوجوان بیٹے سلیمان شکوہ اور سپہر شکوہ ملیامیٹ ہوگئے۔ تو اس عفت اور عصمت کی پتلی نے تمام عمر کنوارپنے میں کاٹ کر جہان کو دکھا دیا کہ چغتائی خون میں یہ حیا اور پاکبازی ہوتی ہے۔ لیکن اس کے باوجود افسوس کا مقام ہے کہ اس کے متعلق متعدد جھوٹے قصے مشہور ہوگئے ہیں۔ اور وہ اس کے حالات زندگی کا ایسا جزو بن گئے ہیں کہ جب کبھی زیب النساء کا ذکر آتا ہے ان قصوں کا حوالہ ضرور ہوتا ہے ان میں سے دو کا ذکر کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ "ایک دفعہ زیب النساء نے یہ مصرعہ کہا ؎ از ہم نمے شود ز حلاوت جدا لبم۔ چاہتی تھی کہ مطلع ہو جائے، لیکن دوسرا مصرعہ اس کی جوڑ کا موزوں نہیں ہوتا تھا۔ آخر ناصر علی شاعر کے پاس لکھ کر بھیجا اس نے برجستہ کہا ؎ شاید رسید بر لبِ زیب النساء لبم" لیکن جو شخص تیموریوں کے جاہ و جلال اور آئین و قوانین سے واقف ہے وہ بخوبی سمجھ سکتا ہے کہ ناصر علی بچارے کو خواب میں بھی اتنی جرأت نہ ہو سکتی تھی کہ وہ اورنگ زیب عالمگیر جیسے مدبر، منتظم اور جابر بادشاہ کی بیٹی کے بارے میں گستاخانہ کلمات کہے۔ وہ اورنگ زیب کہ جس کے رعب و دبدبہ سے بڑے بڑے سرکش اور باغی جنگلوں میں مارے مارے پھرا کرتے تھے جس کا نام

سُنتے ہی دُشمنوں کے خون خُشک ہو جاتے تھے جبکی ہیبت وسطوت، عظمت وجبروت کا یہ عالم تھا کہ جب کبھی کوئی خط دربار عالیہ سے شاہزادوں کے نام جاتا تو وہ کانپ جاتے تھے۔ یہ اُس نامور بادشاہ شاہجہان کی پوتی تھی کہ جس کے بارے میں خود زیب النساء کا قول ہے ؎

از ہیبتِ شاہِ جہاں لرزد زمین و آسماں انگشتِ حیرت در دہاں نیمے دروں نیمے بروں

پھر بھلا ناصر علی کی کیا مجال تھی کہ وہ ایسے کلمات کہہ سکتا۔

دُوسرا واقعہ یہ ہے" کہ زیب النساء کو عاقل خاں سے محبت تھی۔ اور درپردہ ان میں خط وکتابت کا سلسلہ بھی جاری تھا۔ زیب النساء اس کو چوری چھپے سے محل میں بُلایا کرتی تھی۔ ایک دن عالمگیر محل میں موجود تھا کہ اُس کو پتہ چلا کہ عاقل خاں محل میں ہے اور حمام کی دیگ میں چھپا دیا گیا ہے۔ عالمگیر نے انجان بن کر اُسی دیگ میں پانی گرم کرنے کا حکم دیا۔ عاقل خاں نے اخفائے راز کے لحاظ سے دم نہ مارا اور جل کر رہگیا مرتے وقت یہ شعر کہا ؎

بعد مُردن زجفائے تو اگر یاد کنم از کفن دست بروں آرم و فریاد کنم"

آپ ذرا اس واقعہ پیش نظر رکھکر شاہانِ تیموریہ کے طرز معاشرت و رہائش پر غور کیا جائے تو اصلیت و واقعیت کا شائبہ تک نہیں پایا جاتا۔ زیب النساء کا عاقل خاں کو چوری چھپے بُلانا اور پھر اورنگ زیب کا بہانے سے دیگ گرم کرانا یہ ایسی غلط باتیں ہیں جن کو کوئی صحیح العقل آدمی تسلیم نہیں کر سکتا۔ کہ مخدراتِ تیموریہ کے قصرات و محلات میں پردہ کا یہ انتظام تھا کہ ایک غیر شخص کو اتنی جرأت پڑ جائے کہ وہ اندر چلا جائے؟ جب اورنگ زیب پر یہ بھید کھُل گیا تو کیا وہ عاقل خاں کو کوئی اور سزا نہ دے سکتا تھا کہ اُس نے بُزدِلانہ طور پر بہانے سے دیگ میں پانی گرم کرا کے عاقل خاں کا خاتمہ کیا؟ یہ سب باتیں سراب سے زیادہ وقعت نہیں رکھتیں۔

نیز عاقل خاں کا تذکرہ مآثر الامرا میں موجود ہے۔ چونکہ شاعر تھا۔ تمام تذکروں میں اس کے حالات مذکور ہیں لیکن اس واقعہ کا کہیں نام ونشان نہیں۔ عالمگیر نامہ، مآثر الامرا، خزانہ عامرہ وغیرہ میں ایک حرف بھی اس واقعہ کے متعلق نہیں۔ حالانکہ اس کی وفات کا تذکرہ سب نے لکھا ہے۔

زیب النساء نے ۱۱۱۳ ہجری میں ۶۵ سال کی عُمر میں انتقال کیا۔" ادخلی جنۃ" مادۂ تاریخ ہے۔ عالمگیر اس وقت دکن کی مہمات میں مصروف تھا۔ یہ خبر سُنکر غمزدہ ہوا اور باوجود نہایت مستقل مزاج اور صابر ہونے کے بے اختیار آنکھوں سے آنسو نکل پڑے۔ یہ پاکباز خاتون جو کبھی شاہجہاں کے تختِ طاؤسی پر بیٹھکر کھیلا کرتی تھی جس کی رہائش کیلئے آگرہ اور دہلی کے قصر وایوان اور اوڑھنے کیلئے ریشم وسمور قاقم کے بچھونے تھے۔ رات کے وقت کافوری اور عنبر بن شمعیں جلتی تھیں اور چاروں طرف سے عطر اور حنائے مشکیں کی لپٹیں آتی تھیں۔ آج نہایت حقارت اور ذلت کے ساتھ لاہور کے قریب مقام نواں کوٹ میں مدفون ہے۔ جہاں پر وحشت وحسرت، بے کسی اور نامرادی چھائی ہوئی ہے۔ چمگادڑوں نے ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں اور رات کے وقت اُلو اپنی بھیانک آوازوں سے اس منظر کو اور بھی وحشتناک بنا دیتے ہیں۔ اللہ باقی والکل فانی۔

کشف المحجوب اُردو ترجمہ یہ کتاب جناب شیخ مخدوم علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے جو داتا گنج بخش کے نام سے مشہور ہیں ولی کامل ہوئے ہیں۔ علاوہ ولایت کاملہ کے اعلیٰ درجہ کی فضیلت اور معلومات کی کیفیت اس متبرک کتاب کے دیکھنے سے ہو سکتی ہے۔ قیمت عہ

تذکرۃ الواعظین اُردو ترجمہ یہ کتاب مولینا مولوی محمد جعفر القریشی حنفی المذہب کی تصنیف ہے عربی زبان میں تھی اس کا اُردو ترجمہ بصرف زر کثیر عام اشاعت کیلئے عموماً اور واعظین کے لئے خصوصاً کرایا گیا ہے۔ جو ہر مسلمان کے لئے کارآمد ہے۔ قیمت عہ

نفحات الانس یا مکمل تذکرۃ الاولیاء اُردو ترجمہ یہ بینظیر کتاب ہے حضرت مولینا مولوی عبدالرحمن جامی نقشبندی کی اعلیٰ تصنیفات میں سے ہے۔ حضرت موصوف کی تصنیف کسی تعریف کی محتاج نہیں۔ اس کتاب میں حضرت نے تمام اولیاء اللہ کے حالات معہ انکی کرامات بتفصیل قلمبند کئے ہیں اور جس طریقہ سے بیان ہوئے ہیں، وہ عجیب غریب ہے۔ کتاب ہذا میں مرزانِ خدا کے علاوہ جو خاتون باصفا اولیاء اللہ گذری ہیں اُن کے حالات بھی حضرت نے نہایت تحقیق سے لکھے ہیں۔ اور سب سے اوّل مسائل تصوف پر زبردست بحث کی ہے۔ قیمت تین روپے (۳؎)

ملنے کا پتہ: منیجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

میرا کنھیا

از جناب سید احمد حسین صاحب امجد حیدر آبادی

اے لو، وہ دن ڈھلا جا رہا ہے — وقت مغرب، قریب آ رہا ہے
ہاں، قدم جلدی جلدی اُٹھاؤں — بھرنے گاگریں جمنا پہ جاؤں
ہے ہوا شام کی کیا سُہانی — یا شب وصل کی ہے نشانی
آفتاب، آ رہا ہے نہ میں پر — اِک سماں چھا رہا ہے زمیں پر
راستے والے کم ہو رہے ہیں — نور و ظلمت بہم ہو رہے ہیں
نور کی دوپہر ڈھل رہی ہے — شمع کافور کی جل رہی ہے
کیا خبر، آسماں کیا دِکھائے — کیا خبر، سامنے کون آئے
غیر مردوں کا پھیرا نہ ہو جائے — شب سے پہلے اندھیرا نہ ہو جائے

(۲)

شام کلیاں ہوا گا رہی ہے — بانسری کی صدا آ رہی ہے
موج دریا کو یہ کس کی دُھن ہے — راگ پانی کا کیا مست کُن ہے

(۳)

دیکھ کشتی میں بیٹھا ہے کوئی — یہ تو بے جانا بُوجھا ہے کوئی
بانسری، اس کے مُنہ سے لگی ہے — زیر و بم کی ہوا کیا بندھی ہے
بانسری کیا بجاتا ہے آہا — راگ کیا سُناتا ہے آہا
سُن کے ہر ایک سُن ہو رہا ہے — دُھن میں ہوش و خرد کھو رہا ہے
وجد میں عقل کس کی بجا ہے — مَیں اگر باولی ہوں تو کیا ہے
کان نغمے سے پُر ہو رہے ہیں — بُلبلے پھوٹ کر رو رہے ہیں
ہے کوئی شعبدہ گر، کہ ساحر؟ — مَیں بھی دیکھوں، کہ ہے کون آخر
ہائیں، یہ اجنبی تو نہیں ہے — یہ، نیا آدمی تو نہیں ہے

یہ تو ہے میرا پیارا کنھیا
میری آنکھوں کا تارا کنھیا

محک الفقر کلاں اردو ترجمہ یہ عجیب و غریب سراپا رحمت و برکت کتاب ہے۔ حضرت سُلطان باھو قادری سروری قدس سرہٗ کی اعلیٰ تصنیفات میں سے ہے اس کتاب میں حضرت نے اعلیٰ راز بیان فرمائے ہیں۔ جس طرح کسوٹی سے کھرا اور کھوٹا معلوم ہوتا ہے۔ اسی طرح اِس کتاب میں بھی تصوف کے اصلی دقائق اور باریکیاں ہیں۔ اور ان کو نہایت مُفصّل اور سلجھے ہوئے پیرایہ میں بیان کیا ہے۔ قیمت عہ

ملنے کا پتہ:- مینیجر دفتر رسالہ صُوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

حضرت بابا فرید مسعود گنجشکر رحمۃ اللہ علیہ

از جناب مولانا عبدالکباری صاحب آسی

کتنی بابرکت ہیں وہ مبارک اور مسعود ہستیاں جو درجہ شاہی سے چشم پوشی کرکے اور تخت و تاج سلطنت کو لات مار کر بوریائے فقر و تصوف پر جلوہ افروز ہوئیں۔ اور کیسی بلند نظر ہیں وہ باعظمت ذاتیں جو ملک و دولت کو تج کر اور ملبوسات فاخرہ سے منہ موڑ کر خرقۂ گدایانہ میں چھپ کر دنیا و مافیہا سے ہمیشہ کیلئے بے نیاز ہوگئیں۔ جو یا نظر ہیں اگر تلاش کرنے پر آمادہ ہو جائیں تو ممکن ہی نہیں کہ جذبۂ صادق ہزاروں ایسے برگزیدہ صفات حضرات سے روشناس نہ کرا دے جنہوں نے ایک ہی مرقع کو ہزاروں جبہ و عمامہ پر اور ایک کاسۂ درویشی کو جام جم پر ترجیح دی۔ خود میں اگر نام گنانے پر آؤں تو بہت سے نام زیب فہرست کر سکتا ہوں۔ اور بہت سے ایسے بے نیازوں کے نام لے سکتا ہوں جن کے قبضہ میں بظاہر ایک کشکول تھا یا ایک گدڑی۔ مگر حقیقۃً وہ حکمراں تھے اور تمام دنیا کے ذرے اُنکے تابع فرمان تھے۔ اُن کی ایک نگاہ جبر و قہر ہنگامہ بعث و نشر کا نمونہ تھی۔ اور ایک نگاہ کرم ہزاروں جنتیں اپنی بغل میں دبائے ہوئے تھی جن کی ذات گرامی کا نام نامی زیب عنوان ہے ان کا اسم گرامی تو ایک ایک بچہ کی زبان پر ہے۔ مگر میرا خیال ہے کہ ایسے لوگ بہت کم ہونگے جو اس راز سے بھی واقف ہوں کہ آپ شاہی خاندان سے تھے۔ اور عالم ظاہر کے بھی اُسی طرح فرماں فرماں تھے جیسے کہ ملک باطن اُنکے زیر نگین تھا۔ کیونکہ آپ کے والد ماجد حضرت جمال الدین سلیمان محمود غزنوی کے بھانجے تھے۔ جو سلطان شہاب الدین رحمۃ اللہ علیہ کے عہد میں کابل سے لاہور تشریف لائے۔ اور قصور میں جو ضلع لاہور کی ایک تحصیل ہے سکونت پذیر ہوئے۔ یہاں چند روز قیام کیا تھا کہ بادشاہ ہندوستان کے فرمان کے موافق ملتان تشریف لیگئے۔ اور وہیں ملا وجیہ الدین رحمۃ اللہ علیہ کی صاحبزادی سے شادی ہوئی جن کے بطن عفت سے تین صاحبزادے پیدا ہوئے جن میں سے بڑے صاحبزادے کا نام اعز الدین محمود۔ اور چھوٹے صاحبزادے کا نام نجیب الدین متوکل۔ اور منجھلے صاحبزادے کا فرید الدین مسعود تھا۔ جن کا تذکرہ مقصود ہے۔

آنحضرت کا شجرہ نسب بشرہ واسطوں سے حضرت سلطان ابراھیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ تک اور تیئیس ۲۳ واسطوں سے حضرت عمر ابن خطاب رحمۃ اللہ علیہ تک پہونچتا ہے۔ اسی سلسلہ کی آٹھویں پشت میں فرخ شاہ بادشاہ کابل ہے۔ چنانچہ فرخ شاہ کی وفات کے بعد جب شاہان غزنین سلطنت کابل کے حکمران ہوئے۔ اور وہ نظام سلطنت جو قدیم سے چلا آرہا تھا ابتر ہو کر قوانین ملکداری میں ایک تغیر ہو کر نظام قدیم میں ابتری پیدا ہوگئی۔ تو فرخ شاہ کی اولاد تباہ ہوگئی۔ مگر پھر اُن کی سکونت کابل ہی میں رہی۔ آسمان نے اس حالت پر بھی رشک کی نگاہیں ڈالیں اور چین سے نہ بیٹھنے دیا۔ ایک نیا فتنہ برپا کیا یعنی چنگیز خاں نے خروج کیا۔ اور اُس کے ہنگامۂ دار و گیر سے ایک قیامت کبریٰ کا نمونہ برپا ہوگیا۔ کابل میں وہ وہ حوادثات اور سوانح رونما ہوئے کہ اُنکے ذکر سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ چنانچہ آپ کے دادا مرحوم بھی اُسی ہنگامہ میں شہید ہوئے مجبوراً اسی بیکسی اور بے بسی کے عالم میں آپ کے والد ماجد ہندوستان تشریف لائے۔

آپ کی ولادت باسعادت ۵۸۰ھ میں قصبہ کھوتوال مضافات ملتان میں واقع ہوئی اور اسی نواح میں نشو و نما پائی۔ قدیم زمانے کے دستور کے موافق آپ ایک مکتب میں تعلیم پانے لگے۔ اول میں قرآن پاک حفظ کیا۔ اور اُس کے بعد دوسری درسیات ضروری کا مطالعہ فرمایا۔ ملتان میں مولانا منہاج الدین رحمۃ اللہ علیہ کا شہرہ تھا۔ آپ نے بھی انہیں کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا اور مذہبی درسیات پڑھتے رہے۔

مثل مشہور ہے۔ کہ "پھلی کے جائے کن تیرائے"۔ آپ کو اول ہی سے زہد و تصوف کی طرف کامل رغبت تھی۔ اور ہمیشہ سلوک و عرفان کی منازل حقہ کو طے فرمانے میں مصروف رہتے تھے۔ جو اوقات کی عمر تھی۔ مگر صرف یہی دو کام تھے یا تو تحصیل علوم شریعت، یا طے راہ حقیقت۔ دنیا اور دنیا کے اشغال سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ اتفاق بالائے اتفاق یہ ہوا کہ جس زمانہ میں آپ کتاب نافع پڑھتے تھے۔ اُسی زمانہ میں ایک روز مدرسہ میں جو مسجد ملتان میں واقع تھا ایک روز بیٹھے ہوئے نافع کے سبق کی تکرار فرما رہے تھے کہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کا تشریف فرما ہوئے

آپ کے ذوق وشوق علم کو ملاحظہ فرمایا۔ اور نہایت خوش ہوکر دریافت کیا۔ کہ کیوں صاحبزادے تم کیا پڑھتے ہو۔ حضرت نے حواباً عرض کیا کہ نافع۔ یہ جواب سنکر خواجہ صاحب نے ایک نہایت ہی جامع جملہ ارشاد فرمایا اور ارشاد کیا کہ نافع۔ انشاء اللہ نافع ہی ہوگی۔ یہ جملہ سنتے ہی آپ کے دل میں ایک جذبۂ صادق موجزن ہوا۔ اور ذوق وشوق کے دریا میں ایک طوفان عظیم برپا ہوگیا۔ فوراً دست ارادت دراز کرکے حلقہ مریدین میں داخل ہوئے۔ اور اس کے بعد تمام لکھنے پڑھنے کو چھوڑ کر جس وقت کہ آپ دہلی کو روانہ ہونے لگے تو آپ کے ساتھ دہلی کو روانہ ہوئے۔ حضرت خواجہ صاحب نے اس سفر کو منظور تو کر لیا۔ مگر مصلحت بینی فرما کر ارشاد کیا کہ چلنے میں کوئی ہرج تو نہیں ہے مگر مناسب یہ ہے کہ پہلے علوم ظاہر کو حاصل کر لو۔ پھر تصوف کی طرف توجہ کرو کیونکہ جاہل صوفی ایک مسخرہ سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا ہے۔ جب تحصیل علوم شرعیہ سے فراغت حاصل کر لو تو دہلی چلے آنا۔ مرید سعید نے بسر وچشم اس حکم کو قبول کیا۔ چند روز ملتان ہی میں تحصیل علوم میں مشغول رہے۔ اس کے بعد قندھار پہونچے اور وہاں تحصیل علوم کا سلسلہ جاری رہا۔ اس کے بعد بغداد پہنچے اور قطب الاقطاب حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی اور سیف الدین باخرزی اور سعدی حموی، بہاء الدین حموی، شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی، شیخ اوحدالدین کرمانی، شیخ فریدالدین عطار نیشاپوری وغیرہ بزرگان دین کی صحبتوں میں رہے اور مجاہدۂ نفس وتزکیۂ قلب کے سلسلہ کو جاری رکھا۔ اس کے بعد دہلی میں اپنے پیر روشنضمیر کی خدمت فیضدرجت میں حاضر ہوئے۔ خواجہ صاحب نے پہلی ہی آپ کی پیشانی پر ستارۂ نور چمکتے ہوئے دیکھ لیا تھا اس واسطے خصوصیت سے توجہ فرمائی اور آپ کیلئے علیحدہ ایک حجرہ متعین کر دیا کہ فراغت کے ساتھ ریاضت میں مشغول رہیں۔ آپ کے مجاہدہ نفس کی یہ کیفیت تھی کہ روزانہ ایک مرتبہ قرآن شریف کی تلاوت فرمالیا کرتے تھے۔ آپ دہلی میں غزنوی دروازہ میں رہتے تھے وہ حجرہ واقع تھا۔ ہر دوسرے ہفتہ میں خواجہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے اور فیوض غیر متناہی حاصل فرماتے تھے۔

یونہی آپ کے کمالات کی بنیاد اسی روز پڑ گئی تھی جب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی نے آپ کو خصوصی توجہات بزرگانہ کا مستحق ٹھیرا کر حجرۂ خاص رہنے کے واسطے مرحمت فرمایا تھا مگر اس وقت سے آپ کو اور بھی شہرت ہوئی جبکہ ایک روز برسات کے زمانہ میں آپ کھڑاؤں پہنے ہوئے خواجہ صاحب کی خدمت میں جا رہے تھے۔ راستہ بھر میں کیچڑ ہو رہی تھی اس واسطے اتفاق سے آپ کا پاؤں پھسل گیا۔ اور آپ زمین پر گر پڑے۔ گرتے ہی حسب عادت آپ کی زبان مبارک سے اللہ کا لفظ نکلا۔ اتفاق سے مٹی کی ایک چھینٹ اڑ کر آپ کے منہ میں گری اور گرتے ہی شکر ہوگئی۔ آپ اٹھکر خواجہ صاحب کی خدمت بابرکت میں تشریف لائے۔ خواجہ صاحب نے آپ کو دیکھتے ہی فرمایا کہ آج ایک مٹی کنکر تمہارے منہ میں پہنچی تو شکر ہوگئی عجب نہیں ہے کہ خدا تمہیں گنج شکر بنا دے۔ آپ نے یہ سنتے ہی خوش ہوکر سجدۂ شکر ادا کیا۔ اس کے بعد جب آپ اپنے حجرہ کی طرف واپس ہوئے تو جو ملتا تھا وہی آپ کو گنجشکر کے نام سے پکارتا تھا۔ یہی واقعہ آپ کی خدا پرستی اور خدا رسیدگی کا سنگ بنیاد ہوا۔ آپ کیا تھا اتنی شہرت ہوئی کہ کسی وقت لوگوں کا اژدہام کم نہ ہوتا تھا۔ اور معتقدین کے گروہ آپکی زیارت کو ہر وقت آتے رہتے تھے۔ کسی وقت ہجوم کم نہ ہوتا تھا۔ آپ چاہتے تھے کہ لوگوں کی ملاقات سے اپنے آپ کو بچائیں مگر ممکن نہ تھا مجبور آپ یہ حال آپ نے خواجہ صاحب سے کہا۔ خواجہ صاحب نے فرمایا کہ تم ہانسی چلے جاؤ۔ چنانچہ آپ دہلی سے ہانسی تشریف لے گئے اور وہیں اقامت اختیار کی۔ ہانسی چونکہ کوئی ایسا مشہور مقام نہ تھا۔ اور آپ کو تشریف لائے ہوئے زیادہ زمانہ نہ گزرا تھا۔ اس لئے نسبتاً یہاں اہل غرض اور دنیا داروں سے امن تھا۔ اسی وجہ سے آپ کو یہاں اطمینان تھا اور کئی سال تک آپ یہاں تشریف فرما رہے۔

۶۳۳ھ یا ۶۳۴ھ میں جب حضرت خواجہ قطب الدین رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ہوا تو آپ پھر دہلی تشریف لائے۔ اور خرقۂ مبارک خواجہ رحمۃ اللہ کا زیب تن فرما کر ایک ہفتہ تک آپ کی جگہ تشریف فرما رہے۔ اس دوران میں تمام دلی آپ کی کشف وکرامات کا حال سن کر امڈ پڑی، اور اپنے مدعا کی دعائیں کرانے میں مصروف ہوگئی چونکہ اس سے آپکے اوقات خدا پرستی میں گونہ فرق پڑنے لگا۔ لہذا آپ فوراً دوبارہ ہانسی چلے گئے۔ مگر شہرت کے پر نکل چکے تھے۔ اب اس کا روکنا محال تھا۔ اس لئے یہاں بھی معتقدین اور ارادتمندوں کا وہی ہجوم غیر موجود ہوگیا۔ اور شب و روز ایک انبوہ رہنے لگا۔ مجبوراً آپ کو پھر سکونت ترک کرنا پڑی۔ اور رہنے کے واسطے ایسی جگہ تجویز کی جہاں لوگ نہایت ہی درشت مزاج اور بدعقاد رہتے ہیں۔ چنانچہ اجودھن جو ایک نہایت ہی کور دیہہ جگہ تھی اپنے رہنے کے واسطے تجویز فرمائی۔ اور ہانسی سے رخصت ہوکر اجودھن کے ایک نہایت خراب اور ویران مقام میں قیام فرمایا۔ اور خدا پرستی میں مصروف ہوکر شب و روز عبادت الٰہی میں بسر کرنے لگے۔

اجودھن میں جس جگہ آپ رہتے تھے وہاں نہ کوئی بازار تھا نہ عمارت تھی نہ رونق نہ آبادی بلکہ برعکس اس کے ایک کریل کا جنگل تھا اور اسی

خاردار درخت سے وہاں کی زیب و زینت تھی۔ یہی ساز و سامان تھا اور یہی محل و مکان۔ توکل کا یہ رنگ تھا کہ کبھی ایک کوڑی بچا کر نہ رکھتے تھے۔ دو دو تین تین دن فقر و فاقہ میں گزر جاتے تھے۔ اور آخر وہی کریل کے پھلوں سے افطار فرماتے تھے۔ مگر زبان ہر وقت شکر کے لئے جاری تھی تسبیح و تہلیل کا دور تھا اور مطلق خیال نہ ہوتا تھا کہ کیا تکالیف ہیں جو گزر رہی ہیں اور کیسا عالم ہے جس میں گزر کیجا رہی ہے۔

شیخ رحمۃ اللہ کا یہی عالم تھا کہ یہاں بھی انوار و فیوض کی اشاعت ہوئی اور تسبیح و تہلیل کی آواز اجودھن کے در و دیوار سے گونجنا شروع ہوئی۔ ہزاروں لاکھوں حاجتمندوں کا اجتماع ہونے لگا۔ اور آپ سب کو فیوض و برکات سے بہرہ مند فرماتے رہے۔ اتفاق دیکھئے کہ محفل سماع کی گرما گرمی کی خبر اجودھن کے قاضی شہاب الدین کو پہونچی۔ کچھ تو عہدہ کا پاس تھا اور کچھ شیخ کی گرم بازاری کا افسوس اور تعصب تھا کہ قاضی کو یہ شہرت سخت ناگوار گزری۔ اور شیخ حمید کریل کا کانٹا بنکر اسکی متعصب نگاہوں میں کھٹکنے لگے۔ چاہا کہ کوئی تعرض کرے مگر ہزاروں عقیدتمند اور جاں نثار موجود تھے کہ ہی کیا سکتا تھا۔ مجبوراً اجودھن کے بڑے بڑے سربرآوردہ لوگوں کو جمع کیا۔ اور ان کے سامنے یہ مسئلہ پیش کیا کہ عرصہ سے جو یہ فقیر یہاں آگیا ہے۔ اس نے عجیب ہنگامہ فروزی کر رکھی ہے۔ اور مذہب میں ایک رخنہ ڈال رکھا ہے نہایت گمراہ ہے سماع سنتا ہے جو شریعت محمدی کے خلاف ہے۔ ایسا نہ ہو کہ ہم سب پر بھی کوئی وبال آئے۔ اس لئے بہتر یہ ہے کہ جلد سے جلد اسکو یہاں سے نکال دیا جائے۔ ظاہر ہے کہ قاضی کا اس وقت وہی درجہ تھا جو آجکل جج کا یا ڈپٹی کمشنر کا۔ اس واسطے کسی کو انکار کی گنجائش ہی کیا تھی مجبوراً سب نے ہاں میں ہاں ملادی۔ قاضی شہاب الدین کی تو عین مرضی یہی تھی اس نے فوراً ایک درخواست حاکم بالا کے نام لکھی اور اعیان شہر کی مہریں لگوادیں۔ درخواست میں کیا تھا اس کو لوگ خود ہی سمجھ گئے ہونگے وہی شیخ رحمۃ اللہ کی شکایتیں اور وہی فتنہ انگیز حکایتیں اسکے علاوہ یہ دریافت طلب امور تھے کہ جو شخص سماع کو جائز سمجھکر سنے اسکے واسطے آپ کیا سزا تجویز فرماتے ہیں۔ جب یہ درخواست حاکم ملتان کے پاس پہنچی تو از راہ دور اندیشی اس نے قاضی سے یہ سوال کیا کہ پہلے اس شخص کا نام لکھو بغیر نام کے کوئی صحیح جواب نہیں دیا جا سکتا۔ قاضی نے جواب میں شیخ کا نام لکھا۔ آپ کا نام مبارک دیکھکر حاکم ملتان کو بیحد غصہ آیا۔ اور جواب میں لکھ بھیجا کہ تم نے ایسے آدمی کا نام لکھا ہے جس پر علمائے ظاہر کو تعرض کرنے کا کوئی حق نہیں ہے لہذا مجبوری ہے۔ مگر قاضی شہاب الدین کو اس پر بھی تنبیہ نہ ہوئی۔ انہوں نے دوسری تدبیر شروع کی۔ ایک بدمعاش کو کچھ لالچ دے دلاکر اس بات پر آمادہ کیا کہ شیخ کو قتل کردے۔ موقع پاکر وہ ایک روز خانقاہ میں جا پہنچا۔ اس وقت آپ مراقبہ میں مشغول تھے۔ نور باطن سے یہ راز بھی معلوم ہوگیا کہ ایک بدمعاش اس نیت سے خانقاہ میں گھس آیا ہے۔ آپ نے آواز دی کہ کوئی ہے۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ موجود تھے حاضر ہوئے۔ اور دست بستہ سبب یاد آوری دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا کہ دیکھو ایک بدمعاش کمر میں زنجیر پہنے، کانوں میں سفید کنڈل ڈالے، بغل میں ایک چھری دبائے ہوئے آیا ہے۔ اس سے کہدو کہ جا ابھی موقع ہے یہاں سے بھاگ جا ورنہ فضیحتہ ہوگا۔ حضرت نظام الدین گئے اور جاکر اس سے کہا وہ فوراً بھاگ گیا۔ اس قسم کی شرارت کے بعد عدم کامیابی پر قاضی شہاب الدین کو جس قدر بھی افسوس ہوتا کم تھا چنانچہ یہی ہوا کہ وہ ہر طرح سے اس بات پر تلا ہوا تھا کہ آپ کو تکلیف پہنچائے۔ اور اسی کی بدولت اس نے اپنی جان تلف کر دی۔ واقعہ یہ ہوا کہ ایک روز آپ کے بیٹے صاحبزادے آئے اور آکر آپ سے شکایت کی کہ قاضی اجودھن نے مجھے اور میرے مریدین کو علانیہ گالیاں دی ہیں۔ اور بے عزت کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا۔ یہ باتیں کچھ ایسے دردناک انداز میں بیان کی گئیں کہ شیخ پر بھی بڑا اثر پڑا۔ آپ کے ہاتھ میں ایک عصا تھا۔ یہ سنکر آپنے عصا زمین پر دے مارا۔ اسی وقت قاضی شہاب الدین درد شکم میں مبتلا ہوا تکلیف بڑھتی گئی۔ بہت کچھ علاج کیا جب کچھ نہ ہوا تو کہا کہ مجھے شیخ کی خدمت میں لے چلو کہ اپنی تقصیرات سابقہ کی معافی چاہوں اور دعا کے واسطے عرض کروں۔ لوگوں نے چاہا کہ شیخ کی بارگاہ میں حاضر کریں۔ مگر ایسا ہو نہ سکا اور فوراً کام تمام ہوگیا۔

یہی نہیں بلکہ اس قسم کی سیکڑوں کرامات اور خرق عادات کا شیخ رحمۃ اللہ سے ظہور ہوا۔ مگر آپ کو سوائے عبادت الٰہی کے کسی سے نہ سروکار تھا۔ اور نہ کسی سے الفت و عداوت تھی۔ حالت یہ تھی کہ جو کچھ زبان سے نکل جاتا تھا۔ وہی کام ضرور کسی نہ کسی وقت ہو کر رہتا تھا۔ چنانچہ ایکمرتبہ کا ذکر ہے کہ آپ ریش مبارک میں کنگھا کر رہے تھے۔ اتنے میں ایک قلندر آیا۔ اور اس نے کنگھے کا سوال کیا۔ آپنے جواب دیا کہ یہ مستعمل ہے دینے کے قابل نہیں ہے۔ وہ قلندر نہایت ہی گستاخ اور بے ادب تھا کہنے لگا کہ مجھے دینا

کچھ مضائقہ نہیں ہے۔ میں لے سکتا ہوں۔ لا۔ کنگھا مجھے دے خدا برکت دیگا۔ اِس گستاخی پر آپ کی زبان مبارک سے نکلا کہ جا تجھے اور تیری برکت کو ہم نے دریا میں ڈبو دیا۔ وہ قلندر اُسی روز دریا میں ڈوب کر مر گیا۔

مُصنّف سیر المشائخ نے یہ عجیب و غریب واقعہ درج کیا ہے کہ ایک شخص دہلی سے اس ارادہ سے شیخ رحمؒ کی خدمت میں روانہ ہوا کہ جا کر مُرید ہو جائے۔ اُس زمانہ میں ریل اور ہوائی جہاز تو تھے نہیں پیدل کا رستہ تھا۔ یا زیادہ سے زیادہ بیل گاڑی وغیرہ میں سفر ہوتا تھا۔ اسی طرح پیدل اس شخص کو بھی سفر کرنا پڑا۔ راستہ میں ایک رقاصہ فاحشہ عورت بھی جا رہی تھی۔ اُس کا اور ان کا ساتھ ہو گیا۔ چونکہ یہ شخص نہایت خوبصورت اور حسین جوان تھا۔ اِس عورت کے متواتر عشووں اور غمزوں کے باوجود بھی اس طرف متوجہ نہیں ہوا۔ کئی دن اسی طرح گزر گئے۔ ایک روز اتفاق سے شب باشی کا ایک ہی جگہ اتفاق ہوا۔ وقت کی بات کہ تنہائی کا مقام تھا۔ عورت کئی دن سے درپے ہوس تھی ادھر یہ بھی جوان تھا شیطان نے کام کیا اور اس شخص کے دل میں بھی ایک قسم کا ہیجان پیدا کر دیا۔ قریب تھا کہ کچھ فساد واقع ہو۔ کہ اتنے میں ایک شخص ظاہر ہوا اور اُس نے اس آدمی کے مُنہ پر ایک طمانچہ مارتے ہوئے یہ کہا کہ او بے ادب یہ کیا گستاخی ہے کہ شیخؒ کی خدمت میں تو بہ کی نیت سے جاتا ہے اور یہ بدنما حرکتیں کرتا ہے۔ یہ کہکر وہ غائب ہو گیا۔ وہ آدمی نہایت متنبہ ہوا۔ اور اس گناہ سے بچ گیا جس وقت کہ وہ حضرت شیخؒ کی خدمت میں پہنچا۔ شیخؒ نے سب سے پہلے اسی واقعہ کا ذکر کیا اور فرمایا کہ خدا کا شکر ہے کہ تم اُس فاحشہ کے مکر و حیلہ سے بچ گئے اور خدا نے تمہیں اس گناہ سے محفوظ رکھا۔

قصبہ پالپور کا حاکم باز کے شکار کا نہایت شائق تھا۔ اُس کے پاس ایک باز تھا جس کی خدمت کے لئے ایک میر شکار مقرر تھا۔ مگر یہ تاکید تھی کہ اپنے لئے کبھی اس باز کو شکار پر نہ چھوڑنا۔ مبادا کہ اُڑ جائے۔ اِتفاق کی بات کہ ایک روز دوستوں کے اصرار سے باز کو کلنگ پر چھوڑ دیا۔ باز اُڑ کر نظر سے غائب ہو گیا۔ اب یہ بہت گھبرایا۔ دوڑا ہوا آپ کی خدمت میں آیا اور عرض حال کیا۔ آپ نے از روئے ترحم فرمایا کہ گھبرا نہیں باز مل جائیگا یہ کہکر اُس کا ہاتھ پکڑ کر بتایا اور کہا کہ دیکھ فلاں دیوار پر تیرا باز بیٹھا ہوا ہے اُس کو پکڑ لے۔ وہ تجھے دیکھکر پرواز نہیں کرے گا۔ یہ شخص حسب ہدایت گیا اور جا کر باز کو پکڑ لیا۔ جب اُس حاکم سے اس واقعہ کا ذکر کیا۔ وہ نہایت معتقد ہو کر میر شکار کی معیت میں آیا۔ اور تارک الدنیا ہو کر حضرتؒ کا مرید ہو گیا۔

مولینا شاہ عبد الحق دہلوی قدس سرہٗ نے اپنی کتاب اخبار الاخیار میں لکھا ہے کہ اوّل اوّل میں آنحضرت کے مجاہدۂ نفس کا یہ عالم تھا کہ تین تین روز تک روزہ پر روز رکھتے تھے۔ ایکمرتبہ افطار کے وقت ایک آدمی کھانا لایا۔ آپنے نوش فرمایا۔ مگر فوراً استفراغ ہو گیا۔ صبح کو جب حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپنے فرمایا کہ رات کا کھانا اِس لئے تمہارے پیٹ میں نہیں ٹھیرا کہ ایک خمر فروش کے یہاں کا تھا۔ اب تین روز کے بعد جو کچھ خدا نے برتر عطا فرمائے وہ کھانا۔ آپ منتظر رہے مگر کچھ نہ ملا۔ جب کچھ رات گزر گئی تو آپ نہایت بے طاقت ہو گئے۔ زمین پر ہاتھ مار کر چند کنکریں مُنہ میں ڈالیں۔ معلوم ہوا کہ وہ مصری کی ڈلیاں تھیں۔ آپ نے یہ سمجھکر کہ شاید وسوسۂ شیطانی ہو تھوک دیں۔ اس کے بعد پھر کنکریاں اٹھائیں اور نوش فرمائیں تو پھر وہی واقعہ ہوا۔ اب آپنے خیال فرمایا کہ عطائے خداوندی ہے۔

مُصنّف تذکرۃ العاشقین نے لکھا ہے کہ ایک سوداگر اونٹوں پر شکر لادکر مُلتان سے دہلی کی طرف جا رہا تھا آپنے اُس سے دریافت فرمایا کہ تم نے اونٹوں پر کیا لادا ہے۔ اُس نے کہا کہ نمک۔ آپنے فرمایا کہ بہتر ہے نمک ہی ہوگا۔ جب منزل پر پہنچا تو معلوم ہوا کہ تمام شکر نمک ہو گئی ہے آکر عرض حال کیا۔ تب آپنے فرمایا کہ خیر تم شکر کہتے ہو تو شکر ہو گی۔ تب اُس نے مُصیبت سے نجات پائی۔

مُصنّف سیر الاقطاب نے آپکے متعلق ایک عجیب و غریب واقعہ بھی لکھا ہے کہ جس زمانہ میں شیخ تنہا جنگل میں رہکر عبادت و ریاضت میں مصروف رہتے ایکمرتبہ نہایت پیاسے تھے ایک کنوئیں پر تشریف لیگئے۔ مگر رسّی اور ڈول کے نہ ہونے سے نہایت مایوس ہوئے۔ اتنے میں دو ہرن آئے اُنکے آتے ہی پانی میں ایک جوش پیدا ہوا اور کنارہ تک آگیا۔ دونوں ہرنوں نے خوب سیراب ہو کر پانی پیا۔ آپ نے بھی چاہا کہ پانی پی لیں۔ جیسے ہی ارادہ کیا پانی پھر تہ میں چلا گیا۔ آپنے آسمان کی طرف مُنہ کر کے کہا کہ اے پروردگار ہرنوں کو سیراب کیا اور بندہ کو محروم چھوڑ دیا حکم ہوا کہ تیرا بھروسہ ڈول اور رسّی پر تھا اور ہرن صرف ہمارے بھروسہ پر آئے تھے۔ یہ سُنتے ہی آپ سخت نادم ہوئے اور اس کے پاداش میں چالیس روز تک پانی نہیں پیا۔

مُشتے نمونہ از خروارے کے مصداق پر میں صرف اتنے ہی واقعات پر بس کرتا ہوں۔ ورنہ درحقیقت شیخؒ کے کشف و کرامات اتنے ہیں کہ اُن سے ایک کتاب تیار ہو سکتی ہے۔ مگر چونکہ طوالت مضمون کا خوف ہم کو اس سے روکتا ہے اِس واسطے صرف انہیں کو کافی سمجھا گیا۔

آپ نے آخر وقت تک عبادات و ریاضات شاقہ میں بسر کی۔ متوکل قانع ہونے کے علاوہ آپ کے وجود باجود سے اتنے فیوض دُنیا کو پہنچے کہ

ان کا اندازہ اور شمار عالم الغیب کے سوائے کسی کو معلوم نہیں۔ مصنف اخبار الاخبار نے آپ کا سن وفات ۶۶۴ھ بیان کیا ہے اور تاریخ وفات پانچویں محرم یوم سہ شنبہ لکھی ہے۔ مگر اس میں اختلاف ہے۔ مؤلف تاریخ فرشتہ نے لکھا ہے کہ آپ نے ۶۶۰ھ میں وفات پائی۔ اور دوسرے محققین کا اجماع اس پر ہے کہ آپ کا سن وفات ۶۶۵ھ ہے۔ بیر الاقطاب کے مصنف کے نزدیک ۶۶۹ھ میں آپ نے عالم ظاہر کو خیرباد کہا۔ مگر یہ غلط ہے۔ آپ کا مزار پُر انوار قصبہ پاک پٹن میں زیارت گاہ خاص و عام ہے۔ ہر سال آپ کے مرقد مبارک پر عُرس ہوتا ہے جس میں بے تعداد زائرین شریک ہوتے ہیں اور اس کھڑکی سے جو دروازہ بہشتی کے نام سے موسوم ہے عبور کرتے ہیں اس کھڑکی کے متعلق اگرچہ بہت سی عجیب روایتیں مشہور ہیں کہ کیوں اس کا نام بہشتی دروازہ ہوا۔ مگر زیادہ تر معتبر یہ ہے کہ حضرت شیخ نظام الدین قدس سرہٗ نے خواب میں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو اس دروازے کے متعلق یہ کہتے سُنا کہ یا نظام من دخل فی ھذا الباب کان اٰمنا۔ یعنی اے نظام الدین جو کوئی اس دروازے میں داخل ہوا وہ امن میں آگیا۔ اسی وجہ سے آج ہزارہا بندگانِ خدا اس دروازے سے گزرتے ہیں۔

آپ نے اولاد کثیر چھوڑی جن میں قریب قریب سب درجہ ولایت پر فائز ہوئے۔ اسی طرح بے شمار مُرید اور خلیفہ آپ کے یادگار رہے۔ حضرت نظام الدین اولیاءؒ۔ اور شیخ علی احمد صابرؒ آپ کے داماد اور بھانجے بیحد مشہور و معروف ہیں۔ جن کے احوال سے آج بہت سی کتابیں بھری ہوئی ہیں۔

اظہارِ تشکر

از جناب اصغر حسین خاں صاحب نظیر لودیانوی

بارہا ٹوٹ گئی دیر و کلیسا کی کمند — طائرِ بامِ حرم کو کبھی پہنچا نہ گزند
ہو گئے ملّتِ بیضا کے پرستار آخر — خشک و تر، سرخ و سیہ، شاہ و گدا پست و بلند
اتحادِ ظفر و شوکت و اقبال سے آج — ہو گئی محفلِ توحید کی رونق دوچند
مژدہ اے ہند کہ پھر تیرے بھلے دن آئے — متحد ہو گئے اسلام کے سارے فرزند
کفر خائف ہے سرافراز ہے ایماں کا علم — غیر مسلم ہیں غم اندوز مسلماں خورسند

شکر ایزد کہ میانِ من و او صلح فتاد
حوریاں رقص کناں ساغرِ شکرانہ زدند

تاریخ اسلام

اُردو زبان میں تاریخ اسلام کے متعلق جس قدر کتابیں لکھی گئی ہیں یہ کتاب بلحاظ واقعات طرز تحریر۔ سیاق عبارت۔ لکھائی چھپائی سب میں بہتر ہے۔ سات رنگوں سے چھپا ہوا نقشہ عرب اور رنگین مصوّر تی نے چار چاند لگا دیتے ہیں۔ ہندوستان کی اکثر سرکاری ٹیکسٹ بک کمیٹی نے اس کو سرکاری مدارس کے لئے بطور لائبریری انعامی کتاب کے منظور کیا ہے

مُصنفہ مولینا اکبر شاہ خاں صاحب نجیب آبادی۔ قیمت مجلد جلد اوّل للعہ بلا جلد للعہ ۔ قیمت مجلد جلد دوم ۳ بلا جلد ۲ ۔ مجلد جلد سوم ۳

ملنے کا پتہ:۔ مینیجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

خدمتِ مخلوق

از مولانا احسن مارہروی

ایک دن مولائے کُل یعنی علیؑ مرتضیٰؑ
شاہِ مرداں کی خلافت کا وہ زرّیں عہد تھا

وارد مسجد ہوا بہرِ نماز اک اجنبی
گوشۂ مسجد میں مصروفِ عبادت تھے علیؑ

اجنبی بعد نماز آیا جو حضرت کے قریب
اور پھر دیکھا کہ ستو کی طرح کوئی غذا

دیکھکر یہ اکل و شرب اس کو ہوا پورا یقیں
تھا اسی فکر و تخیل میں کہ آئی یہ صدا

جتنے کھانے والے تھے چلنے لگے دھو دھو کے ہاتھ
آکے دیکھا اُس نے کھانا چُن رہا ہے صف بصف

آرہی ہیں ہر طرح کی اغذیہ حسب الطلب
غور سے دیکھا تو ہر مہماں وہاں موجود ہے

دِل میں سوچا کیا سبب کیوں وہ یہاں سے دُور ہے
لاؤ میں اُس کے لئے تھوڑا سا کھانا لیچلوں

یہ عمل کرنے لگا کھانے میں وہ مردِ خدا
دیکھکر سبطِ رسول اللہ نے یہ طرفہ حال

یہ عمل استغفراللہ، ہے دیانت کے خلاف
تھا کسی کے واسطے مطلوب اگر زائد طعام

توبہ کر توبہ! کہ یہ بیجا تصرّف کیوں کیا
سُن کے ارشادِ امام اور دیکھکر خُلقِ حسن

کیجئے للہ اس عاجز کی گستاخی معاف
یہ عمل میرا دنائت یا خیانت سے نہ تھا

آپ کی مسجد میں ہے بیٹھا ہوا اک گوشہ گیر
ضعفِ بے قوتی سے عاجز، شرم سے مجبور ہے

ورنہ اس مہماں سرا کا نام تو مشہور تھا
وقتِ مغرب مسجدِ کوفہ میں تھے رونق فزا

دورِ عدل و داد تھا امن و اماں کا عہد تھا
حضرتِ والا سے جس کو واقفیت کچھ نہ تھی

چہرۂ اقدس سے نُورِ حق نُما تھا منجلی
دیکھکر اُن کو یہ سمجھا، ہے کوئی مجھ سا غریب

کھول کر دامن سے کھائی اور پانی پی لیا
واقعی محتاج اور مُفلس ہے یہ عُزلت گزیں

جو مُسافر ہوں وہ آئیں اور کھا جائیں غذا
سُونے مہماں خانہ وہ بھی اُٹھ کے آیا سب کے ساتھ

اور مہمان و مُسافر بھی ہیں بیٹھے ہر طرف
مہتمم ہیں جس کے سبطِ اکبرِ محبوبِ رب

ایک مسجد کا وہی عُزلت گزیں مفقود ہے
ہو نہ ہو بے چارہ چل سکتا نہیں معذور ہے

تاکہ معذوری میں اپنی، اُس کو حاصل ہو سکوں
ایک لُقمہ آپ کھاتا، ایک رکھ لیتا جُدا

اُس سے پُوچھا کر رہا ہے تو یہ کیا اے خوشخصال
اِس دنائت سے خیانت کا ہوا ہے انکشاف

ہم سے کہتا، ہم بھی اُس کا بھی کرتے انصرام
تو نہ تھا جس کا مکلف وہ تکلف کیوں کیا

دست بستہ ہو کے وہ بولا کہ یا شاہِ زمن
جو حقیقت ہے اُسے کرتا ہوں ظاہر صاف صاف

بلکہ انسانی حمیّت کا یہ تھا اِک اقتضا
جانتا ہوں جس کو میں مفلوک و محتاج و فقیر

غالباً بے دست و پائی کے سبب معذور ہے
اس جگہ تک اُس کا آجانا بھی کوئی دُور تھا

الغرض میں نے جو کچھ کھانا بچایا ہے ابھی
سب اُسی کو جاکے دوں گا۔ کھائیگا اس کو وہی

سُن چکے تقریر جب یہ نورِ عینِ بوتراب
آبدیدہ ہوکے فرمایا سُن اے مصرفِ خواب

تو نے دیکھا جس قدر یہ ساز و سامانِ طعام
ہے اُسی عزلت گزیں مولا کا شاہی انتظام

نامِ حق نفسِ نبی۔ دستِ خدا۔ زوجِ بتول
کعبہ زادو عرش تاز و قبلۂ آلِ رسولؐ

بوتراب و حیدرِ کرار و شیرِ کردگار
لافتیٰ اِلاّ علی لاسیف اِلاّ ذوالفقار

بابِ شہرِ علم احمدؐ واقفِ سرِّ جلی
جس کو فرمایا ہے اَقضاکُم نبیؐ نے وہ علیؓ

یہ لقب، اتنے لقب، ایسے لقب کس کو ملے
افتخارِ ہر دو عالم ہوگیا جس کو ملے

وہ امیرالمومنیں جس پر غریبوں کو ہے ناز
جس کے ہیں درویش ابوذر سے ہزاروں پاکباز

فقر سازی پر نہ ہو کیوں فخر شاہی کا گماں
خاکساری، سرفرازی کی مرادف ہے یہاں

وہ علی ہوتے تھے فاقے جس کو دو دو تین تین
اور اس حالت میں بھی پڑتی نہ تھی چہرے پہ چین

وہ علی جس کو مساکین و یتامیٰ اور اسیر
جانتے تھے اپنا حامی و شفیق و دستگیر

دیکھتے ہو جس قدر چاروں طرف شانِ کرم
ہے اُسی کے فیض کا پھیلا ہوا خوانِ کرم

ہے خلافت اُسکی، بیت المال کا مختار ہے
لیکن ان سب کا حقیقت میں امانتدار ہے

اپنے حق کی کوئی خواہش ہے نہ پروا ہے نہ یاد
فکر ہے لیکن نہ رہجائے کوئی حق العباد

تھا بہت ممکن کہ وہ بھی مثلِ شاہانِ زمن
صرفِ زر کرتا، بناتا قصر ایوان و چمن

تھا بہت آساں کہ بیت المال کے اموالِ زر
اپنی ذاتِ خاص پر تقسیم ہوتے بیشتر

لیکن ایسا کر نہیں سکتے وہ خاصانِ خدا
ہیں جو اس ظلمتکدے میں مشعلِ راہِ ہدیٰ

خدمتِ مخلوق اصلِ طاعتِ معبود ہے
عام انسانی تمدن کا یہی مقصود ہے!

خاتونِ ہند

(۱۹۲۴ء)

سُن اے خاتونِ ہندی! انجمن سے کیا تجھے نسبت
کہ زیبا ہے تجھے تو خلوتِ اخلاق کی مسند

تری رعنائیوں پر حق نہیں بزم و نشستاں کا
ترے عشوؤں کا مرکز ہے حیا و شرم کا گنبد

"چہ رفت از زہرہ با ہاروت، خاکم در دہاں بادا
تو مریم باش و کارِ تو بارِ روح الامیں باشد"

(غیر مطبوعہ) (جوشؔ ملیح آبادی)

سیرۃ الحسین رضی اللہ عنہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی، شہادت و واقعات کربلا کا مفصل و مبسوط تاریخ معہ آپکے مزار کے فوٹو کے چار رنگوں میں چھپا ہوا نفیس سرورق قیمت عہ

سیرۃ صدیقہ رضی اللہ عنہا حضرت ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حالات زندگی۔ آپکے تفقہ فی الدین۔ علمی تبحر تفسیر قرآن و روایت حدیث میں خاص قابلیت کا بیان۔ مسلمان بچیوں کیلئے قابل مطالعہ اور قابل تقلید ہے۔ قیمت عہ

سیرۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی مفصل سوانحعمری معہ فوٹو مزار۔ قیمت ایک روپیہ دو آنے (عہ)

سیرۃ بلال رضی اللہ عنہ پروانہ شمع رسالت حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کے حالات۔ زمیندار کے اسسٹنٹ ایڈیٹر سید حبیب صاحب مرحوم کے قلم کا نتیجہ قیمت عہ

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ ہجرت کے بعد رسول اللہ صلعم کی میزبانی کا جس بزرگ کو فخر حاصل ہوا ہے وہ آپکی ذات ستودہ صفات تھی اس کتاب میں آپکے حالات اور مزار کا فوٹو دیا ہے قیمت ۶ر

رشد الراشدین شیعہ مذہب کے لغو اور لایعنی سوالات واعتراضوں کا خود انکی کتاب سے جواب دیا گیا ہے قیمت عہ

امین و مامون علامہ جرجی زیدان ایڈیٹر رسالہ الہلال مصر کا مشہور تاریخی ناول ہے جس میں خلفائے بنی عباسیہ کے دربار کے حالات اور اس زمانہ کی تاریخ بہت خوبی سے بیان کی گئی ہے۔ قیمت عہ

تاریخ افغانستان سید جمال الدین افغانی کی مشہور عربی تاریخ متعلقہ افغانستان کا اردو ترجمہ۔ قیمت عہ

شرح درود و کبریت احمر یہ درود شریف حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا لکھا ہوا ہے جس کی شرح مولینا عبدالمالک صاحب سابق مشیر مال ریاست بہاولپور نے کی ہے قیمت ۱۲ر

شرح قصیدہ غوثیہ عربی مولینا عبدالمالک صاحب سابق مشیر مال ریاست بہاولپور قصیدہ غوثیہ حضرت غوث الثقلین جس کے پڑھنے سے برکت سے مشکلات دینی و دنیوی حل ہوتی ہیں آج تک اسکے حل کا حوصلہ کسی بزرگ نے نہیں کیا غرضیکہ دریا بکوزہ بند ہے۔ قیمت عہ

مشاہیر اسلام مختلف صوفیائے کرام علمائے عظام شہدائے ملت غازیان شمشیر بکف اور مجاہدین و سلاطین کی مختصر حالات زندگی قیمت حصہ اول عہ حصہ دوم عہ

غازی انور پاشا سیف اللہ شہید ملت غازی انور پاشا کے حالات زندگی میں بہترین کتاب قیمت عہ

مہدی سوڈانی جنرل گارڈن اور لارڈ کچنر کی معرکہ آرا لڑائیوں اور حضرت کے روحانی تصرف و بزرگوں کے کمالات میں نہایت دلچسپ کتاب ہے قیمت عہ

نفحات کتاب حکیم الامت حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی کی تصنیف ہے جس کا اردو ترجمہ کرایا گیا ہے۔ تصوف میں بڑے پایہ کی کتاب ہے۔ قیمت ۱۰ر

تفسیر سورہ یوسف ع یہ اس سورہ کی مکمل تفسیر ہے۔ سورہ یوسف کو اللہ تعالیٰ نے احسن القصص لکھا ہے قیمت ۸ر

اسلامی سپاہیانہ زندگی اس کتاب میں تاریخی واقعات سے ثابت کیا گیا ہے کہ مسلمانوں کی موجودہ بدبخت و افلاس کا باعث یہ ہے کہ انہوں نے سپاہیانہ زندگی کو چھوڑ کر شاہانہ اور امیرانہ زندگی اختیار کر لی ہے پھر اس مرض کا علاج تجویز کیا ہے مصنفہ مولینا اکبر شاہ خان صاحب نجیب آبادی قیمت عہ

اکابر قوم مسلمان عالموں فقیروں امیروں اور لیڈروں میں جو خرابیاں ہیں انکی اصلاح کے طریقے بتائے ہیں۔ قیمت ۶ر

بدایت الہدیٰ یہ کتاب حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے عربی میں لکھی تھی۔ اس میں اخلاق و آداب۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو نہایت خوبی سے بیان کیا گیا ہے ہم نے اس کا اردو ترجمہ کرایا ہے جو دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ قیمت صرف ۱۲ر

انسان کامل اس میں کامل کی تعریف اور کامل و مکمل انسان کے صفات۔ مصنفہ عارف ربانی حضرت سید عبدالکریم جیلانی رحمۃ اللہ علیہ قیمت عہ

آئینہ خود شناسی خدا شناسی خدا رسی کا بیمثال ہر تصوف کے بینظیر اور لاجواب مسائل۔ قیمت ۶ر

اسلامی کہانیاں مسلمان بچوں کے لئے بہترین اسلامی کہانیاں قیمت حصہ اول ۴ر حصہ دوم ۴ر

مجموعہ وظائف خاندان چشت اہل بہشت نظامی کا سلسلہ معہ دیگر وظائف جو روزمرہ معمول سے پڑھے جاتے ہیں قیمت مکمل مجموعہ جلد ۱۰ر

مجموعہ وظائف خورد قیمت ۳ر

ملنے کا پتہ۔ مینجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

فہرست مضامین رسالہ صوفی

جلد ۴۶ | بابت ماہ ستمبر ۱۹۳۱ء مطابق ماہ ربیع الثانی ۱۳۵۰ھ | نمبر ۳

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	نمبر صفحہ
۱	رسولِ عربیؐ	جناب طالب صاحب باغپتی	۴
۲	ٹیپو سلطانؒ	جناب سید نصیر احمد صاحب	۵
۳	محمد علی	مولینا جوش صاحب ملیح آبادی	۹
۴	انا الیہ راجعون	جناب سید احمد حسین صاحب امجد حیدر آبادی	۱۰
۵	کسان	جناب سید محمد حسن شاہ صاحب معین الدین پور	۱۱
۶	دوہری محرومی	مولینا جوش صاحب ملیح آبادی	۱۶
۷	دو زاہد	(ایک روسی افسانہ) مترجمہ میرزا ادیب صاحب	۱۷
۸	کہاں تک ؟	مولینا جوش صاحب ملیح آبادی	۱۸
۹	تعلیم کا نفسیاتی پہلو بتقریب دورِ طفلی	مولینا اسرائیل احمد صاحب بی - اے (جامعہ)	۱۹
۱۰	وطن میں پہنچا دے ! یاد ہے ؟	مولینا جوش صاحب ملیح آبادی	۲۴
۱۱	قصیدہ نعت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم	جناب عبد الرحمن خاں صاحب احسان دہلوی	۲۵
۱۲	تفاوتِ رہ	مولینا جوش صاحب	۲۶
۱۳	شترِ گربہ رشتہ	جناب احمد مجتبیٰ صاحب محرک منشی فاضل	۲۷
۱۴	کتبک ؟ مستقبل	مولینا جوش صاحب	۲۹
۱۵	برسات	جناب طالب صاحب باغپتی	۳۰
۱۶	خطاب بہ ماہتاب	جناب نجم صاحب	۳۰
۱۷	شریک زندگی سے	مولینا جوش صاحب	۳۱
۱۸	احسن الکلام	جناب احسن صاحب مارہروی	۳۱
۱۹	سورج مکھی	(اینڈرسین) مترجمہ اسرائیل احمد صاحب بی اے (جامعہ)	۳۲
۲۰	عہد فاروقی کا ایک واقعہ	مولینا محمود اسرائیلی صاحب	۳۵
۲۱	ساہوکار - سرکار اور زمیندار	ا - ص	۳۶
۲۲	ہندی شاعری	مولینا روش صاحب صدیقی جوالاپوری	۳۸
۲۳	یاد کر !	مولینا جوش صاحب	۴۲

حالاتِ مولانا رومؒ } حضرت مولینا رومؒ کے مفصل حالاتِ زندگی اور فرقہ مولویہ کے رقص کا نظارہ - قیمت ۱۲ آنہ

شمس تبریزؒ } مولانا رومؒ کے مرشد خواجہ شمس الدین تبریزیؒ کے حالات و خوارقِ عادات - قیمت چھ آنے (۶ر)

ملنے کا پتہ: مینیجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤ الدین - پنجاب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صوفی

رسولِ عربیؐ

از جناب طالب باغلیتی

میرے آقا، مرے سرکار رسولِ عربیؐ
اے مرے ہادیٔ افکار رسولِ عربیؐ!

فخرِ خلاقِ جہاں، عزِ رسل، شانِ رسل
پرتوِ جلوۂ انوار رسولِ عربیؐ!

"ذاکِ دعویٰ وہا اتا دتلک الایام"
ضامنِ رحمتِ غفار رسولِ عربیؐ!

شرح "فالق الاصباح" منوّر عارض
حاملِ حُسنِ جہاندار رسولِ عربیؐ!

"الامین" کہکے خدا نے پکارا جن کو
تم ہی تھے وہ دُرِ شہوار رسولِ عربیؐ!

یہ مروّت، یہ کرم صلِّ علیٰ صلِّ علیٰ
عُفو تھی آپ کی تلوار رسولِ عربیؐ!

جن کی توصیف میں آیا ہے "لقد کان لکم"
تم ہی تھے وہ مرے سرکار رسولِ عربیؐ!

ہوں گنہگار تو یہ فخر مجھے کیا کم ہے
کہ تمہارا ہوں گنہگار رسولِ عربیؐ!

اِتنا عاجز نہ کرو ابتو اُٹھا دو للہ
محفل سے پردۂ پندار رسولِ عربیؐ!

طالبِ عفو و کرم ہوں مرے عصیاں کو نہ دیکھ
مُسکرا دے سرِ دربار رسولِ عربیؐ!

ٹیپو سُلطانؒ

از جناب سید نصیر احمد صاحب

دُنیا میں ایسے بہت سے بادشاہ ہوئے ہیں جنہوں نے اپنی قوم اور اپنے مُلک کیلئے لڑتے لڑتے جان دیدی ہے لیکن دُنیا کی تاریخ میں بمشکل ٹیپو سُلطان کی نظیر مل سکیگی۔ جن مخصوص واقعات اور حالات کے درمیان اس نے اپنی اولوالعزمی کا ثبوت دیا اُس سے ہماری نظریں عزت و احترام کی وجہ سے جُھک جاتی ہیں۔ اگر سُلطان شہید کے اِرادے پورے ہوجاتے تو یقیناً آج ہندوستان کا نقشہ کچھ اور ہوتا۔ اس میں کسی کو بھی کلام نہیں کہ سُلطان کی شہادت کے ساتھ ہی ہندوستان ایک اجنبی طاقت کے قبضہ میں آگیا۔ درحقیقت یہ بالکل ٹھیک کہا گیا ہے کہ سُلطان کی موت اسلام کی موت تھی۔ اِسلامی جاہ وجلال اور اسلامی شان وشوکت کی موت تھی۔ ہندوستان کی آزادی کی موت تھی اور ہندوستان کی غیرت وخودداری کی موت تھی۔

سُلطان شہید کا سلسلہ نسب شیخ وجی محمدؒ تک پہنچتا ہے جو صحیح النسل عرب اور قبیلۂ قریش میں سے تھے اور تلاشِ معاش کے سلسلہ میں بغداد سے دہلی اور دہلی سے گلبرگہ آکر وہیں آباد ہوگئے تھے۔ سُلطان کے والد نواب حیدر علی اُس دُرِمقصود سے خالی تھے جسے اولاد کہا جاتا ہے اِس لئے حضرت ٹیپو مستان ولی رحمۃ اللہ علیہ کے ذریعہ سے بارگاہ خداوندی میں اولاد کے لئے دُعا مانگی گئی۔ ساعت اچھی تھی دُعا مقبول ہوئی اور ۱۷۶۲ء میں یوسف آباد میں وہ نامور فرزندِ اسلام پیدا ہوا جس نے ہندوستان میں جب مُسلمان انتہائی زوال میں تھے شہید ہوکر اُن کی لاج رکھ لی۔ حضرت مستانؒ کے نام پر اُس کا نام ابوالفتح ٹیپو سُلطان رکھا گیا۔

جن حالات میں سُلطان کی ولادت ہوئی اُس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ تعلیم وتربیت کا کس درجہ خیال رکھا جاتا ہوگا۔ چنانچہ پانچ سال ہی کی عُمر میں عربی، فارسی، فرانسیسی اور انگریزی پڑھانے کیلئے اساتذہ کا اِنتظام کیا گیا۔ اس کے ساتھ ہی فنون سپہ گری اور شہسواری بڑے بڑے کاملین سے حاصل کئے۔ پندرہ سال کی عُمر میں ٹیپو سُلطان اپنے والد کے ساتھ لڑائیوں میں شریک ہونے لگا۔ سترہ سال کی عُمر میں ایک لائق سپاہی اور زبردست جنرل بن گیا۔ میسور کی پہلی جنگ میں سُلطان کی عُمر تیئیس ۲۳ برس کی تھی۔ اس جنگ میں اُس نے ایسے کارنمایاں انجام دیئے کہ نواب حیدر علی نے بہت تعریف کی۔ اس لڑائی سے فتح پانے کے بعد سُلطان کی شادی نواب امام بخش کی صاحبزادی کے ساتھ بہت دھوم دھام کے ساتھ کی گئی۔ میسور کی دُوسری جنگ میں بھی سُلطان نے اپنی ہوشیاری اور قابلیت کی وجہ سے بڑا امتیاز حاصل کیا۔ ابھی یہ جنگ ختم بھی نہیں ہوئی تھی کہ نواب حیدر علی نے داعیِ اجل کو لبیک کہا۔

ٹیپو سُلطان نے تخت پر بیٹھتے ہی اپنی سلطنت کو مستحکم ومنظم کرنا شروع کیا۔ اُس نے اپنی لیاقت اور خداداد قابلیت سے انگریزوں کو اس قدر خائف کردیا تھا کہ انگریز اُس کے جانی دُشمن ہوگئے تھے۔ اُس وقت جبکہ انگریز ہندوستان میں اپنی سلطنت کی بُنیاد رکھ رہے تھے وہ کس طرح گوارا کرسکتے تھے کہ کوئی اُن کا زبردست رقیب پیدا ہوجائے۔ ٹیپو سُلطان اُن کے پہلو میں خار کی طرح کھٹکتا تھا۔ لارڈ کارنوالس جو اُس وقت ہندوستان کا گورنر جنرل تھا اُس نے مصمم اِرادہ کرلیا کہ وہ ٹیپو سُلطان کو نیچا دکھا کر رہیگا۔ اُسکے سامنے دو مقاصد تھے انگریزی سلطنت کو مستحکم کرنا اور اپنے آپ پر سے بدنامی کا وہ دھبہ دُور کرنا جو اُس پر امریکہ میں تمام برطانوی مقبوضات کو واشنگٹن کے حوالہ کردینے پر لگ چکا تھا۔ لڑائی چھیڑنے کے لئے ایک چھوٹے سے بہانہ کی ضرورت تھی اور وہ کارنوالس کو جلد ہی مِل گیا۔ غرضیکہ ۱۷۹۰ء میں ٹیپو سُلطان کے خلاف اس بہانہ سے لڑائی چھیڑدی کہ ٹیپو سُلطان راجہ ٹراونکور پر حملہ کرنے کی تیاریاں کررہا ہے جو سلطنت برطانیہ کا حلیف ہے حالانکہ یہ بات غلط تھی۔ اس موقعہ پر یہ ظاہر کردینا بھی ضروری ہے کہ حکومتِ مدراس اس جنگ کے خلاف تھی اور مسٹر ہالینڈ نے جسے مدراس کی گورنری سے مستعفی ہونے پر مجبور کیا گیا تھا لارڈ کارنوالس کو صاف صاف لکھ دیا تھا کہ ٹیپو سُلطان کا ہماری حکومت سے جنگ کرنے کا یا عہدنامہ توڑنے کا کوئی خیال نہیں۔ لیکن ان تمام باتوں کی گورنر جنرل نے قطعی کوئی پرواہ نہیں کی۔ نظام اور مرہٹوں کو دینے کو

بالکل تیار تھے۔ لارڈ کارنوالس نے منگلور میں ایک زبردست فوج تیار کر رکھی تھی ٹیپو سلطان جنگ کیلئے قطعی تیار نہ تھا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ قلعہ میں محصور ہوگیا۔ انگریزی فوجوں نے قلعہ کا محاصرہ کرلیا اور توپیں قلعہ کی دیوار کی طرف لگادی گئیں۔ مجبوراً ٹیپو سلطان کو شکست ماننی پڑی اور صلحنامہ پر انگریزوں، ان کے حلیف اور ٹیپو سلطان کے دستخط ہوگئے۔ یہ صلحنامہ دراصل انگریزوں کی فتح تھی کیونکہ شرائط بہت کڑی تھیں۔ پہلی شرط یہ تھی کہ ٹیپو سلطان اپنی نصف سلطنت دول ثلاثہ کے حوالہ کردے۔ دوسری شرط یہ تھی کہ دو سال کے اندر اندر تین کروڑ تیس ہزار روپیہ بطور جرمانہ اور اخراجات فوج انگریزوں کے حوالہ کرے اور جب تک یہ شرائط پوری نہ ہوجائیں اپنے دو شہزادوں کو انگریزوں کی پناہ میں رکھے۔ صلحنامہ پر ۲۴ مئی ۱۷۹۲ء میں دستخط ہوگئے۔

دوسری شرط کے یہ معنی تھے کہ اگر روپیہ وقت پر ادا نہ ہوا تو باقی رہی سہی سلطنت بھی چھین لی جائیگی۔ اگر ٹیپو سلطان لائق۔ قابل اور منتظم حکمران نہ ہوتا تو کبھی بھی اتنی گراں قدر رقم ادا کرسکتا تھا۔ غور کیجئے کہ نصف سلطنت جاتی رہی ہے اور نصف سلطنت کا انتظام بھی دو سال کی مسلسل جنگ و جدل میں خراب ہوچکا ہے لیکن ان تمام باتوں کے باوجود روپیہ ادا کیا جاتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ صلح ہونیکے دو سال کے اندر ہی ٹیپو سلطان نے اپنے ملک کی ایسی حالت کردی جو کسی فارغ البال عہد میں ہونی چاہیئے۔ کسان پھر سے خوش نظر آنے لگے۔ نئے سپاہی بھرتی ہونے لگے۔ سامانِ جنگ خرید آگیا۔ غرضیکہ ٹیپو سلطان نے اپنی وہی عظمت، وہی عزت، وہی شوکت اور وہی شان پیدا کرلی جو دو سال پہلے تھی۔ اور بدستور دشمنوں کے کلیجہ پر سانپ لوٹنے لگا۔

انگریز جو یہ سمجھتے تھے کہ اب سلطنت میسور نزع کی حالت میں ہے اور اب اس باغ میں کبھی بہار نہیں آئیگی اس کو سرسبز اور پھلا پھولا دیکھ کر دانت پیسنے لگے۔ اور ان کی قدیم عداوت پھر عود کر آئی۔ لارڈ کارنوالس کے خطوط سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اس کا ارادہ ٹیپو سلطان کو صفحۂ ہستی سے نیست و نابود کرنیکا تھا۔ لارڈ ولزلی جو اس کے بعد ہندوستان کا گورنر جنرل مقرر ہوا وہ لارڈ کارنوالس کے خیالات سے بیحد متاثر ہوا اور ہندوستان کے ساحل پر قدم رکھنے سے پہلے ہی اس نے مصمم ارادہ کرلیا تھا کہ کچھ بھی ہو وہ ٹیپو سلطان کا خاتمہ کردیگا۔ لہذا جب وہ ہندوستان پہنچا تو ٹیپو سلطان کے خلاف سازشیں شروع کردیں۔

لارڈ کارنوالس نے ٹیپو سلطان کے خلاف جو جنگ چھیڑی تھی اس کا کوئی معقول بہانہ اس کے پاس نہ تھا اس لئے پارلیمنٹ میں اس کی بہت مخالفت ہوئی تھی۔ اب ولزلی کسی ایسے بہانہ کا متلاشی تھا جس سے وہ تمام قوم کے سامنے سرخرو ہوسکے۔ بہانہ تلاش کرتے دیر نہیں لگتی یہ ٹیپو سلطان پر یہ الزام لگایا گیا کہ سلطان نے خفیہ طور سے اپنے ایک سفیر کو جزیرہ مارشس بھیجا ہے تاکہ فرانسیسیوں کی مدد سے انگریزوں کو ہندوستان سے باہر نکال دے۔ وقت کے لحاظ سے بھی یہ الزام موزوں معلوم ہوتا تھا کیونکہ اسی زمانہ میں انقلاب فرانس کے بعد نپولین فرانسیسی فوجوں کو لیکر مصر تک پہنچ چکا تھا۔ یہ الزام اور جنگی کارروائیاں بالکل پوشیدہ رکھی گئیں۔ اور یہ صرف اسوجہ سے کہ کوئی ایسی تدبیر کی جائے کہ مرہٹے اور نظام یا تو انگریزوں کی مدد کریں یا بالکل الگ رہیں۔

اس مطلب کیلئے اس کے دماغ نے ایک نئی تجویز اختراع کی۔ اور یہ مشہور تجویز پالیسی آف سبڈیری الائنس کہلاتی ہے۔ سب سے اس حال میں اس نے نظام کو پھانسا۔ اسکی سلطنت میں انگریزی فوجیں بغرض حفاظت مقرر کی گئیں اور ان کے اخراجات کے لئے چند اضلاع لے لئے گئے۔ فرانسیسی عہدہ دار برطرف کرکے انگریزی عہدہ دار مقرر کئے گئے۔ سب سے افسوسناک بات یہ ہے کہ ہندوستان کی تقریباً تمام کی تمام ریاستیں اس نئی چال کا شکار ہوگئیں۔ اور تمام ملک انگریزوں کے قبضہ میں آگیا۔ نظام کی قسمت کا فیصلہ کرکے وہ مرہٹوں کی جانب متوجہ ہوا۔ یہاں نظام سے زیادہ عقلمند لوگ تھے۔ اور پیشوا کے سامنے تو ایسی کوئی تجویز پیش کرنا ہی بہت مشکل تھا لیکن یہاں بھی مکاری ہی کام آئی۔ سندھیا کو اپنی طرف ملاکر پیشوا کے خلاف کردیا اور ان دونوں میں جنگ چھڑ گئی۔ لارڈ ولزلی کا کام بن گیا اور وہ مرہٹوں کی جانب سے بالکل مطمئن ہوگیا۔

اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ جب ادہر لارڈ ولزلی ٹیپو سلطان کو نیست و نابود کرنے کی فکر میں تھا ادھر ٹیپو سلطان کی کیا حالت تھی۔ آیا وہ بھی جنگ کی تیاریاں کر رہا تھا یا نہیں۔ اور اس الزام کی کیا حقیقت تھی جو اس پر لگایا گیا تھا۔

ٹیپو سلطان جنگ کے لئے کوئی تیاریاں نہیں کر رہا تھا۔ کیونکہ اسے لارڈ ولزلی کی جنگی تیاریوں کی کچھ خبر نہ تھی۔ بلکہ الٹا لارڈ

ولزلی ٹیپو سلطان کو ایسے خطوط لکھتے جن سے محبت و اخوت ظاہر ہوتی تھی اور اس طرح سے اُسے دھوکا دیا گیا۔ ولزلی کا مقصد یہ تھا کہ جب اس کی جنگی کارروائیاں بالکل پایۂ تکمیل کو پہنچ جائیں تو وہ اچانک ٹیپو سلطان پر حملہ کر دے تاکہ وہ پریشان اور بدحواس ہو کر حکومت برطانیہ کی شرائط کو منظور کر لے جس طرح کارنوالس کے زمانہ میں ہو چکا تھا نہیں تو اسکی سلطنت بھی سلطنت برطانیہ کا ایک جُز بنجائے۔ بہرحال ٹیپو سلطان کو جنگ کا کوئی خیال نہ تھا اور اسکی تصدیق اُسکے کئی ایک خطوط سے ظاہر ہوتی ہے جو اُس نے سرجان شور اور لارڈ ولزلی کو لکھے تھے۔ ۲۶ اپریل ۱۷۹۸ء کو وہ سرجان شور کو لکھتا ہے:۔

آپ کے خط سے معلوم ہوا کہ آپ واپس یورپ تشریف لیجا رہے ہیں اور آپ کی جگہ لارڈ ولزلی کا تقرر ہوا ہے مجھے اُمید ہے کہ اُن کے ساتھ بھی محبت و اُخوت ویسی ہی اُستوار رہیگی جیسی کہ آپ ان دونوں سلطنتوں میں ہے آپ کو چاہیئے کہ آپ لارڈ ولزلی کو اس دوستانہ تعلقات کی طرف توجہ دلائیں جو ہم دونوں میں ہے۔

۱۰ جولائی ۱۷۹۸ء کو وہ لارڈ ولزلی کو لکھتا ہے:۔

آپ کا دوستانہ خط جس میں آپکے کلکتہ پہنچنے کا ذکر ہے مجھے ملا اور جس سے مجھے ایسی مُسرت ہوئی کہ ظاہر نہیں ہو سکتی خدا سے دُعا ہے کہ آپ کامیاب ہوں۔ خدا کے فضل سے دونوں سلطنتوں میں برادرانہ محبت، اُخوت اور اتحاد کی بُنیادیں بہت مضبوط ہیں۔ صُلحنامہ کی تمام شرائط کی پابندیاں کرنا میرا فرض اوّلیں ہے۔

غور کیجئے ایک طرف تو سُلطان شہید تمام صُلحناموں کا پابند رہنا اپنا فرض اوّلیں خیال کرتا ہے۔ اور دُوسری طرف انگریز اپنی چالبازیوں سے اُس کو مٹانے کی فکر میں ہیں۔ سُلطان پر جو الزام لگایا گیا تھا وہ بھی بالکل بے بُنیاد تھا۔ کیونکہ اسی دوران میں فرانسیسی جزیرہ مارشس سے اپنے جنگی جہاز فرانس لے گئے تھے اور مصر میں دریائے نیل کی بحری جنگ میں نلسن نے نپولین کو شکست فاش دی تھی اور ایسے حالات میں فرانسیسیوں کا ہندوستان آنا ناممکن تھا۔

ولزلی نے اپنی حالت کو مضبوط کرنے کے لئے ایک اور چال چلی یعنی روپے کا لالچ دیکر ٹیپو سُلطان کے امرا کو اپنی طرف کرنا شروع کر دیا۔ اُن سب میں میر صادق علی کی نمکحرامی نے سلطنت میسور کو سخت نقصان پہنچایا۔ سُلطان شہید ان تمام چالوں سے بے خبر اپنی سلطنت کے اِنتظام میں مصروف تھا اُس کو کیا معلوم تھا کہ دُشمن اُسکے سر پر آیا چاہتا ہے۔

آخر یہ جنگی کارروائیاں کب تک پوشیدہ رہتیں۔ چند ماہ کے بعد اُڑتی سی خبر معلوم ہو ہی گئی۔ اُسی وقت ٹیپو سُلطان نے لارڈ ولزلی کو خط لکھا کہ:۔

اِس دُنیا میں ہر بادشاہ کے کچھ دوست اور دُشمن ہوتے ہیں اور ان میں چند ایسے نفوس بھی ہوتے ہیں جن کی بہبودی کا انحصار دو بادشاہوں کی جنگ پر ہوتا ہے۔ لہٰذا اگر میری طرف سے کوئی شکایت آپ کے پاس پہنچی ہو تو سفیر بھیج کر معاملہ صاف ہو سکتا ہے تاکہ دونوں مُلکوں میں امن و امان قائم رہے اور رعایا کو نقصان نہ پہنچے۔

لیکن ولزلی کی طرف سے اس کا کیا جواب ملتا ہے؟ یہ کہ تم فوراً سیڈیری الانس میں شامل ہو جاؤ اور اُسکی بدنیتی کا اس سے بڑھکر اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ وہ سُلطان کے جواب کا اِنتظار کئے بغیر ۲۱ دسمبر ۱۷۹۸ء میں مدراس روانہ ہو گیا۔ مدراس پہنچنے پر ٹیپو سُلطان کا جواب ملا کہ جزیرہ مارشس الا معاملہ بالکل بے بُنیاد ہے اور اگر کوئی ایسی دُوسری بات ہو گئی ہو تو معاملہ اب بھی صاف ہو سکتا ہے اور خدا گواہ ہے کہ اپنے عہدناموں کا بالکل پابند ہوں۔ ۹ جنوری ۱۷۹۹ء کو اس کا جواب ملتا ہے کہ ساحل کے سب شہر اور بندرگاہیں انگریزوں کے قبضہ میں دیدی جائیں اور اگر چوبیس گھنٹوں میں اس کا فیصلہ نہ کیا گیا تو جنگ۔ ٹیپو جنگ کے لئے بالکل تیار نہ تھا لیکن اس کے سوا اور چارا کیا تھا۔

جنگ کے لئے تیاریاں تو بالکل مکمل تھیں ولزلی نے سب فوجوں کو میسور پر حملہ کرنیکا حکم دیدیا۔ ایک فوج آرتھر ولزلی کی ماتحتی میں میسور پر مشرق کی طرف سے اور دُوسری فوج مغرب کی طرف سے حملہ آور ہوئی۔ نمکحرام تو سُلطان کے اردگرد پیدا ہو ہی چکے تھے انہوں نے سُلطان سے کہنا شروع کیا کہ انگریزی فوج کی تعداد بہت ہی قلیل ہے اور وہ تو مقابلہ کے لئے بھی تیار نہیں ٹیپو سُلطان نے فوج کا ایک دستہ

لورینا کی ماتحتی میں آرتھر ولزلی کے مقابلہ کے لئے روانہ کیا۔ اس لورینا پر سلطان کو بہت اعتبار تھا لیکن اُس نے وقت پر دھوکہ دیا یعنی دشمنوں پر حملہ کرنے سے باز رہا۔ سپاہی حیران تھے کہ ماجرا کیا ہے۔ جب اُنہوں نے انگریزی فوج کو دیکھا تو وہ سلطان کے وفادار تو تھے ہی انگریزی فوج پر ٹوٹ پڑے اور گشتوں کے پشتے لگا دیئے۔ لیکن اس کا بدلہ اُن کے سپہ سالار کی طرف سے کیا ملا؟ لعنت و ملامت آخر سلطان خود فوج لیکر میدان میں آیا۔ مالدلی کے میدان میں ایسے گھمسان کا معرکہ ہوا کہ انگریزوں کو پسپا ہونا پڑا لیکن ابھی جنگ کا کوئی فیصلہ کن نتیجہ نہیں نکلا تھا کہ ٹیپو سلطان کو خبر ملی کہ مغرب سے ایک دوسری فوج میسور پر حملہ آور ہو رہی ہے۔ یہ سنکر تھوڑی سی فوج وہیں چھوڑ اور سخت منزلیں طے کرتا ہوا ٹیپو سلطان نے اس دوسری فوج کو بھی جا لیا۔ دوسرے دن سخت لڑائی ہوئی۔ اس دن ٹیپو سلطان کا لوہا دشمن بھی مان گئے۔ انگریزی فوج پیچھے ہٹنے لگی۔ دغابازوں اور کمینوں نے فوراً یہ کہا کہ انگریزی فوج آب بالکل بھاگ گئی ہے حالانکہ واقعہ یہ تھا کہ انگریزی فوج قریب ہی ایک جنگل میں چھپ گئی تھی کہ دوسری فوج آئے تو ساتھ ملکر جنگ شروع کیجائے۔ ٹیپو سلطان یہ سنکر قلعہ میں چلا گیا۔ دوسرے دن انگریزی فوجوں نے سرنگاپٹم کے قلعہ کا محاصرہ کر لیا۔ محاصرہ بہت ہی مختصر تھا لیکن بہت ہی دردناک۔ نمکحرام جگہ جگہ پیدا ہو چکے تھے اور اس موقعہ پر اُن دوستوں اور سپاہیوں تک نے بیوفائی کی جن کی ذات پر سلطان کو پورا بھروسہ تھا اور جس کی وجہ سے اُنہوں نے قدر و منزلت کی جگہ پائی تھی۔ لیکن اب بھی ٹیپو سلطان کے قدموں میں جان نثار کرنیوالا ایک وفادار موجود تھا جس کا نام غفار خان تھا۔ اُس نے قلعہ کی حفاظت نہایت عمدگی سے کی۔ لیکن میر صادق علی نمکحرام کی چالوں سے اُسے اس فرض سے واپس بلا لیا گیا۔ بس پھر کیا تھا انگریزی فوج کو اشارہ ہو گیا۔ دونوں طرف سے گولہ باری شروع ہوئی۔ ٹیپو کو اُس وقت خبر ہوئی جب دیواریں ٹوٹ چکی تھیں اور انگریزی فوج سیلاب کی طرح قلعہ کی طرف آ رہی تھی۔ ٹیپو سلطان گھوڑے پر سوار ہوا اور دشمنوں کے مقابلہ میں آ گیا۔ میر صادق علی نے اس وقت بھی قلعہ سے باہر جانیکا راستہ بند کر دیا تھا کہ سلطان کہیں فرار نہ ہو جائے لیکن ٹیپو سلطان کے ایک وفادار نوکر نے جب یہ غداری دیکھی تو میر صادق علی کا سر فوراً تن سے جدا کر دیا اور دنیا کو دکھا دیا کہ دغابازی اور نمکحرامی کا یہ حشر اور انجام ہوا کرتا ہے۔ آب ٹیپو سلطان قلعہ کے دروازہ پر بندوق لئے اپنے چند جان نثاروں کے ساتھ رہ گیا۔ اور ایسی بہادری اور شجاعت کا ثبوت دیا کہ دشمنوں کے دانت کھٹے ہو گئے۔ ولزلی کو بھی قائل ہونا پڑا کہ ٹیپو بہادر تھا، مرد تھا اور مردوں کی طرح زندہ رہا۔ خود سلطان کا یہ قول سو سال کی گیدڑ کی زندگی سے ایک دن کی شیر کی زندگی اچھی ہے۔ ٹیپو سلطان نے اپنی بندوق سے کئی ایک افسروں کو جہنم رسید کیا۔ آخر جب ایک گولی بائیں طرف آ کے لگی تو ایک ہی ہاتھ سے وار کرتا رہا۔ جب دوسرا ہاتھ بھی بیکار ہو گیا تو جب بھی بہادروں کی ڈٹا رہا۔ آخر جب شام کو قلعہ فتح ہوا تو سلطان شہید کی لاش ایک جگہ پڑی ملی جس کے گرد بہت سے جان نثار پروانہ بنکر فدا ہو چکے تھے۔ جب جنرل ہیرس کو سلطان کی شہادت کی خبر پہنچی تو وہ پکار اُٹھا آج ہندوستان ہمارا ہے۔

سلطان شہید ہوا لیکن اُسکی عظمت و عزت آج بھی ہر ایک کے دل میں موجود ہے۔ ہندوستان میں سلطان شہید ہماری ترکش کا آخری تیر تھا۔

درمیان کارزار و کفر و دیں ترکش ما را خدنگ آخریں

انگریزوں کو سلطان کی شہادت سے بیحد خوشی ہوئی اور ان کی دلی تمنا بر آئی۔ سر جان انیس ٹرد تھر جو اُس زمانہ میں کلکتہ میں چیف جسٹس تھا اپنی خوشی کا اظہار ان الفاظ میں کرتا ہے:۔

ٹیپو کی طاقت ہی ہماری فوجوں کو شکست دینے کے لئے کافی تھی۔ اس کے مرتے ہی ہندوستان میں ہمارا قبضہ ہمیشہ کے لئے ہو گیا۔

انگریز مؤرخین اور بعض دوسرے لوگ کہتے ہیں کہ سلطان شہید متعصب اور ظالم تھا۔ ہندوستان میں مسلمان بادشاہوں کے متعلق اکثر ایسی ہی باتیں کہی جاتی ہیں۔ اس موقعہ پر ہم صرف مہاتما گاندھی کی وہ سطور درج کرتے ہیں جو اُنہوں نے ینگ انڈیا میں تحریر فرمائی تھیں۔ وہ لکھتے ہیں:۔

میسور کا بادشاہ فتح علی ٹیپو سُلطان اجنبی (انگریز) مؤرخوں کی نگاہ میں تو وہ متعصب مُسلمان تھا جس نے اپنی ہندو رعایا کو بجبر مُسلمان بنایا لیکن یہ سب جھوٹ ہے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ ہندوؤں سے اس کے تعلقات نہایت دوستانہ رہے۔ اس کے کارنامہ زندگی کی یاد ایسے وقت میں جبکہ ہندو اور مُسلمان اپنے اصلی بدیشی دُشمن کو بھول کر ایک دُوسرے کا گلا کاٹنے کو تیار ہیں اور غور و خوض کی قوت ان سے سلب ہو چکی ہے دِل میں مُسرت کی ایک گدگدی پیدا کر دیتی ہے۔ اس عظیم المرتبت سُلطان کا وزیر اعظم ایک ہندو تھا جس نے نہایت شرم سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس فدائے آزادی کو دغا دیکر دُشمنوں کے ہاتھ میں دیدیا۔

ٹیپو نے ہندو مندروں کے لئے نہایت فیاضی سے جائدادیں وقف کیں۔ خود ٹیپو سُلطان کے محلات کے گرد و پیش میں بہت سے مندروں کی موجودگی سُلطان کی وسیع النظری اور رواداری کا ثبوت ہے ہمیں ٹیپو سُلطان کے اس مقولہ کو یاد رکھنا چاہیئے کہ "دو دن شیر کی طرح جینا کتوں کی طرح دو سو سال کی زندگی سے بہتر ہے۔"

محمد علیؒ [1]

از مولینا جوشؔ ملیح آبادی

اے متاعِ بُردۂ ہندوستان و ایشیا
اے کہ تھا ناخن پہ تیرے عقدۂ حق کا مدار

غش تھا کاوش پر تری اندازۂ صبح و مسا
خم تھی قدموں پر ترے نیرنگیٔ لیل و نہار

اے غرورِ مُلک و ملّت، تو وہاں لیتا تھا سانس
موت جس عالم میں بنتی ہے حیاتِ پائدار

وقت کے سیلاب سے تیرا سفینہ ہے بلند
سیرتِ پیغمبرِ اسلام کے آئینہ دار

تجھکو بخشی تھی مشیّت نے وہ برتر زندگی
جس بہادر زندگی کو موت پر آتا ہے پیار

تیرے آگے لرزہ براندام تھی رُوحِ فرنگ
اے دِلِ ہندوستاں کے عزم تُند و استوار

طنطنے سے تیری ہیبت آفریں آواز کے
تھی حسین ابنِ علیؓ کی استقامت آشکار

ڈوب جاتی تھی دلِ باطل میں لہراتی ہوئی
تیرے لہجے میں لچکتی تھی وُہ تیغِ آبدار

موڑ کر رکھدی تھی تو نے جنگ کے میدان میں
اہلِ بدعت کی کلائی، خنجرِ باطل کی دھار

تجھ سے آتا تھا پسینہ افسر اورنگ کو
اے کہ تھی ہمّت تری قوت شکن، سلطان شکار

خون میں تیرے نہاں تھی جُنبشِ نبضِ علیؓ
خاک میں تیری ودیعت تھا مزاجِ ذوالفقار

تیری سیرت میں تھی مضمر صولتِ پیغمبری
تیری فطرت میں تھی پنہاں سطوتِ پروردگار

رُوئے ملّت پر ہے تیری موت کی تابندگی
کج ہوئی جاتی ہے ماتھے پر کلاہِ افتخار

---

[1] ہندوستان کا قائدِ اعظم جس نے گول میز کانفرنس کے سلسلے میں آخری وقت تک کام کرتے ہوئے لنڈن میں جان دی۔

اِنّا اِلیہِ راجِعُون

از جناب سید احمد حسین صاحب امجد حیدر آبادی

علم رسمی میں ہوئیں عمریں تمام
کر لیا ہم نے لبِ ساحل مقام

کچھ تو پانی میں اُترنا چاہیئے
کچھ عمل بھی ہم کو کرنا چاہیئے

اب بہار شادمانی ہو چکی
آ گئی پیری، جوانی ہو چکی

گل کھلا کر فصلِ گل رخصت ہوئی
شکلِ رحمت، صورتِ زحمت ہوئی

سب جوارح ہو گئے بیکار اب
زندگی سے جان ہے بیزار اب

اعتدالِ تن میں گڑبڑ ہو گئی
جسم کے گلشن میں پت جھڑ ہو گئی

قامتِ رعنا میں بھی خم آ گیا
سانس سے تو ناک میں دم آ گیا

کھائی ہے کانوں نے سننے کی قسم
دیکھتی ہیں آنکھیں شہ راہِ عدم

مرگ ہے پیشِ نظر شام و سحر
گھر میں شکلِ گور ہے پیشِ نظر

مَنْ نُعَمِّرْہُ نُنَکِّسْہُ پڑھو
پیچھے ہٹنے کے لئے آگے بڑھو

(۲)

تک رہے ہو کیوں مری صورت کو تم
ہو گئے ہیں کیا، حواس و ہوش گم؟

سانس کی رفتار مثلِ برق ہے
کشتی خاکی، عرق میں غرق ہے

کش مکش اعضا میں ہے کیوں اس قدر
ٹوٹتی ہے کیوں رگِ تارِ نظر

آج شاخِ زندگی بے برگ ہے
نزع کی تکلیف، حسنِ مرگ ہے

(۳)

اے لو، تن میں رُوح گھبرانے لگی
وہ صدائے "اِرجعی" آنے لگی

صورتے کو از دروں آمد بروں
باز شد، اِنّا اِلیہ راجعون

دُخترِ سمرنا خالدہ خانم وزیر تعلیم ترکی گورنمنٹ نے تسخیر سمرنا کے حالات کو ناولی کے پیرایہ میں لکھا ہے۔ چونکہ آپ خود بھی میدان جنگ میں موجود تھیں اِس لئے چشمدید واقعات لکھتے ہیں۔ ساتھ محبت و عشق کی چاشنی ہے۔ قیمت عہ

دُخترانِ شمشیر تمام زمانوں اور تمام قوموں کی بہادر جانباز اور حوصلہ مند خواتین کے حالات جنہوں نے میدان جنگ میں تلوار کے جوہر اور تختِ حکومت پر انتہائی تدبر، جرأت اور شجاعت کا ثبوت دیا۔ قیمت ایک روپیہ (عہ/)

تدابیر علاج سل و دق ڈاکٹر وارن کر و۔ ایم۔ ڈی سل و دق کے مشہور جرمن ماہر کی کتاب یورپ کی متعدد زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے۔ انگریزی سے جناب مظفر حسین خاں صاحب بی۔ اے نے اس کا اُردو ترجمہ کیا ہے۔ قیمت ۲/

ملنے کا پتہ:- منیجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

کِسان!

از جناب سیّد محمد حسن شاہ صاحب معین الدین پور

دِلی تڑپ | اللہ جنّت نصیب کرے مُلّا رموزی صاحب کو جن کے درد بھرے دل میں تڑپ پیدا ہوئی۔ اور ایک مظلوم فرقہ کی نسبت آپ نے نہایت دردمندی سے آواز اُٹھائی۔ چنانچہ آپ کے الفاظ اس قابل ہیں۔ کہ ان کو ہر گوشۂ مُلک میں پُہنچایا جائے۔ آپ نے "رسالہ صوفی" ماہِ جون ۱۹۳۱ء کے شذرات میں اپنے خیالات کا یوں اظہار فرمایا :۔

"یہ جو ہم آپ اور یہ انگلستان کے انگریز بہادر ہندوستان کے اِس سرے سے اُس سرے تک اکڑے پھرتے ہیں۔ یہ سب اصل میں گیہوں کی روٹی کا زور ہے"۔ ورنہ آپ یقین دلا دیجئے۔ کہ ایک انگریز بہادر چنے کے بسکٹ اور جوار کی ڈبل روٹی کھا کر بھی اتنا ہی اکڑ سکتا ہے جتنا کہ وہ آجکل اکڑا ہوا نظر آتا ہے"۔

"اس گیہوں کے زور کا ہر جگہ چرچا ہے۔ اور اسے ہر چیز میں دخل ہے۔ دُنیا میں اگر خوفناک فوجوں سے مُلک فتح کئے جاتے ہیں۔ تو وہ فوجیں بھی اسی گیہوں کے آٹے کے بل پر لڑتی ہیں۔ اور دُنیا کو عقل کے ذریعے فتح کیا جاتا ہے۔ تو بھی وہ اسی گیہوں کے آٹے کے ذریعے تازہ رہتی ہے"۔

"مگر کوئی نہیں جو اس گیہوں کو بازار میں لانے والے کسان کی حالتِ زار پر توجہ کرے۔ پس ہم لوگ تو یہ سمجھے بیٹھے ہیں۔ کہ کسان پر مصائب و شدائد کے کتنے ہی پہاڑ ٹوٹیں۔ مگر وہ غلّہ ہر حال میں پُہنچا ئیگا۔ کسان تو مہاجنی مظالم اور آپکی بے اعتنائی کا شکار ہو چکا۔ اس کا سب کچھ قُرق۔ نیلام۔ گرو۔ ہبہ۔ رہن اور فروخت ہونے کو ہے۔ مگر آپ تو شہروں میں بیٹھے اتنا ہی سمجھ رہے ہیں۔ کہ کسان کے ہاں سب طرح کی خیریت اور خیر و عافیت ہے۔ اور اس کے خورد و کلاں بھی ورجے بدرجے اچھے ہیں مگر آپ کے اعتماد اور تجاہل سے کسان جس تباہی کے غار میں جا گرا ہے اگر آپ ایک مرتبہ بھی اُسے اس حالت میں دیکھ لیں۔ تو آپ دُنیا کا سب کچھ چھوڑ کر صرف کسان کی اصلاح و خدمت پر مجبور ہو جائیں گے"۔

شُکریہ | اَب اِس بارے میں جو کچھ بھی لکھا جائے۔ وہ مندرجہ بالا خیالات کی تشریح ہی ہو گی تاہم (بحوالہ سَن رائیز) اس کی شرح میں لکھنے کے لئے ہم بھی اپنا فرض ادا کرتے ہیں۔ ہمارے خیال کے ساتھ دیکھ لینا مُلّا رموزی بھی اتفاق کرینگے۔ کہ گیہوں کا خمار "مبلغات چہرہ شاہی" جیب میں ہونیکے باعث زیادہ ہوتا ہے۔ چنانچہ اس دفعہ غیر معمولی ارزانی کے سبب روپیہ پیسہ تو زمینداروں کو پوجا کیلئے بھی نہیں ملتا۔ اس لئے اس خمار کا کم ہونا ضروری تھا۔ اور جب اِنسان میں ہوش ہو تو اپنی بیماریوں کا علاج بھی کر سکتا ہے۔ چنانچہ زمینداروں نے لاٹ صاحب کی چوکھٹ کو یہودیوں کی "دیوارِ گریہ" بنا لیا۔ یہ آہ و زاری بیکار نہ گئی۔ اور آف انڈیا والی گورنمنٹ نے اپنی گذشتہ روایات کی قدرے خلاف ورزی کرتے ہوئے زمین کے لگان اور آبیانہ میں کسی حد تک تخفیف کر دی۔ گو یہ تخفیف زمینداروں کی تسکین نہ کر سکی۔ تاہم کچھ مل جانا نہ ملنے سے بہتر ہوتا ہے۔ اور اَناج کے پیدا کرنے والوں کی گردنیں اس احسان کے بار سے سبکدوش نہیں ہو سکتیں۔ اس فیاضی سے یہ بھی مظاہرہ ہوتا ہے۔ کہ گورنمنٹ بہادر جائز تکلیفات کے دفعیہ میں ضرور ہمدردی دکھاتی ہے۔ اِس لئے جہاں ہم سرکار کی اس فیاضی کے شُکر گذار ہیں وہاں ہم مزید تخفیف کی بھی اُمید کرتے ہیں۔

مُقدمہ | یہ ناقابلِ انکار حقیقت ہے کہ اگر لگان اور آبیانہ میں مزید تخفیف بھی ہو جائے۔ تاہم "یہ گاندھی ارون سمجھوتہ" کی طرح کسانوں کی حالت کو ہمیشہ کیلئے سُدھارنے کے واسطے کافی نہیں اور اس بات کو نظر انداز کرنا نہیں چاہیئے۔ کہ کسانوں کی تکلیفات چند روزہ نہیں۔ بلکہ انہوں نے تو خوشحالی کی کبھی صُورت ہی نہیں دیکھی۔ اس لئے ان کی حالت کو زیادہ بہتر بنانے کے لئے ان ذرائع پر غور کرنا ضروری ہے جو ان کے خون کو کھٹملوں کی طرح چُوس رہے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ یہ فیاضانہ تخفیف زمینداروں کو ایک

سال کے لئے مطمئن کر سکتی ہے۔ مگر اس کا کیا علاج کہ پھر دوسرے سال وہی شامت سر پر سوار ہو۔

یہ تسلیم شدہ حقیقت ہے۔ کہ زمیندار اس حد تک مقروض ہیں۔ کہ ان کا اس بار سے سبکدوش ہونا ایسا ہی ہے جیسا ہندوستان کو حقیقی معنوں میں آزادی ملنا۔ اور یہ خیال ایک لحظہ کیلئے بھی دل میں نہیں سما سکتا۔ کہ وہ کبھی ساہوکاروں کے پنجہ سے رہائی پا سکیں۔ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ زمینداروں نے یہ قرضہ صرف قرضہ لینے کی خاطر اُٹھایا۔ ہاں یہ کہا جا سکتا ہے کہ تعلیمی حالت کی کمزوری۔ رسوم و عادات کی غلامی اور ناعاقبت اندیشی کے باعث زمینداروں کو اس کا شکار ہونا پڑا۔ گو یہ امور زمینداروں کا ہی خاص حصہ نہیں۔ تمام قوم تعلیمی کمزوری اور رسوم و عادات کی غلام ہے۔ تاہم جس درجہ زمیندار مقروض ہیں کوئی فرقہ ایسا نہیں۔ اس سے صاف عیاں ہے کہ نقص تعلیم اور غلامیٔ رسومات کے علاوہ کوئی وجوہات اور بھی ان کے مقروض ہونے میں نمایاں حصہ لے رہے ہیں۔ اور جب تک ہم ان اسباب کو معلوم کر کے اور ان کے دفعیہ میں کامیاب نہیں ہوتے۔ تب تک زمیندار اس لعنت سے نجات نہیں پا سکتے۔

اشیاء کی قیمت کا گر جانا یہ واضح رہے کہ تجارتی اشیاء کی قیمت کم ہو جانیکے دو بڑے سبب ہوتے ہیں۔ ایک یہ کہ خریداروں کا کم ہو جانا۔ دوسرے پیداوار کی زیادتی۔ کسی خاص جنس کی قیمت اُس وقت تک کم ہو جاتی ہے جس وقت یا تو اُسکے خریدنے والی کمپنیاں نہ خریدیں یا اُس جنس کی پیداوار ضروریات سے بہت زیادہ ہو۔ ہندوستانی زمینداروں کے معاملے میں یہ دونو خصوصیات برابر کام کر رہی ہیں۔ خریداروں کا کم ہو جانا اس بات پر مبنی ہے۔ کہ گذشتہ سال سے اہل انگلینڈ نے اپنی ضروریات ہندوستان سے مہیا نہیں کیں۔ اور اس کا اثر یہ ہوا۔ کہ ہندوستانی بنک و لایتی بنکوں کے اس حد تک مقروض نہ رہے جیسا کہ پہلے ہوا کرتے تھے۔ یہاں اس بات کا تذکرہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ جب ایک ملک کسی دوسرے ملک سے اشیاء تجارتی خرید کرتا ہے تو خریدکنندہ الاقل روپیہ اُس چیز کی قیمت میں ادا نہیں کرتا۔ بلکہ لین دین کا معاملہ محض ہنڈیوں کے طور پر ہوتا ہے۔ یعنی اگر ایک ہندوستانی سوداگر ولایت سے دس لاکھ روپیہ کا کپڑا خریدے تو وہ دس لاکھ روپیہ نقد ولایت میں نہیں بھیجیگا۔ بلکہ کپڑا ملنے پر وہ روپیہ کسی بنک میں جمع کرا دیگا۔ اور جمع کرنے والا بنک اپنی شاخ کے بنک کو ولایت میں لکھ دیگا کہ دس لاکھ روپیہ ادا کر دیا جائے۔ اس طور پر ہندوستانی بنک اپنے ولایتی بنک کا دس لاکھ روپے کا مقروض ہوگا جس کا مطلب یہ ہے کہ ولایت والے دس لاکھ روپیہ کا مال ہندوستان سے خریدنے کے مجاز ہونگے۔ اس طرح سے دونو بنکوں کا حساب آپس میں درست ہوگا۔ اب اگر اہل ہندوستان ولایت سے کوئی چیز نہ خریدیں تو ولایت کے بنک کا ہندوستانی بنکوں کے ذمے کوئی قرضہ نہیں ہوگا۔ اس حالت میں ولایت کے سوداگر ہندوستان سے کوئی چیز خریدنے میں دلچسپی کریں گے۔ اس سبب سے کہ انہیں اس طرح خریدکردہ اشیاء کا نقد روپیہ دینا ہوگا۔ اور خرید و فروخت کا یہ طریق کسی ملک کی اقتصادی حالت بہتر بنانے کے منافی ہوتا ہے۔ پس ولایت کے مال کو ہمارے بائیکاٹ کرنیکا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ ولایت کی کمپنیوں نے ہندوستان سے مال خریدنا بند کر دیا۔ اور ہندوستان کے خریداروں کی لسٹ میں بہت کمی ہو گئی۔ انسانی تعداد میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی مگر معاملہ در اصل یہ ہوا کہ ولایت کی کمپنیوں نے بجائے ہندوستان کے آسٹریلیا۔ امریکہ اور دیگر ممالک سے اپنی ضروریات خرید لیں۔ کیونکہ تجارتی معاہدوں کے مطابق اُن ممالک نے بھی اپنی ضرورتوں کا سامان ولایت سے مہیا کیا۔ اور اس حالت میں جبکہ ولایت اپنی ضروریات دیگر ممالک سے پوری کر سکتا ہے تو اُس کو کونسی مصیبت پڑی ہے کہ وہ ضرور اُس ہندوستان سے چیزیں خریدے جس نے اُسکے مال کا بائیکاٹ کر رکھا ہے۔

پیداوار دوسرا سبب جو کہ ہندوستانی نقصان کا باعث ہوا۔ زمین کی پیداوار کا معمول سے زیادہ ہونا ہے۔ زمین کی پیداوار دو وجوہات پر مبنی ہے۔ اوّلاً یہ کہ گذشتہ جنگ عظیم نے یہ ثابت کر دیا۔ کہ اگر کسی ملک کا سلسلۂ درآمد دشمن بند کر دے۔ تو وہاں کے لوگ جرمنی کی طرح قحط سے کس قدر تنگ آ سکتے ہیں۔ اِس لئے وہ لوگ جو پہلے کارخانوں کے ذریعے ملک کی ترقی کرنا چاہتے تھے۔ ان کی توجہ اصول کاشت کی بہتری کی طرف منعطف ہو گئی۔ اور انہوں نے پیداوار بڑھانے پر زیادہ زور دیا۔ اس انقلاب سے بعض ملکوں کو بیرونی ملکوں سے اشیائے خوردنی خریدنے کی ضرورت نہ رہی۔

رُوس رُوس کی سلطنت ایسے طریقہ پر ہے۔ جن کی رُو سے تمام زمین گورنمنٹ کی ملکیت ہے۔ ہر ایک زمیندار کو صرف اسی قدر زمین دیجاتی ہے۔ جس کو وہ خود بآسانی کاشت کر سکے۔ پھر کسی زمیندار کو اپنی حسبِ خواہش کسی چیز کے بونے کی اجازت نہیں۔ یہ صرف گورنمنٹ کے فیصلہ پر منحصر ہے۔ کہ کسی ٹکڑہ زمین میں کونسی جنس کاشت کی جائے۔ انہوں نے وسیع پیمانے پر تجربے کر کے معلوم کر لیا ہے کہ کونسی زمین کس چیز کی پیداوار کے لئے زیادہ موزوں ہے۔ ان تجربات کی بنا پر گورنمنٹ ہر زمیندار کو مجبور کرتی ہے کہ وہ کسی خاص طبقہ زمین میں اسکی بتائی ہوئی جنس کاشت کرے۔ جب فصل تیار ہو جاتے ہیں۔ تو زمیندار کو اُسکی تمام ضروریات کو ملحوظ رکھتے ہوئے اتنا غلہ مل جاتا ہے۔ جو کہ اس کے لئے سال بھر تک کافی ہو سکے۔ اس طریقہ کاشت کی بنا پر رُوس میں گیہوں کی پیداوار حد سے زیادہ بڑھ گئی ہے۔ اور رُوسی گورنمنٹ نے اعلان کیا ہے۔ کہ اسی طریقہ سے کپاس کی پیداوار بڑھائی جائے۔ گیہوں کی مقدار جو کہ رُوس میں پیدا ہوتی ہے۔ اُن کی ضروریات کو پورا کرنے کے بعد لاکھوں من فالتو بچتی ہے۔ جو کہ ہندوستان میں نہایت ارزاں قیمت پر فروخت ہوتی ہے۔ رُوس میں گیہوں کا اس زیادتی سے پیدا کیا جانا اور دُنیا میں نہایت ارزاں قیمت پر فروخت ہونا اس پالیسی پر مبنی معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس کے نتائج سے زمیندار تنگ آجائیں۔ اور اپنے ممالک میں شور و شر برپا کریں جس کی وجہ سے وہ ممالک قدرتی طور پر کمزور ہو جائینگے۔ سوائے رُوس کے کوئی مُلک ایسی اسکیم کا پیروکار نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ رُوس ہی ایسا واحد مُلک ہے جہاں تمام زمین حکومت کی ملکیت ہے۔ اور وہ زمینداروں کو مجبور کر سکتی ہے۔ کہ اُس کی حسبِ خواہش کاشت کی جائے۔ اور چونکہ لوگوں کو خوراک۔ کپڑا۔ اور دُوسری تمام ضروریات کے مہیا کرنیکی ذمہ دار گورنمنٹ ہے اس لئے کاشتکاروں کو اسکی خس بھر پرواہ نہیں۔ کہ گورنمنٹ غلّے کو کس نرخ پر فروخت کرتی ہے اور چونکہ دُوسرے ممالک میں اس قسم کا انتظام نہیں۔ اس لئے زمیندار روسی پالیسی کی وجہ سے مُبتلائے عذاب ہو رہے ہیں۔

ہندوستانی روپیہ کی قیمت تیسرا سبب جو کہ ہماری اقتصادی حالت کی ہلاکت کا موجب ہے ہندوستانی روپیہ کی "قیمت تبادلہ" کی زیادتی ہے۔ ارباب ہندوستان نے یہاں کے روپیہ کی قیمت بڑھا دی جس کا نتیجہ یہ ہوا۔ کہ غیر ممالک کو اپنے مُلکی سکہ کے تبادلہ میں پہلے کی نسبت کم روپے ملتے ہیں۔ اس حالت میں انہیں ہندوستانی اشیاء کی خرید کے لئے پہلے کی نسبت اپنا مُلکی سکہ زیادہ دینا پڑتا ہے۔ یہ صاف معاملہ ہے کہ جب کسی مُلک کے سکہ کی قیمت زیادہ ہو جائے۔ تو وہاں کی باہر جانے والی اشیاء کی خرید کم ہو جاتی ہے۔ اس کی نمایاں مثال ہم کو جرمنی سے ملتی ہے۔ جنگ عظیم کے بعد جرمنی نے اپنے سکہ کی قیمت بہت زیادہ کم کر دی اور غیر مُلکی تاجروں کو تجارتی سامان کی قیمت پہلے سے بہت تھوڑی ادا کرنی پڑتی تھی۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ جرمن مارکٹ پر غیر مُلکی تاجروں کی مانگ بہت زیادہ بڑھ گئی اور جرمنی اس پالیسی کے باعث تھوڑے ہی عرصہ میں اپنی ٹانگوں کے سہارے کھڑا ہو گیا۔ فرانس اور اٹلی نے بھی اس تجویز سے اپنے مُلک کی حالت سُدھار لی۔

دو دُوخی تلوار ہم اس جگہ اپنے مقصد سے دُور ہو کر پولیٹیکل معاملات میں رائے زنی کرنا نہیں چاہتے۔ مگر اس معاملہ کا ذکر بیجا نہ ہوگا کہ گذشتہ سال اہلِ جاپان نے بھی اقتصادی حالت کی تباہی کو محسوس کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ غیر مُلکی اشیاء کا مقاطعہ کر کے اپنے سکہ کو یا ہر نہ جانے دیا جائے۔ مگر جاپان کے وزیر مالیات کی باریک بین نگاہوں نے تاڑ لیا کہ یہ بائیکاٹ دو دُوخی تلوار ہے۔ یہ صرف اُن کے لئے ہی موجب تکلیف نہ ہوگی جن کے خلاف استعمال کی جائے۔ بلکہ ویسے ہی مُہلک اثرات اسکے استعمال کرنیوالے کے حق میں بھی ظاہر ہونگے۔ کون ہے جو اس حقیقت سے اِنکار کرتا ہو؟ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم کو غیر مُلکی اشیاء کا مقاطعہ کرنا چاہیئے یا نہیں۔ مگر جب ہم غیر مُلکی مال کی بائیکاٹ کرتے ہیں۔ تو ہم کو اپنے مال کی خرید کرنے والے سوداگروں کے کم ہو جانے کے نتائج کیلئے بھی تیار رہنا چاہیئے۔ پس جب ہم غیر مُلکی اشیاء کی بائیکاٹ کا فیصلہ کرتے ہیں۔ تو ہم کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ ہم زمیندار دشمنی موجودہ بدتر اقتصادی حالت کو طول دے رہے ہیں۔

تقلید رُوس رُوس کی موجودہ اقتصادی پالیسی محض پولیٹیکل چال ہے۔ اور اس کا دو طریق سے سدِ باب ہو سکتا ہے۔ اوّل یہ کہ ہم بھی رُوس کی مانند ملکیتِ زمین سے دست بردار ہو جائیں۔ زمین نئے سرے سے تقسیم ہو۔ اور اس بات کا حق کہ اُس میں کیا کاشت

کیا جائے۔ گورنمنٹ کو حاصل ہو۔ مگر چونکہ اس عظیم الشان انقلاب سے ہمیں سخت نفرت ہے۔ اس لئے اس کا تو ذکر ہی بیجا ہے۔ دُوسرا ممکن الوقوع حل اس مسئلہ کا یہ ہو سکتا ہے۔ کہ تمام مُلک متحدہ طور پر فیصلہ کر لیں۔ کہ رُوس کی پیداوار کو اپنے ممالک کی حدود میں داخل نہ ہونے دیں۔ اگر دُنیا کی تمام یا بیشتر حکومتیں اس امر پر متحد ہو جائیں تو موجودہ تکلیفات سے رہائی ممکن ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ مُلک کی خوشحالی کے لئے اگر تمام حکومتیں متحدہ طور پر رُوس کی پیداوار کی حد مقرر کر دیں یا رُوسی اشیاء کا داخلہ اپنے ممالک میں قطعاً بند کر دیں۔ تو مُفید نتائج پیدا ہونگے۔ برخلاف اس کے اگر رُوس کو اس پالیسی پر چلنے کا موقع ملتا رہا۔ تو زمینداروں کی حالت بد سے بدتر ہو جائیگی۔

پونڈ کی قیمت میں اضافہ تیسری وجہ کا سدِباب اس طور پر ہو سکتا ہے۔ کہ ہم حکومت کو مجبور کریں۔ کہ وہ پونڈ کی قیمت میں اضافہ کرے یعنی پہلے کی طرح پونڈ کی قیمت کم از کم ساڑھے تیرہ روپے سے پندرہ روپے تک ہو۔ اس طور پر ہندوستانی اشیاء کے خریدار زیادہ ہو جائیں گے اور تجارتی چیزوں کی قیمت میں اضافہ ہوگا۔

کرایہ ریل کی تخفیف اگر ریل کے کرایہ میں تخفیف ہو جائے۔ تو اس سے بھی حالت بہت کچھ سُدھر سکتی ہے۔ اس طریقہ سے ہندوستان کے نئے تاجر پیدا ہو جائیں گے۔ اور اشیاء کی قیمت بڑھ جائیگی۔ البتہ جہازی کمپنیوں کے لئے گورنمنٹ کو مالی مدد دینے کی ضرورت ہوگی۔ تاکہ وہ بھی اپنے کرایوں میں کافی تخفیف کر سکیں۔

اگر مندرجہ بالا ہدایات پر عمل کیا جائے۔ تو ہمارے خیال میں حالت پُرسکون ہو سکتی ہے۔ گو آغازِ کار میں گورنمنٹ کو مالی نقصان بہت ہوگا۔ مگر آہستہ آہستہ جب زمینداروں کی حالت بہتر ہو جائیگی۔ تو گورنمنٹ کے اس نقصان کی تلافی اُس روپیہ سے ہو گی فی الحال تخفیف لگان کے طور پر معاف کیا جا رہا ہے۔ کیونکہ جب اشیاء کی قیمت گراں ہو جائیگی۔ تو حکومت کو اس قدر تخفیف کی جبری ضرورت پیش نہ آئیگی۔

افلاس کے حقیقی اسباب مندرجہ بالا سطور میں جو کچھ بیان ہوا ہے۔ وہ درحقیقت زمینداروں کی تکلیف کے عارضی اسباب ہیں۔ علاوہ ان کے اس افلاس کے جو اصلی سبب ہیں۔ جب تک ان کا قلع قمع نہ ہو ہم حقیقی معنوں میں آسودہ نہیں ہو سکتے۔

پہلا سبب یہ ہے۔ کہ ہمارے مُلک میں زمین کی کاشت متفقہ طور پر نہیں کی جاتی۔ زمینداروں کی ملکیت میں بہت تھوڑی زمین ہوتی ہے۔ جس کی کاشت کے لئے اعلیٰ مشینوں اور دیگر ذرائع سے کام لینا بہت گراں ہے۔ اور بہت سے لوگ صرف انہی زمینوں میں سر کھپتے رہتے ہیں جہاں سے کہ وہ اپنے گذارہ کے لئے بمشکل پیداوار حاصل کر سکتے ہیں۔ چونکہ زمین کم ہونے کے باعث وہ اپنی ضروریات کیلئے کافی فصل پیدا نہیں کر سکتے۔ اس لئے اُن کو قرضہ اُٹھانا پڑتا ہے۔ اس طور پر زمینداروں کا طبقہ مُلک کی اقتصادی حالت کے لئے تباہ کُن نتائج پیدا کر رہا ہے۔ اس لئے ضرورت ہے کہ پیداوار بڑھانے کے ذرائع عمل میں لائے جائیں۔ تاکہ زمینداروں کو حتی الوسع قرض کی لعنت میں گرفتار نہ ہونا پڑے۔ اور اگر اس طرف توجہ نہ کی گئی تو اگر آج نہیں تو کل یہ معزز زمیندار اور اس کی اولاد گلیوں میں بھیک مانگتے نظر آئیں گے۔

دُوسرا سبب جو عام طور پر زمینداروں کے بڑھتے ہوئے افلاس کا ذمہ دار ہے۔ یہ ہے کہ حکومت اصل پیداوار کی جنس اور مقدار پر لگان وصول نہیں کرتی۔ بلکہ لگان منتقل صُورت میں اور زمین پر لیا جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ غریب زمیندار لگان کی ادائیگی کے لئے روپیہ مہیا نہیں کر سکتا۔ اگر شرح لگان اصل پیداوار کی مقدار اور جنس کے مطابق عمل میں آتی۔ تو زمینداروں کی یہ نازک حالت دُنیا کو پریشان نہ کرتی۔ اس حالت میں جبکہ کسی خاص ٹکڑۂ زمین سے بیس روپے کی پیداوار ہوتی تو حکومت ایک روپیہ کے قریب بطور لگان وصول کرتی۔ مگر موجودہ حالت میں تو بعض دفعہ لگان اور آبیانہ وغیرہ پیداوار کی قیمت سے زیادہ ہوتا ہے۔ پس ہمیں اس بات پر زور دینا چاہیئے۔ کہ حکومت ہر سال پیداوار کے لحاظ سے لگان مقرر کیا کرے۔ اور اگر یہ صُورت ناقابلِ عمل ہو۔ تو زمین کا کچھ مقررہ رقبہ لگان کی ادائیگی سے مستثنےٰ رہے۔ اور اُس زمیندار پر جس کا رقبہ حدودِ معیّنہ کے اندر ہو کچھ لگان وصول نہ کیا جائے۔

حکومت کے قانون میں اس کی مثال بھی ہمیں ملتی ہے۔ جن سوداگروں یا ملازموں کی آمدنی مقررہ حدود کے اندر رہتی ہو۔ اُن سے ٹیکس وصول نہیں کیا جاتا۔ اور صرف وہی ٹیکس کے حقدار سمجھے جاتے ہیں جن کی سالانہ آمدنی دو ہزار سے زائد ہو۔ اس اصول کے ماتحت کوئی وجہ نہیں۔ کہ زمیندار اس رعایت سے محروم رکھے جائیں۔

تیسرا سبب زمینداروں کی ہلاکت کا یہ ہے۔ کہ ان کے ہاں حساب کی جانچ پڑتال ایک عیب سمجھا جاتا ہے۔ اُن کو صرف یہی معلوم ہوتا ہے۔ کہ ضروریات پوری ہوں اس بات کی پڑتال نہیں کہ کہاں سے اور کس طرح ہوں۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے۔ کہ جس زمیندار کو ایک ہزار روپیہ سالانہ آمدنی ہو وہ ایسے مواقع خود بخود پیدا کر لیتا ہے۔ جن پر اُسکی تمام آمدنی خرچ ہو جائے۔ اور اگر دوسرے سال اُسکی آمدنی کم ہو۔ تو بڑھی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ساہوکاروں کی طرف رجوع کرتا ہے۔ بجائے اسکے کہ ان نامناسب ضروریات کو ہی گھونسا مار دے۔ چاہیئے کہ آمدنی کے خرچ کا حساب لگا کر مصارف کو آمدنی کی حدود کے اندر رکھے۔ لیکن فی ہزار ایک آدمی بھی ایسا نہیں۔ کہ اُس نے کبھی آمدنی اور خرچ کی پڑتال کے لئے تکلیف گوارا کی ہو۔ اس کا قدرتی نتیجہ یہ ہے کہ وہ دن بدن مقروض ہوتے ہیں۔

چوتھا سبب جو کہ زمینداروں کی اقتصادی حالت پر بُرا اثر ڈالتا رہتا ہے۔ اُن کی قبیح رسومات ہیں جن پر آمدنی سے کئی حصے زیادہ خرچ کر دیا جاتا ہے۔ اِس لئے ضروری ہے کہ اصلاحی مجالس قائم کی جائیں۔ اور اُن تمام رسومات کو جو سوائے تباہی کے اور کوئی مفید نتیجہ پیدا نہیں کرتیں۔ یک لخت خیرباد کہہ دیا جائے۔

پانچواں سبب زمیندار کی ہلاکت کا یہ ہے۔ کہ اُس پر قرض کا بار اس قدر گراں ہے۔ کہ اُسکی آمدنی سے صرف سالانہ سُود ہی مہیا نہیں ہو سکتا۔ کہا جاتا ہے۔ کہ صوبہ پنجاب میں ڈیڑھ ارب سے زیادہ ساہوکارہ قرضہ زمینداروں پر ہے جس کا سُود بارہ کروڑ روپیہ سالانہ ہوتا ہے بحالیکہ حکومت کا زمینداروں سے واجب الوصول مالیہ قریباً پانچ کروڑ ہے۔ یعنی اگر پنجاب کی تمام قابل زراعت زمین فروخت کر دیجائے۔ تو اس قرضہ سے سبکدوش ہونا محال ہے۔ بالفاظ دیگر گو ظاہراً طور پر زمیندار اپنی زمینوں کے مالک ہیں مگر حقیقی معنوں میں یہ زمین ساہوکاروں کی ملکیت ہے۔ پس جب تک اس طرف عملی قدم نہ اُٹھایا جائے۔ تمام کوششیں بے سُود ہونگی۔

کوئی مرض نہیں جس کا علاج نہ ہو۔ اگر مقروض زمینداروں کی فہرست تیار کی جائے۔ تو معلوم ہوگا کہ اس میں زیادہ تر وہ ہیں جنہوں نے مثلاً ایک سو روپیہ قرض لیا۔ اور باوجود پانچسو ادا کر چکنے کے وہ ہنوز ساہوکار کے پنجوں سے رہائی حاصل نہیں کر سکے۔ یہ قرضہ نہیں بلکہ ظلم ہے۔ اِس لئے حکومت سے ایسا قانون پاس کرایا جائے جس کی زد سے زمینداروں کے قرضوں کی پڑتال کی جائے۔ اور جس قرضہ میں سُود اصل رقم سے ڈیوڑھا زیادہ دیا گیا ہے وہ تو بالکل معاف کر دیا جائے۔ اور جس حالت میں ڈیوڑھے سے کم دیا گیا ہے اُس میں اتنی کمی کو پورا کرنے کے لئے اقساط مقرر کر دی جائیں۔ اور بعد ادائیگی اقساط کے مقروض کو بری الذمہ سمجھا جائے۔

اس کے ساتھ ہی حکومت سے مطالبہ کیا جائے۔ کہ وہ سُود کی خاص شرح مقرر کرے۔ جب تجارتی کمپنیاں دن رات کی محنت کے بعد چھ یا سات فیصدی منافع کافی تصور کرتی ہیں۔ اور حکومت خود سیونگ بنک سے تین فیصدی سُود ادا کرتی ہے۔ تو کیا وجہ ہے کہ ساہوکاروں کی شرح سُود اس سے زیادہ ہو۔

ہمارا خیال ہے کہ اگر امن قائم رکھتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا جائے۔ تو وہ ضرور ان ہلاکت خیز امور کے دفعیہ کے لئے ہر ممکن سعی میں ہماری معاون ہوگی۔ اور اگر ایسا نہ ہوا تو ہماری آئندہ حالت کا اگر خدا حافظ نہیں تو کیا گاندھی جی مہاراج ہیں؟

میزانِ عمل مؤلفہ حضرت امام غزالیؒ کا اُردو ترجمہ۔ خواہشات اور رُوح کی جنگ۔ تزکیہ نفس۔ جملہ فضائل کی تفصیل غرض دُنیائے جہان کی کُل کامیابیوں کی یہ کتاب کلید ہے۔ قیمت عہ

المسئلہ شرقیہ مُصطفےٰ کامل پاشا کی تصنیف مُترجمہ مولانا نیاز محمد خاں صاحب نیاز فتح پوری۔ یہ کتاب سیاسیات اسلامی کے اسرار کا محرم راز ہے۔ قیمت عہ

ملنے کا پتہ: منیجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین۔ پنجاب

دُوہری محرومی

از مولینا جوشؔ ملیح آبادی

شب کو اک واقعہ عجب دیکھا
آب و آتش میں اضطراب سا تھا
بدلیاں تھیں فلک پہ زیر و زبر
فاقہ کش، دردمند، سینہ فگار
ہونٹ سمٹے ہوئے، جھکی پلکیں
سسکیوں سے گرہ سی آنکھوں میں
شدّتِ تشنگی سے رہ رہ کر
آدمی اور یہ داغِ محرومی
ناتوانی پہ رات تھی بھاری
کپکپاتی ہوئی سی موجِ ہوا
بزمِ ارواح میں تھا اک کہرام
سامنے اک نمائشی دیندار
اُس طرف اک بشدّہ رنجور
اُس طرف اک خدا کا عبدِ ذلیل
اُس طرف ضعف و درد و بیماری
دل میں واں فکرِ عاقبت سے خراش
لہر پر لہر اُٹھ رہی تھی ادھر
اِس طرف حشر سا تھا اک برپا
اُس طرف ناتوانیوں کا تھا جوش
اُس طرف ہڈیوں پہ جامۂ تار
غم نے جالی تھی رُخ پہ واں کاڑھی
اُس طرف تھی مریض کی یہ صدا
تھا اُٹھائے ہوئے اِدھر طوفان
اُس طرف ہر نفس پناہ پناہ

راہ تھی تنگ اور تُند ہوا
آسمانوں پہ پیچ و تاب سا تھا
اور گلی کے اُداس ذرّوں پر
کروٹیں لے رہا تھا اک بیمار
چہرہ دُھندلا، بجھی ہوئی آنکھیں
موت کی بے رُخی نگاہوں میں
پھیرتا تھا زبان ہونٹوں پر
تجھ پہ تُف اے وبائے محکومی
ہائے اِفلاس، وائے ناداری
"اللہ، اللہ" کراہنے کی صدا
ذرّہ ذرّہ تھا لرزہ بر اندام
محوِ تسبیح تھا بہ صد پندار
اِس طرف اک عابدِ مغرور
اِس طرف عاشقِ خدائے جلیل
اِس طرف بے نیازیاں طاری
چہرہ خوفِ خدا سے یاں بشاش
نبض کے ڈوبنے سے ماتھے پر
رُخ پر اور ادِ باتبسّم کا
اِس طرف تھی ضخامتِ تن و توش
اِس طرف مُجمِ جُبّہ و دستار
اِس طرف تھی گھنی ہوئی داڑھی
"قطرہ، پانی کا صرف اک قطرہ"
نعرۂ "یا غفور و" "یا رحمٰن"
اِس طرف بار بار اِلا اللہ

اے خدائے بزرگ و ذوالاِکرام
تیرے محبوب پر درود و سلام

کیا عبادت کا ہے یہی مقصود
درسِ تقویٰ میں دل کا نام نہ آئے
کیا یہی رسم ہے کہ بعدِ وضو
کیا عبادت کا ہے یہی دستور
لب پہ ہو ذکرِ دین و ایماں کا
کیا بناتِ بہشت کی تخئیل
کیا یہ لے دے کے ہے مآلِ نماز
موسمِ گُل خزاں کی رُت بن جائے
کیا اثر ہے یہ پارسائی کا
اصل میں ہے یہ ایزدِ باری
ہاں غلط ہے کہ ہر جگہ شیطان
بلکہ دیکھا گیا ہے یہ اکثر
راہِ بد ہی نہیں دکھاتا ہے
جب شرارت کی حد پر آتا ہے
کشتیٔ اِتقار کو کھیتا ہے
پیش کرتا ہے خُلد کے باغات
کتنے سجدوں میں سر جُھکاتا ہے
یہی کہہ کہہ کے راہ کرتا ہے گُم
برتر از جملہ ماسوا تم ہو

رحم کی راہ دل پہ ہو مسدود
آدمی آدمی کے کام نہ آئے
برف ہو جائے عابدوں کا لہو
خاکساری بنے بنائے غرور
دل ہو مُہرہ بساطِ شیطاں کا
دل کو کرتی ہے سنگ میں تبدیل
دل میں پیدا ہو بغضِ سوز و گداز
بُت شکن خود ہی ایک بُت بن جائے
خاک دعویٰ کرے خدائی کا
زُہد کے بھیس میں گنہگاری
جمع کرتا ہے کُفر کے سامان
کہ یہ ظالم حریفِ نوعِ بشر
بلکہ دیندار بھی بناتا ہے
قرضِ دِلوا کے حج کراتا ہے
حفظِ قرآں کا ذوق دیتا ہے
دل کو کرتا ہے مائلِ خیرات
کس قدر داڑھیاں بڑھاتا ہے
کہ خدا کے ہو خاندان سے تم
یعنی بندے نہیں خدا تم ہو

اے خدائے بزرگ و بندہ نواز
رِند تو لُطف اُٹھا کے جاتے ہیں
اور یہ بہروپئے زبوں انجام
جان دیتے ہیں بھوکے اوپر پیاسے

رِند گھاٹے میں ہیں کہ یہ حق باز
کچھ مزے تو اُڑا کے جاتے ہیں
نہ تو ماپا ملی، نہ جن کو رام
رہ کے محروم عیشِ دُنیا سے

آگ ہوتی ہے واں یمین و یسار
وَقِنَا رَبَّنَا عذاب النّار

دو زاہد

(ایک رُوسی افسانہ)

مُترجمہ میرزا ادیب اسلامیہ کالج لاہور

صحرائے مصر میں دو زاہد مرتاض شخص دو علیحدہ علیحدہ جھونپڑیوں میں رہا کرتے تھے، وہ تمام دن ریاضت و عبادت میں مستغرق رہا کرتے اور گناہوں سے بالکل مبرّا تھے۔ جب کسی کو دُوسرے کی ضرورت ہوتی وہ اُس کے ہاں چلا جاتا اور تھوڑے سے عرصے کے بعد واپس آجاتا۔ شیطان بہت عرصہ تک اُن کو دامِ تزویر میں پھنسانے کی کوششیں کرتا رہا مگر ناکامیاب رہا۔ پایانِ کار وہ کامیاب ہوگیا، دونوں زاہدوں نے جھونپڑیوں کو چھوڑا اور درختوں کے پھلوں کو اکٹھا کرکے الگ الگ سمتوں کی طرف روانہ ہوگئے۔ پھلوں کو بیچا اور جو روپیہ حاصل کیا اُس سے شراب خریدی اور تین دن تک بادہ نوشی اور عصیان کاری میں محو رہے۔ جب روپیہ ختم ہوگیا تو دونوں نے باہم بیٹھ کر سلسلہ گفتگو کا آغاز کیا۔

دوسرا۔ بھائی حوصلہ رکھو، خدا ظالم نہیں ہے وہ اتنی سی بات سے ہماری تمام عُمر کی ریاضت نہیں ضائع کریگا۔

پہلا۔ بھائی شاید تم پاگل ہوگئے ہو۔

دُوسرا۔ مَیں ہوں یا تم؟

پہلا۔ مَیں کیسے پاگل ہوسکتا ہوں؟ تم جانتے نہیں کہ ہم نے تین دن تک مے نوشی کی اور اپنی تمام عبادت کو ضائع کر دیا، اب ہم کو پورا گنہگار ہو جانا چاہیئے کیونکہ اب ریاضت چنداں فائدہ مند نہیں ہوگی۔

دوسرا۔ بھائی عقل کے ناخن لو، تمہاری تمام عبادت ضائع نہیں گئی۔ یاد رکھو اگر تم بالکل مایوس ہو جاؤ گے تو نہ دین کے رہو گے اور نہ دُنیا کے۔

یہ باتیں کرتے ہوئے دونوں اپنے اپنے ٹھکانے کو واپس آگئے۔ ایک اُن میں سے بہت پچھتایا اور زار و قطار رو کر دُوسرے سے کہا "بھائی میری تمام عُمر کی عبادت رائیگاں ہوگئی ہے اب مَیں کسی طریقے سے بھی قابلِ بخشش نہیں ہوسکتا۔ آہ مَیں برباد ہوگیا ہوں"۔ دُوسرے نے اُس کے الفاظ کی طرف زیادہ توجہ نہ دی اور خوشی میں گیت گاتا رہا، جب وہ بات ختم کر چکا تو یُوں گویا ہوا۔

دوسرا۔ کیوں بھائی، کیا ہوا تمہاری ساری عُمر کی عبادت کس طرح ضائع ہوگئی۔ کیا تین دن تک شراب نوشی اور سیہ کاری سے تمام عُمر کی ریاضت برباد ہوسکتی ہے؟

پہلا۔ ہاں کیوں نہیں، آہ اے بھائی مَیں برباد ہوگیا ہوں اب کسی طریقے سے بھی نہیں بخشا جا سکتا۔

دُوسرے نے مایُوس زاہد کو بہتیرا سمجھایا مگر وہ نہ مانا، اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ شہر میں چلا گیا اور عصیاں کاری اپنا لائحہ عمل اور نصب العین بنا لیا۔ آخر کار وہ کسی گناہ کی پاداش میں تختۂ دار پر چڑھایا گیا اور دُنیا سے گناہگار ترین اِنسان بن کر رُخصت ہوا۔ برخلاف اس کے دُوسرے شخص نے اپنے گناہوں کی طرف توجہ نہ کی اور اپنی ریاضت کو جاری رکھا، نتیجہ یہ ہوا۔ کہ وہ تمام مصر میں ایک بزرگ ترین ہستی مانا گیا۔

بعض اوقات اِنسان اپنے گناہوں کو دیکھ کر بالکل مایُوس ہو جاتا ہے اور قعرِ عصیاں میں گر جاتا ہے، آدمی کو چاہیئے کہ کسی حالت میں بھی درگاہِ ربّ العزّت سے مایُوس نہ ہو۔

کہاں تک؟

از مولینا جوش ملیح آبادی

یہ شُغفتہ سری اے دلِ ناکام کہاں تک؟ — یہ شکوۂ بے مہریٔ ایام کہاں تک؟
دارائیٔ اسلاف پہ تا چند یہ ماتم؟ — انجامِ تنعّم پہ یہ کہرام کہاں تک؟
اس دغدغۂ گردشِ افلاک سے حاصل؟ — یہ وسوسۂ فتنۂ ایام کہاں تک؟
ہمّت کے مزامیر کو مضراب ہے خطرہ — اے بے خبر! اندیشۂ انجام کہاں تک؟
بے رُوحِ عمل سعیِ سیادت میں ہے سرگرم — او ننگِ زمانہ! ہوسِ نام کہاں تک؟
مَردوں کے لئے خُلد ہے طُوفانِ حوادث — مُردوں کی طرح خواہشِ آرام کہاں تک؟
اُٹھ، رعد کے آغوش میں ہے بربطِ معراج — یہ سازِ طرب کی ہوسِ خام کہاں تک؟
آ، صرصر و سیلاب میں ہے رُوحِ شبستاں — یہ ذوقِ ہلال و مۓ گلفام کہاں تک؟
جو دَوڑ میں پیچھے تھے، بہت بڑھ گئے آگے — اے پائے طلب! رشتۂ اوہام کہاں تک؟
ہاں خود دو زرہ بھی تو ہے اِسلام کا زیور — پہنے گا فقط جامۂ اِحرام کہاں تک؟
ایمان کا دعویٰ ترے لب پر نہیں پھبتا — اے سُست عمل! ذِلّتِ اِسلام کہاں تک؟
گردوں پہ حریفوں نے بنائے ہیں نشیمن — اے پست نظر، سیرِ لبِ بام کہاں تک؟
ناداں مہ و خورشید پہ ہے تیری حکومت — یہ نالۂ محکومی و آلام کہاں تک؟
تدبیر سے واقف نہیں جب تیری تمنّا — تقدیر سے یہ بارشِ الزام کہاں تک؟
ہمّت ہے تو مطلوب ہے خود کیوں نہیں ملتا — یہ سلسلۂ نامہ و پیغام کہاں تک؟
ہاں دیکھ حریفوں کے چھلکتے ہوئے ساغر — اے تنگ نظر، دُردِ تہِ جام کہاں تک؟
کیوں قوّتِ پرواز پہ ایماں نہیں لاتا — اے مُرغِ قفس! نالۂ تہِ دام کہاں تک؟
خود خوشۂ انگور نچوڑا نہیں جاتا — اَغیار سے ننگِ طلبِ جام کہاں تک؟

خود اپنے عمل پر بھی کبھی غور کیا ہے؟
اے جوشؔ! یہ اَوروں ہی پہ الزام کہاں تک؟

نغمۂ قفس

آگ ہے لحنِ طائرِ آزاد — خاک ہے طائرِ قفس کے لئے
ہمصفیرو! گلے کی ساخت کو بھی — کیا اسیری بگاڑ دیتی ہے؟

(جوشؔ ملیح آبادی)

ندائے آسمانی

سُنو اے ساکنانِ خاکِ پستی — ندا کیا آ رہی ہے آسمان سے
کہ آزادی کا اِک لمحہ ہے بہتر — غلامی کی حیاتِ جاوداں سے

(جوشؔ ملیح آبادی)

خانگی ۲۲/۲۳ جولائی کی درمیانی شب کو مطابق ۸ ربیع الاوّل ۱۳۵۰ھ بروز پنجشنبہ ملک محمد اسلم خاں صاحب بیرسٹرایٹ لاء کو اللہ تعالےٰ نے فرزند عطا کیا۔ نام محمد افضل خاں رکھا گیا۔

(ایڈیٹر)

تعلیم کا نفسیاتی پہلو تقریب دورِ طفلی

از مولینا اسرائیل احمد صاحب بی۔ اے (جامعہ)

اُس ارتقائے ذاتی کی ماہیت کیا ہے جو نفس کی طبعی اندرونی فعالی کا ثمر ہے؟ اس ارتقائے ذاتی کے متعلق تین چیزیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ اوّلاً یہ کہ وہ اپنی شرط ماقبل کے طور پر "وقت" کو فرض کرتا ہے۔ ثانیاً وہ انسان کی بالقوت استعدادوں کے عملی مظاہر میں تبدیل ہونے کے ایک دورِ انتقال کی نشاندہی کرتا ہے۔ اور ثالثاً وہ نشوونما کی یکے بعد دیگرے آنیوالی منازل کو اپنی راہ و گذرگاہ بناتا ہے! ارتقائے ذاتی کے ان تینوں لوازم کی تھوڑی تھوڑی تفصیل یہاں ضروری ہے۔ سب سے پہلے ہم اُسکے پہلے جزئیے ہی کو لیتے ہیں۔

کسی قسم کی بھی نشوونما ہو "وقت" کا عنصر اُس میں لامحالہ شرط اوّلین کے طور پر شامل رہا کرتا ہے۔ وقت ہی کی راہ سے چیزیں بڑھتی ہیں اور کم سے زیادہ ہوتی ہیں۔ وقت کا اختصار نشوونما کے متناسب نقص کا مستلزم ثابت ہوگا! بلوغ سے پہلے عمل تعلیم کا اختتام یہ معنی رکھتا ہے کہ نفس و ذہن کی تربیت و ترقی کو قبل از وقت مسدود کر دیا گیا! اس سلسلے میں ایک نہایت اہم اور قابل فکر حقیقت یہ ہے کہ دماغی پختگی کا وقت انسان کے اندر تمام دوسرے حیوانات کے مقابلے میں طویل تر واقع ہوا ہے! علم وظائف الاعضا کی رُو سے اس حقیقت کی جو بنیاد ہے وہ طفولیت کی نفسیاتی ماہیت کی بحث میں ماہرین فلسفۂ تعلیم نے واضح کی ہے۔ یہی حقیقت ہے جس نے کہ بشرطیکہ مطلوبہ وقت کی بہم رسانی میں بخل کو دخل نہ دیا جائے، انسانی دماغ کی ایک عظیم تعلیم کو ممکن بنایا ہے! ایک معنی خیز حقیقت یہ ہے کہ عہد شباب، اور نیز دورِ طفلی نوع بشری کے اندر بہت زیادہ ممتد واقع ہوا ہے! اگر ہم چاہیں تو اس طویل فرصت کو دیکھ کر اپنے نیم حکیمانہ اجتہاد کی مشق کرتے ہوئے، اسکول کے اندر ایک نوجوان کی تعلیم کی مدت کی قطع و برید کر کے وقت کی کافی کفایت کر سکتے ہیں، لیکن حقیقتاً یہ وقت کی جز رسی نہ ہوگی، بلکہ تعلیم کے ایک مستقل باب کی قربانی ہوگی!! واقعہ یہ ہے کہ "وقت" ہی ارتقا کی جان ہے! اور طفلی، نوخیزی، اور جوانی کے ادوار کو پیدا کر کے مبدء فیاض نے ہمارے حکمار تعلیم کو وقت کی وہ مقدار بتا دی ہے جو ایک انسانی وجود کے کامل اور غیر ناقص طور پر ساختہ و پرداختہ کرنے کے لئے ناگزیر ہے!!

ثانیاً۔ ہر ایک عمل نشوارتقا عبارت ہے اس حقیقت سے کہ اُس میں اُس کا "جوہر مضمر" ایک لباس عمل پہن لیتا ہے! ایک ارتقا پذیر چیز جو کچھ بننا چاہتی ہے وہ پہلے ہی سے معنوی و مخفی طور پر وہ ہوا کرتی ہے! ایسے حیوانی وجود جیسے کہ درخت اور جانور ہیں، اُنکے اُگنے یا بڑھنے کی حقیقت بھی بس یہی ہے کہ وہ اپنی اندرونی قوت نشو کو ایک بیرونی اظہار نمو میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ دوسری چیزیں جیسے کہ پتھر اور پہاڑ ہیں، وہ اپنے عمل کاہش یا افزائش سے متغیر ہوتے رہتے ہیں! ارسطو نے جو فلسفہ افلاطون کا متمم سمجھا جاتا ہے، ثابت کیا ہے کہ وہ منزل مقصود جس کی سمت میں ہر ذی حیات جسم سفر کر رہا ہے وہ روز اوّل ہی سے اُسکی لوح روح پر نقش ہے! ہر شے کا حقیقی نصب العین یہ ہے کہ وہ اپنی ہی مخصوص و متعین، طبعی و فطرتی شخصیت کی تکمیل کرے، نہ کہ اُسکی "تغیر"! ایک چیز صحیح و صالح ارتقا کے ذریعے وہی بنے گی جس کا تصور اُسکے تخم میں پہلے سے موجود ہے! کانٹے شاخ انگور نہیں بن سکتے، اور نہ جھاڑ بید انجیر! پس اسی طرح ذہنی ارتقا کے کاروبار میں بھی تعلیم اُسی زینہائے خلوت نشین کو دماغ کے پردۂ عصمت سے باہر لے آتی ہے جو ازل سے حجلۂ نفس کے اندر جلوہ آرا ہے!! سوائے اس مقصد کے کسی اور چیز کو مقصود نظر قرار دینا ایسا ہے کہ گویا ایک زندہ اور حامل عزم وجود کے اندر ہم اُس کو ایک بیجان تختۂ مشق بناتے ہوئے ایک مصنوعی کمی پیدا کر رہے ہیں یا ایک مصنوعی زیادتی! ایک بیمار ہزال یا ایک بیمار تر آماس! غیر صحیح تعلیم کا پیدا کیا ہوا یہ حشو و زائد انسانی فطرت کے نسخ و مسخ کرنیکا ایک خطرناک عمل ہے!

ایک نوخیز انسانی بچے کا دماغ اپنے اندرونی نہاں خانے میں، ایک خوابیدہ صورت میں، وہ تمام قوتیں رکھتا ہے جن کو بعد میں

وہ ضروری تحریک و تربیت کے وسیلے سے حاصل کر سکتا ہے۔ اُسکے تمام ممکن تعلیمی مکسوبات کی اسی نقش پذیری سے صورت پزیری اور نیز حد بندی ہو جاتی ہے، جس سے آگے بڑھنا اُسکے دائرۂ امکان سے باہر ہے! "اسکول" کبھی حقیقی آدمیوں کو ہیئت اجتماعیہ کے حوالے نہیں کر سکتا جبتک کہ "گھر" اسکول کو اچھی "خام انسانی جنس" فراہم نہ کرے! غیر موجود انسانی اوصاف و قویٰ کی تخلیق یا عطا تعلیم کے قبضۂ قدرت سے خارج ایک بات ہے! تعلیم اتنا بھی کر سکتی ہے کہ خالق ہستی کے پیدا کردہ بیج کو اُگا دے اور بس! حق تو یہ ہے کہ یہ شعر ادعات وہ اتنا بھی نہیں کر سکتی! وہ انسانی پودے کو اُگانے کے بجائے بعض اوقات اُسکی قلب ماہیت کر دیا کرتی ہے، یا کم از کم اُس کے ممکن ثمر کو ایک کمتر پھل سے بدل دیتی ہے! وہ تنویر افکار کے بجائے مجہول الحال معلومات کا ایک گرانبار انبار دماغ کی پشت پر لاد دیتی ہے!

پھر ہمارے اسکولوں کی ایک لعنت یہ ہے کہ وہ اپنی ذہنی و تعلیمی کارگاہوں کے اندر یکسانی طریق کار اور نیز یکسانی اشیاء پیداوار پر بُری طرح اصرار کیا کرتے ہیں! خدا نہ کرے کہ یہ عمل ارتقا ہو! یہ ہے . . . ڈھلائی کا کام!! . . . . . فرزندانِ آدم فیکٹری کے نیچ پر ایک ہی سانچے سے نہیں ڈھالے گئے ہیں، بلکہ باغ کی روش پر دستِ قدرت سے اُگائے گئے ہیں جہاں کہ ع

ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است

ایک انسانی بچے پر یہ ظلم ہے کہ اُس کو طالبعلم بنا کر اُس سے ایک بیجان اور بے لوچ تعلیمی بُت کی پوجا کرائی جائے! اُس کے متعلق جو کچھ ایک آشنائے فطرت اُستاد کو کرنا ہے وہ یہی ہے کہ جب وہ اسکول سے نکلے تو اپنی ودیعت شدہ فطرت اور اپنے مخلوق شدہ مذاق کا ایک ہو بہو عکس ہو! قدیم طریق تربیت یہ تھا کہ بچے کو "نیچے سے اوپر اُٹھایا جائے، ہمارا اصول تعلیم اب یہ ندرت اور حکمت رکھتا ہے کہ بچے کو "اندر سے باہر" نکالا جائے! سب سے بلند اور جائز مقصد تعلیم کا جو علم النفس کی روشنی میں ہم کو ملا ہے یہی ہے کہ ایک بچے کے لئے اپنے قلبی مذاق اور اپنی طبعی استعداد کی بنا پر جو کچھ بننا ممکن ہے وہی اُس کو بنایا جائے، ——— نہ کچھ کم نہ کچھ زیادہ! اندرونی "جوہر مضمر" کی بینقابی ہمارے میدان تعلیم کا آخری کلمہ ہے!! مدرسے کے اندر یہ "بینقابی" والا تصور اتنا ہی بنیادی ہے جتنا کہ "انصاف" ایک عدالت گاہ کے اندر اور تقویٰ ایک عبادت گاہ کے محراب و منبر پر!!

ثالثاً، وقت کے عنصر اور ودیعت شدہ استعداد کے بروئے کار لائے جانے کے بعد ارتقائے ذاتی کی تیسری شرط یہ ہے کہ وہ مسلسل منازل نشوونما کی شاہراہ کو اختیار کرے۔ "پہلے پودا، پھر بالی، اور بعد ازاں انارج کے دانے" یہ ہے وہ حکیمانہ ترتیب جس کی رعایت فطرت کیا کرتی ہے اور جس کی قدم بقدم اتباع ہمکو کرنی چاہیئے۔ انسانی فطرت کی ذہنی اور اخلاقی نشوونما میں اِن مذکورہ منازل کا تقابل اِن مراحل سے ہوتا ہے "پہلے بچہ، پھر نوخیز نوجوان، اور بعد ازاں ایک مرد بالغ و عاقل!" ترقی کن زندگی کے یہ سارے دَور ہماری فہم عامہ سے بھی مطابقت رکھتے ہیں اور سائنٹفک اساس و بنیاد بھی۔ چند اشارات ان میں سے "دَورِ اوّل" کے متعلق عرض کئے جاتے ہیں:۔

"بچپن" کی یہ تعریف کہ انسان کے ذہنی ارتقا کی وہ "پہلی منزل" ہے اِس قدیم مبہم تشریح سے بہتر تسلیم کیجائیگی کہ وہ ابتدائے عُمر کی بعض "مخصوص سالیں" ہیں! یہ بالکل ممکن ہے کہ ایک نوجوان، نیز ایک پیر نابالغ، حتیٰ کہ ایک پوری قوم کی قوم ذہنی فقدان ارتقا کی بنا پر ایک معمولی بچے ہی کی طرح ایک بچہ ہو! عارف شیراز حضرت سعدی علیہ الرحمۃ نے کسی "بہ پیری کودکے" کو یہی خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ ؎

چہل سال عمر عزیزت گزشت مزاج تو از حال طفلی نگشت

اصطلاح طفلی کو کسی مقررہ سن و سال سے محدود کر دینا ایک مخدوش بات ہے۔ نہ صرف اِس وجہ سے کہ کوئی مخصوص فرد بشر اِس "منزل زمانی" کے بعد بھی "مکان طفلی" میں مقیم رہ سکتا ہے، بلکہ اس بنا پر بھی کہ تمام انسان ایک غیر شعوری طور پر "بازیگاہ کودکی" سے رخصت ہو جایا کرتے ہیں! پس اصلی مابہ الامتیاز بچپن کے متعلق اُس کا "وقت" نہیں ہے بلکہ اُس کا ایک مخصوص "زاویۂ نگاہ" ہے! تاہم یہ ساری مشکلات اور مغالطات ہم کو نہ تو اپنے مروج عام "اوسط" نکالنے سے باز رکھ سکتے ہیں اور نہ ہمارے اس کہنے میں مانع ہو سکتے ہیں کہ "بچپن" کا زمانہ (بایں معنی کہ وہ ذہنی نشوونما کی ایک ناص منزل ہے) انسانی عمر کے "ابتدائی دس سالوں" پر حاوی ہوتا ہے! تعلیمی نقطۂ نظر سے ہم

کہسکتے ہیں کہ بچپن "کنڈرگارٹن" سے متعلق ہے، یا پرائمری اسکولوں کے ابتدائی درجات سے! اس میں دورِ طفلی کے وہ اوّلین تین سال بھی شامل سمجھنا چاہیئے جو گھر کے صحن میں گزرتے ہیں۔ تاہم اِتنا یقینی ہے کہ "بچپن" کے ساتھ جس مخصوص "تقدس" کو وابستہ کیا جاتا ہے اُس کی کوئی اصلیت نہیں ہے!

اچھا اب یہ دیکھنا ہے کہ "بچپن" کی عمر کی نفسی خصوصیات کیا ہیں؟

ذہنی طور پر تو بچپن کی حقیقت یہ ہے کہ وہ جذبات و حسیات کی یادداشت کا ایک عہد ہوا کرتا ہے! عین اُس وقت بھی کہ شیر خوار بچہ ابھی بالکل نحیف اور بیدست و پا ہوتا ہے مخصوص حسیات کے اعصاب اور نیز اُنکے متعلقہ دماغی مراکز معتدبہ حد تک ترقی پا جاتے ہیں! ولادت کے بعد چند ہی روز کے اندر اندر لامسہ، ذائقہ اور شامہ کے زیرین حسیات متحرک و بیدار ہو جاتے ہیں جس کے عین بعد ہی سامعہ، باصرہ، اور عضلات کے قوی معرضِ عمل آنے لگتے ہیں۔ پہلا مسئلہ بچے کے دماغ کے لئے یہ ہوا کرتا ہے کہ وہ اپنے مختلف آلات ادراک کو عناں بعناں چلائے۔ یعنی جس چیز کو اُس نے آنکھ سے دیکھا ہے اُسے ہاتھ سے چھوئے بھی، یا جس چیز تک نظر پہنچی ہے اُس کو اپنی دسترس میں بھی لائے! ادراکات کا یہ اجتماع اِس "چھوٹے سے انسانی محقق" کو تجربے کی محسوس اشیاء بہم پہنچاتا ہے۔ یہی اشیائے مدرکہ اگر صرف ایک عضو ادراک یا زیادہ سے معلوم کیجائیں تو اُن کا اِس طرح کا علم صرف مشاہدہ یا مطالعہ کہلائیگا! جب ادراک کے آلات چیزوں کی نقشبندی کرنے لگتے ہیں تو اُس وقت بچہ اُس شاہراہ کامیابی پر پڑ جاتا ہے جو اُس پر دُنیا کی علمی فتح کا دروازہ کھول دیتی ہے! بچہ حقیقتہً مشہور فلسفی برکلے کا اصطلاحی "فانوس خیال" ہوتا ہے! ہر محسوس چیز اُس کے علمی تجربے کی مقصود نظر ہوتی ہے، اور مسلسل مطالعہ اُس کے ذہنی مکسوبات کے حصول کا تنہا آلہ ہوا کرتا ہے! تقریباً تین برس کے سن کو پہنچکر، عضلاتی ادراکات کے واسطے سے، نیز پورے نظام جسمانی کے عمومی احساسات سے، اور اُس دوگونہ طریق ادراک کی معرفت جو اس طرح حاصل ہوا کرتا ہے کہ مثلاً بچے کے بدن کا ایک حصہ اُسی کے بدن کے کسی دُوسرے حصے سے مَس ہو جاتا ہے، تو ــــ ایسے تمام اوقات میں، بچے کو ایک مبہم طریقے سے اپنی ذات اور دُوسری چیزوں کے درمیان تمیز کرنے کا ایک شعور پیدا ہوتا ہے۔ یہی بیج بنتا ہے زمانۂ مابعد کی تمام اندرونی دانش و بینش کا اور نیز اُس بصیرت کا جو انسان کی شعوری اور نیم شعوری حالتوں سے متعلق ہے!

بچپن کے دماغی قوی کی حیثیت سے مشاہدے کے احساس پر حافظے اور تخیل کی بسم اللہ کو بھی مستزاد کرنا چاہیئے۔ تاہم ابھی چیزوں کا یاد رکھنا بچے کے لئے اُتنی سہل الحصول لذت نہیں ہوتی جتنی کہ وہ مستقبل قریب میں ہونیوالی ہوتی ہے۔ بچے کا تخیل بھی اس ابتدائی دَور میں ایک لاعبانہ قسم کا ہوتا ہے، جو حقیقت اور توہم میں فرق نہیں کر سکتا! حق و باطل کی یہ تمیز تخیل کے ظہور کے بعد کی ایک ذہنی نمو ہے۔ بچے جو اپنے مشاہدات کے متعلق مبالغہ آمیز بیانات کے عادی پائے جاتے ہیں اُن کے اس دماغی نقص کی ذمہ دار اُن کی یہی خیال آفرینی ہے۔ "پریوں کی کہانیاں" سُننے یا کہنے کے مخصوص و مشہور طفلانہ شوق کی محرک بھی بچوں کی یہی تخیل طرازی ہے! معرضِ مثال میں اِس ساری صورت حالات کو یوں پیش کر سکتے ہیں کہ "بچپن کی صبح زندگی میں ایک گلابی تخیل بچے کی دُنیا کو منور کیا کرتا ہے، قبل اس کے حقیقت کی "سفید روشنی" مطلع کو بے نقاب کر دے!!"

اگر ہم ادراک حسی کو بچے کی ذہنی کارگاہ کی ایک خصوصی صفت تسلیم کریں ــــ جس کے عمل کے نتائج یہ ہوتے ہیں کہ اُس سے مادی و محسوس قسم کی اشیاء کا تجرباتی علم حاصل ہوا کرتا ہے ــــ تو پھر ہم کو بچپن کے ذہنی نقطۂ نظر کی تعبیر اس طرح کرنی ہوگی کہ "وہ انسانی وجود کے ذہنی نشوونما کا انفرادیت آور عہد ہے!"

لیکن بچے کے معاملے میں اُسکے حسیات اور اُس کی قوت ارادی بھی اگرچہ اپنی نوعیت میں بسیط ہی معلوم ہوتے ہیں لیکن بچپن کی ایک مکمل تصویر پیش کرتے ہوئے ہمیں ان خدوخال کو بھی نظر انداز نہ کرنا چاہیئے، گو یہ بات ضرور ہے کہ وہ ذہنی وظائف کی طرح ایک واضح و قاطع قسم کے تجزیہ کی زد میں نہیں لائے جا سکتے! اس سلسلے میں واقعات بجائے خود اور بھی مبہم اور ناقابل فہم نظر آتے ہیں، مزید برآں "نفسیات اطفال" کے ماہرین نے بھی اُن کو کچھ زیادہ درخور اعتنا نہیں سمجھا!

بچے کے حسیات بیشتر "لذت و الم" سے متعلق ہوتے ہیں۔ اِنہی دو منتہاؤں کے درمیان بچے کی دماغی زندگی کا ہنڈولہ ہر وقت

گردش کیا کرتا ہے! وہ ذرا سی بات پر پھول جاتا ہے، اور ذرا ہی سی دوسری قسم کی واردات پر دلشکستہ ہو جاتا ہے! بچے کے انہی دونوں مبادیاتی حسیات سے بہت سے علماء علم النفس نے بالغ العمر انسان کی ساری جذباتی زندگی کی روکشی کر لی ہے! ان جذبات کی کارفرمائی کا آخری ثمر شیریں وہ چیز ہوتی ہے جس کو "ذوق جمال" کی اصطلاح سے نامزد کیا گیا ہے! لیکن واضح رہے کہ بچہ بعض دوسری بسیط اشکال حیات کا بھی حامل ہوا کرتا ہے۔ ہمارا روئے سخن اضطراب و سکون اور برہمی و توازن سے ہے! پھر بچے میں نظام جسمانی کی عمومی حیاتی حس متعلق راحت و عدم راحت بھی ہمیشہ غیر منقطع طور پر موجود پائی جاتی ہے، اور یہی شے شعور ذات کا مایۂ خمیر ہے! بچپن کی خوشگواریاں اور غیر خوشگواریاں، جیسی کہ عام طور پر توقع کیجائیگی، سب ایک جذباتی سرچشمے کے اندر اپنا منبع و مخرج رکھتی ہیں!

ہر ایک حس بلاشبہ اپنے "لباس مظاہر" کے ساتھ ساتھ جلوہ گر ہوا کرتا ہے۔ یہ حس جب طبعی حدود کے اندر رہے تو "لذت بخش" ہوا کرتا ہے، اور اگر وہ اپنے اثر و عمل میں کم یا زیادہ ہو جاتا ہے تو کم و بیش ایک "الم انگیز" احساس کی تخلیق کرتا ہے! انفعل و حرکت والی حسیات ـــــ خواہ وہ باد ہوائی ہوں، خواہ، جیسا کہ بعد میں ہوتا ہے، لہو و لعب کے متعین ارادے سے ظہور میں آئی ہوں، بچے کی زندگی کی بڑی "سچی لذتوں" سے لبریز ہوا کرتی ہیں! بچے کی کھیل کود کی زبردست لذت کو غیر معمولی تھکائی کی ناگواری ہی کبھی کبھی ماند کر دیا کرتی ہے! بچے کی نفسی زندگی میں درد بجائے خود ایک نہایت ہی بدیع احساس ہے جسے "غیر خوشگواری" کی جس کے ساتھ خلط مبحث کرنا غلطی ہوگی! البتہ درد اور غیر خوشگواری کی سرحدیں ایک موقع پر اس طرح ملجایا کرتی ہیں کہ جب اول الذکر چیز، یا کوئی اور احساس جو ایک غیر جذبت آمیز بیمزہ تکرار سے، یا جذبے کی کم و زائد خفت یا شدت سے بے لطف ہو جاتا ہے تو وہیں "غیر خوشگواری" کے ایک احساس کی تحریک بہم پہنچتی ہے!

پیچیدہ اور ثقیل قسم کی حسیات جو ایک دہ سالہ بچے کو عارض ہو سکتی ہیں اُن کی ایک طویل فہرست تیار کی جا سکتی ہے، اس مجموعے کے سر فہرست پر خوشی اور غم، محبت اور نفرت، غصہ اور خوف، غرور اور شرم ہیں۔ ان کو "ثقیل حسیات" اس لئے کہا گیا ہے کہ اُنکے متعلقہ بیرونی مظاہر میں ایک قسم کی شدت و غلظت ہوتی ہے۔ اپنے اصلی مخرج کے اعتبار سے ان کو بجائے بچے کے ذاتی واردات یا کسی خارجی تعلیم کے ایک گونہ "اضطراری کیفیت" پر محمول کیا جا سکتا ہے! بچے کی زندگی میں جس "ذوق جمال" کا دعویٰ کیا گیا ہے اُسکی غمازی بچے کا وہ شوق کیا کرتا ہے جو اُس کو "رنگین" چیزوں سے ہوا کرتا ہے! بچے کا احساس استعجاب اُسکے دماغ کی ایک بہت ہی ابتدائی نشو و نما کا نتیجہ ہے۔ یہ چیز اس نقطہ نظر سے نہایت ہی اہم سمجھی جانی چاہیئے کہ اُس سے بچے کے ذہن کی استفہامی اور تفتیشی عادت کو ایک قیمتی محرک بہم پہنچتا ہے! لطف یہ ہے کہ بچے کی یہی وہ بیش بہا نفسی خصوصیت ہے جس کا خیر مقدم بجائے قدر دانی و ہمت افزائی کے "بزرگانہ خفگی و برافروختگی" سے اکثر کیا جاتا ہے!! بچے کا جذبۂ پسندیدگی و ناپسندیدگی بہت شدید ہوا کرتا ہے اور وہ بہت جلد پیدا اور ناپید ہو جایا کرتا ہے۔ ان متضاد جذبات کی تعین و تعلیل اس طرح ہوا کرتی ہے کہ ہم اُن اسباب کو دیکھیں جو اُسکے ذاتی راحت و لطف میں مؤید یا مانع ہوں! یہ بات بھی عیاں ہے کہ بچوں میں ہمدردی کا مادہ بھی بحیثیت ایک متحرک حس کے موجود ہوتا ہے، لیکن بات یہ ہے کہ اس جذبۂ ہمدردی کا نشو و ظہور بچے کے "جذبۂ رعایت ذات" کے بعد عمل میں آتا ہے، اور عموماً اُس کا تابع فرمان رہا کرتا ہے! شاید بچے کی ساری حسیاتی زندگی کا خلاصہ صرف ایک جامع لفظ کے ذریعے یوں پیش کر سکتے ہیں کہ وہ (زندگی) بُری طرح اپنی ذات میں مرکوز" ہوتی ہے۔ یہ ناگوار حقیقت بچے کی مجلسی و اخلاقی تعلیم کی خارزار راہ میں ایک بڑا سنگ راہ ہے!!

بچے کا ارادہ بڑا غیر مستقل اور متلون ہوا کرتا ہے۔ وہ صرف تقاضائے نفس کے رحم پر ہوتا ہے، بچے کی ضابطہ قوتیں بڑی کمزور ہوتی ہیں، اور اظہاری میلانات بڑی قوی! اُسکی کارگاہ دماغی کے بازیچہ میں بات کی بات میں تصورات و تخیلات کے مختلف پیکر ہر گھڑی تیار ہوتے رہتے ہیں اور بگڑتے رہتے ہیں! بچے کے یہ سارے واردات نفسی برائے نام بھی شائبۂ شعور و ہوش نہیں رکھتے۔ نہ وہ اپنے فوری مطالبوں کے پورا ہونے میں اتنا توقف و تامل کرتے ہیں کہ اُن کی تردیدی یا تنقیدی، اثر آفرینیوں کو بھی اپنے ظہور کا موقع ملے! دماغ کے یہی جوابی یا متوازی تصورات ہوتے ہیں جو ہم کو تذبذب اور تفکر میں ڈال دیتے ہیں اور ہم کو اپنے خیالات

اور ارادوں کی نظر ثانی کی طرف توجہ دلاتے ہیں، لیکن بچے کی نفسی زندگی میں خیال اور عمل کے ڈانڈے ایسے ملے ہوئے ہوتے ہیں کہ وہ دونوں ہمزمان و ہمعناں ہو جاتے ہیں! بچے کے لئے سوچنا اور کام کرنا ایک ہی بات ہوتا ہے! اُس کا ہر تصور ارادے میں اور ہر ارادہ معاً عمل میں منتقل ہو جاتا ہے! پروفیسر بین نے جو ایک نفسیاتی اصول معلوم کیا ہے اور جو انسان کی ایک ایسی کیفیت دماغی کو بے نقاب کرتا ہے جس میں کہ خیال ہی اوّلین اور قوی ترین محرک عمل ہوتا ہے، اُس اصول کی نمایاں ترین مثال بچہ ہوتا ہے! اُسکے دماغ کے تخیلی کارخانے کے اندر جو تصورات صف اول میں ہوا کرتے ہیں بس اُنکے ادنےٰ اشارے پر صدائے لبیک بلند کرنا بچے کی غیر متفکرانہ اور بے عذر نفسیت کی سب سے دلپسند خدمت ہے! بچوں کی بدنام و ضرب المثل بیفکری ہی اُنکے انفجاری (پھٹ پڑنے والے) ارادے کی وجہ موجہ ہے! مختصر یہ کہ بچہ اپنے خیال کا "تابع فرمان" ہوا کرتا ہے، نہ کہ اپنے خیال پر "حکمراں"!

بچے کی "یہ خوشی خواہی" جو اُسکے طفلانہ ارادے کی اخص الخواص خصوصیت ہے، اُس کا پیش خیمہ ایام طفلی کے اوائل میں بادہوائی "انعکاسی" اور اضطراری اعمال و حرکات ہوا کرتے ہیں۔ ایک شیر خوار بچے کے ہاتھ پاؤں کی جو بیقاعدہ و بیضابطہ حرکات ہوا کرتی ہیں اُن کو اُسکے لبریز اُمنگ و ولولہ کی علامات سمجھنا چاہیئے! یہ بچے کی عضلاتی نشو و نما کے لئے بہترین قدرتی محرکات ہیں! بچے کے دماغ کے تاثراتی عمل کی جو حقیقت ہوتی ہے وہ صرف یہی ہے کہ میکانکی مہیجات کے مقابلے میں اُس کا نظام عصبی بالکل سادہ قسم کی جوابی حرکات پیش کیا کرتا ہے، مثلاً اپنے پاؤں پر کسی چوٹ پہ ٹھوکر لگنے پر بچے کا بے اختیار اُس کو گھسیٹ لینا ایسے اضطراری اعمال جیسے کہ گھٹنوں گھٹنوں چلنا، کھڑا ہونا اور چلنا ہیں یہ بچے کے مخلوط دماغی انعکاسات کے نتائج ہیں! بچے کی نفسیت کی یہ عادات در اصل اُسکے عصبی نظام میکانکی کی موروثی استعداد کے اندر اپنا سرچشمہ رکھتی ہیں، اور اس نسلاً بعد نسل اور اس قرناً بعد قرن ورثہ کا نقش ایک انسانی بچے کی لوح دماغ پر اتنا گہرا ہوا کرتا ہے کہ اُسکے اقتضا سے اُس کے فرائض اس طرح از خود سرزد ہوا کرتے ہیں جس طرح کہ ایک الارم گھڑی کا مقررہ وقت و ساعت پر بج اُٹھنا! ——— ۳ سال کی عمر تک بچوں کے سارے کام اور ساری حرکتیں اضطراری اور نقالانہ ہوتی ہیں۔ اُسکے بعد پھر اُنکو تھوڑا تھوڑا اس بات کا شعور ہونے لگتا ہے کہ کام کے وقوع سے پہلے کسی قدر اُس کا اندازہ کر سکیں، لیکن یہ قابلیت صرف ایک جزوی پیدائش "ادراک" ہی سے تعلق رکھتی ہے، اور اُس کے ساتھ کسی ایسی "قوت" کا نشو و نما ہنوز نہیں ہوتا جو بچوں کے ارادوں میں کوئی تبدیلی یا ضبط پیدا کر سکے! الغرض یہ طریق کار تمام و کمال "خوشی خواہ" ہوا کرتا ہے اور یہی "دل کی بادشاہی" عہد طفلی کا سب سے بڑا طغرائے امتیاز ہے!! بچے کی اِن بے اصول غیر منضبط اور بے مقصد سرگرمیوں کے اندر فطرت کی یہ اہم مصلحت مضمر ہے کہ اِس طرح، اپنی مرضی کی آزاد و بیقید روش سے، وہ اُس زبردست حاکمانہ اور نیز ناقدرانہ ارادے کی تولید کرے جو بن شعور کے بہترین اور ممتاز ترین اعمال و خدمات کا خالق بنتا ہے!! بچہ جو بیشمار کام کرتا رہتا ہے وہ دماغ کی لوح شعور پر اپنے متعلقہ اثرات و تسامات بناتے رہتے ہیں، جو بعد میں ارادی طور سے اِنہی اعمال کے متقاضی ہوا کرتے ہیں، اور ایام مابعد میں قوائے تمیزی و اخلاقی کے امتزاج سے آراستہ ہو کر یہی ماضی تربیتیں اِنسان کے اعلیٰ درجے کے منتخب اعمال کی داعی بنا کرتی ہیں!!

بچوں کا طبعی وصف اثر پذیری اور اُنکی اندرونی تخیلی اثر آفرینی اس اہم حقیقت کی اہمیت کا ایک مزید اظہار ہے کہ وہ ابتدا ہی سے صحیح فکر کے خیالات کے حامل ہوتے ہیں! بہتر ہوتا کہ اُن کی اخلاقی تربیت اسی ایجابی انداز سے شروع کیجاتی، اور اُس سلبی طریقے پر لعنت بھیجی جاتی جس کے آداب یہ ہیں کہ اُنکا دماغ ایسی تعلیمات کے پُشتارے سے لاد دیا جاتا ہے جن میں تقریباً سب کی سب "نواہی" ہی ہوا کرتی ہیں! اِن ممنوعات کا مسلسل دماغ میں کھٹکا کیا یہ نتیجہ نہ پیدا کریگا کہ بچے اپنے نہاں خانۂ نفس کے مخفی گوشوں میں اُن کا ارتکاب کیا کرینگے؟! یاد رکھیئے کہ بچوں کے پاس کوئی "ارادے" ہوتے ہی نہیں جنکو وہ توڑیں، وہ صرف تخیلات رکھتے ہیں جنکی متابعت کے بغیر اُن کو چارہ نہیں!! پس بجائے اسکے کہ ہم اُنکو "آپن سرا" کہکر الزام دیں اچھا یہ ہے کہ ہم اُنکے دماغی مرقع خیالات کو اچھے تصورات سے پُر کریں! بچے کی اخلاقی تعلیم کا طریق کار یہ دوگونہ عمل ہونا چاہیئے کہ ہم پورے اہتمام و التزام کے ساتھ اُسکے دل کو تمام بُری باتوں سے بچاتے رہیں اور کثرت کے ساتھ اچھے خزینۂ خیال و تصور سے اُسکو لبریز کرتے رہیں! البتہ جب سن تمیز کی ضابطہ قوتیں ظہور کرنے لگتی ہیں تو اس مسئلے کی صورت حالات پھر معتدبہ حد تک منقلب ہو جاتی ہے!

وطن میں پہنچا دے!

نگارِ رفتہ کو یارب وطن میں پہنچا دے
دوبارہ دُرِّ عدن کو عدن میں پہنچا دے

خُدا ئے مہر و وفا اس نگارِ شیریں کو
دوبارہ عمکدۂ برہمن میں پہنچا دے

خُنک نسیم کو دے گلستاں میں اذنِ خرام
چمن کی جان کو یارب چمن میں پہنچا دے

اُفق اُداس ہے، نُورِ سحر کو واپس کر
غزالِ شہرِ خُتن کو خُتن میں پہنچا دے

دوبارہ اس صنموں کے صنم کو بارِ خُدا
جوارِ بتکدۂ برہمن میں پہنچا دے

وہ اپنے حُسن سے محفل میں اپنے عشق سے بزم
اُس انجمن کو پھر اِس انجمن میں پہنچا دے

فسردہ جوش ہے بے یارِ نادرہ گفتار
سخن کی شمع کو بزمِ سخن میں پہنچا دے

(جوش ملیح آبادی)

یاد ہے؟

دِل نے بخشا تھا تقاضائے زُلیخا تجکو
یاد ہے وُہ خلشِ عہدِ تمنا تجکو

نرگسِ ناز میں یوں اشک بھرے رہتے تھے
نظر آتا تھا ورق دھر کا دُھندلا تجکو

کیا قیامت تھی کہ اس گلبدنی کے باوصف
روز کانٹوں پہ لُٹاتی تھی تمنا تجکو

راستے سے کوئی آواز جب آجاتی تھی
میری آواز کا ہو جاتا تھا دھوکا تجکو

جب ہوا ابر کے سائے میں سنک جاتی تھی
چھیڑ دیتا تھا محبت کا تقاضا تجکو

چاندنی صحن میں جس وقت چھٹک جاتی تھی
پھونک دیتی تھی لگاوٹ کی تمنا تجکو

قہر ڈھاتا تھا مِرا درسِ تحمل تجھ پر
زہر لگتا تھا مِرا وعدۂ فردا تجکو

وہ بھی کیا دن تھے کہ آئینے کے آگے ہر صبح
چاند سا مُنہ نظر آتا تھا جب اُترا تجکو

مَیں کسی بات پہ دَم بھر کے لئے غور کروں
اتنی دُوری بھی نہ ہوتی تھی گوارا تجکو

جوش سے پوچھ کہ اب تک ہے اسے یاد یہ بات
کہ کبھی مہر و وفا کا بھی تھا دعویٰ تجکو

(جوش ملیح آبادی)

مشاہیرِ ہند ہندوستان کے تمام مشہور پولیٹکل لیڈروں کے حالات قیمت تین روپے .. .. (۳ہے)

قسطاس المستقیم حضرت امام غزالیؒ کی عربی کتاب کا ترجمہ تصوف میں اعلیٰ پایہ کی کتاب ہے قیمت ۱۰ار

ملنے کا پتہ: منیجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین۔ نجاب

قصیدۂ نعت سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے مکرم مرزا فرحت اللہ بیگ صاحب دہلوی لکھتے ہیں :-

مکرمی تسلیم - ایک قصیدۂ نعتیہ بھیجتا ہوں - یہ اُس شخص کا لکھا ہُوا ہے جو کسی زمانہ میں ہندوستان کا جگت اُستاد مانا جاتا تھا یعنی عبدالرحمٰن خاں احسان دہلوی ابتک یہ کہیں طبع نہیں ہوا - اُسکے پرنواسہ سے مجھے ملا تھا - مَیں نے سوچا کہ لاؤ چھپوادوں - اس میں دو تین چیزیں قابل غور ہیں - اوّل یہ کہ اُنہوں نے عدالت کا جو تلازمہ باندھا ہے اُسکی نقل غالب مرحوم نے اپنی اس غزل میں کی ہے جس کا مطلع ہے -

پھر کچھ اک دل کو بیقراری ہے سینہ جویائے زخم کاری ہے

احسان نے اپنے شعر نمبر ۲۲ میں ذوق پر حملہ کیا ہے - دو اشعار میں بعض لفظ چھوٹ گئے تھے وہ مَیں نے یونہی رہنے دیئے - بہرحال ایک نایاب چیز ہے - چلو اسی طرح چھپ کر محفوظ تو رہ جائیگی - والسّلام !

دیارِ عشق میں عزّت ہے ذلّت و خواری لباس برہنگی ہے - غذا جگر خواری
سڑک نہ وہاں سے عجب شہر ہے لطافت پر سڑک ہے مانگ کی - اشکوں کی نہر ہے جاری
ہجوم غم ہے یہاں تک ہر اک کوچہ میں گزار عاشق صادق بھی ہے بدشواری
زہے دیارِ محبّت - زہے مقام سرور زہے فراغ معیشت - زہے عملداری
وہاں کا جج ہے جنوں اور وہاں کا عدل، ستم وہاں کا دائر و سائر ہے علت ساری
وہاں ہے داغ کی کمخواب - داغ کی چھینٹیں کٹاؤ لخت جگر کے - گلوں کی پھلکاری
وہاں کا دیدہ پر انتظار ناظر ہے سرشتہ دار دغا - شحنہ ہے دل آزاری
جمعدار جنوں - قیس زار چوکیدار ملی ہے حضرت منصور کو پولیس داری
حبیب مدعی و مدعا علیہ یہ دل جو ابدعوی عاشق ہے گریۂ زاری
وکیل درد موکل، دلِ خراب فراق رسوم و فیس ہے داغ اور گواہ ناچاری
قضیۂ دل بیمار کیوں نہ فیصل ہو جہاں کے مفتی و قاضی - قضا و بیماری
بزیر دشنہ قصاب اضطراب الم بسانِ بز ہیں سدا بربری و بلغاری
جنون عشق سے وہ قہقہے کئے میں نے ہوا ہے کب کا خجل مجھ سے کبک کہساری
خیال مجھ کو نہیں دھری ہے سینہ دل پر یہ ایک چنگاری
یہ کس کے نشتر مژگاں کی یاد ہے دل کو چھٹی ہے ہر رگ دل سے لہو کی پچکاری
اگرچہ شیفتہ قامت بلند ہوں میں گئی نہ بخت نگوں کی مرے نگونساری
نظیر بلبل آمل ہزار حیف پیئے مدام خون جگر سے شراب گلناری
ہُنر کو عیب سمجھتے ہیں اس زمانہ میں ہوئی یہ جنس ہُنر کی کساد بازاری
اِدھر تو ملک فصارا نے لے لیا سارا اُدھر زمین ہے سکھوں نے گھیر لی ساری
علاوہ غم دُنیا تفکرِ دیں ہے زمینِ ہند میں دُنیا ہے اور نہ دینداری

لگی ہے چار طرف آگ کس طرف جاؤں — بچا رسو سے بلائیں ہیں اور نا چاری
نہ باز آئے دل آزاری جفا سے مرے — یہ چرخ کہنہ و نو دولتاں بازاری
گریز گاہ نہیں ہے کہیں مگر درِ شاہ — کہ جس کے در کا ہے یاقوت مہر بازاری
فلک جناب۔ رسالت مآب بحر نوال — شفیع امت و مقبول حضرتِ باری
مقیم حجرہ قدس و منزل کفر و ضلال — محیط علم و لدنی و امی و قاری
جہان حلم و حیا و نشان رحمت حق — زمین فقر و فنا۔ آسمان سالاری
جو نام احمدؐ مرسل نگین دل پہ لکھیں — رہیں بہشت میں ناقوسیان زناری
تمہاری نعت نے اے ابر رحمت یزداں — سکھائی نوک قلم کو مرے گہر باری
ہوا اس عجمی محمدؐ عربی — کہ بخت خفتہ کو ہووے نصیب بیداری
یہ چار نام ہیں مشہور تیرے دشمن کے — سیاہ بخت۔ سیہ رُو۔ جہنمی۔ ناری
یہی صدائے مہیب آئی کان میں اس کے — ق — جو کی گریز کی دشمن نے تیرے تیاری
کہاں تو بھاگ کے جائیگا ہم سے اے مردود — قضا قفا سے پکاری اجل بھی للکاری
تمہاری خاک کفِ پا جو ہاتھ آئی اسے — ق — کہ سر بسر ہے خجل ساز مشک تاتاری
بہشت میں کہ وہ نزہت سرشت ہے۔ جاکر — نسیم خلد نے کھولی دوکانِ عطاری
بگرد شہد و شکر جس طرح ہوں مور و مگس — گرے ہیں حور و ملائک پئے خریداری
مراد ہر دو جہاں یہاں صلہ ہے ادنےٰ سا — یہ راہ نعت ہے۔ چل اے قلم بہ ہشیاری
مرے یہ کثرت عصیاں ہیں اے مرے ممدوح — ق — کہ مجھ سے نفس کے شیطاں نے کی ہے عیاری
گزار میرا اگر ہو بر سفینہ نوح — یہاں تلک ہے گنہ کی مرے گرانباری
وہ ڈوب جائے نہ ہووے شفیع گر تجھ سا — اور اس غفور کی غفاری اور ستاری
غلام آپ کا احسان ہے یا رسول اللہ — سدا سے تم کو ہے انعام حضرت باری
سموئے قصر خلافت نموئے نخل مراد — علوئے شانِ شفاعت علوئے غمخواری

بحال نزع۔ بزیر مزار روز حساب
خدا کے واسطے کیجیو شہا خبرداری

تفاوت رہ

از مولینا جوش ملیح آبادی

اِک گدا کی زباں پہ ہے قرآں — واہ کیا شانِ کبریائی ہے
کل فروغِ حیات تھا جو کلام — مُردنی اُس پہ آج چھائی ہے
جَرَسِ کارواں تھا کل جو سُخن — آج آہِ شکستہ پائی ہے
کل جو قرآں تھا آفسرِ شاہی
آج وہ کاسۂ گدائی ہے

شتر گربہ رشتہ

از جناب احمد مجتبےٰ صاحب ترک (منشی فاضل)

لچھمی داس بالکل اسم بامسمّیٰ تھا۔ پیسوں کے مقابلے میں اُس کے لئے دین دھرم کچھ چیز نہ تھی۔ وہ جس قدر چالاک تھا اُسی قدر حریص لالچی اور دھوکے باز بھی تھا۔ اُس نے بھولے بھالے نادان دیہاتیوں کو وہ وہ ہتھکنڈے چکھائے۔ کہ اُن میں بہتوں کو بھیک مانگتے بن آئی۔ کسی کی زمین بکوائی۔ کسی کے مویشی نیلام کرائے۔ کسی کے زیور گروی لئے۔ مگر روپیہ اس قدر جمع کیا۔ کہ اگر اُس کا آٹا نہ کسی طریقہ سے خرچ کیا جاتا۔ تو اُس کی سات پشتوں کو کافی تھا۔

پوس کا مہینہ تھا۔ سردی زوروں پر تھی۔ لچھمی داس نے سویرے اُٹھ کوئیں پر جا اشنان کیا۔ کسان مقروض تھا۔ اُس سے ایک مولیوں کا گٹھا بھی ہمراہ اُٹھوا لایا۔ گھر میں مولیاں کچھ سکھائی گئیں۔ کچھ پکائی گئیں۔ کچھ نمک مرچ لگا کر لچھمی داس نے کچی بھی کھا لیں۔ دس بجے کے قریب سر میں چکر آنے لگے۔ دائیں پسلی میں درد اُٹھا۔ ہزاروں علاج کئے۔ لیکن لچھمی داس جانبر نہ ہو سکا۔ اور دوسری صبح کو اُسکی رُوح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔

اب لچھمی داس کا اکلوتا بیٹا عیش لعل جانشین ہُوا۔ لیکن اس کے کچھ ڈھنگ ہی ایسے نرالے تھے۔ کہ یار دوست فوراً تاڑ گئے اور لگے سایہ کی مانند ارد گرد پھرنے۔ غرض محفل نشاط گرم ہوئی اور عیش لعل باپ کا اندوختہ کھلے بندوں لٹانے لگا۔ بھنگ۔ افیم۔ چرس۔ شراب کا دور چلنے لگا۔ قمار بازی شطرنج اور تاش دن رات کے مشاغل تھے۔ چند ہی دنوں میں جہاں لکشمی دیوی نے اوتار لیا تھا۔ جہاں لچھمی داس کے بہی کھاتہ اور سُود در سُود کے ہیر پھیر کے صدقے روپیہ پیسہ کی کچھ کمی نہ تھی ایک حسرت کدہ اور ویرانہ نظر آنے لگا۔

عیش لعل کی حقیقی بہن سُندری جس قدر حسین تھی۔ اُسی قدر شریف بھی تھی۔ فہم و ذکا، سلیقہ و ہُنر۔ ادراک و شعور اُس میں کُوٹ کُوٹ کر بھرا تھا۔ افعالِ حسنہ کی وہ مجسّم تصویر تھی۔ اور صنفِ نازک کی تمام بہترین خصائل سے وہ مالا مال تھی۔ سُندری کا پندرہ سالہ سن تھا۔ لیکن اُس کا رشتہ ابھی کہیں قرار نہیں پایا تھا۔ لوگوں میں چہ میگوئیاں شروع ہوگئیں۔ کہ زمانہ بڑا نازک ہے۔ پندرہ سالہ دوشیزہ کی نسبت کہیں قرار نہ دینا بڑی بیوقوفی ہے۔ خاندان کو بٹہ لگ جائیگا۔ عیش لعل کی عقل ماری گئی ہے۔ خود بھی زندگی تباہ کر رہا ہے بچاری سُندری کو بھی تباہ کرنا چاہتا ہے۔ مگر صد آفرین سُندری پر جو اپنی عزت و وقار قائم رکھے بیٹھی رہی۔ اگر کوئی اور ہوتی۔ تو بن خاندان کا ناک ہی کاٹ دیتی۔

اب عیش لعل بالکل قلاش ہو چکا تھا۔ سوائے چند بوسیدہ کپڑوں اور مٹی کے برتنوں کے گھر میں اللہ اللہ خیر سلا تھی۔ موسمی یار دوست کنارہ کش ہو گئے تھے۔ آنتیں اِدھر قل ہو اللہ پڑھتی تھیں۔ نشہ اُدھر تنگ کرتا تھا۔ قمار بازی اور جوئے کی لت نچلا نہیں بیٹھنے دیتی تھی۔ بچارہ ہزاروں تدبیریں سوچتا مگر کچھ نہ بن پڑتی۔ آخر کار اُسے سوجھی کہ سُندری نوجوان ہے۔ حسین ہے۔ سلیقہ شعار ہے شہرہ آفاق ہے۔ اُس کا حُسن جہاں سوز مشہور زمان ہو چکا ہے۔ ہزاروں عُشاق مال کیا جان دینے کے لئے تیار ہیں۔ چلو کسی امیر کو تلاش کریں سُندری کا رشتہ دیں۔ اور آٹھ دس ہزار روپیہ اینٹھ لیں مُصیبت کے ایام ٹل جائینگے۔ اور باقی عُمر بخوشی گذر یگی۔

اِس خیال کا دماغ میں آنا تھا۔ کہ سیٹھ چوکھا مل کا مجسمہ فانوسِ خیال میں چکر لگانے لگا۔ اس میں کلام نہیں کہ سیٹھ چوکھا مل کروڑ پتی تھا۔ کارخانے اُسکے چلتے تھے۔ کوٹھیاں اُسکی تھیں۔ زمینیں اُسکے پاس رہن تھیں۔ ساہوکارہ وہ کرتا تھا۔ سب کچھ بجا اور دُرست۔ لیکن اب وہ سترہ بہترہ ہو چکا تھا۔ دانت کِل کِل کر رہے تھے۔ بینائی اور شنوائی کم ہو چلی تھی۔ نحیف اور ناتواں اتنا کہ ڈنڈے کے سہارے چلتا۔ غرض اُسکی جسمانی حالت ناگفتہ بہ اور رُوحانی حالت ناقابل بیان تھی۔

خدا کی شان۔ سُندری۔ وہ سُندری جو شریف تھی۔ وہ سُندری جو مہ جبین تھی۔ وہ سُندری جس کے چشم فروز حُسن کا چرچا چار دانگ عالم میں

مشہور ہو رہا تھا۔ وہ سُندری جس کی عمر پندرہ سال تھی دس ہزار کے بدلے سیٹھ چوکھامل کے گلے مڑھ دی گئی۔ شرط یہ ٹھیری کہ پانچہزار عیش لعل اِس وقت لے لیوے۔ اور بقیہ پانچہزار جب دقیانوسی دُولھا ڈولا لینے آوے۔ غرض پانچہزار لے عیش لعل گھر پہنچا۔ محفل عیش از سرِ نو گرم گرم ہوئی۔ جُوا اور قمار بازی نئے سرے سے جاری ہوئی۔ بھنگ۔ افیم وغیرہ نے نیا جنم لیا۔ اور مُفت خورے پھر عیش لعل پر جان نثار کرنے لگے۔ شہر بھر میں اُسی دن خبر پھیل گئی۔ کہ سُندری کا رشتہ کہیں قرار پایا ہے۔ مزید حالات معلوم ہوتے۔ اور عیش لعل پر چاروں طرف سے لعنت و پھٹکار پڑنے لگی۔ لیکن دھن عیش لعل جس کے کانوں پر جُوں بھی نہ رینگی۔

سُندری اپنی قسمت کا فیصلہ سُن کر دِل ہی دِل میں گھلی جاتی تھی۔ ہزاروں منصوبے باندھتی اور توڑتی۔ کبھی کہتی سنکھیا کھا لوں۔ دریا میں ڈوب مروں۔ کنوئیں میں کُود کر جان پر کھیل جاؤں۔ پھر خیال آتا حرام کی موت کیوں مروں۔ آخر میرا گُناہ۔ میرا کوئی جُرم۔

ایک دن عیش لعل کو اکیلا پا کر جی کڑا کر کے بولی۔ آخر کس جُرم کی پاداش میں مجھے زندہ درگور کر رہے ہو۔ وہ میرا کونسا قصور ہے جس کے بدلے ایک ستّرہ بہترہ میرا رفیق زندگی بنایا جا رہا ہے۔ جو خود چند دن کا مہمان ہے۔ میرا کونسا گناہ ہے جس کی سزا میں میری زندگی تباہ و برباد کی جا رہی ہے۔ قانون ہے۔ کہ گردن زدنی مُجرم کو بھی اُسکے قصور سے آگاہ کر کے پھانسی دی جاتی ہے۔ للہ مجھے میرے جُرم سے آگاہ کر دو۔ پھر جو جی میں آئے شوق سے کرو۔

عیش لعل خاموش تھا۔ سُندری کے الفاظ اُسکے دل کی گہرائیوں میں چُبھ رہے تھے۔ اُس کا ضمیر اُسے ملامت کر رہا تھا۔ سُندری کے سوالات کا اُس کے پاس کوئی جواب نہ تھا۔ لیکن اُدھر سابقہ پانچہزار ختم ہونے کو تھے۔ نشہ نہ ملنے کے تکلیف دِہ ایام یاد آتے۔ اگر سُندری کا ڈولا نہ دے تو پانچہزار کہاں سے ادا کرے۔ تھوڑی دیر چُپکا سا رہا۔ پھر مشیر شیطان نے تھپکی دی۔ اور جھلا کر بولا "دیکھ سُندری! شریف اور خاندانی لڑکیاں بھی کبھی ایسے الفاظ مُنہ سے نکالا کرتی ہیں۔ اگر کوئی سُن لے تو کیا کہے۔ سُندری خود پسند بر کرنا چاہتی ہے۔ میرا ناک کاٹتی ہو۔ خاندان کے نام پر بٹّہ لگاتی ہو۔ مجھے بدنام کرنا چاہتی ہو۔ کیا اب میں تمہارا رشتہ دینے سے انکار کر دوں۔ ماشاءاللہ تمہارا شوہر امیر ہے۔ کروڑ پتی ہے۔ کوٹھیاں اُسکی ہیں۔ کارخانے اُسکے ہیں۔ کیا ہوا۔ اگر وہ کم سُنتا ہے یا کم دیکھتا ہے تجھے اس سے کیا۔ مجھے تو اس سے بہتر شوہر تمہارے لئے میسّر نہیں آسکتا"

بچاری کو ایسا ڈانٹا۔ کہ وہ بے اختیار رونے لگی۔ روئی اور خوب روئی۔ والدین کا سایہ پہلے اُٹھ چکا تھا۔ بھائی اپنے ہاتھوں بیچ رہا تھا۔ اور کوئی رشتہ دار نہ تھا۔ غرض تمام مُصیبتوں کی بھڑاس رونے میں نکالی۔

عیش لعل اُدھر سابقہ پانچہزار ختم کر چکا تھا۔ اِدھر سُندری کی یہ باتیں سُنیں۔ آؤ دیکھا نہ تاؤ جھٹ پنڈت بُلوا مہورت نکلوایا۔ اور دقیانوسی سیٹھ کی شادی خانہ آبادی ۲۳ پھاگن سمت ۱۹۶۷ کو قرار پائی۔

دُولھا شادی کے اہتمام میں مصروف ہوگیا۔ ہزاروں روپے آتشبازی منگوائی گئی۔ طوائف بُلوائے گئے۔ خدا خدا کر کے مقررہ دن آیا۔ بوڑھے دُولھا نے داڑھی مونچھ منڈوا۔ سر پر خضاب لگا نوعروسی کا جوڑا پہنا۔ اور بڑی شان و نرالی سج دھج سے برات روانہ ہوئی۔ برات عیش لعل کے گاؤں کے نزدیک پہنچی۔ پھٹ پھٹ۔ شوں شوں کی آواز سُندری نے سُنی۔ اور اُس کا رنگ فق ہونے لگا۔ برات جوں جوں قریب آ رہی تھی۔ سُندری کا خون خشک ہوتا جاتا تھا۔ آخر اُسے غشی سی طاری ہوگئی۔ اور وہ نیم بیہوش پلنگ پر لیٹ گئی۔

آدھی رات کا وقت تھا۔ سُندری بیخودی میں اُٹھی۔ دستِ دُعا دراز کئے۔ اور یوں گویا ہوئی:۔

"اے پورن پرماتما! اے میرے پیدا کرنے والے! اے شور مظلوموں پر رحم کھانے والے آقا! اے مجروح دلوں کی مرہم، غمزدوں کے سہارے۔ اے یتیموں کے ملجا۔ لاوارثوں کے والی! مجھ یتیم اور لاوارث کی فریاد سُن اور مجھے باعصمت دُنیا سے رُوپوش کر دے"

یہ الفاظ اُس کی دل کی گہرائیوں سے خود فراموشی کی حالت میں نکلے۔ زبان حال نے اُسے دھیمی سی آواز میں کچھ جواب دیا۔ اور اُسے کامل سکون حاصل ہوگیا۔

صبح ہوئی۔ بقیہ پانچہزار عیش لعل نے گن لئے۔ برات کی واپسی کی تیاریاں ہوئیں۔ ڈولا لایا گیا۔ سُندری کو ڈولے میں

بٹھایا ہی گیا تھا کہ ڈولے سے ایک ایسی جگر دوز چیخ نکلی۔ کہ برات پر سناٹا چھا گیا۔ پردہ اُٹھا کر دیکھا تو سُندری سر ہو چکی تھی۔
معصوم سُندری عیش لعل کی عیش کے بھینٹ چڑھ چکی ہے۔ عیش لعل بھی اپنے کیفر کردار کو پہنچ چکا ہے۔ لیکن اہل بصیر کے لئے سُندری کی قربانی وہ کچھ اثر رکھتی ہے۔ جو واعظ۔ مقرر اور کتابیں پیدا کرنے سے قاصر ہیں۔

کبتک؟

ستم شعار، یہ اندازِ ساحری کب تک؟ رہیگی رونقِ بازارِ سامری کب تک؟
یہ درسِ امن کی ابلہ فریبیاں تا چند؟ یہ اشتیارِ کرم کی فسونگری کب تک؟
یہ بزمِ عیش و مزامیرِ خسروی تا کے؟ یہ تاج و تخت، یہ گلبانگِ قیصری کب تک؟
یہ فرِ تیغ و علم کی نمائشیں تا چند؟ یہ شانِ طرّہ و دستارِ سروری کب تک؟
یہ طنطنے، یہ تحکم، یہ دبدبے کے دن زبوں خصال، یہ جھوٹی سپہگری کب تک؟
یہ شیطنت میں نمودِ پیمبری تا کے، پیمبری میں یہ اندازِ داوری کب تک؟
یہ چیرہ دستیِ تثلیثِ نارواتا چند؟ یہ فتنہ خیزیِ توحیدِ آذری کب تک؟
یہ شغلِ ظلم بہ آئینِ دلدہی تا کے؟ یہ مشقِ جور بہ اندازِ دلبری کب تک؟

ٹھہر، کہ چرخ نئی چال چلنے والا ہے
سنبھل، سنبھل کہ زمانہ بدلنے والا ہے

(جوش ملیح آبادی)

مستقبل

مُژدہ اے دل! کہ نیا آب سر و ساماں ہوگا جس کو دُشوار سمجھتا ہے وُہ آساں ہوگا
ایک بار اور صبا لائیگی پیغام وصال ایک بار اور علاج شب ہجراں ہوگا
ایک دُھندلا سا نشاں ہوگا نشانِ ماضی ایک بھولا سا فسانہ غم دوراں ہوگا
سنگریزہ جو سرِ راہ پڑا ہے خاموش کاوشِ مہر سے کل لعلِ بدخشاں ہوگا
خوفِ صیاد سے جو بھول چکا ہے پرواز کل وہی مُرغِ قفس، مُرغِ سلیماں ہوگا
پائے ادبار پہ جھک جائیں گے شاہوں کے قصور ہمسرِ بامِ فلک کلبۂ دہقاں ہوگا
آج جس بزم پہ طاری ہے جلالِ فرعون کل وہیں دبدبۂ موسیٰ عمراں ہوگا
آج جس رُعب پہ ہے سوئے امارت کو غرور کل وہ مزدور کے چہرے سے نمایاں ہوگا

"نفسِ بادِ صبا مشک فشاں خواہد شد
عالمِ پیر دگر بارہ جواں خواہد شد" (حافظؒ)

(جوش ملیح آبادی)

برسات

از جناب طالب باغپتی۔

لبِ آبجو یہ سبزہ، یہ فضائیں "داستانی"
یہ گھٹائیں اودی اودی، یہ زمین دھانی دھانی!
یہ نسیم ٹھنڈی ٹھنڈی، یہ پھوار ہلکی ہلکی
یہ فلک سے ابر نیساں کی نئی گہر فشانی!
سطحِ زمیں پہ ہر سُو یہ نئے نئے جزیرے
یہ کہیں کہیں پہ خشکی، یہ کہیں کہیں پہ پانی!
چمنِ بساطِ صحرا، یہ ذرا ذرا سی جھیلیں
یہ نوعروسِ فطرت یہ لباس جامدانی!
یہ بسی ہوئی فضائیں، یہ دُھلے ہوئے مناظر
یہ شبابِ موہنی کا، یہ گلاب کی جوانی!
یہ پیامِ بادہ نوشی کہیں گھور بادلوں کی
یہ صدائے عیش و مستی کہیں مور کی زبانی!
کہیں آم کے درختوں پہ پکار کوئلوں کی
کہیں سرو کی قطاروں میں چکور کی کہانی!
کہیں جامنوں کے سایہ میں قمریوں کے جھگڑے
کہیں موسمی ترانوں میں حکایتِ جوانی!
کہیں دامنِ گلستاں پہ نقوشِ دستِ فطرت
کوئی پھول آسمانی، کوئی پھول زعفرانی!
نہ گھٹاؤں نے چھپائی، نہ فضاؤں نے سنبھالی
لو، بہارِ بنکے دُنیا پہ برس پڑی جوانی!

مگر ایں چہ راز باشد کہ جمال خود نمائی
نہ درون پردہ یابم، نہ برونِ پردہ آئی!

خطاب بہ ماہتاب

از جناب نجم صاحب

کیوں ترے چہرے پہ ہیں اے ماہتاب آثار یاس
کیوں نظر آتا ہے تیرا عارض روشن اُداس
چرخِ پیمائی کی محنت سے ہے تو افسردہ دل
مستقل نگرانیِ عالم سے یا ہے مضمحل
گو جہاں گردی میں تارے بھی ہیں تیرے ہمسفر
ہے مگر ایک ہمنوا کی فکر میں تیری نظر
برتری تاروں پہ ہے از روئے پیدائش تجھے
چاہیئے تجنیس کوئی بہرِ آسائش تجھے
یوں عیاں ہے تیری صورت سے تحیر کا اثر
جس طرح محوِ تجسس ہو کوئی چنچل نظر

کوئی شئے جس کو نظر آتی نہیں ہو حسب خواہ
کوئی شئے جس میں بھری ہو قوتِ جذبِ نگاہ

ترجمہ "ٹو دی لون" از شیلے

دُربارِ علم | مؤلفہ مولانا عبدالماجد صاحب جس میں ارکان اسلام اسرار و فلسفہ وغیرہ تفصیل و شرح سے درج ہیں قیمت عہ

سات ستارے | اس کتاب میں سرزمین پنجاب کے سات درخشندہ ستاروں کے حالات نہایت تحقیق سے درج کئے گئے ہیں قیمت ۱۳ر

ملنے کا پتہ: منیجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

شریکِ زندگی سے!

از مولینا جوشؔ ملیح آبادی

اے شریکِ زندگی، اس بات پر روتی ہے تو
کیوں مرا ذوقِ ادب ہے مائلِ جام و سبو!
کس لئے اس پر نہیں روتی کہ اہلِ خانقاہ؟
کر رہے ہیں داڑھیوں کے سایہ میں رقصِ سیاہ
کس لئے اس پر نہیں روتی کہ مصنوعی صلوٰۃ؟
خم کئے دیتی ہے اپنی وزن سے پشتِ حیات!
کس لئے اس پر نہیں روتی کہ آبِ جینا ہے شاق؟
دیر سے منڈلا رہا ہے چرخ پر ابرِ نفاق!
کیوں نہیں روتی کہ دنیا دام میں آئی ہوئی؟
زر کے پیچھے دوڑتی پھرتی ہے گھبرائی ہوئی!
کس لئے اس پر نہیں روتی کہ سر پر ہے زوال؟
بن رہا ہے انجمن کی ملک عورت کا جمال!
کیوں نہیں اس بات پر روتی کہ حاکم کامیاب؟
تیری ہمجنسوں کی راہوں میں الٹتا ہے نقاب!
کس لئے اس پر نہیں روتی کہ ہے گرمِ فغاں؟
سبحہ و زنار میں جکڑا ہوا ہندوستاں!
کس لئے اس پر نہیں روتی کہ تیرے نونہال؟
بن رہے ہیں مغربی تعلیم سے رنگیں جمال!
کیوں نہیں روتی کہ جن کے رخ پہ تھا رعب و وقار؟
آج ان لڑکوں کی سج دھج دیکھ کر آتا ہے پیار!
کس لئے اس پر نہیں روتی کہ ہندی نوجواں؟
کھو چکا ہے تیغ زن اسلاف کی روحِ تپاں!
کس لئے اس پر نہیں روتی کہ بیٹے کی جبیں؟
باپ کے ماتھے کی سی تابندگی رکھتی نہیں!

چھوڑ کر چہرہ کے دھبے آئینہ دھوتی ہے تو؟
میری درویشانہ میخواری پہ کیوں روتی ہے تو؟

احسن الکلام

از جناب احسنؔ مارہروی

نہ صنم کدے سے وہ شاد ہے نہ حرم کی آب و ہوا سے خوش
وہ ہے خود پسند اک آدمی نہ بتوں سے خوش نہ خدا سے خوش
مرضِ محبتِ گلرخاں جسے ہو گیا وہ ہے شادماں
کہ علاج ہو تو وہ خستہ جاں نہ دوا سے خوش نہ دعا سے خوش
یہ بجا کہ وہ ہے پیا مبر نہیں روک ٹوک کہیں مگر
جو نہ لاکے دے کبھی کچھ خبر تو ہو خاک کوئی صبا سے خوش
کبھی صلح ہو کبھی جنگ ہو کبھی موم ہو کبھی سنگ ہو
جو یہ ہر گھڑی ترا ڈھنگ ہو تو ہو کون ایسی ادا سے خوش

نہ کرم کرے نہ وفا کرے مری یاد اُس کو رہا کرے
جو کبھی کبھی یہ ہوا کرے تو ہو احسنؔ اس کی جفا سے خوش

فلسفہ خواب اس کتاب میں خواب کا فلسفہ قدیم و جدید بیان کیا گیا ہے۔ اس موضوع پر اُردو کی یہ پہلی کتاب ہے۔ قیمت دس آنے (۱۰/)
ملنے کا پتہ: مینیجر دفتر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

سُورج مُکھی

ڈنمارک کے مُعجز رقم ہینس اینڈرسین کے قلم سے
مُترجمہ اسرائیل احمد صاحب بی۔ اے

سُنو میری کہانی!

دیہات میں سڑک کے کنارے ایک گرہستی مکان ہے۔ اس مکان کے دلکشا[1] صحن[2] میں ایک باغ ہے۔ یہ ہر قسم کے پھُولوں کا ایک خوشنما چمنستان ہے۔ سبز گھاس کے مخملی فرش ہر طرف بچھے نظر آتے ہیں۔ اس باغیچے میں جن پودوں پر پہلی دفعہ نگاہ جاتی ہے اُن میں ایک سُورج مکھی ہے۔ دھوپ کی کرنوں نے اپنی گودوں میں ان پھُولوں کو پالا ہے۔ ہوا نے اُنکے سروں پر پنکھا جھلا ہے، مینہ کی دھاروں نے پانی پلایا ہے، اور اس طرح وہ دن دونے رات چوگنے بڑھے ہیں۔ سُورج مُکھی کی شادابی[3] سب پر فائق[4] ہے۔ گرمیوں کی ایک سُہانی صبح کو یہ شاندار منظر دیکھا گیا ہے کہ یہ درخت اپنی شاداب قدی[5] کے ساتھ اپنے سر پر ایک زرّین[6] تاج رکھے کھڑا ہوا ہے! یہ سُورج مُکھی کا ایک نیا کھلا ہوا پھُول تھا!

یہ پھُول اپنے سارے حُسن کے ساتھ پردہ نشینوں کی سی شرم و حیا رکھتا تھا! ہرے بھرے درختوں کے ہجوم میں وہ اپنے کو نظر بازوں[7] کی آنکھوں سے بالکل محفوظ سمجھتا تھا۔ لیکن سُورج کے ساتھ اُسکی آنکھ مچولی ہر گھڑی جاری رہتی تھی! صبح و شام کے سماں میں بُلبل کے[8] نغمے عجیب لُطف[9] پیدا کرتے تھے۔

سُورج مُکھی کا پھُول اس قدر ہشاش بشاش[10] معلوم ہوتا تھا کہ گویا عید کا دن ہو! لیکن یہ سبب جوانی کا جوبن تھا! سامنے کے مدرسہ میں بچے اپنی کتابوں کو پڑھ رہے تھے اور پھُول اپنے سبز ڈنٹھل کی چوٹی پر بیٹھا ہوا قدرت کی بہار دیکھ رہا تھا۔ سارا چمنستان ایک کھُلی ہوئی کتاب تصویروں کی نظر آرہا تھا! خدا اپنی اس خوبصورت مخلوق پر کتنا مہربان ہے!

اس تماشائے بہار کو دیکھتے دیکھتے آخر بُلبل چہک اُٹھی۔ وہ مُخل[11] باغ کی شاعرہ[12] تھی! سارا چمن نغموں سے گونج رہا تھا اور خوشبو سے معطّر[13] ہو رہا تھا۔ بلبل کو سُورج مُکھی کا پھُول اپنی ہی جنس سے سمجھتا تھا اور اپنے دل میں یہ سمجھتا تھا کہ میری ہی پتیوں نے حرکت میں آکر اُڑتی ہوئی بُلبل کی شکل اختیار کر لی! وہ کہتا تھا کہ بُلبل میری ہی ایک بہن ہے جو میری شاخ کی گود سے اُڑ گئی ہے اور باغ کی چڑیا بن گئی ہے! مجھ کو اُسکی خوش الحانی[14] پر مطلق رشک[15] نہیں آتا، کیونکہ میں اور وہ دو دو نہیں ہیں۔ وہ اُڑتی ہے اور گاتی ہے، لیکن میں اپنی آنکھوں سے اور کانوں سے ان دونوں چیزوں کا پورا مزہ لیتا ہوں۔ سُورج کے رُخِ روشن کا نظارہ[16] اس کے علاوہ ہے!

باغ کا منظر[17] بڑا دلچسپ اور پُر بہار تھا۔ رنگ برنگ کے پھُولوں نے ایک چراغاں سا کر رکھا تھا۔ کہیں گلاب اور گیندا تھا اور کہیں سوسن[18] یا سمن[19]۔ سُورج مُکھی ایک بڑی قندیل کی طرح نظر آرہا تھا!

نرگس کا پھُول اپنی حسین آنکھوں سے چاروں طرف تک رہا تھا۔ باغ کی چار دیواری سے باہر بھی خودرَو[20] پھُول کچھ کم خوبصورت نہ تھے، باغ کی گوداور مالی کی نظروں میں پرورش پائے ہوئے شہری پھُول ان جنگلوں کو خاطر میں نہ لاتے تھے، لیکن ایک نرگس ہی تھا جو صحرا[21] و چمن کو ایک ہی نظر سے دیکھتا تھا۔ اُسکی آرزو تھی کہ باغ کی بُلبل کبھی کبھی ہاں جا کر بھی اُن کو اپنے گیت سُنائے۔

ایکدن بُلبل باغ کی سیر کر رہی تھی کہ اُڑتے اُڑتے وہ سُورج مُکھی کے پاس جا پہنچی۔ ہر پھُول بُلبل کی آمد کا منتظر رہا کرتا تھا اور اُس درخت کے بڑے بھاگ سمجھے جاتے تھے جسکی شاخ پر بلبل آبیٹھے۔ سُورج مُکھی کو اس وقت یہی عزت و سعادت نصیب ہوئی تھی۔ وہ خوشی سے جھُوم رہا تھا اور اُسکے پھُول کی چمک دوچند[22] ہو گئی تھی!

بُلبل دیر تک اس درخت پر شغل کرتی رہی۔ سبز گھاس کا تخت، جہاں سُورج مُکھی اُگا ہُوا تھا اُس کو بہت بھایا۔ پھر اُس سُنہرے پھُول پر بھی وہ لوٹ ہوئی جاتی تھی۔ اُسکے بیچوں بیچ کی زرّین[23] ذرّوں کی بڑی ٹکیہ اور آس پاس کا پتیوں والا حلقہ[24] قدرت کی کاریگری کا ایک دلچسپ نمونہ معلوم ہوتا تھا۔

---

[1] باوفق، بہار دار [2] آنگن [3] تازگی [4] بڑھا ہُوا [5] قد و قامت کے درخت کا سا قد ہونا [6] سُنہرا [7] دیکھنے والوں [8] گیت [9] خوش و خرم [10] شاعر عورت [11] مہکا ہُوا [12] خوش آواز [13] حسد [14] دیدار، تماشا [15] سماں [16] بلبلی [17] خود اُگے ہوئے، قدرتی، جنگلی [18] جنگل [19] دونی [20] گھیرا۔

سُورج مکھی کے پھول کی زندگی کے یہ سب سے خوش قسمت لمحے تھے۔ بُلبل عین اُسکے سامنے بیٹھی ہوئی تھی اور اُسکے آئینہ رُخ[1] کا تماشا کر رہی تھی! اُسکے سامنے وہ ایک عاشقانہ غزل گاتی، اور گاتے گاتے جوشِ محبت میں آکر اپنی چونچ سے اُس کو چُوم لیتی۔ پھر ایک مستی کے عالم میں وہ اوپر اُڑ جاتی اور ہَوا میں ایک مختصر چکر کاٹ کر پھر پھول کے پاس آبیٹھتی اور دوبارہ اشتیاقِ دیدار[2] اور محبت کی حرف وحکایات کا بیان ہونے لگتا! الغرض سُورج مکھی اس وقت بلبل کا معشوق[3] و محبوب[4] بنا ہُوا تھا! بُلبل اُس پر واری جا رہی تھی اور وہ جامے میں پھولا نہ سماتا تھا! آج سُورج مکھی سارے باغ کا چشم و چراغ[5] نظر آتا تھا اور ہر پھول بُلبل کے اس منظورِ نظر[6] کی قسمت کو قابلِ رشک[7] سمجھتا تھا!

بعض پھولوں کے دلوں میں بُلبل کی طرف سے سُورج مکھی کی ان ناز برداریوں[8] پر رشک سے گزرحسد[9] پیدا ہونے لگا۔ ان جلنے والوں میں لالہ کے پھول کا خاص طور پر ذکیا جاسکتا ہے جو غصے سے لال ہوگیا! گیندا بھی اپنے کو سُورج مکھی کا چھوٹا بھائی شمار کرتا تھا، اُس کے غرور کو بھی اِس وقت بہت ٹھیس لگی۔ مگر خیر سے اُن کی زبان بہت موٹی واقع ہوئی تھی اِس لئے جی کی جی ہی میں رہ گئی۔ سُورج مکھی کے لئے بھی یہ اچھا ہُوا کہ اُس کو اپنے ہمجولیوں کی یہ جلی کٹی باتیں نہ سُننی پڑیں، ورنہ اُسکی یہ ساری خوشی تلخ[10] ہوجاتی!

لیکن اِن بدخواہوں[11] پر بہت جلد خدا کی مار پڑی۔ ایک لڑکی آئی جس کے ہاتھ میں ایک چمکدار چاقو تھا۔ فوراً یہ چاقو لالہ کے پھولوں کے گلے پر رکھا جانے لگا۔ باغ کے لالہ والے تختوں پر کُشتوں[12] کے کُشتے لگ گئے اور وہاں کی زمین لالہ زار[13] بن گئی۔ اس کے بعد گیندوں کا بھی یہی انجام ہُوا۔ نئے قاتل (لڑکی) کے اُنکی طرف رُخ کرنے سے پہلے ہی اُنکے چہرے زرد پڑ گئے تھے اور اُن پر ایک مُردنی چھا گئی تھی!

سُورج مکھی نے اپنی سلامتی پر خُدا کا شکریہ ادا کیا۔ سُورج ڈوبنے کے بعد اُس نے اپنی پتّیوں کے نازک ہاتھ پاؤں سمیٹ لئے، اپنی سُنہری آنکھ میچ لی اور پھر سوگئی۔ رات بھر اُس نے سُورج اور بُلبل کے خواب دیکھے!

دُوسرے دن صبح جبکہ سُورج مکھی نے سُنہری دھوپ اور نیلے آسمان کی فضا میں اپنی آنکھ کھولی تو بُلبل کی آواز پھر کان میں آئی۔ لیکن خوش آواز پرندے کا لب و لہجہ بالکل بدلا ہُوا تھا اور اُس میں ایک صاف ماتمی رنگ ٹپک رہا تھا۔

اس تغیرِ حال[14] کی کافی وجہ موجود تھی۔ بُلبل اس وقت ایک پنجرے کے اندر قید تھی! اور اسی جگہ وہ اپنی آزادی کے چھن جانے پر صفِ[15] ماتم بچھائے ہوئے تھی۔ اُس کا پنجر امکان کی کھڑکی کے سامنے ٹنگا ہُوا تھا اور باغ کُنجوں میں بیٹھنے والی بُلبل اس وقت اس تنگ حوالات کی قیدی بنی ہوئی تھی۔ آہ! وہ آزادی پرواز[16] اب کہاں تھی جو چند لمحہ پیشتر تک اُس کو حاصل تھی! آسمان کی کُھلی ہَوا، جنگل کے وسیع[17] سبزہ زار[18]، باغوں کے پھولوں کے تختے سب اُس کی سلطنت میں داخل تھے اور وہ ان کی ملکہ تھی! افسوس کہ اُسکی بادشاہت کی حدود[19] اب ایک پنجرے کی تیلیاں تھیں!

سُورج مکھی کو بُلبل کی بیکسی و بے بسی پر بڑی ہمدردی تھی۔ وہ اُسکے غم میں مُرجھایا جاتا تھا۔ اُس کے آس پاس ایک بہشتی دُنیا کا سماں[20] تھا لیکن بُلبل کی قید نے پھول کی آنکھوں میں ساری دُنیا تاریک[21] کر رکھی تھی! افسوس کہ وہ بیچارہ دلسوزی[22] کے بدقسمت پرے کیلئے کچھ نہ کرسکتا تھا!

سُورج مکھی اسی رنج و فکر میں ڈُوبا ہُوا تھا کہ اُس کا دل ایک نئے منظر[23] کو دیکھکر دھڑک گیا! اُس نے دیکھا کہ دو لڑکے باغ میں سے نکلے چلے آرہے ہیں اور دونوں کے ہاتھ میں تیز تیز چھریاں چمک رہی ہیں۔ اُنہوں نے سیدھے سُورج مکھی کا رُخ کیا اور اُسکے پاس آکر کھڑے ہوگئے!

سُورج مکھی کا ننھا سا جی خدا کے حوالے تھا!

"اپنی بُلبل کو اُسکے پیارے سُورج مکھی کی کچھ پتّیاں چاہئیں" اُنہوں نے کہا اور پھر اُنہوں نے پھول کا مرکزی[24] سُنہرا حلقہ[25] چھوڑ کر گرداگرد کی ساری پتّیاں کاٹ لیں!

ان کو لے کر وہ چلنے ہی کو تھے کہ ایک لڑکا ذرا ٹھٹکا اور پھر اُس نے اپنے ساتھی سے کہا:۔

"میری سمجھ میں تو یہ آتا ہے کہ سارے پھول ہی کو توڑ لیا جائے"

---

[1] مُنہ کا آئینہ [2] دیکھنے کا شوق [3] جس سے عشق کیا جائے [4] جس سے محبت کیجائے [5] لاڈلا [6] جو نظر پر چڑھا ہوا ہو [7] آرزو کرنیکے قابل [8] لاڈ پیار [9] جلنا [10] کڑوی، بیمزہ [11] بُرا چاہنے والوں [12] مرے ہوؤں [13] ڈھیر [14] لال، مُراد خون سے لال [15] حالت کی تبدیلی [16] ماتم کا فرش [17] اُڑان کی آزادی [18] لمبے چوڑے [19] ہریالی کے میدان [20] جمع ہے حد کی [21] اندھیری [22] دل جلانا، دل کُڑھانا [23] سماں [24] بیچ کا [25] گھیرا۔

سُورج مُکھی کا نازک دل تھرّا گیا! وہ جانتا کہ توڑ لیا جانا اُس کے قتل کے ہم معنی تھا اور اب اُس کو اپنی زندگی بہت عزیز ہو رہی تھی اِس لئے کہ اُس کی پتّیوں کو پنجرے کے اندر بُلبل کی دلجوئی[۱] کا کام سپرد ہُوا تھا جس کے لئے وہ اب عرصے تک اپنے کو زندہ رکھنا چاہتا تھا!

"نہیں نہیں!" دُوسرا لڑکا بولا، "اس بیدردی میں کیا مزہ ہے؟! بُلبل کیلئے پھول کی ان چند پتّیوں کا تحفہ ہی کافی ہے۔ سارے پھول کی تاراجی[۲] اُس کے لئے اور ماتم کا باعث ہوگی!"

سُورج مُکھی کے یہ پرزے بُلبل کے پنجرے میں لیجائے گئے، لیکن اُنہیں دیکھکر اُس کے دل پر اور سانپ لوٹ گیا! پھولوں کی صحبت اور باغ کی محفل کی یاد از سرِ نو تازہ ہوگئی اور اُس وقت بُلبل کی بے صبری اور تڑپ دیکھی نہ جاتی تھی! وہ اپنے چھوٹے چھوٹے بازوؤں کو پھڑپھڑاتی تھی اور اپنے ننھے سے سر کو پنجرے کی دیواروں پر پٹکتی تھی لیکن آہ کہ صیّاد[۳] کا دل بہت سخت تھا!

"افسوس، ان ظالموں نے اس قید خانے کے اندر پانی بھی تو نہیں رکھا ہے!" بُلبل نے فریاد کرنی شروع کی، "آہ! ۵

قید کرنے کا ہے یہ کون طریقہ صیّاد؟ کُنج تنہائی میں جو باندھ کے پر چھوڑ دیا!

میرا گلا جو ہزاروں نغموں کا ساز[۵] تھا تشنگی[۶] اور خشکی سے جلا جاتا ہے! آہ، شاید معلوم ہوتا ہے کہ باغ و چمن کی جھلک آب و باد دیکھنے میں نہ آئیگی! یہ خوبصورت بازو ہرے بھرے میدانوں کی ہَوا میں حرکت کرنیکا پھر موقع نہ پائیں گے! آہ کوئی بتاتا کہ یہ حبسِ دوام[۷] کی سزا آخر کس قصور میں دی گئی ہے؟!"

بُلبل کے پنجرے میں تھوڑی سی گھاس بچھا دی گئی تھی اور اُس پر سُورج مُکھی کے پھول کی پتّیاں ڈالدی گئی تھیں۔ بُلبل کی نظر اس وقت اپنے پنجرے کے اس سامان پر پڑی اور وہ ان چیزوں سے خطاب کرکے بولی:-

"آہ! یہ ہے کُل حصّہ جو سارے سبز جنگل اور سارے گلزار[۸] باغ سے مجھ کو دیا گیا ہے! آہ، میرا یہ حق میری حق تلفیوں[۹] کی یاد دلاتا ہے! پیارے پھول کی نازک پتّیو! تم اُس گلبدن[۱۰] سُورج مُکھی سے کیسی بیدردی سے نوچی گئیں! آہ، اب تم یہاں کیسی سسک سسک کر جان دوگی! میرا دل تمہاری جانکنی[۱۱] مرگ کو دیکھ کر کیسا خون ہوتا ہے! (گھاس کے بستر کو دیکھکر) آہ! اس ننھے سے گھاس کے تختے نے میری آنکھوں کے سامنے اُن کو سوں لمبے چوڑے میدانوں کی تصویر کھینچدی جن کی مَیں نے اپنی اُڑانوں میں سیر کی ہے! آہ، وہ وسیع صحرا آج اتنا تنگ ہے جس کی حد بندی[۱۲] اس پنجرے کی چار دیواری کر رہی ہے؟! مجھ کو اس گھاس کا تنکا تنکا پیارا ہے کیونکہ اب لے دیکے یہی میری اُس پُر فضا[۱۳] اور دلکشا[۱۴] دُنیا کی تنہا نشانی ہے!"

سُورج مُکھی کے پھول کی پتّیاں اس بے چینی اور نوحہ گری[۱۵] پر بُری طرح کُڑھ رہی تھیں۔ وہ چاہتی تھیں کہ کسی طرح بُلبل کے زخمی اور خونی دل پر اپنے کو مرہم کے پھائے بنا کر رکھدیں لیکن وہ اُس کے درد دل کی دوا کرنے سے اپنے کو معذور پاتی تھیں! لیکن جوشِ ہمدردی اور شدّتِ محبّت میں اُن کے جسم کے ایک ایک سُوراخ سے پسینہ نکلنے لگا اور اس کے ساتھ اُن کی رگ رگ سے خوشبو پھوٹنے لگی! پتّیاں اس مفرح[۱۶] نسخے سے بُلبل کی قلبی[۱۷] و روحانی تکلیف کا علاج کرنا چاہتی تھیں! لیکن بُلبل کی تڑپ اور بیقراری اس سے کچھ اور بھی بڑھ گئی! پھول کی پتّیوں کی اس دلسوزی[۱۸] اور اُلفت سے اُس کا حال اور بھی غیر ہوگیا اُس نے اُنکی طرف دیکھا اور بیتاب ہوکر اپنی چونچ سے اُن کے سینکڑوں چُومے لیلئے!

شام ہوگئی اور بیرحم انسانوں میں سے کوئی بھی پانی کا ایک قطرہ لیکر پنجرے کے پاس نہ آیا۔ بُلبل کی حالت اب دیکھی نہ جاتی تھی۔ اُس پر جانکنی[۱۹] کی سی کیفیت طاری ہونے لگی، چنانچہ اُس کے بازوؤں میں ایک اینٹھن سی نظر آنے لگی۔ زبان پر اس وقت ایک نہایت کمزور اور غمگین گیت تھا۔ اُس کا سر سُورج مُکھی کی پتّیوں پر پڑا ہوا تھا۔ وہ چاہتی تھی کہ اپنے پیارے پھول کی ان ننھی ننھی بیٹیوں کو اپنی گود میں بٹھالے اور سینے سے لگالے!

بُلبل کو قید کرنے والے لڑکے واقعی بڑے بیرحم تھے۔ اُنہوں نے کہیں دُوسرے دن صبح اس گنہگار کی خبر لی، لیکن اُنکی غفلت اب اپنا کام کر چکی تھی۔ ایک پورا دن اور پوری رات بے آب و دانہ[۲۰] رہنے کی وجہ سے بُلبل مر چکی تھی! اُس کا جسم سبز گھاس کے بستر پر اور سر سُورج مُکھی کے پھول کی پتّیوں پر تھا!

---

[۱] دل خوش کرنا [۲] بربادی، لُوٹ [۳] نئے سر سے [۴] شکاری [۵] باجا [۶] پیاس [۷] ہمیشہ کی قید [۸] پھولوں سے بھرے [۹] حق کا مارا جانا [۱۰] گلاب کے پھول کا بدن کہنے والا [۱۱] جوانی کی موت مرنا [۱۲] احاطہ بنانا، گھیرنا [۱۳] بارونق، بہار دار [۱۴] دل خوش کرنے والی [۱۵] ماتمی رونا رونا [۱۶] فرحت یا خوشی دینے والے دوا [۱۷] دل کی [۱۸] دل جلانا [۱۹] دم توڑنا [۲۰] بغیر پانی اور دانے کے۔

بچے اس بدقسمت چڑیا کی ناشاد موت کا ماتم کرنے میں بھی کسی سے پیچھے نہ رہے! انہوں نے اپنے آنسوؤں کے موتیوں کے بہت سے ہار اس معصوم میت پر ڈالے! بلبل کا جنازہ ایک پھولوں کی سیج سے بنایا گیا، اور بڑی شاہانہ شان کے ساتھ اس کی تجہیز و تکفین[1] کی گئی! سورج مکھی کا وہ خوبصورت پھول معہ اپنی ساری پتیوں کے بلبل کی لحد[2] میں رکھدیا گیا۔ اپنے اس معشوق کو لے کر وہ گوشۂ قبر[3] میں اتنی ہی راحت و مسرت سے تھی جتنی بیقراری و مصیبت میں وہ پنجرے کی قید میں نظر آتی تھی!

عہدِ فاروقی کا ایک واقعہ

وظیفۂ اطفال

اِک قافلہ مدینہ کے باہر تھا خیمہ زن
اور دشت بے پناہ میں پھیلا ہُوا تھا مال

تھے جُملہ اہل قافلہ بے یار و غمگسار
لُٹ جانے کا تھا اُن کے سر راہ احتمال

جب حضرتِ عمرؓ کو ملی اس کی اطلاع
کرنے گئے وہ قافلے کی آپ دیکھ بھال

گو اہل قافلہ سے وہ واقف نہ تھے مگر
ہر دم تھا اُن کی راحت و آرام کا خیال

اس پاسباں نے آکے یہ دیکھا کہ اِک طرف
روتا ہے بار بار کوئی طفل خورد سال

ظاہر ہوئے نگاہ سے آثار انتشار
آواز گریہ سُن کے طبیعت ہوئی نڈھال

پروانہ وار گھومتا پھرتا تھا ہر طرف
مقصد کی شمع کا نظر آتا نہ تھا جمال

دیکھا کہ ماں کی گود میں ہے طفل شیر خوار
کرتا ہے چشم یاس سے جو دودھ کا سوال

بے رحم ماں مگر اُسے دیتی نہیں ہے دودھ
بچے کا رو رو تے رو تے بُرا ہو گیا ہے حال

بچے کی ماں سے حضرتِ فاروقؓ نے کہا
یہ ظلم نا روا ہے کہ بچہ ہے خورد سال

اس بے زباں کو دُودھ پلاتی نہیں ہے کیوں
سوچا نہیں ہے غالباً اس جور کا مآل

ایسا نہ ہو کہیں کہ یہ مل جائے خاک میں
زینت ترے چمن کی ہے ناداں یہ نونہال

سُنتی رہی خموش وہ پہلے تو یہ کلام
عورت تھی آخر آ ہی گیا اس کو اشتعال

کہنے لگی کہ جا تجھے معلوم ہی نہیں
یہ شیر خوار بچے ہیں ماں کے لئے وبال

احکام یہ خلیفہ کے نافذ ہوئے ہیں اب
ہو طفل کا وظیفہ نہ اُس وقت تک بحال

جب تک کہ دُودھ ماں کا وہ اپنی نہ چھوڑ دے
خواہ اُس کے والدین کا غربت سے کچھ ہو حال

بہرِ وظیفہ دُودھ چھٹاتی ہوں کیا کروں
اِس بے زباں کا تجھ سے نہیں کم مجھے خیال

عورت کو کیا خبر تھی خلیفہ ہے وقت کا
تقریر اس کی سُن کے جو ہے غرق انفعال

جو سوچتا ہے ہونگے بہت ایسے شیر خوار
جن کا مرے سبب سے ہُوا ہوگا اِنتقال

آتے ہی اپنے حُکم کو منسوخ کر دیا
پھر بھی عمرؓ کو اس کا رہا مدتوں ملال

(محمود۔ اسرائیلی)

[1] کفن دفن [2] قبر [3] قبر کا ایک حصہ

ساہوکار سرکار اور زمیندار

ملک کے سامنے آجکل ایک نہایت دشوار اور ناقابل حل سوال پیش ہے۔ انگریزی تجارت کو بائیکاٹ کے ذریعہ تباہ کرنے کی جو مہم خداوندان کانگرس نے شروع کر رکھی ہے۔ اُس کے نتائج ساعت بہ ساعت جنت نشان ہندوستان کو دوزخ بنا رہے اور تباہی کے گڑھے میں دھکیل رہے ہیں۔ ملک کی آبادی کا ستاسی فیصدی حصہ زمیندار اور کاشتکار ہے۔ ان کی حالت سے عدم توجہی کبھی سوا راج حاصل نہ ہونے دیگی۔ گورنمنٹ نے پچھلے سال ڈیڑھ کروڑ سے زیادہ مالیہ زمینداروں کی افلاس اور مفلوک الحالی کی وجہ سے چھوڑ دیا ہے۔ گو یہ مصیبت کانگرس والوں نے کھڑی کی تھی مگر سرکار نے زمینداروں کی عین وقت پر امداد کی۔ یہ فیصلہ شدہ امر ہے کہ گورنمنٹ بصورت موجودہ اور کمی کرنے کے قابل نہیں کیونکہ بجٹ مزید تخفیف کی اجازت نہیں دیتا۔ اور گورنمنٹ سے مزید تخفیف کا مطالبہ کیا گیا تو اس کا اثر ملک کی تعلیم۔ حفظانِ صحت۔ تحریک امداد باہمی اور دیگر مفید ملکی امور پر پڑیگا۔ جو صرف ٹیکس اور مالیہ پر چل رہے ہیں۔ لیکن ہم زمینداروں کی تباہی کی سب سے بڑی وجہ مالیہ سرکار کی فراوانی نہیں بلکہ سود کی لعنت ہے۔ جو بیچارے زمینداروں کا خون چوس رہی ہے۔ گورنمنٹ کا مالیہ تو پنجاب میں پانچ کروڑ ہے۔ مگر پنجابی زمینداروں کا قرضہ دو ارب کے قریب ہے۔ ایک ارب بیالیس لاکھ تو وہ قرضہ ہے جو کہ بنکنگ انکوائری کمیٹی کے تخمینہ کے مطابق زمینداروں کی طرف سے ساہوکاروں کو واجب الادا ہے۔ اور اس کے علاوہ کی رقم وہ ہے جو کہ زمینداروں کی عورتوں کو مہاجنوں کی عورتوں نے بہت سخت شرح سود پر دے رکھی ہے اور تین فیصدی ماہوار کے حساب سے جو شرح سود آجکل ساہوکار عام لگا رہے ہیں اس قرضہ کا سود بہتر کروڑ سالانہ سے بھی زیادہ ہے گو اصل تعداد سود اس سے بھی زیادہ ہوگی۔ پنجاب کی کل زرعی اراضی کی اوسطاً قیمت اگر دو سو روپیہ فی ایکڑ لگائی جاوے تو دس ارب بنتی ہے۔ مزید سات سال کے عرصہ میں یہ سود اور قرضہ سود در سود کے حساب سے زمینداروں کی تمام زمین کو کھا جائیگا۔ غیر ملکی حکومت نے تو مہربانی کی اور اپنے مطالبہ کا قریباً چہارم حصہ معاف کر دیا کیا ہمارے ساہوکار بھائیوں نے بھی جنہیں اکثر حب الوطنی کا دم بھرتے ہیں اور زمینداروں کے بل بوتے پر کروڑ پتی اور لاکھ پتی بنے ہوئے ہیں اپنے اہل وطن کے ساتھ کچھ ہمدردی ظاہر کی۔ اس ناداری کے زمانہ میں وہ اُلٹا اور تنگ کرنے لگ گئے ہیں۔ چنانچہ سرکاری رپورٹ سے ظاہر ہے کہ حال میں سکندر آباد ضلع ملتان میں جو المناک واقعہ ہوا اُس کی تہ میں صرف ساہوکاروں کے استبداد۔ مظالم اور زیادتیوں کے واقعات ہیں۔ کون کہہ سکتا ہے۔ کہ ساہوکاروں کی چیرہ دستی ہر جگہ ایسے ہی خوفناک انجام نہ دکھائیگی۔ پچھلے دنوں مسٹر گاندھی نے عبدالغفور خاں "سرحدی گاندھی" کو جو اپنی سادگی کی وجہ سے کئی ہزار سرحدی مسلمانوں کو تباہ کرنے کا باعث بن رہا ہے۔ سابرمتی میں نہایت بھولا بن کر کہا۔ کہ خانصاحب آپکے پٹھان احمد آباد کے ہندوؤں سے بہت زیادہ سود لیتے ہیں آپ اُن کو منع کر دیں۔ کیا گاندھی کو معلوم نہیں۔ کہ پنجاب میں اُسکے بھائی بند اور ہم مذہب کس طرح غریب کسانوں اور سادہ لوح زمینداروں سے پٹھانوں کی شرح سود سے سہ چند اور چہار چند شرح سود لگاتے اور ایک ایک قرضہ کو دس دس دفعہ وصول کرتے ہیں۔ پٹھان تو ساری آبادی میں بہ مشکل ۲ فی ہزار روپیہ دیتے ہونگے۔ کیا گاندھی نے پنجاب کے اُن سود ماؤں کو بھی ہدایت کی ہے کہ تمہارے ظلم و ستم ناقابل برداشت ہو گئے ہیں۔ متعدد شاستروں کی رُو سے کسی قرضخواہ کو مناسب نہیں کہ اپنے قرضہ کی مقدار کے دوچند سے زیادہ مقروض سے وصول کرے۔ اس کو اصطلاح قانونی میں Law of Damdupat کہتے ہیں۔ مگر جور و جفا کا یہ پتلا بیس بیس پچاس پچاس اور بعض حالات میں سو سو گنا اپنی اسامیوں سے وصول کرتا اور پھر اُن کو آرام کا سانس لینے نہیں دیتا۔ ضرورت ہے۔ کہ گورنمنٹ ادھر توجہ کرے اور قانون کے ذریعہ شرح سود کی ایک جائز حد مقرر کر دے۔ ورنہ ملک کے امن و امان کو سخت خطرہ ہے۔

پچھلے دنوں میں نے اپنے ایک دوست سے جو محکمہ کوآپریٹو سوسائیٹز میں پرانے سرکل رجسٹرار ہیں دریافت کیا کہ دوران ملازمت میں کوئی گاؤں آپ نے ایسا بھی دیکھا ہے۔ جس کے زمیندار خوشحال ہوں اور قرضہ کی لعنت سے بچے ہوئے ہوں۔ وہ فرمانے لگے دو مواضعات

تیں نے قرضہ سے بچے ہوئے دیکھے ہیں۔ ایک میں زمینداروں نے بیان کیا۔ کہ جب سے ساہوکاروں نے ہمیں اپنے مظالم کا تختہ مشق بنالیا اور کوئی تجویز اپنے بچاؤ کی ہمیں نظر نہ آئی تو ہم نے ایک دن جمع ہوکر یہ فیصلہ کیا کہ آج کے بعد کوئی شخص کسی ساہوکار کو ایک حبہ تک ادا نہ کرے۔ اجرائے ڈگری میں اگر وہ مال نیلام کرائیں تو کوئی شخص بولی نہ دے۔ اگر عدم ادائیگی زرِ ڈگری میں وہ قید کرائیں تو چھ ماہ کی یہ قید ساری عمر کی قید غلامی سے بہتر ہے چنانچہ اس فیصلہ پر عمل کیا گیا۔ کئی آدمی قید ہوئے۔ ڈگریاں ادا نہ ہوئیں۔ مال جو نیلام کرایا جاتا۔ اُس کا کوئی خریدار گاؤں سے باہر کے زمینداروں سے بھی نہ بنتا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا۔ کہ بارہ سال کی طویل میعاد جو اجرائے ڈگری کے لئے مقرر ہے۔ وہ ہم نے بڑی مشکلوں سے کاٹی۔ اور آج آپ دیکھتے ہیں کہ ہم سب گاؤں والے خوشحال ہیں۔ کسی کے ذمہ ساہوکارہ قرضہ نہیں۔ آئندہ کبھی ہمارا طرزِ عمل دیکھکر کسی ساہوکار کو ہمیں قرضہ دینے کی جرأت نہیں۔ اور ہم بچ گئے۔ آج ہمارے گاؤں کے بنک میں کئی ہزار روپیہ بلا ضرورت پڑا ہے جس کو قرض پر لینے والے نہیں ملتے۔ اور مجبور ہوکر وہ روپیہ ہم نے دوسرے دیہاتی بنکوں کو قرضہ پر دے رکھا ہے۔

دوسرے موضع کی خوشحالی کا یہ باعث تھا۔ کہ وہاں زمین اچھی نہ تھی۔ اراضیات کی پیداوار کم ہونیکے باعث ساہوکاروں نے قرضہ دینے میں لیت ولعل کی جس سے زمینداروں کی آنکھیں کھل گئیں۔ اور انہوں نے عہد کرلیا۔ کہ آج سے کسی ساہوکار سے قرضہ نہ لیا جاوے۔ ان کی اس حلف کا یہ نتیجہ نکلا۔ کہ وہ گاؤں قرضہ کی وبا سے پاک ہوگیا۔

گورنمنٹ کو چاہیئے کہ اب جبکہ قانون انضباط حسابات کی وجہ سے ساہوکاروں کی اصل آمدنی ظاہر ہوجاویگی۔ وہ ساہوکارہ سُود پر پچاس یا ساٹھ فیصدی سود پر ٹیکس لگادے تاکہ ساہوکار اپنے روپیہ کو تجارت پر لگاکر اپنے مُلک کو مرفہ الحال بناویں۔ نہ کہ زمینداروں کا خُون چوس کر مُلک کو اور تباہ کرتے رہیں۔ حیرت ہے۔ کہ ساہوکاروں سے دو ہزار سالانہ کی آمدنی تک کوئی ٹیکس نہ لیا جاوے۔ لیکن زمیندار بیچارہ اگر سال میں سو روپیہ بھی کمائے تو وہ ضرور مالیہ ادا کرے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ انکم ٹیکس سے جو دولتمند فرقہ کی جیب سے نکلتا ہے پچاسی لاکھ روپیہ سالانہ وصول ہوتا ہے اور مالیہ پانچ کروڑ تک پہنچ جاتا ہے۔ گورنمنٹ کو چاہیئے کہ وہ زمیندار اور ساہوکار کو ایک آنکھ سے دیکھے۔ ساہوکارہ لین دین پر پچاس ساٹھ فیصدی ٹیکس لگادے۔ اس نئے ذریعہ سے جو آمدنی وصول ہو وہ زمیندارہ بنکوں کے اجرا اور زمینداروں کی تعلیم پر خرچ کرے تاکہ مُلک کے عوام خوشحال ہوں۔ قانون کے ذریعہ شرح سُود محدود کردے۔ ورنہ ایک دن زمینداروں کی تباہ حالی ان کو مجبور کرے گی۔ کہ ساہوکاروں کو ادائیگی قرضہ سے جواب دیدیں۔ اور ایسی حالت میں اگر کوئی بدامنی رُونما ہوئی تو اس کی ذمہ داری گورنمنٹ پر ہوگی جو آنکھیں بند کرکے خطرناک کارروائیوں کو دیکھ رہی ہے اور کوئی علاج نہیں کرتی۔

اسلامی زندگی کلاں جس میں اہلسنت والجماعت کے عقائد کے ماتحت اسلامی معاشرت سے تعلق رکھنے والے تمام ضروری اور نازک مسائل کو نہایت تصدیق و تحقیق کے بعد معتبر کتب سے جمع کیا گیا ہے اصلی قیمت سے رعایتی عہ

عرب اور ان کا مستقبل اصلی قیمت .. عہ ر رعایتی .. .. عہ ر

ملنے کا پتہ:- مینجر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤ الدین پنجاب

دین دُنیا کے افسانے نہایت مفید دلچسپ اور موثر افسانوں کا مجموعہ
قیمت حصہ اول درس عبرت علہ رعایتی ۱۲ر
قیمت حصہ دوم تصویر عبرت علہ رعایتی ۱۳ر

دُولہا دُلہن یہ کتاب دین کی زندگی کو پُر کیف بنا دیگی اور اُن لذتوں کی طرف رہنمائی کریگی جن سے بڑے بڑے تجربہ کار ناواقف ہیں
اصلی قیمت علہ رعایتی ۱۵ر

میاں بیوی یہ کتاب بھی اُن ہی لوگوں کے لئے مفید ہے جو ازدواجی زندگی میں قدم رکھ چکے ہیں۔ اصلی قیمت علہ رعایتی ۱۳ر

اولاد کی تربیت یہ کتاب نوجوانوں کو خانہ داری نیک پرستی نیکوکاری کی تعلیم دینے والی ہے۔ اصلی قیمت علہ رعایتی ۱۳ر

طوفانِ زندگی دین دُنیا کے افسانوں کا مجموعہ از مولینا سید ظہور احمد صاحب وحشی شاہجہانپوری۔ اصلی قیمت علہ رعایتی ۱۳ر

زندگی کی صبح و شام دین دُنیا کے افسانوں کا مجموعہ از مولینا سید ظہور احمد صاحب وحشی شاہجہانپوری۔ اصلی قیمت علہ رعایتی ۱۳ر

لُطفِ زندگی قاری سرفراز حسین صاحب کے گل ریز قلم کا ایک نہایت دلچسپ قصہ
اصلی قیمت ۲ر رعایتی ۱۰ر

اجتماع ضدّین جس میں رسم و رواج اور فطرت بشری کے تصادم سے پیدا ہونیوالے افسوسناک نتائج کو فلسفیانہ نقطۂ نظر سے شاعرانہ انداز بیان کے ساتھ نمایاں کیا گیا ہے
اصلی قیمت ۶ر رعایتی ۰۴ر

اکمال فی اسماء الرجال جامع مشکوٰۃ شریف کی تصنیف ہے۔ یہ کتاب صدہا محدثین کے حالات پر مشتمل ہے
اصلی قیمت علہ رعایتی علہ

تاریخ حریت اسلام جس میں زمانہ رسالت۔ عہد خلافت راشدہ۔ دور خلفائے بنی امیہ عباسیہ۔ عہد بنی بویہ سلجوقیہ دولت ہسپانیہ و غرنویہ ترکی مصر الجزائر مراکش فرمانروایان ہند خاندان افاغنہ و غلامان عہد مغلیہ اور مسلمان بادشاہان دکن۔ سندھ و کشمیر کے عہدہائے گذشتہ کے استبداد۔ حق پرست۔ حق گو بزرگوں کی حیرت خیز جرأت آفرین اور ولولہ انگیز استقلال اور جوش و ایثار کے حریت آمیز حالات اور عدل و انصاف حریت و مساوات۔ خدا ترسی و پاکیزہ نفسی کے حامی بادشاہوں کے سبق آموز واقعات کے علاوہ پرستاران حق و صداقت و فدائے مذہب و ملت عورتوں کی سوانح حیات درج ہیں
اصلی قیمت علہ رعایتی علہ

انقلاب قسطنطنیہ جس میں جنگ ہفت سالہ کے سلسلہ میں ترکوں اور اتحادیوں کے جان توڑ مقابلوں کے فوٹو الفاظ کی صورت میں کھینچے گئے ہیں۔ اصلی قیمت ۸ر رعایتی ۵ر

تاریخ سلاطین آل عثمان معہ جنگ نرکان احرار ویونان سلطنت عثمانیہ کی تاریخ کا مطالعہ ہندوستانی مسلمانوں کے لئے نہ صرف سبق آموز ہے بلکہ اس کے پڑھنے سے ہمارے بچوں میں شوق حصول حریت و جذبہ حب قوم و ملک اور مذہبی جوش پیدا ہوگا تمام سلاطین آل عثمان کی تصاویر اور چند ایک نقشوں کے ساتھ کتاب کو شائع کیا گیا ہے
اصلی قیمت مجلد علہ رعایتی علہ

پیارے نبی کے پیارے حالات حضرت رسول خدا حبیب کبریا کے حالات زندگی۔ اصلی قیمت علہ رعایتی علہ

سعادت الکونین فی فضائل الحسنین یہ کتاب امام حسن و حسین سبطین رسول مقبول صلعم کے مناقب اور فضائل شریفہ میں لکھی گئی ہے۔ اصلی قیمت علہ رعایتی ۱۲ر

واری شریف احادیث رسول مقبول صلعم کا ایک مستند مجموعہ
اصلی قیمت علہ رعایتی ۱۵ر

کلیاتِ اکبر مولینا اکبر حسین صاحب اکبر الہ آبادی پنشنر مسشن جج کا کلیات حصہ اول علہ رعایتی علہ حصہ دوم علہ رعایتی علہ حصہ سوم علہ رعایتی علہ

فنِ اشتہار اس کتاب کو پڑھکر آپ ایک کامیاب اشتہار نویس بن سکتے ہیں
اصلی قیمت علہ رعایتی ۱۳ر

فنِ دکانداری اس کتاب کو پڑھکر آپ ایک کامیاب دوکاندار بن سکتے ہیں۔ اصلی قیمت ۱۲ر رعایتی ۹ر

تعلیم موٹر اس کتاب میں موٹر چلانے۔ فٹ کرنے اور خراب ہو جانے پر درست کرنیکے متعلق نہایت خوبی کے ساتھ تعلیم دی گئی ہے
اصلی قیمت علہ رعایتی علہ

رُوحِ انجینری فن انجینری کی تعلیم دینے والی مفید کتاب جس میں مشکل سے مشکل باتوں کو نہایت خوبی سے سمجھایا گیا ہے۔
اصلی قیمت علہ رعایتی علہ

معلوماتِ تجارت اس کتاب میں بتایا گیا ہے کہ تجارت کیوں اور کیونکر کیجائے۔ تجارت کے شروع کرنے اور تجارت میں کامیاب ہونیکے طریقے بتائے گئے ہیں۔ اصلی قیمت علہ رعایتی علہ

اسرارِ نباتات نباتات کی پیداوار۔ تصویریں اور ان کے طبی اسرار اس مختصر سی کتاب میں درج کر کے مصنف نے دریا کو کوزہ میں بند کرنے کی کوشش کی ہے۔ اصلی قیمت علہ رعایتی ایک روپیہ (علہ)

عروسِ مصر علامہ جرجی زیدان کے ایک تاریخی ناول کا اردو ترجمہ
اصلی قیمت علہ رعایتی علہ

ملنے کا پتہ:- منیجر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

فیضانِ قدسی اس میں آیۃ الکرسی شریف کے پڑھنے کے نہایت صحیح اور مجرب اعمال درج ہیں۔ اصلی قیمت ۸ر رعایتی ۶ر

دیوانِ نہایت الکمال مصنفہ سلطان الشعرا امیر خسرو کی طوطیٔ ہند جس میں آپ کے نہایت نایاب چیدہ چیدہ قصائد غزلیات۔ قطعات رباعیات۔ مطائبات چیستان وغیرہ شامل ہیں اصلی قیمت عہ ر رعایتی ۱۳ر

دیباچہ دیوان غرۃ الکمال اصلی قیمت ۸ر رعایتی ۶ر

سکندر نامہ خسرو جسے مولوی نظامی گنجوی کے سکندر نامہ کے جواب میں سلطان الشعرا حضرت امیر خسرو نے تحریر فرمایا ہے۔ اصلی قیمت عہ ر رعایتی ۱۳ر

سترھویں نامہ جس میں حضرت امیر خسرو کی کیفیت زندگی کے ساتھ ہی نہایت مزیدار پہیلیوں اور علمی تصنیفات کا تذکرہ ہے۔ اصلی قیمت ۳ر رعایتی ۲ر

کثرت ازدواج کثرت ازدواج کی بحث حکیمانہ اور فلسفیانہ نکات اصلی قیمت ۸ر رعایتی ۶ر

عقائد صوفیہ صوفیہ کے مختلف فرقوں کے عقائد پر مفصل کتاب ہے اصلی قیمت ۱۲ر رعایتی ۶ر

حکمت کے موتی وہ قول اور شلوک جو تاثیر بیان کا ملہ جو انسانی زندگی کو بہترین اور کارآمد بنا سکتے ہیں۔ اصلی قیمت ۴ر رعایتی ۳ر

عارفاتِ سلطانی اس کتاب میں ہندوستان کی تعلیمیافتہ خواتین کے مطالعہ کیلئے چالیس ولی اللہ عورتوں کے حالات و اقوال لکھے گئے ہیں۔ نیز ایک مخاطبہ ہے جس میں معزز خواتین کو وہ پیام دیا گیا ہے جس کے لئے قدرت نے انہیں پیدا کیا ہے اصلی قیمت مجلد عہ ر رعایتی ۱۲ر

کملی والا پنجابی زبان میں حضرت سرور کائنات سید الاولین والآخرین و جہان صلعم کے حالات زندگی کو ایسی خوبی سے نظم کیا ہے کہ مصنف کی محنت کی داد دینی پڑتی ہے۔ اصلی قیمت عہ رعایتی عہ

بہشتی زیور کامل اردو مولفہ حضرت مولینا مولوی اشرف علی صاحب یہ کتاب عورتوں کی تعلیم کیلئے تالیف ہوئی ہے اور اس کتاب کے گیارہ حصے ہیں۔ اس میں تمام ضروری مسائل و حقوق طریقہ تربیت اولاد طرز معاشرت و قواعد تجدید و اصلاح الرسوم مروجہ اصلاح بالطرق تہذیب اخلاق ذکر قیامت اور نیک بیبیوں کی حکایات و حفظ صحت و سلیقہ خانہ داری وغیرہ وغیرہ بوضاحت درج کئے گئے ہیں۔ اصلی قیمت مکمل سٹے رعایتی عہ

تصدیق صداقت حضرت رسول مقبول صلعم کے حالات۔ کلام اللہ شریف اور اسلام کی صداقت کلیہ غیر مسلموں کی سند اور تائید سے ثابت کیگئی ہے۔ اصلی قیمت ۱۲ر رعایتی ۹

حیات باقیہ اس کتاب میں حضرت خواجہ باقی باللہ کے حالات و خوارق عادات سلیس اردو زبان میں نہایت احتیاط کے ساتھ قلمبند کئے گئے ہیں معہ آپکے ملفوظات اور کلمات طیبات کے۔ اصلی قیمت ۱۲ر رعایتی ۹

الدر النضید اس کتاب کو امام مجتہد قاضی محمد بن علی شوکانی نے عربی زبان میں لکھا اور عربی زبان کے فاضل مولوی محمد علی صاحب ایم۔ اے نے اسکو اردو کا جامہ پہنایا۔ اصلی قیمت ۱۲ر رعایتی ۹

ترکی حرم اس کتاب میں ترکی خواتین کی معاشرت پر ایک غائر نظر ڈالی گئی ہے اور تصویر کا اصلی پہلو دکھایا گیا ہے۔ اصلی قیمت عہ رعایتی عہ

المدینہ والاسلام علامہ محمد فرید وجدی مصری کی کتاب کا ترجمہ ہے اصلی قیمت عہ رعایتی عہ

خلافۃ الکبریٰ یعنی سورۂ بقر قرآن حکیم کی سورۃ یہی ہے اور اسی کے اسرار و معارف جاننے کی بنا پر رسول صلعم و صحابہ کرام حضور نبوی کی گورنری اور فوجوں کی قیادت سرفراز فرمایا کرتے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سورۂ مبارکہ کے درس و مطالعہ کے بعد کامل آٹھ سال صرف کئے تھے اس سے خفیف سا اندازہ ہو سکتا ہے کہ یہ سورہ حضرت رسالت پناہ کے نزدیک کس درجہ اہم و اعظم تھی قیمت مجلد ۵ر رعایتی للہ رعایتی بلا جلد ۸ر رعایتی

الصراط المستقیم جس میں سورۂ انفعال و توبہ کے حقائق و معارف کو دلکش انداز میں پیش کیا گیا ہے اور دقیق علمی پیچیدگیوں سے کنارکش ہو کر قرآن کے مطالب کو دلکش اور دلفریب عبارت میں مسلمانوں کے سامنے پیش کیا ہے تاکہ ہر شخص اس سے استفادہ حاصل کر سکے۔ اصلی قیمت عہ رعایتی ایک روپیہ بارہ آنے (عہ)

بیان یہ سورۂ آل عمران کی تفسیر ہے۔ اس میں الوہیت مسیح معجزات ابن مریم اور وفات و حیات عیسیٰ علیہ السلام پر حکیمانہ بحث کی گئی ہے اصلی قیمت عہ رعایتی عہ

سبیل الرشاد اس کے ابتدا میں ایک مبسوط مقدمہ ہے جس میں مجلس شوریٰ کی ترتیب، ارکان کے انتخاب اور صدر جمہوریہ اسلام کے شرائط اور انتخاب پر بحث کی گئی ہے۔ اصلی قیمت ۱۰ر رعایتی ۹

بصائر اس مختصر رسالہ میں بنی اسرائیل کے اُن سماوی واقعات و حوادث کو جو قرآن مجید میں بیان ہیں ایک دلکش رنگ میں پیش کیا ہے۔ اصلی قیمت ۶ر رعایتی ۵ر

نفائس القصص والحکایات قرآن مجید کے قصے نہایت سلیس اردو میں دو حصے۔ اصلی قیمت ۱۴ر رعایتی ۱۳ر

ملنے کا پتہ:- منیجر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین۔ پنجاب

فہرست مضامین رسالہ صوفی

جلد ۴۶ | بابت ماہ نومبر ۱۹۳۱ء مطابق جمادی الثانی ۱۳۵۰ھ | نمبر ۵

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	نمبر صفحہ
۱	نعرۂ مردانہ	مولینا جوش صاحب ملیح آبادی	۴
۲	شذرات واشارات	ضیاء الملک ملا رموزی صاحب	۶
۳	خاتونِ مشرق	مولینا جوش صاحب ملیح آبادی	۱۲
۴	فتح اندلس	چوہدری محمد علی صاحب بی۔اے۔ایل۔ایل۔بی	۱۵
۵	کلام نفیس	جناب مولوی محمد یوسف صاحب نفیس بنگلوری	۲۳
۶	سرنگاپٹم	جناب ظفر قریشی صاحب دہلوی	۲۵
۷	جنگِ بدر	جناب منظور حسین صاحب منظور بی۔اے	۳۳
۸	شوقِ آرائش	میاں احمد مجتبیٰ صاحب ترک منشی فاضل	۳۵
۹	دیوانۂ محروم	مولینا جوش صاحب ملیح آبادی	۳۸
۱۰	الفاظ کا جادو	مولینا عبدالماجد صاحب دریا آبادی	۳۹
۱۱	سن لو میرا گیت	چندن	۴۱
۱۲	سکھ اور ہندو	مولینا محمد یعقوب خاں صاحب ایڈیٹر لائٹ	۴۳
۱۳	خانقاہ! کبتک؟	مولینا جوش صاحب ملیح آبادی	۴۸
۱۴	کلامِ آزاد	جناب حکیم آزاد انصاری صاحب	۴۹
۱۵	کلامِ امجد	جناب امجد صاحب حیدر آبادی	۵۰
۱۶	کون لے گیا؟	مولینا جوش صاحب ملیح آبادی	۵۰

ترجمان القرآن

مصنفہ مولینا ابوالکلام آزاد

جس کا ۱۵ پندرہ سال سے انتظار تھا طیار ہے!

یہ پوری کتاب دو جلدوں میں منقسم ہے!

پہلی جلد ساڑھے پانچسو صفحات پر ختم ہوئی ہے۔ دوسری جلد بھی تقریباً اتنے ہی صفحات کی ہوگی۔ پہلی جلد میں ۱۷۲ صفحے سورۂ فاتحہ کی تفسیر کے ہیں جو قرآن کے مقاصد و مطالب کیلئے مقدمۂ تفسیر کا کام دیتے ہیں۔ کم سے کم لفظوں اور سہل سے سہل پیرایہ میں کوشش کی گئی ہے کہ قرآن کی تعلیم اپنی حقیقی شکل و نوعیت میں نمایاں ہو جائے اور وہ تمام پردے ہٹ جائیں جو اس کے اور اصل حقیقت پر ڈال دیئے گئے ہیں۔

اب کسی انسان کے لئے جو اردو میں لکھی ہوئی عبارت پڑھ لے سکتا ہے یہ عذر باقی نہیں رہا کہ وہ قرآن کو اس حد تک نہیں سمجھ سکتا جس قدر قرآن چاہتا ہے۔ کہ ہر شخص اسے سمجھ لے۔ کتاب سوپر رائل سائز کی بڑی تقطیع پر چھپی ہے اور ۲۲ اور ۲۴ پونڈ کا کاغذ لگایا گیا ہے

قیمت فی جلد سات روپے (مع ر) قیمت مجلد مراکوئی جلد آٹھ روپے

ملنے کا پتہ:۔ مینجر رسالہ صوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صوفی

نعرۂ مردانہ

از شاعر انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی

ہمنشیں! مجھ کو لرزتے ہوئے آگاہ نہ کر
کہ بلا خیز حوادث کی نظر ہے تجھ پر

جانتا ہی نہیں درماندہ و حیراں ہونا
کھیل ہے غم سے مجھے دست و گریباں ہونا

روح ہے مجھ میں صعوبت کے پرستاروں کی
نشّہ ہوتا ہے مجھے چھاؤں میں تلواروں کی

سیرِ گلزار ہے شعلوں کا بھڑکنا مجھکو
لحنِ شیریں ہے کمانوں کا کڑکنا مجھکو

وجد کرتا ہوں میں چلتی ہوئی تلواروں پر
نیند آتی ہے دھکتے ہوئے انگاروں پر

مسکراتا ہوں حوادث کی شرر باری میں
تاؤ مونچھوں پہ میں دیتا ہوں دلِ افگاری میں

اب مصیبت ہے مصیبت کا نہ ہونا مجھکو
کر دیا عشق کی نرم آنچ نے سونا مجھکو

برسوں جھولا ہوں ان اجداد کے گہواروں میں
صبح منہ دیکھتے تھے اٹھ کے جو تلواروں میں

تیغ خونخوار کے مانند تھے ابرو جن کے
تیر سینوں ہی میں ہوتے تھے ترازو جن کے

اپنی تابندہ روایات کی کھاتا ہوں قسم
زہر امرت ہے مرے حق میں جراحت مرہم

ہوں، اگر دہر میں آثار ہیں پیکاروں کے
زخم ہیں دل پہ مرے عشق کی تلواروں کے

ہوں، اگر حشر میں دُنیا کے بلا خانے ہیں
ایسے ٹکڑے ہیں بہت سے مرے افسانے ہیں

بحر میں آگ لگاتی ہے کہانی میری
گرمیٔ برق پہ ہنستی ہے جوانی میری

کتنے گرداب میں دیکھے ہیں کنارے مَیں نے
کتنے کاٹے ہیں مچلتے ہوئے دھارے مَیں نے

کتنے اَدیان کی توڑی ہے کلائی مَیں نے
کتنے اَصنام کو بخشی ہے خدائی مَیں نے

خوفِ جاں ہی نہیں، ہر خوف پہ خنداں ہوں میں
اک رہا خوفِ خُدا، خیر مُسلماں ہوں میں

پُوچھ دم بھرتا ہے کب سے مری مدّاحی کا
تجربہ مملکتِ حُسن کی سیّاحی کا

مانتی ہیں سفر صعب کی گھاتیں مجکو
خوب پہچانتی ہیں عشق کی راتیں مجکو

بول اگر نطق ہے اَب دیدۂ حیراں تجھ میں؟
کتنے تاریک شب و روز ہیں غلطاں تجھ میں؟

تو نے کیا کیا نہ اُٹھایا ہے مِری رُوحِ نیاز
تیز کرنوں کا غرور اور کڑی دھوپ کا ناز

کس قدر شدّتِ سرما کے ہیں خنجر تجھ میں؟
جذب کتنی ہیں سِلیں برف کی اے سر تجھ میں؟

کس قدر لُو کے تھپیڑے ہیں پرافشاں تجھ میں؟
کتنے طوفان ہیں اے سینۂ عریاں تجھ میں؟

دست و بازو میں ہیں بپھرے ہوئے دریا کیا کیا
اس کفِ پا میں ہیں تپتے ہوئے صحرا کیا کیا؟

سر میں ہیں شورشِ کونین کے کس بل کتنے
گم ہیں کانوں میں گرجتے ہوئے بادل کتنے

برف و باراں میں ہوئیں دشت میں باتیں کیا کیا؟
غرق ہیں دل میں برستی ہوئی راتیں کیا کیا؟

رند ہیں خُون کے دریا میں نہانے والے
جا بھی اے سیلِ حوادث سے ڈرانے والے

(غیر مطبوعہ)

دورِ حاضرہ کا بہترین ادبی شاہکار
ڈرامہ
معصوم کلیسا
از فطرت نگار روش صدیقی جوالاپوری

جس میں محبت کے اسرار مردی بے نقاب کئے گئے ہیں۔ قرطبہ یونیورسٹی کے مشہور اُستاذ فلاسفہ علامہ منذر اور عذرائے اندلس فاضلۂ دہر جولیانا کی داستانِ محبت۔ الحکم مستنصر باللہ جیسے فقیہ و فلاسفر خلیفہ کا عظیم الشان عہد خلافت قرطبہ یونیورسٹی کی عالمگیر علمی فتوحات۔ اندلسی عربوں کی شہامت اور قدوسی تمدن۔ مسیحی پیشوایانِ مذہب کی تاریک کاریاں۔ یہ ہیں وہ رُوح پرور مناظر جنہیں آپ معصوم کلیسا میں ملاحظہ فرمائیں گے۔ کتابت طباعت دیدہ زیب حجم تقریباً ڈیڑھ سو صفحہ۔ قیمت بارہ آنے (۱۲ر) علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ:۔ مینجر پنجاب اُردو اکاڈیمی۔ لاہور

شذرات و اشارات

از ضیاء الملک ملا رموزی صاحب فاضل الہیات ایم۔ آر۔ اے۔ ایس (لنڈن)

اس سے پہلے "کسانیات" پر جو کچھ لکھا گیا تھا اُسے اگر ہندوستان کے کسانوں اور زمینداروں کے بے شمار مصائب کے سامنے رکھدیا جائے تو ایسا ہی ہوگا جیسا کہ کوئی بنا ہوا صوفی اپنے جاہل مُرید کو چراغ سے آفتاب کھانے کا وعدہ کرے، چنانچہ اس ماہ کے اخبارات میں اپنے ہندوستان کے "خوشیا" اور "بدھوا" قسم کے کاشتکاروں، زمینداروں اور کسانوں کی مشکلات کیلئے جو طویل سے طویل مضامین اور موٹی موٹی فریادیں شائع ہوئی ہیں اُنہیں پڑھکر کلیجہ اگر بالکل ہی مُنہ میں نہیں آجاتا تو ایک مرتبہ اُچھل ضرور جاتا ہے، پھر جس تکلیف سے کلیجہ ایک مرتبہ اُچھل سکتا ہے اُس کا اثر عام صحت پر جو کچھ پڑ سکتا ہے اُسے زمینداروں کے ہمدرد اور مخلص غمگسار ملک محمد الدین اعوان قبلہ اور برادرم ملک محمد سلیم خاں صاحب ایم اے کینٹب بار ایٹ لا ایسے "کسانی ڈاکٹروں" سے کوئی دریافت کرے، پس حیرت ہے کہ جس انسانی آبادی کی فلاح و کامرانی اور حیاۃ زندگی پر تمام علماء، فقہا، فلاسفہ، حکام اور شاہانِ وقت کی زندگیوں کا مدار ہے وہ کیوں اس درجہ کو فتہ بختہ ہو رہی ہے؟

چنانچہ شمالی ہند کے نامور اور کثیر الاشاعت اخبار "انقلاب لاہور" نے اپنی اشاعت مورخہ ۲۶ اگست ۱۹۳۱ء کے صفحہ مدیری میں مولوی حکیم محمد صاحب سیکرٹری انجمن اتحاد و ترقی اسلام لکھوکے ضلع فیروزپور کا جو ایک دردناک مراسلہ شائع کیا ہے اُس کا خلاصہ ملاحظہ ہو جو لفظ لفظ یہ ہے کہ

"ہندوستان کے کسان اور زمیندار کے مصائب ایسے لامتناہی ہو چکے ہیں کہ زبان و قلم کو اُن کے احاطہ کی ہرگز طاقت نہیں، گذشتہ زمانہ میں جب اجناس کا بھاؤ زمینداروں کے موافق تھا زمیندار اور کسان سرکاری لگان اور آبیانہ اپنی زمینیں، زیور یا برتن رہن یا بیع کر کے ادا کرتے تھے باقی سال اپنا شکم نیم سیر کرنے کے واسطے انہیں ساہوکار کا دست نگر ہونا پڑتا تھا اور ایسے زمانے میں بھی ان کے کئی کئی دن فاقوں میں گزرتے تھے مگر زمانہ حال تو اس زمانے سے بھی بدترین زمانہ ہے چنانچہ جن زمینداروں کے پاس زمینیں ہیں ان کی زمینوں کو کوئی شخص کسی قیمت پر بھی قبول نہیں کرتا۔ زیور اور برتن پہلے ہی ختم ہو چکے ہیں۔ ذیلدار، سپاہی وغیرہ دیہات میں وصولی کیلئے آتے ہیں اور اکثر زمینداروں کو مجبوراً وہاں سے راہِ فرار اختیار کرنی پڑتی ہے۔ یہ لوگ استرضائے حکومت کیلئے ان غریبوں کی شکایات کو گورنمنٹ کے گوش گزار کرنے کے بجائے ان کو مختلف اقسام کے دُکھ دیتے ہیں اور کسی شریف آدمی کی ہتک سے دریغ نہیں کرتے وغیرہ"

یہ اقتباس اخبار مذکور میں موجود ہے، اب اسکی حرف حرف سچائی اور "جھوٹائی" کو تو جانیں اس اخبار کے ایڈیٹر اور مراسلہ نگار گرداں کسانوں اور مُلازمین سرکار کے "میل جول" کے چند مشاہدے ہمیں بھی ہیں مثلاً ہم نے جب دیہات کا سفر کیا ہے اور راستہ میں رات ہوگئی ہے یا کسی چیز کی ضرورت لاحق ہوئی ہے تو ہمارے ساتھیوں نے ہم سے بے تکلف یہ فرمایا ہے کہ

مُلا صاحب آپ کیوں پریشان ہوتے ہیں بس آنے والے گاؤں میں سے لے دیں گے آپ کو ماچس۔

مجال ہے جو گنوار بچے دینے سے انکار کریں۔ آپ ہی کے سامنے اتنے جُوتے رسید کروں گا کہ آپ تماشہ دیکھیں گے۔

کیا زیادہ رات ہوگئی؟

اجی ان گنواروں کی رات کیسی یہ مردود تو رات بھر گاتے بجاتے رہتے ہیں۔

نہیں نہیں مُلا صاحب وہ آپ کو تجربہ ہی نہیں ان بدمعاشوں کا۔

واللہ یہ بغیر جُوتے کے کام ہی نہیں کرتے۔

اچھا تو آپ دیکھ لیجے گا میں آپ کے کہنے کے موافق پہلا انتہائی نرمی ہی سے کہوں گا اُس سے۔
مگر پھر کہے دیتا ہوں کہ اگر اُس نے اِنکار کیا تو میرے ہاتھ کو پھر آپ نہ پکڑنا۔
بس دیکھنا کہ ایک ہی دو جُوتوں میں آپ کی جُملہ فرمائشیں پوری کرتا ہے یا نہیں؟ وغیرہ وغیرہ۔
تو گویا اس حساب سے ہندوستان کا کسان اور مُلازمین سرکار کا جُوتا آپس میں رُوح اور مادّے کی حیثیت رکھتے ہیں کہ مادّہ بغیر رُوح کے حرکت نہیں کر سکتا اور کسان بغیر جُوتے کے بات نہیں سُنتا؟

مگر آپ خدا کے لئے کہیں صرف اتنا ہی سمجھ کر نہ بیٹھ جائیگا کہ بس کسان کی ہر مُصیبت کے ذمہ دار سرکاری جُوتا پہننے والے ہی ہیں کیوں کہ اس میں کلام نہیں ہے کہ جہاں ہمیں اس قسم کے سرکاری جُوتے والے نظر آئے ہیں وہاں ایسے ایسے کسان خاں صاحب بھی ملے ہیں کہ ان سے محض خدا ہی نے نجات دلائی ہے کوتوالی والے تو ان سے امان نہیں دلا سکتے تھے، بالکل یہی حال زمینداروں اور کسانوں کی بربادی میں نظر آتا ہے یعنی زمیندار دنیکی تمام تر تباہی کا "واحد آرگن" گورنمنٹ ہی کو قرار دینا یا مُلازمین سرکار ہی کو کسانوں کے حق میں ہلاکو خان سمجھ لینا انتہائی بددیانتی اور انصاف سے دانستہ گریز و تغافل ہے چنانچہ مُلک میں ایسے سنجیدہ اور ذی ہوش اصحاب بھی ہیں جو اس تباہ کاری کا ذمہ دار کو توال صاحب اور تحصیلدار صاحب کے عوض خود مُلّا رموزی اور اُس کے تمام ہندوستانی بھائیوں کو قرار دیتے ہیں اور اس حقیقت کے اعتراف میں کوئی تامّل بھی نہیں خصوصاً مُلّا رموزی نہایت متانت سے اسی ایک بات کا مؤید ہے کہ جو کچھ ہے ع از ماست کہ بر ماست

چنانچہ ایسے سنجیدہ طبقے کی ترجمانی کے طور پر علاقہ جھنگ پنجاب کی ایک جماعت کی جانب سے ایک مضمون اسی اخبار "انقلاب لاہور" کی اشاعت مورخہ ۳۰ اگست ۱۹۳۱ء کے صفحہ ۲ پر ان الفاظ میں شائع ہوا ہے کہ

"سال گذشتہ میں بنکوں کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق پنجاب کے زمینداروں پر جو قرض تھا اس کی تعداد ایک ارب بیالیس کروڑ روپیہ تھی (گویا یہ کوئی بات ہی نہیں؟ اور نہ یہ مقدار کوئی مقدار ہے؟) جس کا سالانہ سُود چھیاسی ملک محمد سلیم خاں نے اپنے "سٹیٹسمین" کے ایک مضمون میں تخمینہ لگایا ہے پچھتر کروڑ اسّی لاکھ روپیہ سالانہ ہوتا ہے (کاش یہ سُود مُلّا رموزی کو ملتا ہے دیکھنا بڑے مولوی صاحب مُلّا رموزی پر کتنا تاؤ کھاتے ہیں؟) حالانکہ اس کے مقابلہ میں سرکاری معاملہ زمین کوئی حقیقت نہیں رکھتا، کیونکہ یہ سالانہ قرضہ کے سُود کا صرف چودھواں یا پندرھواں حصہ بنتا ہے اس رپورٹ کی روشنی میں ملک محمد اسلم خاں کے تخمینہ کے مطابق ہر زمیندار کا قرض بلحاظ اوسط ۴۸ روپیہ فی ایکڑ پر ۱۱۹ روپیہ فی کس زمیندار پیشہ پر اور ۷۳۰ روپیہ فی کس مالک کاشتکار پر ہے فصل کے حالات موافق اور اچھے نرخ اجناس پر ہر کاشتکار کی آمدنی کی اوسط صرف پچاس روپیہ سالانہ ہوتی ہے (خاصی تو ہے اور کیا چاہئے؟)

"ان حالات پر آپ غور فرما سکتے ہیں کہ تباہی کے گڑھے کے کنارے سے ہم کتنے دُور رہ گئے ہیں؟ مگر یہ سب "از ماست کہ بر ماست" کی صُورت ہے، کیونکہ غریب زمیندار تو جہالت کے باعث دُنیا و مافیہا سے ناواقف ہے مگر آپ تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے زمانہ کے حالات سے کچھ واقفیت رکھتے ہیں اس لئے اس کا آئندہ نسلوں کو کیا جواب دو گے؟"

اس کے بعد تجویز کُنندگان نے بتایا ہے کہ تمام ہندوستان کے زمینداروں کو گورنمنٹ کی خدمت میں ایک متفقہ یادداشت پیش کرنا چاہئے؛ پس مُلّا رموزی بھی ایسی مُشترکہ درخواست پر ایک عدد فدوی کی حیثیت سے انگوٹھا لگانے کو اس لئے تیار ہے کہ صرف گورنمنٹ ہی کے ذمہ الزامات کی فہرست ڈال دینے کے مقابل ایسی درخواست میں اپنی کمزوریوں کے اعتراف کے ساتھ کچھ کام بھی اپنے ذمہ لینا ہوگا، اور کچھ شک نہیں کہ ہر کام کی فلاح و کامیابی اُسی صُورت میں ممکن ہے جب حاکم و محکوم میں تعاون ہو وہ دیکھئے نا کہ وہ ہندوستان کے سب سے اونچے عدم تعاونی دامِ اقبالہٗ یعنی جناب گاندھی بھی آج گورنمنٹ کے اصل دولت خانے ہی میں بیٹھے دُودھ پی رہے ہیں اور وزیر اعظم کی چوکھٹ پر جبینِ نیاز جُھکائے سجدہ کر رہے ہیں!

چلئے اور اسی جگہ سے ذرا گاندھی صاحب کو بھی لے لیجے اگرچہ اس شذرہ کی اشاعت تک لنڈن کی گول میز کانفرنس اور گاندھی جی کا معاملہ طے ہو جائیگا مگر چند باتیں اس کے بعد بھی یاد رکھنے کے قابل ہوں گی، وہ یہ کہ لنڈن کیا ایک حیثیت سے کبھی گاندھی جی سارے یورپ کے لئے خطرہ بنے ہوئے تھے مگر "سیاسی ترکیبوں" کے قربان جایئے کہ آج وہی گاندھی صاحب لنڈن اور یورپ و امریکہ میں سب سے زیادہ "اونچی چیز" بنے ہوئے ہیں مثلاً اُن کے لئے لنڈن میں خاص اجازت عطا ہوئی ہے کہ وہ اپنے موٹر کو جدھر سے جدھر چاہیں گھما دیں؟ پولیس والے اُن کا مُنہ تو تکتے رہیں گے یا تاکتے رہیں گے مگر اپنے ذاتی مُنہ سے ایک حرف نہ کہہ سکیں گے وغیرہ۔

اب ان "لنڈنی نوازشوں" اور ان کے "نتائج" کا "حاصل ضرب" مُسلمانوں کے ڈاکٹر ضیاء الدین ریاضی ہی بتا سکتے ہیں؟

اس کے بعد ایک خاص چیز یہ ہوگی کہ یورپ اور امریکہ میں گاندھی صاحب کے معاونین نے جو پراپیگنڈا کیا ہے اُس کے اثر سے اُس طرف کے اخباروں، فوٹو گرافروں، سینما کمپنیوں اور تقریریں سُنانے والی وائرلس کمپنیوں سے گاندھی جی کو جو "نقدہ" وصول ہوں گے وہ کانگریس کے خزانہ میں معاملہ کے قابل قرار دیئے جائیں گے یا گاندھی جی کے شاہی خزانہ میں؟ کیونکہ کانگریس کے واحد نمایندہ کی حیثیت سے گاندھی جی کی ہر مُصیبت کانگریس کی مُصیبت جب ہو سکتی ہے تو اُن کی ہر منفعت کانگریس کی منفعت کیوں نہ ہو؟ مگر دیکھ لیجے گا کہ گاندھی جی کی اس "کمائی" کا تو یار لوگ تذکرہ تک نہ ہونے دینگے اور اُلٹا اُن کی تشریف آوری پر ہندوستان کے آسمان کو اپنے غلامانہ دیسی سر پر اُٹھانے کے لئے وہ بھاری بھاری چندے لیں گے کہ سر جارج شاستر وزیر مالیات کو اسمبلی میں حساب سمجھانا دُوبھر ہو جائیگا، پھر اس طرح ایک اکیلے یا تنہا گاندھی صاحب کی پرستش پر بھی یہ ہندوستان کے بے دُم کے گدھے خود کو جمہوریت پسند اور حُریت مآب سمجھے بیٹھے ہیں! مگر یہ بھی خدا کا احسان ہے کہ لنڈن میں گاندھی کے مقابل اِسلامی ہند کے بھی ایسے ایسے عالی دماغ سیاست دان مُسلمان نمایندے جمع ہیں کہ بس دل جانتا ہے جب تو یہ کانگریس کے مخالف کہا کرتے ہیں کہ

گر ہمیں لنڈن و ہمیں گاندھی ۵ کارِ مُسلم تمام خواہد شُد

مگر ہم یہی کہیں گے کہ اگر مُسلمانوں میں احساس ہے تو اُن کا ہر حال میں کامیاب ہونا یقینی ہے بلکہ ہمارے نزدیک تو اُن کی موت کا راز ہی یہ ہے کہ وہ خود کو فدوی اور کمترین سمجھنے اور لکھنے لگے ہیں، پس خدا کرے کہ کبھی وہ خود حضور پُر نور مُلّا رموزی بھی لکھنے اور کہنے لگیں۔

وہ جو ہم نے اس سے پہلے کبھی کہا تھا کہ ہندوستانی مُسلمانوں میں جھوٹے اور مکار پیروں اور صُوفیوں کی وجہ سے تصوف بھی ایک طرح کا "ماہوار رسالہ" بن گیا ہے جس میں ہر ماہ پوری پابندی سے نئے نئے اور مختلف النوع مضامین کا شائع ہونا ازبسکہ فریضۂ اشاعت ہے چنانچہ دُنیا میں کچھ ہو مگر ہندوستان کے مُسلمان پیروں اور ولیوں کے اتنے حالات و واقعات ہر ماہ جمع ہو جاتے ہیں وُن کی تفصیل کے لئے ایک دُوسرا رسالہ "صُوفی" بھی ناکافی ہو مگر آہ کہ ہمارے اس خیال کا اصل مطلب آپ اُس وقت تک نہ سمجھیں گے جب تک ہم خود نہ بیان کریں لہٰذا سُن لیجے کہ اس کا یہ مطلب ہے کہ ابھی ہندوستانی مُسلمانوں میں جہالت، وہم پرستی، مالیخولیا اور صُوفیانہ مراق کے اتنے جراثیم موجود ہیں کہ وہ ایک ماہر ڈاکٹر کیا اگر سارے یورپ کے ماہر ڈاکٹر جمع ہو جائیں تو ختم نہیں کر سکتے، چنانچہ اتنا کچھ لکھنے پر بھی ہندوستان کے علماء و صلحاء اور صحیح معنیٰ کے صوفیہ میں ہندوستان سے ان بنے ہوئے اور تباہ کار صوفیہ کے وجود کو مٹانے کے لئے کوئی متحدہ تجویز عمل میں نہ آئی بلکہ اُلٹے خواجہ حسن نظامی دہلوی گروہ سے نکل کر افغانستان جا پہنچے۔ اب بھلا کوئی ان خواجہ حسن نظامی صاحب سے خط کے ذریعہ دریافت کرے کہ او حضرت خواجہ صاحب یہ جو ہندوستان کے دارالحکومت میں آپ خواجۂ خواجگان حضور نظام الدین ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ ایسی جلیل المراتب ہستی کی امانت لئے بیٹھے ہیں سو اس کے تحفظ کیلئے اگر آپ افغانستان ایسے اونٹوں اور خچروں پر سوار ہو کر پھرنے والے دُشوار گزار مُلک کی سیر فرمانے کے عوض ہندوستان ایسے "ریلیاتی مُلک" کے ایک ایک گوشے میں دورہ فرما کر جھوٹے پیروں۔ مکار درویشوں اور پاگل قسم کے مجذوبوں کے برباد کُن اور اسلام کو ذلیل کرنے والے صوفیہ کے خلاف ہر جگہ کے مُسلمانوں کو بیدار اور ہوشیار کرتے پھرتے تو آپ کا اصل "خواجہ پن" یہ ہوتا یا یہ افغانستان اور بدخشاں کا لعل بیز اور لعل ریز سفر؟ اس صاف بات یہ ہے کہ افغانستان کا سفرنامہ اور وہاں کے مزار و نگی کتاب خوب فروخت ہوگی اور مُلّا رموزی کی جواہر سے تولنے کے قابل کتاب "عورت ذات جلد اوّل" قیمتی ساڑھے تین روپیہ آج بھی ویسی ہی دھری ہوئی ہے حالانکہ اُس کے ملنے کا پتہ "مُلّا رموزی، بھوپال" ہے اور خواجہ صاحب کا تو ابھی کسی کو پتہ بھی نہیں کہ وہ کابل میں ہیں یا قندھار میں؟

اچھا تو اب "اصحابِ منصبِ اصلاح" کو تو بخارا و بدخشاں کی اجازت دیدیجئے اور رُشد و رہبری کے فرائض ادا کرنے لیجئے مُلّا موزی ایسے بندۂ عزّان و معصیّت اور داڑھی مُنڈے سے۔

چنانچہ پیرانِ سیہ کار سے ایک کے متعلق روایت ہے یعنی دار التصوف اجمیر کے اخبار "راجستان" نے اپنی اشاعت مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۳۱ء کے صفحہ ۶ کالم ۳ پر ایک پیر صاحب کو یوں چھاپکر پھینکدیا ہے کہ

"جے پور میں اجمیری دروازہ سے جو سڑک ٹونک کو جاتی ہے وہاں چٹیی ؟ کی بغیہ کے قریب ایک عجیب و غریب فقیر چند روز سے ڈیرہ جمائے ہوئے ہے، فقیر کی عمر قریب ۴۵ سال کے ہے۔ داڑھی منڈی ہوئی اور رنگ گورا ہے، چوخانے کی لنگی کا تہمد باندھ رکھا ہے، سر پر ایک ریشمی دستی لپیٹ رکھی ہے، چاندی کا حُقّہ ہاتھ میں رہتا ہے، یہ فقیر مُسلمان بچّوں کو روزانہ کاغذ کے پرچے لکھ لکھ کر دیا کرتا ہے ان پرچوں میں یہ لکھا ہوتا ہے کہ نماز میں قرآن شریف کی وہ آیتیں نہیں پڑھنا چاہئے جن میں پیازلہسن اور شرمگاہ کا نام ہو۔ اور بغیر دیکھے ہوئے شیطان پر لاحول نہیں پڑھنا چاہئے، کیونکہ شیطان کو بغیر دیکھے لاحول پڑھنا حرام ہے"۔

"اِس قسم کی باتوں سے اندیشہ ہے کہ کوئی منچلا اس فقیر کا سر نہ پھوڑ دے۔ اب خیال یہ ہے کہ یا تو یہ فقیر کوئی سپاہی ہے سی۔ آئی۔ ڈی کا یا پھر کوئی آریہ ہے جو مُسلمان بچّوں کے خیالات خراب کرنا چاہتا ہے"۔

مُلّا موزی کے خیال میں یہ فقیر صاحب ضرور کچھ نہ کچھ ہیں اسی لئے حضورِ پُر نور نے بتادیا ہے کہ شیطان کو بغیر دیکھے لاحول پڑھنا حرام ہے لہذا اُس طرف کے تمام مُسلمانوں کو چاہئے کہ ایک دن تمام کاروبار کی ہڑتال کرکے وہ اس فقیر کے سامنے جمع ہوکر چلا چلا کر لاحول پڑھنا شروع کردیں بس یہ فقیر صاحب جو کچھ ہوں گے فوراً معلوم ہوجائے گا۔

خداخوش رکھے اخبار "زمیندار" کے عملۂ ادارہ میں قبلہ قاضی احسان اللہ، مولوی صدیق طبیب اور مولوی عبدالباقی مدظلہٗ کو کہ ان میں کا ہر ایک مکار صوفیوں، بدمعاش پیروں اور گمراہ کردہ راہ مُریدوں کے حق میں وہی حیثیت رکھتا ہے جو خاتمۂ جنگ یورپ کے بعد جرمنی کے حق میں "اتحادیوں" کی ثابت ہوئی ہے، چنانچہ ان کے ہاں ایسے بدکرداروں کے لئے جو کچھ لکھا جاتا ہے اور جو کچھ جمع ہوجاتا ہے اُسے اخبار "زمیندار" کی اشاعت مورخہ ۲۳ اگست ۱۹۳۱ء کے صفحہ ۳ کالم ۳ و ۴ پر یوں شائع کیا ہے کہ

"آجکل ہندوستان میں ولی، قطب اور ابدال بن جانا بھی بہت ہی آسان ہے، کوئی پاگل، دیوانہ، مجنوں، ننگ دھڑنگ ہوکر گلی کوچے میں مارا مارا پھرے اور اپنے مخصوص "شوقِ ولایت" سے "سروسامانی" کی رقابت کا اعلان کرنے لگے تو اسے خوش عقیدہ (یعنی اصل میں بدعقیدہ) مُسلمان (اور مُسلمان زادیاں) جھٹ قطبوں کا لاٹ صاحب قرار دیتے ہیں چنانچہ لکھنؤ میں پچھلے دنوں ایک ایسے ہی مجذوب صاحب نے اپنی مجذوبانہ وارفتگی میں بُرے بھلے کی تمیز ہی مٹادی تھی اور شریف عورتوں کے ناموس پر دست درازی کرڈالنا مقتضائے مجذوبیّت سمجھ لیا تھا مگر جب انہیں آگرہ کے پاگل خانے میں بند کیا گیا تو ساری مجذوبیّت دنوں دن میں غائب ہوگئی"۔

"اب پٹنہ شہر کی "چھوٹی مسجد" کے پاس ایک درزی دلومیاں بھی ہیں ان کی تین سال کی لڑکی نے کہیں قرآن پاک کی بعض آیات کو جو پڑھنا شروع کردیا تو فوراً مشہور ہوگیا کہ یہ سالہ لونڈیا مادرزاد ولیہ ہے اور فوراً ہی عورتوں کے ٹھٹ کے ٹھٹ لگ گئے، دلومیاں نے جو یہ دیکھا تو انہوں نے بھی ملاقات پر سوا روپیہ کا ٹکٹ لگا کر اس لڑکی کو کانگریس اور دنگل کا پنڈال بنادیا، خوب آمدنی ہوئی، مگر بدقسمتی سے جلد ہی ایک تحقیقاتی کمیشن نے دریافت کرلیا کہ اس لڑکی کا بھائی اس کے پاس بیٹھا قرآن پاک حفظ یاد کیا کرتا تھا اس لڑکی کے کان میں یہ آوازیں پڑتی رہتی تھیں اس لئے حافظہ کی اعلیٰ قوت سے وہ انہیں دُھرادیتی تھی چنانچہ اس نے بعض انگریزی الفاظ بھی دُہرائے اور ساتھ اپنی سالگی کے طفلانہ اثر سے مہملات بھی بکے اور ادھر عورت لوگوں نے اُن میں خواہ مخواہ کے معنی ٹھونس کر اُسے پیر اور ملہم من اللہ بنادیا، باقی خیریت رہی۔

یہ ہے حال اُس اُمّت کی عورت ذاتوں کا جسے "خیر الامم" کہکر دنیا جہان کے گمراہوں کی ہدایت کا منصب سپرد ہوا ہے !!!

آپ اخبار "انقلاب لاہور" کی بھی سُن لیجے چنانچہ اس نے اپنی اشاعت مورخہ ۸ ستمبر ۱۹۳۱ء کے صفحہ ۳ کالم ۴ پر محمد صدیق صاحب دُکاندار ڈاکخانہ پیلاں ضلع میانوالی پنجاب کا "حال زار" یوں شائع کیا ہے کہ

"میں نے ایک پیر طریقت کے ہاتھ پر بیعت کی ایکدن میں نے حضرت سے عرض کیا کہ کشادگیٔ رزق کیلئے کوئی وظیفہ بتا دیجے تو آپنے فرمایا کہ آدھی رات کو وضو کرکے بغداد کی طرف مُنہ کرکے اور یہ وظیفہ پڑھتا رہ کہ ؎

امداد کن امداد کن — از بند غم آزاد کن
در دین دُنیا شاد کن — یا شیخ عبدالقادرا

"چونکہ میں قرآن مجید اور دیگر احکام دین سے واقف ہوں اس لئے اس وظیفہ کو سُن کر میں نے استغفر اللہ پڑھا اور حضرت سے بیعت فسخ کرکے مولینا احمد خاں مجددی کھولہ ڈاک خانہ کُندیاں ضلع میانوالی پنجاب سے بیعت کی اور آپ کو ہادیٔ برحق سمجھ کر نذر بھی دیتا رہا چنانچہ ایک دفعہ حضرت میرے غریب خانہ پر تشریف لائے تو میں نے پچاس روپیہ نقد، آٹھ بوری گندم، آٹھ اونٹ جلانے کی لکڑی بطور نذر پیش کی تو حضرت میری اس عقیدت سے بے انتہا خوش ہوئے، مگر چند روز بعد آپ کی صاحبزادی کا نکاح ہونے لگا تو آپ نے مجھ سے امداد چاہی میں نے ایک عزیز سے پچاس روپیہ قرض لاکر حضرت کی جھولی میں ڈال دیئے۔ اب ایک سال گزر چکا ہے لیکن حضرت یہ قرض ادا نہیں کرتے لہٰذا "مدیر اذکار" بتائیں کیا کروں؟"

افسوس کہ "مدیر اذکار" نے اس کا علاج صرف عدالت دیوانی بتایا مگر محمد صدیق صاحب مُلازموزی سے بھی جواب اور تدبیر سُن لیں وہ یہ کہ مہربانی فرما کر پ جلد سے جلد "مُرید بازی" سے توبہ فرمالیں ورنہ خدانخواستہ اگر آپ ایسے مُرید ہزار دو ہزار ہی کی تعداد میں پیدا ہوگئے تو پھر خاکم بدہن ہمکو گوں کی ریعت و طریقت کا خدا ہی حافظ ہے۔ امان صدیق صاحب آپ نے اپنے بیان میں کچھ سوچا بھی کہ سارا الزام تو خود آپکی "عقل عقیدت کار" پر ہا ہے اور غریب پیر کو بے قصور بدنام کرنے چلے ہو، مثلاً آپنے دعویٰ کیا ہے کہ میں قرآن مجید اور دیگر احکام دین سے واقف ہوں، ماشاء اللہ آن مجید اور دیگر احکام دین سے آپ کی "مُریدانہ واقفیت" کا کیا کہنا کہ پھر بھی پیر صاحب کو "ہادیٔ برحق" سمجھا اور خود بخود اُنہیں پچاس روپیہ نقد، ٹھ بوری گندم، آٹھ اونٹ جلانے کی لکڑی نذر فرما دیں مگر نذرانے کی اس "دُکاندارانہ شرح اور مقدار کو" آپنے قرآنِ محترم اور احکام ن کے کس خدائی ضابطہ سے جائز قرار دیدیا؟

دُوسرے یہ کہ آپ سے جب پیر صاحب نے اپنی لڑکی کے نکاح میں امداد چاہی اور آپنے خود قرض روپیہ لیکر اُنہیں دیدیا تو اُن پر آپ کا قرض طرح ہوگیا جبکہ خود آپ کا بیان ہے کہ پیر صاحب نے امداد چاہی نہ کہ قرض۔ قرض تو خود لیا آپنے اور بیچارے امداد چاہنے والے پیر صاحب پر رض" کا الزام دھر کر اُنہیں کیوں بدنام کرتے ہو۔ بس اگر عقل والے ہو تو دُعا کرتے رہنا کہ خدا تمہیں اور پیر صاحب کو وکیلوں کی نظر سے بچائے۔ اور ذرا آیندہ اخباروں میں سوچ سمجھ کر لوگوں پر الزام لگانا۔

آہ یہ ہیں وہ جنہیں کہا ہے کہ "مُریدان می پرانند" اور پھر دعویٰ ہے کہ میں قرآن مجید اور احکام دین سے واقف ہوں۔ انا للہ

اسی اخبار "انقلاب لاہور" نے اپنی اشاعت مورخہ ۲۰ ستمبر ۱۹۳۱ء کے صفحہ ۳ کالم ۳ و ۴ پر پھر ایک پیر صاحب کو یوں ھاپ کر ایک ایک آنے میں سر بازار فروخت کیا ہے کہ

"مُفتی محمد افضل صاحب بی۔ اے لاہور سے لکھتے ہیں کہ قصبہ جسّر علاقہ امرتسر نارووال لائن میں ایک گاؤں قیام پور بھی ہے جہاں ایک رات ہمارا گزر ہوا کیا دیکھتے ہیں کہ ایک پُرتکلف اور شاندار دعوۃ اور جلسے کا اہتمام ہو رہا ہے۔ قضارا ہم بھی اس جلسہ میں "جا داخل ہوئے" دیکھا کہ ایک پیر صاحب جلوہ افروز ہیں حُلیہ شریف یوں واقع ہوا تھا کہ مُنہ پر داڑھی نہ مونچھ سر پر سبز دستار گلے میں چکن کا قمیض اور کمر میں سُرخ گوٹ والا تہ بند باندھے ہوئے ایک خوبصورت نواڑی پلنگ پر بیٹھے ہوئے تھے، ہاتھ پاؤں میں مہندی لگی ہوئی اور چشم خمار آگیں میں سُرمہ لگا ہوا تھا، سامنے حُقہ رکھا ہوا اور دائیں بائیں

چند حسین نوجوان عقیدتمند لڑکیاں پنکھا جھل رہی تھیں، پیر صاحب ممدوح خود کو اور اپنے مریدوں کو نماز روزہ کی پابندیوں سے بے نیاز سمجھتے ہیں اور آپ کے نزدیک شراب کا استعمال جائز اور مجوا کھیلنا مباح تھا۔ آپ نے پلاؤ زردہ اور مرغ چٹ کرنے کے بعد مبلغ سات روپیہ نذرانہ "دانت گھسائی" قبول فرمایا اور پھر رات کے دو بجے تک محفل رقص و سرود قائم رہی پندرہ بیس عورتیں بھی رونق محفل کا کام دے رہی تھیں، بارہ بجے رات کو آپ کو بھی وجد ہو گیا اور برابر چالیس پچاس منٹ تک (خدا رسیدہ ہو کر) آپ عجیب عجیب قسم کی حرکتیں کرتے رہے لیکن جب جوش جلالی ختم ہوا تو آپ نے اپنی دو فرمائی ہوئی نعتیں بھی ارشاد فرمائیں جن کے چند اشعار یہ ہیں۔

برچھی لگی حسین کو دل زار کر گئی — نظر تیری مجھ کو دو پھاڑ کر گئی
مدینے سے کڈھ تقدیر نے سٹیا سی کربلا — تقدیر امام حسین کو شہید کر گئی
تقدیر علی تون مڑی جو ہے شیر خدا — صلی اللہ علیہ وسلم کا دند شہید کر گئی

مستانہ محبوب ادا کر چکے ہیں — حسن محبوب خدا کر چکے ہیں
بندہ ہے وہ کوئی بندگی کریگا — کلمہ رسول ادا کر چکے ہیں

وغیرہ وغیرہ۔

ملا رموزی کی رائے میں شاعروں کے اس پیرے ردیف کو صرف ایک ہفتہ کیلئے صوبہ سرحد کے خدائی خدمتگاروں کے سپرد کر دیا جائے اور کہدیا جائے کہ آپ لوگوں پر ایک ہفتہ فوجداری کا کوئی قانون اثر نہ کریگا۔

کاش انجمن تبلیغ الاسلام انبالہ ان حالات کی اصلاح کو بھی اپنے وسیع تنظیمی دستور العمل میں شامل کر لے۔

والسلام علیٰ من التبع الہدیٰ

مسلمان لڑکیوں کی دینی اخلاقی اور معاشرتی تعلیم کا سلسلہ

تعلیم النسا کا قاعدہ - قیمت صرف ایک آنہ .. (۱ر)

تعلیم النسا کی پہلی کتاب جس میں آیندہ دینی و ادبی کتاب کی بنیاد رکھنے کیلئے آسان لفظوں میں توحید و رسالت کے تصور کی طرف رہنمائی کی گئی ہے۔ پھر چند مناظر قدرت دکھائے ہیں اور کئی نصیحت آمیز کہانیوں کے نتائج پر توجہ دلائی ہے۔ قیمت صرف تین آنہ (۳ر)

تعلیم النسا کی دوسری کتاب - قیمت چھ آنے .. .. (۶ر)

تعلیم النسا کی تیسری کتاب اسلامی عقائد و مسائل طہارت و نماز کا بیان بزرگوں اور عزیزوں کے ساتھ نیک سلوک کرنیکی ترغیب اور خانہ داری کے ہر شعبہ کا ذکر شبانہ روزی کاروبار کے آداب نیک اخلاق کا بیان۔ قیمت ۹

تعلیم النسا کی چوتھی کتاب (متعلقہ مسائل دینیہ) نہایت آسان اردو میں لکھدیا ہے شروع سے لیکر آخر تک کوئی ایسا مسئلہ نہیں جو درج نہ کیا گیا ہو۔ قیمت ۱۲ر

تعلیم النسا کی پانچویں کتاب جس میں خانہ داری کے صیغوں میں سے گھر مال و متاع کھانے پینے کے سامان کپڑے زیور کام کاج، کھانے پکانے سینے پرونے عورتوں کے شغل وغیرہ وغیرہ کا تفصیلی بیان درج ہے۔ قیمت ۱۲ر

تعلیم النسا کی چھٹی کتاب جس میں بیت و اولاد کے متعلق مفصل و مکمل بیان وجود سے ۱۲ر

تعلیم النسا کی ساتویں کتاب بچپن سے لیکر بوڑھوں تک کیلئے ضابطہ آداب دین و اسلام کا معیار تہذیب مقلدین یورپ کیلئے تازیانہ تادیب طالب علم کیلئے رہنمائے دینی و دنیوی دواۃ بصیرت کیلئے اردو کی مثنوی معنوی قیمت ۱۵ر

ہیر وارث شاہ کلاں جس میں مصنف حضرت وارث شاہ صاحب مرحوم کا رنگین فوٹو رانجھا اور ہیر کے رنگین سہ رنگ کے بلاک کی تصاویر دی گئی ہیں جو کتاب کی شان کو دوبالا کر رہی ہیں۔ قیمت دو روپے (عہ) علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ:- مینجر پنجاب اردو اکاڈیمی - لاہور

خاتونِ مشرق

از شاعرِ انقلاب حضرت مولینا شبیر حسن خاں صاحب جوشؔ ملیح آبادی

(۱)

غنچۂ دل مرد کا روزِ ازل جب کھل چکا
جس قدر تقدیر میں لکھا ہوا تھا مل چکا

دفعتہً گونجی صدا پھر عالمِ انوار میں
"عورتیں دنیا کی حاضر ہوں مرے دربار میں"

عورتوں کا کارواں پرکارواں آنے لگا
پرچمِ انعام پھر گردوں میں لہرانے لگا

ناز سے حور بن ترانے حمد کے گانے لگیں
عورتیں بھر بھر کے اپنی جھولیاں جانے لگیں

جب رہا کچھ بھی نہ باقی کیسۂ انعام میں
کانپتی حاضر ہوئیں پھر ایشیا کی عورتیں

دل میں خوفِ شومیٔ قسمت سے گھبرائی ہوئی
رُعب سے نیچی نگاہیں، آنکھ شرمائی ہوئی

حلم کے سانچے میں روحِ ناز کو ڈھالے ہوئے
گردنوں میں خم، سروں پر چادریں ڈالے ہوئے

آخر اس انداز پر قدرت کو پیار آ ہی گیا
میکدے پر جھوم کر ابرِ بہار آ ہی گیا

(۲)

مسکرا کر، خالقِ ارض و سما نے دی ندا
"اے غزالِ مشرقی، آ تخت کے نزدیک آ"

نعمتیں سب بٹ چکیں، لیکن نہ ہونا مضمحل
"سب کو بخشے ہیں "دماغ" اور لے تجھے دیتے ہیں "دل"

یہ وہی دل ہے جو مضطر ہو کے سوز و ساز سے
میرے پہلو میں دھڑکتا تھا عجب انداز سے

تجھ کو وہ رُخ اپنی سیرت کا دیئے دیتے ہیں ہم
جس میں یزدانی نسائیت کی زلفوں کے ہیں خم"

آ، کہ تجھکو صاحبِ مہر و وفا کرتے ہیں ہم
"لے خود اپنی جنبشِ مژگاں عطا کرتے ہیں ہم"

"پہلوئے خاتونِ مشرق میں بصد تمکین و ناز
منتقل ہو جا اُلوہیّت کے سینے کے گداز"

(۳)

"عورتیں اقوامِ عالم کی بھٹک جائیں گی جب
تو رہے گی بن کے اس طوفاں میں اک موجِ طرب"

"حُسن ہو جائیگا جب اوروں کا وقفِ خاص و عام
دیدنی ہوگا ترے خلوتکدے کا اہتمام"

"عالمِ نسواں پہ کالی رات جب چھا جائے گی
یہ ترے ماتھے کی بیندی صبح کو شرمائے گی"

"عورتیں بیچیں گی جب اسٹیج پر بارقص و چنگ
اپنی آنکھوں کی لگاوٹ، اپنے رُخساروں کا رنگ"

"ان کے آگے ہر نیا میدان ہوگا جلوہ گاہ
اور ترا اسٹیج ہوگا صرف شوہر کی نگاہ"

"گودیاں پھیلا کے جب مانگیں گی باصدق و صفا
عورتیں اولاد کے پیدا نہ ہونے کی دعا"

"مژدہ باد اے ایشیا کی دخترِ پاکیزہ تر
آنچ آئے گی نہ تیرے مادرانہ ذوق پر"

"ماؤں کی غفلت سے جب بچوں کو پہنچے گا گزند
جب فغاں بے تربیت اولاد کی ہوگی بلند"

"صرف اک تیرا تبسم اے جمالِ تابناک
سینۂ اطفال میں پیدا کرے گا روحِ پاک"

"وہ حرارت تیرے ہونٹوں کی نہ ہوگی پائمال
جس کی قربت سے نکھر جاتا ہے رنگِ نونہال"

"وہ تری معصوم رعنائی نہ ہوگی مضمحل
بخشتی ہے نسلِ انسانی کے پہلو کو جو دل"

"وہ بھی دن آئیگا جب تجھ کو ہی اے جانِ حجاب
زیب دے گا مادرِ اولادِ آدم کا خطاب"

(۴)

"جب کرے گی صنفِ نازک اپنی عریانی پہ ناز
صرف تو اک اس تلاطم میں رہیگی پاکباز"
"اُن کے دل جب ہوں گے یادِ معصیت سے پاش پاش
تیرے دل پر ایک بھی ہوگی نہ ماضی کی خراش"
"اُن کی راتیں خوفِ رُسوائی سے جب ہوں گی دراز
تیرے سینے میں کسی شب کا نہ ہوگا کوئی راز"
"دہشتِ فردا سے تھرائے گا جب ان کا غرور
ہوگی تو امروز سے خوش، خوف مستقبل سے دُور"
"جب اُڑے گی ان کی چشمِ دام پروردہ میں خاک
نرم ڈورے تیری آنکھوں کے رہیں گے تابناک"
"پاک ہوں گے تیرے نغمے بھی تری گفتار بھی
باحیا ہوگی تری پازیب کی جھنکار بھی"
"عکس بھی ہوگا نہ تیرا بزمِ ناؤ نوش میں
نام تک تیرا رہے گا شرم کی آغوش میں"

(۵)

"اے شعاعِ ارضِ مشرق! تیری عفت کا شعار
کج کرے گا مُلک و ملت کی کلاہِ افتخار"
"آبرو ہوگا گھرانے بھر کی تیرا رکھ رکھاؤ
باپ تیرا دے گا شانِ فخر سے مونچھوں پہ تاؤ"
"تیری آنکھوں کی دمک سے اے جہانِ اعتبار
جگمگائے گی نسب ناموں کی لوحِ زرنگار"
"بوالہوس کا سر جھکا دے گی تری ادنیٰ جھلک
ہوگی لہجے میں ترے نبضِ طہارت کی دھمک"
"تیری پیشانی پہ جھلکے گا مثالِ برقِ طور
طفل کا نازِ شرافت، اور شوہر کا غرور"

(۶)

"علم سے ہر چند تجھ کو کم کیا ہے بہرہ مند
لیکن اس سے ہو نہ اے معصوم عورت دردمند"
"جب ضرورت سے زیادہ ناز فرماتا ہے علم
عارضِ تاباں کے بھولے پن کو کھا جاتا ہے علم"
"نُطق ہو جاتا ہے علمی اصطلاحوں سے اُداس
لعلِ لب میں شہد کی باقی نہیں رہتی مٹھاس"
"علم اُٹھا لیتا ہے بزمِ جاں سے شمعِ اعتقاد
خالِ وخد کی موت ہے چہرے کا رُعبِ اجتہاد"
"قعرِ وحشت کی طرف مُڑتی ہے اکثر راہِ فن
جھانکتی رہتی ہے اس غرفے سے چشمِ اہرمن"
"چھوڑ دیتی ہے تکلم کو مُلائم قیل و قال
علم کا حد سے گذر جانا ہے توہینِ جمال"
"علم سے بڑھتی ہے عقل اور عقل ہے وہ بددماغ
جو بجھا دیتی ہے سینے میں محبت کا چراغ"
"علم سے تاباں نہیں رہتے محبت کے صفات
اور "محبت" ہے فقط لے دیکے ساری کائنات"
"دیکھ، تجھ پر علم کی بھر پور پڑ جائے نہ ضرب
بھاگ، اس پردے میں ہیں شیطان کے آلاتِ حرب"
"علم سے رہتی ہے مجروحِ شکن جس کی جبیں
ناز سے شانوں پہ اُسکی زلف لہراتی نہیں"
"وقت سے پہلے بُلا لیتے ہیں پیری کو علوم
عُمر سے آگے نکل جاتے ہیں چہرے بالعموم"
"جن لبوں کو چاٹ پڑ جاتی ہے قیل و قال کی
ان کی گرمی کو ترستی ہے جبینِ اطفال کی"
"اِک جنُوں پرور بگولا ہے وہ علمِ بے وثوق
جس کے اندر پیچ و خم کھاتے ہوں شوہر کے حقوق"

(۷)

"دُور ہی سے ایسے علمِ جہل پرور کو سلام
حُسنِ نسواں کو بنا دیتا ہو جو جاگیرِ عام"
"جس جگہ حورانِ جنت کا کیا ہے تذکرہ
کیا کہا ہے اور بھی کچھ ہم نے جُز حسن و حیا؟"
"تذکرہ حوروں کا ہے محض ایک تفسیرِ جمال
کیا انہیں ہم نے کہا ہے صاحبِ فضل و کمال؟"

"ہیچ ہے ہر چیز، زیور، غازہ، افشاں، رنگ و خال — حُسن خود اپنی جگہ ہے سو کمالوں کا کمال"

(۸)

"چاندنی، قوسِ قزح، عورت شگوفہ، لالہ زار — علم کا ان نرم شبانوں پر کوئی رکھتا ہے بار؟"
"روشنائی میں کہیں گھلتی ہے موجِ ماہتاب؟ — کیا کوئی اوراقِ گُل پر طبع کرتا ہے کتاب؟"
"میرے عالم میں نہیں اس بد مذاقی کا شعار — کاکلِ "افسانہ" ہو دوشِ "حقیقت" سے دوچار"
"حُسن کا آغوشِ رنگیں دلفریب و دلربا — علم سے بن جائے اُقلیدس کا محض ایک دائرہ"
"مصحفِ روئے کتابی، رُوکشِ ماہ و گلاب — اور بن جائے لُغت، یا دفترِ علمِ حساب"
"بربطِ زریں کے پردوں میں ہو شورِ کائنات — مقبرے ہیں اور جلے شمعِ شبستانِ حیات"
"گرم ہو تیزاب کی کھولن سے لالے کا ایاغ! — غُنچۂ نورس کا طاق، اور پیرِ مکتب کا چراغ"
"شہپرِ بُلبل پہ کھینچی جائے تصویرِ شغال — موتیوں پر ثبت ہو طوفان کی مُہرِ جلال"
"صبح، غرقِ بحث ہو غنچے کھلانے کے عوض — درس دیں موجیں صبا کی گنگنانے کے عوض"

(۹)

"تو نہ کرنا مغربی متوالیوں کی پیروی دیکھ — گھات میں تیری لگا ہے فتنۂ ابلیس دیکھ"
"تو نہ ان کی طرح بھرنا عرصۂ فن میں چھلانگ — کوکھ تا ٹھنڈی رہے تیری، اور صندل سے مانگ"
"دُخترانِ مغربی کو دے نہ عورت کا خطاب — یہ مجسّم ہو گئے ہیں کچھ گنہگاروں کے خواب"
"پھر رہی ہیں یا تری نظروں کے آگے پرفشاں — عورتوں کے بھیس میں شیطان کی سرتابیاں"

"علم حاصل کر فقط تدبیرِ منزل کے لئے
وہ "دِماغوں" کے لئے ہیں، اور تو "دِل" کے لئے"

بیگمات کے لائق تحفے

نُورجہاں کریم جلد کا کھردرا پن، سختی اور چہرہ پر جھریاں پڑ گئی ہوں تو اس کا استعمال کیجئے جلد چکنی ملائم نازک اور چمکدار نکل آتی ہے سکورات کو صرف اسی لئے استعمال کیا جاتا ہے کہ یہ حُسن خوبصورتی کو چمکانے کے علاوہ جلد کو ہموار کرے اور جھریوں اور جھائیوں کو رفع کرے بے نظیر خوشبو ہے قیمت فی شیشی علاوہ محصولڈاک صرف عہ/

نورجہاں سنو رنگ و روپ نکھارنے دلکشی و دلفریبی کے آثار پیدا کرنے کیلئے اسکا استعمال حُسن کے قدر دان کرتے ہیں۔ حُسن کی حفاظت ہر انسان کیلئے لازمی ہے اور اسکی حفاظت سے لاپرواہی برتی جائے تو بہت جلد جلد سیاہ ہو کر رنگ و روپ خراب ہو جاتا ہے معمولی طور پر جب سے چہرہ اور ہاتھوں کو دھونے سے ہرگز جلد کی رنگت نہیں نکھرتی کیونکہ صابن کا اثر مسامات کے اندر نہیں پہنچتا اور نورجہاں سنو مسامات کے اندر سے میل کو پھلا کر نکالتی ہے اور فوراً ہی چہرہ سفید دلکش و دلفریب نکل آتا ہے۔ یہ دن میں ہر وقت استعمال کیجاتی ہے کیونکہ اس میں تیزابیت نہیں لیکن بخش ٹھنڈک اور فرحت بخش خوشبو ہے عام بازاری کریم یا سنو کا استعمال ہرگز نہ کرنا چاہئے کیونکہ ان میں چربی اور دیگر خلاف مذہب اجزا ملاتے ہیں۔ ہمارے ہاں اسپرنگ اور واٹر پھولوں سے اور مفرحات کے ایکسجن سے کیمیائی طور سے ان چیزوں کو تیار کیا جاتا ہے اور ان میں گلیسرین اور چربی نہیں ڈالی جاتی۔ ایک مرتبہ آزمائش سے آپ کو ظاہر ہو جائیگا کہ اس میں کس قدر اوصاف ہیں قیمت فی شیشی علاوہ محصولڈاک عہ/

اِستری سنگ عورتوں کی سفید و خوبصورت جمل نہ ہونا یا ہو کر نہ ٹھیرنا، ہسٹریا، ماہواری خون بند ہونے یا بے ترتیبی سے آنے کی دوائی ہے۔ عورتوں کے لئے یہ دوائی اُن کی صحت کی کفیل اور تندرستی کی ضامن ہے قیمت فی شیشی علاوہ محصولڈاک للعہ/

ملنے کا پتہ:۔ مینیجر آب حیات لمیٹڈ پنڈی بہاؤالدین پنجاب

فتح اندلس

طارق و موسیٰ

از جناب چوہدری محمد علی صاحب بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی وکیل ایبٹ آباد

مندرجہ بالا نامورانِ اسلام کی زندگی کے حالات کچھ حد تک افسانہ بن گئے ہیں۔ موسیٰ کا باپ نصیر "عین تمر" (ایران) کا باشندہ تھا۔ جب حضرت خالدؓ نے اس مقام کو فتح کیا۔ نصیر کو بھی کہا گیا۔ کہ یا وہ مسلمان ہو جائے۔ یا غلامی کا طوق اپنے گلے میں ڈالے۔ نصیر نے دعوتِ اسلام قبول کی۔ مسلمانوں کی رسم کے مطابق گرفتار شدہ گرفتار کرنیوالے کے خاندان کا فرد بن جاتا تھا۔ چونکہ اسے خلیفہ عبدالملک کے آدمیوں نے پکڑا تھا۔ اسی بنا پر وہ خلیفہ مذکور کے خاندان کا ممبر ہو گیا۔ اسکے بیٹے موسیٰ کا خلیفہ کے بھائی عبدالعزیز کے ساتھ بچپن سے ہی دوستانہ تعلق ہو گیا۔ موسیٰ نے شام کے مشہور مدارس میں تعلیم پائی تھی۔ وہ اپنی خداداد ذہانت اور قابلیت کی وجہ سے اعلیٰ عہدوں پر مقرر کیا گیا۔ ایک دفعہ وہ والیٔ بصرہ کا وزیر مقرر ہوا مگر اس نے کسی معاملہ میں بددیانتی کی۔ چنانچہ اسے جرمانہ کی سزا ملی لیکن بعد ازاں خلیفہ کے بھائی (عبدالعزیز) کی سفارش سے وہ مصر کے گورنر کا مشیر مقرر ہوا موسیٰ کے قویٰ نہایت مضبوط تھے۔ وہ جفاکش تھا۔ پرہیزگار تھا۔ سادہ لباس پہنتا تھا۔ بلند نظری اور عالی حوصلگی اسکے چہرے سے ٹپکتی تھی۔ جنگ میں خوف و ہراس اپنے پاس بھٹکنے نہیں دیتا تھا۔ انتقام لینے میں بڑی بے رحمی اور ظلم سے کام لیتا تھا۔ مزاج میں شک زیادہ تھا۔ اور احسان فراموش تھا۔ فہم و فراست میں لاثانی تھا۔ طبائع انسانی کی خصوصیات کو خوب سمجھتا تھا۔ اور فرائض دینی کی ادائیگی میں سختی سے کاربند تھا۔

بعد ازاں عبدالعزیز نائب السلطنت نے اسے مصر و افریقہ کی فوجوں کا سپہ سالار مقرر کیا۔ مگر سپاہی اسے اچھی نگاہ سے نہ دیکھتے تھے۔ موسیٰ نے آتے ہی تمام فوج کو جمع کر کے ان کی تنخواہ سے سہ گنا روپیہ بطور انعام دیا۔ اور اسکے بعد اس نے تقریر کی "میں بھی تمہارے ہی جیسا ایک ادنیٰ سپاہی ہوں۔ اگر کوئی اچھا کام کروں۔ تو میرا حوصلہ بڑھاؤ۔ اور اگر مجھ سے کوئی غلطی سرزد ہو۔ تو مجھے ملامت کرو۔ کیونکہ ہم میں سے کوئی شخص بھی انسانی کمزوری اور غلطی سے بری نہیں" سپاہی اپنے افسر کے انکسار اور صاف بیانی سے بڑے متاثر ہوئے۔ اس واقعہ نے موسیٰ کو اپنی فوج میں ہر دلعزیز بنا دیا۔ اگر کوئی قوم اس کا مقابلہ کرتی تھی تو وہ ان سب کو غلام بنا لیتا تھا۔ اور انکے گاؤں جلا دیتا تھا۔ برعکس اسکے اگر کوئی قوم بغیر لڑائی کے صلح کر لیتی تھی۔ تو وہ ان کو امان دیتا تھا۔ پہلے کئی دفعہ بربری قوم مسلمان ہو کر مرتد ہو چکی تھی۔ موسیٰ انکی متلون مزاجی سے خوب واقف تھا۔ چنانچہ اس نے اپنی فوج میں عالم مقرر کئے۔ جو ان کو بلاناغہ ہر روز دینی تعلیم دیتے تھے۔ حتیٰ کہ وہ مستقل طور پر مسلمان ہو کر بڑے کارآمد اور وفادار سپاہی بن گئے۔ تھوڑے ہی عرصے میں بربری قوم کا تمام علاقہ فتح ہو گیا۔ کیونکہ موسیٰ بڑی سرعت سے پیشقدمی کرتا تھا۔ اس اثنا میں موسیٰ نے قیروان شہر کی بنیاد ڈالی۔ یہاں رہکر اسے بحری مہم کی سخت ضرورت محسوس ہوئی۔ مگر اسکے ہم وطن سمندر سے بہت ڈرتے تھے۔ مگر انسے انکے خوف کی پرواہ نہ کر کے سو جہاز تیار کرائے۔ اور انکے لئے بحری فوج علیحدہ کی۔ عبداللہ کو امیر البحر مقرر کیا گیا۔ اسی بیڑے نے بحیرۂ روم میں داخل ہو کر پہلے صقلیہ کو فتح کیا۔ اور چار بربر کے بعد یکے بعد دیگرے بیلیا۔ میجور کا اور دیگر جزائر کو مسخر کیا۔ سبتہ کو لینے کی دو دفعہ کوشش کی گئی۔ مگر وہ فتح نہ ہو سکا۔ یہ مقام افریقہ کے ساحل پر اس آبنائے پر واقع ہے۔ جو افریقہ کو یورپ سے جدا کرتا ہے۔ بلیان (جولین) اس قلعہ کا گورنر تھا۔ اس کے مقابلہ میں ایسی شجاعت دکھلائی۔ کہ مسلمانوں کو پسپا ہونا پڑا۔ موسیٰ نے اپنے سب سے بڑے معتمد اور بہترین فوجی افسر طارق بن زیاد کو طنجہ کا گورنر مقرر کیا۔ یہ شخص بربری الاصل موسیٰ کا آزاد کردہ غلام تھا۔ طارق نہایت تجربہ کار۔ غیر معمولی بلند نظر اور بے انتہا مستقل مزاج سپاہی تھا۔ مورخین کے درمیان اس شخص کی اصلیت میں اختلاف ہے۔ بعض اس کو ہمدان (ایران) کا باشندہ بتلاتے ہیں۔ ابن بشکوال لکھتا ہے۔ کہ طارق کے والد کا نام عمر تھا۔ اور کہ وہ موسیٰ کا غلام نہ تھا۔ اسکے بال لال رنگ کے تھے۔ مگر وہ شکل و شباہت سے بربری معلوم ہوتا تھا۔ اوائل اسلام میں مسلمانوں میں پیشقدمی کا مادہ تو تھا ہی۔ اس پر بلند نظری اور

جوش مذہبی نے سونے پر سہاگے کا کام کیا۔ ایشیا اور افریقہ کے بہت سے ممالک پر وہ قابض ہو چکے تھے۔ اب انہوں نے تمام دنیا کو تسخیر کرنے کا ارادہ کیا ہوا تھا جب موسیٰ شمالی افریقہ کو فتح کر چکا۔ تو اسکی للچائی ہوئی نظریں یورپ کے دولتمند شہروں اور سرسبز وادیوں پر پڑیں۔ صرف ایک چھوٹی سے آبنائے جو آٹھ میل سے بھی کم مسافت رکھتی تھی۔ اسکی پیشقدمی کی مانع تھی۔

اندلس ایک مدت سے رومن امپائر کا صوبہ تھا۔ لیکن اسلام کے عروج سے دو سو برس پیشتر قوم گاتھ نے اس پر قبضہ کر لیا تھا مسلمانوں کے حملے کے وقت لرزیق (Roderick) اندلس پر حکومت کرتا تھا جس نے غیطشہ (Witica) کو تخت سے جبراً اُتار کر ملک پر قبضہ کر لیا تھا۔ اس کا دارالسلطنت طلیطلہ (Toledo) تھا۔ اسکاٹ (مشہور مورخ اندلس) اپنی تاریخ میں لکھتا ہے "کہ اسکی سلطنت کا شیرازہ بکھر چکا تھا۔ اسکے اُمرا آپس کی خانہ جنگی میں مشغول تھے۔ لوگوں کی اخلاقی حالت نہایت گری ہوئی تھی۔ وہ فن سپاہ گری کو بھول چکے تھے۔ پادریوں اور راہبوں نے ظلم و تشدد کا بازار گرم کر رکھا تھا۔ اور وہ خود مالا مال ہو رہے تھے۔ انکے محلات کی شرابیں تمام ملک میں مشہور تھیں۔ انکے مکان پری خانے بنے ہوئے تھے۔ اگر حُسن و جمال کہیں ملتا تھا۔ تو وہیں۔ انہوں نے تعدد ازدواج اور کنیزوں کو کار کھنا جائز قرار دیدیا تھا۔ الغرض کلیسا نے حکومت کے بہت سے ضروری اختیارات چھین لئے تھے۔ اگر اُمرا اور پادریوں کی خانگی زندگی کو دیکھا جاتا۔ تو وہ محض گناہوں کے ڈھیر تھے۔ مزارعین کی حالت غلاموں سے بھی بدتر تھی۔ اور اس بدنصیب جماعت سے فوج مرتب ہوا کرتی تھی۔ اور ان سے یہ اُمید رکھی جاتی تھی۔ کہ وہ اپنے ظالم آقاؤں کی سلطنت کو بحال اور اپنی ذلت اور غلامی کو قائم رکھیں گے۔ انکے علاوہ یہودیوں کا فرقہ تھا۔ جو برائے قانون غلام سمجھے جاتے تھے۔ انکی تمام جائدادیں قانوناً ضبط کر لی گئی تھیں۔ چنانچہ جب ان مظلوم جماعتوں نے مسلمانوں کے ارادوں کو دیکھا۔ تو انکی خوب مدد کی۔ اگر یہ لوگ علانیہ مدد نہ کرتے۔ تو یہ ممکن نہ تھا۔ کہ چند ماہ کے عرصہ میں صرف مٹھی بھر آدمی ساٹھ لاکھ آدمیوں کو زیر کر کے ایک وسیع ملک پر قابض ہو جائے۔" اسکاٹ کی رائے ہے۔ کہ کسی قوم نے مذہبی لیڈروں کے ماتحت رہکر ترقی نہیں پائی۔ رعایا کی خوش حالی اور فارغ البالی کے لئے سب سے ضروری بات یہ ہے۔ کہ مذہبی علماء کی طاقت اور اختیارات کو اتنا نہ بڑھایا جائے۔ کہ وہ ہر جگہ حاضر و ناظر ہو جائیں۔ کیونکہ ان کی کوتاہ اندیش اور تنگ چشمانہ پالیسی اور انکے اختیارات کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ قوم برباد اور ذلیل ہو جاتی ہے۔ سچ پوچھئے۔ تو اسپین کی تباہی کا باعث زیادہ تر کلیسا ہی تھا۔ ایک اور عیسائی مورخ کہتا ہے، کہ شاہ وٹیزا (Witica) نے تمام اسپین کو گناہ کرنا سکھلا دیا تھا۔

لرزیق کی عمر بیالیس سال کی ہو گئی تھی۔ لیکن اسکے قویٰ ایسے مضبوط تھے کہ جوان معلوم ہوتا تھا۔ اسکی عُمر کا بیشتر حصہ مردانہ اشغال میں گذرا تھا۔ استقلال اور فوجی معاملات میں اسکی خاص شہرت تھی۔ مگر عیش و عشرت سے اسے خاص اُنس تھا۔ اس زمانے میں یہ رسم رائج تھی، کہ معزز خاندانوں کی اولاد کو شاہی محل میں رکھا جاتا تھا۔ ظاہر تو یہ کیا جاتا تھا۔ کہ انکی تعلیم و تربیت شاہی طریقے پر کیجائیگی۔ مگر فی الحقیقت مقصود یہ تھا کہ وہ یرغمال رہیں۔ تاکہ انکے اعزہ و اقربا تخت کے وفادار رہیں۔ ان میں کاؤنٹ جولین (بلیان) کی لڑکی فلورنڈا تھی۔ لرزیق اس حسین لڑکی پر بے طرح مائل ہو گیا۔ اور ایک دفعہ موقع پاکر اسکی جبراً عصمت دری کی۔ جب جولین کو اس شرمناک خبر کی اطلاع ملی۔ تو وہ سخت برہم ہوا۔ وہ پہلے ہی سے لرزیق کے مخالف تھا۔ کیونکہ لرزیق نے وٹیزا کو تخت سے اُتارا تھا۔ اور وٹیزا جولین کا خسر تھا۔ لیکن اس واقعہ نے اسے ایسا برافروختہ کیا۔ کہ وہ اس سے انتقام لینے پر تیار ہو گیا۔ وہ فوراً طلیطلہ (Toledo) گیا، مگر اپنے غصے کو اس طرح چھپائے رکھا۔ کہ لرزیق کو شبہ تک نہ ہوا۔ اس نے صرف یہ ظاہر کیا۔ کہ اسکی بیوی سخت بیمار ہے۔ اس لئے وہ اپنی لڑکی کو دیکھنا چاہتی ہے۔ لرزیق نے لڑکی کو اپنے باپ کے ساتھ رخصت کر دیا۔ بعض عیسائی مورخین آج اس واقعہ سے انکار کرتے ہیں اور کوشش کر رہے ہیں کہ کس طرح اس کا نام و نشان بھی نہ رہے۔ چنانچہ اسپین کی موجودہ تاریخیں خصوصاً ہسٹورینز ہسٹری آف دی ورلڈ (Historians "History of the world") میں بھی اس واقعہ کا ذکر تک نہیں کیا جاتا لین پول کی تاریخ اندلس ("Moors in Spain") اور نفح الطیب میں لکھا ہے کہ جب لرزیق نے جولین کو رخصت کیا۔ تو اُسے کہا کہ کچھ شکاری باز بھیجدے۔ جولین نے جواب دیا۔ کہ ابن مریم کی قسم ہے۔ کہ میں ایسے باز آپ کی خدمت میں بھیجوں گا۔ کہ آپ نے کبھی نہ دیکھے ہوں گے۔ اصل میں اس کا اشارہ مسلمانوں کی طرف تھا۔ مگر لرزیق اس کا مطلب نہ سمجھ سکا۔ جولین نے واپس آتے ہی ارادہ کر لیا۔ کہ مسلمانوں کے ساتھ اتحاد کر کے لرزیق سے انتقام لیا جائے۔ چنانچہ وہ سیدھا قیروان موسیٰ کے پاس پہنچا۔ اس نے اندلس کی سرسبزی اور شادابی کا بیان اس انداز سے کیا کہ موسیٰ کے مُنہ میں پانی آ گیا۔ اور یہ بھی ظاہر کیا۔ کہ آپکے پہنچتے ہی تمام ملک آناً فاناً فتح ہو جائیگا۔ اور وہاں کے لوگوں کی خانہ جنگی۔ باہمی عناد۔ مذہبی مظالم

اور عیش و عشرت وغیرہ کا ذکر کیا۔ موسیٰ بن نصیر کے واقعات کو سن کر نہایت متاثر ہوا۔ مگر اسے جواب دینے سے پیشتر اُسنے خلیفہ وقت کی منظوری لینی چاہی چنانچہ اس نے مفصل حالات لکھکر قاصد دمشق کو دوڑایا۔ عیسائی مورخوں کا بیان ہے۔ کہ خلیفہ نے تسخیر اندلس کی منظوری دیدی تھی اور ساتھ ہی تاکید کردی کہ اس مہم میں غیر معمولی احتیاط کی جائے۔ مگر عربی مورخین لکھتے ہیں۔ کہ موسیٰ نے بلا اجازت اندلس پر چڑھائی کی جسکی سزا اسے بعد میں بھگتنی پڑی۔

چنانچہ جب موسیٰ کو جولین کی دوستی اور راستبازی کا اطمینان ہوگیا اور اُس نے سبتہ (Centa) کنجی موسیٰ کے حوالے کردی۔ تو اُسے ایک اعلیٰ فوج عُہدہ اسلامی لشکر میں دیا گیا۔ جولین نے مہم کے لئے چار جہاز اپنے خرچ سے بنوائے۔ اور موسیٰ نے ایک مختصر سا دستہ بسرکردگی طریف ساحل اندلس کے تجسس کے لئے جولائی ۷۱۰ء کے ابتدا میں بھیجا۔ اس مہم میں تین سو پیادے اور ایک سو سوار تھے۔ طریف کچھ عرصے کے بعد لوٹ مار کرکے واپس آگیا۔ اور آکر رپورٹ کی۔ کہ اندلس بالکل غیر محفوظ حالت میں ہے (طریف پہلے جس مقام پر اُترا تھا۔ وہ ابتک اسی کے نام سے طریفا مشہور ہے) مگر موسیٰ نے مزید احتیاط کے لئے طارق کو ایک اور مہم دیکر بھیجا۔ طریف اور طارق دونوں موسیٰ کے آزاد کردہ غلام تھے۔ ان دونوں کے ناموں میں کچھ ایسی مشابہت ہے۔ کہ اس سے عیسائی مورخین کو بہت دھوکہ ہوا ہے۔ بدیں وجہ انہوں نے ایک کے کارنامے دوسرے شخص کے ساتھ منسوب کردیئے ہیں طارق کے ساتھ صرف سات ہزار فوج تھی۔ جن میں بیشتر سپاہی بربری تھے۔ مگر ان میں عیسائی۔ عربی اور یہودی قوموں کے لوگ بھی تھے۔ جولین نے پھر جہاز رانی اپنے ذمہ لی۔ اور یہ فوج اندلس کے اُس مقام پر اُتری جس کا نام جبل الطارق (Gibraltar) مشہور ہے۔ وہ ابھی پورے طور پر ساحل پر اُترے بھی نہ تھے۔ کہ لرزیق کے ایک سردار تدمیر (Theodomir) نے ان پر اچانک حملہ کردیا۔ بایں ہمہ عیسائیوں کی غیر قواعدان فوج انکا مقابلہ نہ کرسکی ناچار عیسائیوں کو پسپا ہونا پڑا۔ تدمیر نے اپنے بادشاہ کو ایسے الفاظ میں مُسلمانوں کی آمد کی خبر دی۔ جن سے سخت گھبراہٹ معلوم ہوتی تھی۔ اُسنے لکھا "کہ ہمارے مُلک پر ایسے آدمیوں نے حملہ کیا ہے۔ کہ نہ میں ان کا نام جانتا ہوں۔ نہ وطن نہ اصلیت۔ میں یہ بھی نہیں بتلا سکتا۔ کہ وہ کہاں سے نمودار ہوئے ہیں۔ آیا آسمان سے نازل ہوئے ہیں یا زمین سے نکل آئے ہیں"۔ یہ دہشتناک خبر لرزیق کو اُس وقت پہنچی۔ کہ جب وہ شمالی علاقوں میں بغاوت فرو کرنے کے لئے گیا ہوا تھا۔ وہ فوراً خبر سنتے ہی اُلٹے پاؤں واپس ہوا۔ اور ایک بہت بڑا لشکر جمع کرکے نئے دشمن کے مقابلہ کے لئے آپہنچا۔ بیان کیا جاتا ہے۔ کہ ایک لاکھ فوج اسکے جھنڈے کے نیچے جمع ہوگئی تھی۔ مگر اس فوج میں نہ کوئی نظام تھا۔ اور نہ وہ جنگ کی تکالیف برداشت کرنیکی عادی تھی۔ سپاہی سے لیکر افسر تک اوباشوں کا ایک گروہ تھا صرف غلام تھے اور کرائے کے مزدور۔ علاوہ ازیں فوج میں ہزاروں آدمی ایسے بھی تھے جو ملک کو دشمن کے حوالے کرنے پر آمادہ تھے۔ اس بدل فوج کے سردار ویٹزا (غیطشہ) کے بھائی اور بیٹے تھے۔ لرزیق نے قبل ازیں انکو رضامند کرنیکی کوشش کی تھی جو کارگر نہ ہوئی تھی۔ مگر اس وقت انہوں نے اس خاطر فوج کی افسری قبول کرلی تاکہ وہ اپنا انتقام لے سکیں۔ وہ مُسلمانوں سے برابر خط و کتابت کررہے تھے۔ اور انہیں ہر وقت خبریں پہنچاتے رہتے تھے۔ طارق کو جب دشمن کی کثیر التعداد فوج کے متعلق اطلاع پہنچی۔ تو اُس نے موسیٰ سے مزید امداد چاہی۔ موسیٰ نے فوراً پانچ ہزار بربری سوار بھیجدیئے۔ ان میں ہر ایک سوار میدان جنگ کے مصائب برداشت کرنیکا عادی تھا۔ دینی جوش ان میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ اور تمام فوج اپنے سپہ لار کے حکم پر جان قربان کرنے پر آمادہ تھی۔

ڈوزی (Dozy) تاریخ اندلس میں لکھتا ہے۔ کہ ویٹزا کے رشتہ داروں نے اس خیال پر مُسلمانوں کی طرفداری کی تھی کہ اگر انہوں نے عین لڑائی کے میدان میں لرزیق کا ساتھ چھوڑ دیا۔ تو اسے یقیناً شکست ہوجائیگی۔ اور مُسلمان لوٹ مار کے افریقہ واپس چلے جائیں گے۔ لرزیق کی شہرت خاک میں ملجائیگی۔ وہ معزول کیا جائیگا۔ اور اسپین کے عیسائی ویٹزا کے رشتہ داروں میں سے کسی کو تخت پر بٹھائیں گے۔ مگر انہیں کیا معلوم تھا۔ کہ مُسلمان تمام مُلک پر قابض ہوکر کئی صدیوں تک حکومت کرینگے۔

ماہ جولائی ۷۱۱ء کی صبح تھی۔ کہ تاریخ اسپین کا ورق اُلٹا۔ اور ایک نیا باب شروع ہوا۔ وادی بیکا میں لاجنڈا کی جھیل کے کنارے دونوں فوجیں ایک دوسرے کے مقابل ہوئیں مُسلمان لڑائی کے لئے بے صبر ہورہے تھے۔ وہ چمکدار زرہ بکتر لئے۔ تلوار اور نیزے سے مسلح میدان جنگ میں آئے۔ طارق نے پہلے نماز پڑھائی۔ نماز سے فارغ ہوکر اپنی فوج کی طرف متوجہ ہوا۔ اور ایک نہایت جوش دلانے والی تقریر کی جس کا خلاصہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے:۔

"ایھا الناس! این المفر۔ البحر من ورائکم۔ والعدو امامکم۔ ولیس لکم واللہ الا الصدق والصبر۔۔۔۔"

"اے لوگو۔ تمہارے لئے بھاگنے کا کونسا راستہ ہے۔ سمندر تمہارے پیچھے ہے اور دشمن تمہارے آگے۔ خدا کی قسم تمہارے لئے سوائے سچائی اور صبر کے کچھ نہیں۔ تمہاری مثال اس مُلک میں ایسی ہے۔ جیسے کہ کنجوس آدمی کے دسترخوان پر چیونٹیوں کی ہوتی ہے۔ تمہارا دشمن اپنی زبردست فوج لیکر تمہارے مقابلہ کو موجود ہے۔

اُس کا سامان رسد وغیرہ بہت زیادہ ہے۔ تمہارے پاس سوائے تمہاری تلواروں کے اور کچھ بھی نہیں، اور کوئی رسد نہیں۔ سوائے اسکے جو تم اپنے دشمنوں سے چھین لو۔ اگر یونہی تم نے غفلت اور کوتاہی میں وقت ضائع کر دیا، تو تمہارے پیر اُکھڑ جائیں گے۔ اور دشمنوں کے دلوں میں سجائے تمہارے رعب کے ہمت پیدا ہو جائیگی اور یہ سمجھ رکھو کہ اگر تم اپنی جانوں پر کھیل جاؤ گے۔ تو پھر کامیابی ایک یقینی امر ہے۔ میں نے تم کو کسی ایسی بات سے نہیں ڈرایا۔ جس سے میں خود بچنا چاہوں۔ بلکہ میں سب سے پہلے لڑائی شروع کرونگا۔ یہ یقین رکھو۔ کہ اگر تھوڑی دیر کیلئے سختی برداشت کر لوگے تو پھر زندگی بھر عیش و آرام سے رہوگے۔ امیر المومنین ولید نے اس بردست مہم کے لئے خاص تمہیں منتخب کیا ہے۔ اُسکی مرضی ہے۔ کہ یہاں کے بہادروں سے دو دو ہاتھ کر لو۔ جس ارادے پر خدا قائم ہو۔ اللہ تعالےٰ اس میں تمہارا مددگار رہے۔ یہ بھی سمجھ لو۔ کہ جس چیز کی طرف میں تمہیں بُلا رہا ہوں اُسکی طرف جانیوالا سب سے پہلا شخص میں ہوں جس وقت دونوں فوجیں برسرِ پیکار ہونگی۔ تو تم دیکھوگے۔ کہ لرزیق کی فوج کے لئے میں تنہا ہی کافی ہونگا۔ لو اب تم میرے ساتھ کھڑے ہو جاؤ۔" تمام فوج نے بیک آواز آخری دم تک لڑنے کی قسم کھائی۔ یہ عام طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ کہ جب طارق کی فوج اندلس کے ساحل پر پہنچی۔ تو اس نے اپنے جہازوں کو بدیں وجہ جلا دیا تھا تاکہ مسلمان دشمن کی کثرت دیکھکر بھاگنے کا خیال نہ کریں۔ چنانچہ علامہ اقبال نے پیامِ مشرق میں اسی واقعہ کی طرف مندرجہ اشعار میں اشارہ کیا ہے ؎

طارق چو بر کنارۂ اندلس سفینہ سوخت — گفتند کارِ تو بہ نگاہِ خرد خطاست
دوریم از سوادِ وطن باز چوں رسیم؟ — ترکِ سبب سزائے شریعت کجا رواست
خندید و دستِ خویش بہ شمشیر بُرد و گفت — ہر ملک ملکِ ماست کہ ملکِ خدائے ماست

میدان کارزار آٹھ روز تک برابر گرم رہا۔ جانبین نے بہادری کے جوہر دکھلائے۔ مگر عیسائیوں کو شکست فاش ہوئی۔ وٹیزا کے حامیوں نے لرزیق سے غداری کی۔ اور لڑائی سے کنارہ کش ہو گئے۔ جس سے عیسائیوں کے دل ٹوٹ گئے۔ اُنکے کیمپ میں سراسیمگی پھیل گئی اور وہ میدان چھوڑ کر بھاگ نکلے مسلمانوں کی جانب سے تین ہزار آدمی شہید ہوئے۔ مگر عیسائیوں کا نقصان بے شمار ہوا۔ مسلمانوں کو مالِ غنیمت اس قدر ہاتھ لگا۔ کہ اسکا اندازہ نہیں ہو سکتا۔ اس میں سے پانچواں حصہ خلیفہ کے پاس بھجوایا گیا۔ اور باقی تمام مال میدانِ جنگ میں ہی فوج میں تقسیم کیا گیا۔ بعض عربی اور عیسائی مورخ اس موقع پر ایک عجیب و غریب افسانہ بیان کرتے ہیں۔ لیین پول نے بھی اس قصے کا ذکر کیا ہے۔ مگر ابن خلدون نے بالکل نظر انداز کیا ہے۔

کہا جاتا ہے۔ کہ ہرقل نے ایک طلسمی گنبد سمندر کے کنارے بنوایا تھا۔ اور اسکے راز کو قبل از وقت افشا کرنے کی سخت ممانعت تھی۔ چنانچہ یہ رسم صدیوں سے چلی آتی تھی۔ کہ جو بادشاہ اسپین کے تخت پر بیٹھتا تھا۔ وہ اپنی طرف سے ایک قفل گنبد کے دروازے پر لگا دیتا تھا جب لرزیق تخت پر بیٹھا۔ تو دو بوڑھے محافظ دربار شاہی میں حاضر ہوئے اور حسبِ دستور ایک نیا قفل لگوانے کی استدعا کی۔ لرزیق کو اس راز کے افشا کرنیکا شوق چرایا۔ اس کے وزیروں نے بادشاہ کی مخالفت کی۔ مگر اسنے کچھ پرواہ نہ کی۔ اور چند ایک آدمیوں کو ساتھ لیکر وہاں گیا۔ قفلوں کو توڑ کر اندر داخل ہوا۔ دروازے کے سامنے ایک پیتل کا بُت کھڑا ہوا تھا۔ جس کے ہاتھ میں ایک بھاری گُرز تھا۔ یہ بُت ہر وقت گُرز کو زمین پر مارتا تھا۔ اسکے سینہ پر عبارت لکھی ہوئی تھی "میں اپنا فرض منصبی ادا کر رہا ہوں"۔ کمرے کے وسط میں ایک میز رکھی ہوئی تھی اُسپر ایک صندوقچہ تھا جسپر حروف لکھے ہوئے تھے "گنبد کے کُل اسرار اس صندوقچہ میں پوشیدہ ہیں۔ بجز ایک بادشاہ کے کسی اور کو اسکے کھولنے کی جُرأت نہ ہوگی لیکن اُسکو خبردار رہنا چاہیئے۔ کیونکہ اُسے مرنیسے پہلے بہت سے عجیب و غریب واقعات دکھائی دینگے"۔ لرزیق نے صندوقچہ کھولا۔ تو دو تانبے کی تختیوں کے درمیان ایک چمڑے کا ٹکڑا نظر آیا۔ جس پر سواروں کی تصویریں چھپی ہوئی تھیں۔ چمڑے پر یہ عبارت لکھی ہوئی تھی "اے بدانديش! اُن لوگوں کو دیکھ۔ جو تجھے تخت سے اُتار کر زمین پر گرائیں گے اور تیرے مُلک پر قبضہ کرینگے"۔ ابھی اس نے چمڑے کو اچھی طرح سے کھولا بھی نہ تھا۔ کہ تصویروں میں یک بیک حرکت پیدا ہو گئی۔ گویا میدان جنگ کا نقشہ نظر آنے لگا۔ جس میں عیسائی اور مسلمان ایک دوسرے سے لڑتے ہوئے نظر آئے۔ مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی اور عیسائی فوج تتر بتر ہو گئی اُس میں ایک عیسائی بہادر کی تصویر نظر آئی جس کے سر پر تاج تھا۔ وہ سفید گھوڑے پر سوار تھا۔ عین لڑائی کے وقت وہ گھوڑے سے نیچے گرا۔ اور پھر کہیں اس کا پتہ نہ لگا۔ یہ شخص شکل و شباہت میں لرزیق سے ملتا جلتا تھا۔ لرزیق اور اسکے ہمراہی اس خوفناک منظر کو دیکھکر سخت گھبرائے۔ سراسیمگی کی حالت میں اس کمرے سے باہر نکلے تو گُرز والے بُت کو اپنی جگہ پر نہ پایا۔ باہر کے دروازے پر دونوں محافظ مرے ہوئے پائے گئے۔ انکے باہر نکلتے ہی بادو باراں کا طوفان آیا۔ طلسم خانہ پر بجلی پڑی اور وہ چشم زدن میں راکھ ہو گیا۔ اسکی راکھ اکٹھی کر جس جگہ گری وہاں انسانی خون کے قطرات پائے گئے"۔

لڑائی کے بعد لرزیق کا گھوڑا مسلمانوں کے ہاتھ لگا۔ اُس کا ایک جوتا بھی دریا کے کنارے پڑا ہوا ملا۔ مگر اُس کا اپنا کہیں پتہ نہ لگا۔ گویا

اس کا انجام پردۂ راز میں ہے۔ ہسٹوریو ہسٹری آف دی ورلڈ میں لکھا ہے۔ کہ راڈرک (لرزیق) سب سے پہلے بھاگنے والوں میں تھا۔ اسپین کے عیسائیوں کو اسکی موت کا یقین نہ آتا تھا۔ بلکہ انہیں پختہ یقین تھا۔ کہ لرزیق عیسائیوں کا لشکر جرار لیکر کسی دن نمودار ہوگا اور عربوں کو ملک سے نکالدیگا۔ اندلسی روایتوں میں یہ بھی درج ہے۔ کہ لرزیق میدان جنگ سے بھاگ کر دنیا سے کنارہ کش ہوگیا۔ اور اس نے اپنی بقایا عمر زہد و تقویٰ میں گذاری۔ اسکی موت سانپوں کے کاٹنے سے واقع ہوئی۔ مگر قرائن سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ دریا میں ڈوب کر مرا۔

یہ جنگ صحیح طور پر دنیا کی فیصلہ کن لڑائیوں میں شمار کیجاتی ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں۔ کہ خود غرض لوگوں کی سازش کو بھی مسلمانوں کی کامیابی میں بہت بڑا دخل تھا۔ مگر اس سے بھی چشم پوشی نہ کرنی چاہیئے۔ کہ عربوں کی تعداد کا تناسب انکے دشمنوں کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں تھا۔ انکو یہ بھی خسارہ تھا۔ کہ وہ دشمن کے ملک میں جاکر لڑ رہے تھے۔ مگر عیسائی سست۔ زنانہ منش۔ بزدل۔ عیاش اور جنگ سے قطعاً ناواقف تھے۔ وہ اپنے دشمن کو نہایت حقیر سمجھتے تھے۔ غرض گاتھ سلطنت کی عمارت ایسی گری۔ کہ پھر صدیوں تک کھڑی ہوسکی۔ آجکل بھی اسپین میں آئے دن بغاوتیں ہوتی رہتی ہیں۔ کیونکہ وہ لوگ ویسے ہی بزدل اور متلون مزاج ہیں جیسے کہ پہلے تھے۔ دو ماہ ہوئے کہ انہوں نے اپنے بادشاہ کو نکال کر جمہوری سلطنت قائم کرلی ہے دیکھئے۔ اب یہ طرز حکومت کتنے دن قائم رہتی ہے۔

اس لڑائی میں انکے قدم ایسے اکھڑے۔ کہ تمام ملک میں پریشانی پھیل گئی۔ عیسائیوں کے دل ٹوٹ گئے۔ مسلمان ملک کے اندر بڑھتے چلے جارہے تھے۔ اور کوئی انکی مزاحمت نہیں کرسکتا تھا۔ مال غنیمت میں ان کو اتنے گھوڑے مل گئے تھے۔ کہ پیادہ فوج سوار ہوگئی۔ ہزاروں مسلمان لوٹ اور ناموری کی طمع سے اپنے گھروں کو چھوڑ کر طارق کے جھنڈے کے نیچے آکر جمع ہوگئے۔ بعد ازاں طارق نے کارمونہ جیسے مضبوط شہر کو فتح کرنیکا ارادہ کیا۔ چونکہ محاصرہ کرنے سے اس قلعہ بند شہر کو فتح کرنا مشکل تھا۔ اس لئے اس نے ایک نئی ترکیب سوچی۔ جولین (بلیان) کی فوج کا ایک دستہ اسی کی سرکردگی میں رات کے وقت ایسی حالت میں وہاں پہنچا۔ گویا مسلمانوں کے خوف سے بھاگا ہوا آیا ہے۔ اہل شہر نے ان کو پناہ دینے کیلئے دروازے کھولدیئے۔ انہوں نے اندر داخل ہوتے ہی محافظین کو قتل کرڈالا۔ اور شہر کے دروازے مسلمانوں کے لئے کھولدیئے۔ اس شہر کو فتح کرکے طارق اشبیلیہ (Medina) کی طرف بڑھا۔ عیسائیوں نے شہر سے باہر نکل کر خوب مقابلہ کیا۔ مگر آخر کار انہیں بھی شکست ہوئی۔ یہاں بہت سے راہبے تھے جن کو مسلمانوں نے قتل کیا۔

مسلسل فتوحات سے طارق کے حوصلے اور زیادہ بڑھ گئے۔ وہ اپنی قلیل التعداد فوج سے تمام ملک کو فتح کرنے کیلئے تیار ہوگیا۔ اور آگے بڑھتا گیا۔ موسیٰ کو طارق کی غیر متوقع اور حیرت انگیز کامیابی پر رشک پیدا ہوا۔ اس نے حسب دستور ان فتوحات کی خبر دمشق کے خلیفہ کے پاس بھیجی۔ مگر حسد کی وجہ سے اسنے دیدہ دانستہ طارق کی بہادری کا ذکر تک نہ کیا۔ اور خود اندلس جاکر اپنی سرکردگی میں بقایا ملک کو فتح کرنیکا ارادہ کرلیا۔ چنانچہ اس نے ایک باضابطہ فرمان بھیجکر طارق کو مزید پیشقدمی سے منع کرنا چاہا۔ بیان کیا جاتا ہے۔ کہ طارق نے اس فرمان کی تعمیل نہ کی۔ کیونکہ وہ موقع شناس تھا۔ اگر وہ دشمنوں کو آرام کرنے دیتا۔ تو انہیں باقاعدہ تیاری کرنے کا موقع مل جاتا۔ جولین نے بھی طارق کے خیال کی تائید کی اور طلیطلہ (Toledo) پر فوراً چڑھائی کرنیکا مشورہ دیا۔ حقیقت بھی یہی ہے۔ کہ موسیٰ کے حکم کی تعمیل نہ کرنے میں ان سب کی نجات تھی۔ اسنے اپنی فوج کو تین حصوں پر تقسیم کرکے تمام ملک کو چند مہینوں میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک چھان ڈالا۔ اور تمام قلعوں اور صوبوں کو یکے بعد دیگرے فتح کرلیا۔ طارق نے اپنی فوج کو حکم دیدیا تھا۔ کہ وہ صرف مسلح دشمنوں سے لڑیں۔ مگر رعایا سے کسی قسم کا تعرض نہ کریں اور انکے مذہبی جذبات کا احترام کریں۔

طارق نے مغیث (سکرٹری) کو قرطبہ (Cordova) کے فتح کرنے کیلئے سات سو سپاہی دیکر بھیجا۔ اور خود طلیطلہ کی طرف روانہ ہوگیا۔ عیسائیوں نے قرطبہ کو بہت مضبوط اور محفوظ کیا ہوا تھا۔ مغیث دن کے وقت اپنی چھوٹی سی فوج لئے ہوئے ادھر ادھر چھپا رہا جب رات ہوئی تو شہر کی طرف بڑھا۔ اتفاق سے رات کے وقت ژالہ باری کا طوفان شروع ہوگیا۔ اور اہل شہر کو انکی آمد کی مطلق خبر نہ ہوئی رات سخت اندھیری تھی جس کو انہوں نے امداد غیبی سمجھا۔ ایک چرواہے کی رہبری سے اس مقام پر پہنچ گئے جہاں سے وہ بآسانی شہر کی فصیل پر چڑھ سکتے تھے۔ کیونکہ فصیل سے ملحقہ ایک انجیر کا درخت تھا۔ ایک سپاہی درخت پر چڑھکر فصیل پر پہنچ گیا۔ اسنے جھٹ پٹ اپنا عمامہ اتار کر نیچے لٹکادیا۔ اور اس طریقے سے کئی مسلمان سپاہی فصیل پر چڑھ گئے۔ یہ سپاہی فصیل سے اتر کر شہر کے دروازے کی طرف گئے۔ اور محافظین

قتل کرکے دروازہ کھولدیا۔ بس پھر کیا تھا مسلمان شہر میں داخل ہوگئے اور چشم زدن میں شہر کو فتح کرلیا۔ شہر کا گورنر چار سو باشندگان کو ساتھ لیکر ایک قلعہ بند گرجا میں پناہ گزین ہوا۔ کچھ عرصہ تک انہوں نے مقابلہ کیا۔ بالآخر انہیں اطاعت قبول کرنی پڑی۔ بعد ازاں مغیث اور تدمیر (Theodmir) کے درمیان لڑائی ہوئی، جس میں موخر الذکر کو شکست ہوئی۔ وہ ایک غلام کی معیت میں بھاگ کر شہر اوری ہیولا میں پناہ گزین ہوا۔ اسلامی لشکر بھی تعاقب کرتا ہوا اس شہر تک پہنچ گیا۔ شہر مذکور میں ماسوائے عورتوں۔ بوڑھوں۔ بچوں کے کوئی جوان مرد باقی نہ رہا تھا۔ تدمیر کو اس موقع پر ایک عجیب چال سوجھی۔ اس نے کل عورتوں کو مردوں کا لباس پہنایا۔ انہوں نے اپنے سر کے بالوں کو پیچھے دیکر ٹھوڑی کے نیچے اس طرح لٹکائے۔ کہ دور سے دیکھنے والوں کو داڑھی نظر آتی تھی۔ پھر انہیں مسلح کیا۔ اس مصنوعی فوج کو تدمیر نے فصیل شہر کی حفاظت پر مقرر کیا، اسلامی لشکر کو بالکل پتہ نہ لگا۔ کہ یہ کس قسم کی فوج ہے۔ وہ برابر حملہ کی تیاریاں کرتے رہے۔ بعد ازاں تدمیر نے اپنے غلام کو ایلچی کا لباس پہنایا۔ اور خود صلح کا جھنڈا لئے مصالحت کرنے کو شہر سے باہر آیا۔ اور مغیث کے خیمے کی طرف روانہ ہوا۔ عربی سپہ سالار نے اس کا اچھی طرح سے استقبال کیا۔ تدمیر نے سلسلۂ گفتگو شروع کرتے ہوئے کہا کہ "میں اپنے حکمران کی طرف سے آپ سے صلح کی شرائط طے کرنے آیا ہوں کیونکہ ہمارے رحمدل اور صلح پسند حاکم کو خونریزی منظور نہیں اگر آپ وعدہ فرمائیں۔ کہ شہر کے لوگوں اور انکے مال و اسباب سے آپ کے سپاہی تعرض نہ کرینگے تو کل صبح شہر آپکے حوالے کردیا جائیگا۔ ورنہ ہماری ناکہ بندیوں کو آپنے ملاحظہ کرلیا ہوگا۔ جب تک ہم میں سے ایک بھی زندہ رہیگا اس وقت تک آپ کا قبضہ نہ ہوگا" مغیث نے ان شرائط پر صلح کرنے کی رضامندی دیدی۔ عہدنامہ لکھے جانیکے بعد مغیث نے دستخط کردیا۔ پھر تدمیر نے بھی اپنے دستخط کرکے عہدنامہ واپس کردیا۔ اور کہا "لیجئے صاحب۔ عہدنامہ حاضر ہے۔ میں ہی اس شہر کا حاکم ہوں"۔ دوسرے دن صبح ہوتے ہی شہر کا دروازہ کھلا۔ سب سے پہلے تدمیر معہ اپنے غلام کے نکلا۔ اسکے پیچھے بڈھوں۔ عورتوں اور بچوں کا گروہ برآمد ہوا مغیث نے حیران ہوکر تدمیر سے دریافت کیا کہ وہ فوج کہاں ہے۔ جو فصیل کی حفاظت پر مامور تھی۔ تدمیر نے جواب دیا، میرے پاس سپاہی کوئی بھی نہیں بچا تھا۔ میں نے عورتوں کو بھیس بدلا کر فصیل پر کھڑا کیا تھا مغیث اسکی دلیرانہ چال پر بیحد متعجب ہوا۔ اور اس کو اس قدر خوشی ہوئی، کہ تدمیر کو مرشیا (Murcia) کے علاقے کا گورنر مقرر کردیا۔ چنانچہ آج تک یہ صوبہ تدمیر کے نام سے ہی مشہور ہے۔

طارق نے ایک اور دستہ لیکر کردگی زیاد ابن کسادہ دوسری طرف بھیجدیا تھا۔ اس طرف بھی مسلمانوں کا رعب انکی پیشقدمی سے پہلے ہی لوگوں کے دلوں پر بیٹھ چکا تھا۔ باجہ۔ ایجہ۔ این ٹی کیورا۔ ایلویرا اور ملحقات بغیر کسی مقابلہ کے فتح ہوگئے۔ غرناطہ (Granada) نے کچھ عرصہ تک مقابلہ کیا۔ مگر اسے بھی سر تسلیم خم کرنا پڑا۔ چونکہ مسلمانوں کے پاس فوج بہت کم تھی۔ اس لئے وہ فتح شدہ شہروں کی حفاظت کے لئے اپنے سپاہی نہ رکھ سکتے تھے۔ البتہ بڑے بڑے شہروں میں عربی گورنر مقرر کردیئے گئے۔ اور باقی انتظام عیسائیوں کے سپرد کیا جاتا تھا۔ گورنر شہروں کی حفاظت کیلئے عیسائی فوج بھرتی کرلیتے تھے۔ زید نے اپنی مہم کو کامیابی سے ختم کیا، اور بہت سا مال غنیمت لیکر طارق سے طلیطلہ میں جاملا۔ رستے میں آتے ہوئے اس نے لگتے ہاتھ جین کو بھی فتح کرلیا۔ فتح قرطبہ (Cordova) نے عیسائیوں کی ہمت توڑدی تھی۔ طارق جس طرف رخ کرتا تھا۔ کامیابی دوڑ کر اسکی رکاب چوم لیتی تھی۔ ہزاروں عیسائی بھاگ کر پہاڑوں میں جا چھپے، اب صرف مرشیا (Murcia) کے پہاڑی درّے باقی رہ گئے تھے۔ لزریق کی شکست کے آٹھ ماہ بعد طارق طلیطلہ کے سامنے جا پہنچا۔ یہ شہر بہت بلندی پر واقع تھا دریائے ٹیگس اس کو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے تھا۔ انسانی صنعت نے اسکو ایسا مستحکم بنادیا تھا۔ کہ اس کا فتح کرنا محال تھا۔ قلعہ کی فصیل چٹانوں جیسے بڑے بڑے پتھروں سے بنی ہوئی تھی۔ مگر جب وہاں کے باشندوں نے مسلمانوں کی آمد آمد سنی، تو بجائے اسکے کہ متفق ہوکر مقابلہ کی کوشش کرتے۔ ہر شخص کو اپنی ذاتی حفاظت کا فکر پڑ گیا۔ شہر کے بہت سے باشندے اپنا گھر بار چھوڑ کر گلیشیا (Galicia) یا الیسٹریاس کو بھاگ گئے۔ ایسی صورت میں انہوں نے خاک مقابلہ کرنا تھا۔ چنانچہ انہوں نے اطاعت قبول کرلی۔ جن لوگوں نے شہر چھوڑنا چاہا انہیں اجازت دیدی گئی۔ اور جن لوگوں نے اطاعت تسلیم کی، طارق نے انکے جان و مال کی حفاظت کا وعدہ کیا۔ بشرطیکہ وہ ٹیکس ادا کریں، یہودیوں اور عیسائیوں کو اپنے اپنے مذہبی فرائض اور مراسم ادا کرنیکی مکمل آزادی دیدی گئی۔ الغرض مسلمان فاتحین کی شرائط بقابلہ عیسائی فاتحین ایسی نرم اور معقول تھیں۔ کہ سب لوگوں نے ان کو خوشی سے منظور کرلیا۔ طارق نے طلیطلہ کی گورنری اویس (Opas) (وٹیکا کے بھائی) کے سپرد کی۔ اور خود شمالی علاقے کی طرف روانہ ہوگیا۔ جہاں کہیں کہ عیسائی عمامہ باندھے ہوئے سواروں کو دیکھتے تھے، وہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر

پہاڑوں میں جا چھپتے تھے۔ فتح طلیطلہ طارق کا سب سے بڑا آخری کارنامہ تھا۔ مگر یہ عدیم المثال کارنامہ نافرمانی کے گناہ کا کفارہ نہ ہو سکا۔ موسیٰ کو اپنے نائب کی فتوحات مطلق پسند نہ آئیں۔ کیونکہ وہ چاہتا تھا۔ کہ اس ملک کو خود اپنے قوتِ بازو سے فتح کرتا چنانچہ وہ طارق سے حسد کرنے لگا۔ اور اسے عبرتناک سزا دینے کا تہیہ کر بیٹھا۔ خوش قسمتی سے ابھی کئی شہر باقی رہ گئے تھے۔ جن کو طارق نے فتح نہیں کیا تھا موسیٰ نے قیروان میں اپنے بجائے اپنے بیٹے عبدالعزیز کو مامور کیا۔ اور جون ۷۱۲ء میں وہ خود اٹھارہ ہزار فوج لیکر اندلس میں داخل ہوا۔ اسنے آتے ہی سڈونیہ کو فتح کیا۔ پھر سیویل اور مریڈا کے باشندوں نے تھوڑا بہت مقابلہ کیا۔ بالآخر انہوں نے بھی دروازے کھول دیئے۔ حتیٰ کہ اسپین کا سارا علاقہ مسلمانوں کے قبضہ میں آگیا۔ موسیٰ طلیطلہ کی جانب اُس راستے سے گیا۔ جو طارق نے اختیار نہ کیا تھا مریڈا کی فتح کے وقت لزریق کی ملکہ (ایجی لونا) اسکے ہاتھ لگی بعد میں اسنے اس ملکہ کی شادی اپنے بیٹے عبدالعزیز سے کرادی تھی۔ یہی شادی اسکے خاندان کے مصائب کی وجہ بن گئی۔ موسیٰ نے سوچا۔ کہ جب تک اس ملک میں مسلمان کافی تعداد میں آباد نہ ہونگے۔ اس میں ہمیشہ بغاوتیں ہوا کرینگی۔ چنانچہ اسکے حکم سے بربری اور عربی قومیں اندلس میں آباد ہونے لگیں۔

طارق جانتا تھا کہ میں نے اپنے افسر کے احکام کی عمداً خلاف ورزی کی ہے۔ جس کی سزا فوجی قانون کے مطابق سوائے موت کے اور کچھ نہیں ہو سکتی۔ یہ دونوں بہادرانِ اسلام طلیطلہ کے مقام پر ایک دوسرے سے ملاقی ہوئے۔ طارق نے جب اپنے افسر کو آتے دیکھا۔ تو تعظیم کے لئے اپنے گھوڑے سے نیچے اُتر پڑا۔ موسیٰ غصے سے بیتاب ہو رہا تھا اُسنے تمام لوگوں کے سامنے طارق کو چابک سے مارا۔ اور اس سے پوچھا۔ کہ کیوں تم نے بغیر میری اجازت کے اس ملک پر چڑھائی کی میں نے تمہیں صرف دیکھ بھال کے لئے بھیجا تھا۔ طارق نے بڑے حوصلے سے اپنی بے عزتی کو برداشت کیا۔ اور زبان سے اُف تک نہ کی۔ موسیٰ نے اسے حکم عدولی کی بنا پر قید خانہ میں ڈالدیا۔ طارق نے اپنے دوستوں کی معرفت خلیفہ ولید کو اصل واقعات سے باخبر کیا۔ وہاں سے ایک خاص آدمی یہ حکم لیکر پہنچا۔ کہ طارق کو رہا کرکے اُسے اپنے عہدہ پر بحال کیا جائے۔ موسیٰ کو مجبوراً خلیفہ کے فرمان کی تعمیل کرنی پڑی۔ پھر ان دونوں کے درمیان ایک عارضی اور ظاہری صلح ہو گئی۔ مگر انکے دل ایک دوسرے سے کبھی صاف نہ ہوئے۔ اور نفرت کی آگ برابر سلگتی رہی۔ بعد ازاں دونوں نے متفق ہو کر آراگون پر حملہ کیا۔ اور اسے فتح کیا۔ موسیٰ نے یہاں بھی حکم دیا۔ کہ رعایا کے ساتھ بالکل چھیڑ چھاڑ نہ کیجائے۔ لوٹ مار کی سخت ممانعت کر دیگئی۔ اور رعایا کے مذہبی جذبات کا احترام کرنیکی سخت تاکید کیگئی۔ سارا گوسا۔ قلونہ۔ بلنسیہ کا بھی وہی حشر ہوا۔ جو قبل ازیں دیگر علاقوں کا ہوا تھا۔ یہاں سے ان دونوں سپہ سالاروں نے مغربی علاقے کی طرف رُخ کیا۔ اور گلیشیا (جلیقیہ) اور ایسٹریاس کے دشوار گذار علاقوں کو فتح کیا۔ فتح اندلس میں مسلمانوں کے پاس اتنا مالِ غنیمت اور لونڈی غلام آئے۔ کہ قیروان کے بازار میں ایک تندرست غلام مٹھی بھر مرچوں کے عوض مل جاتا تھا۔ یہودیوں نے ناواقف سپاہیوں سے قیمتی جواہرات بدلے نام قیمت پر خریدے۔ طارق اسٹورگا پہنچ چکا تھا اور موسیٰ لیوگو میں مقیم تھا۔ فتوحات کا سلسلہ ابھی جاری تھا۔ کہ یکایک امیرالمومنین (ولید) کا فرمان آیا۔ کہ دونوں سپہ سالار دمشق میں حاضر ہوں۔ ہسٹوریا سٹرپٹا فی دی ورلڈ میں لکھا ہے کہ جب خلیفہ کا آدمی فرمان لیکر موسیٰ کے کیمپ میں آیا۔ تو اُس وقت وہ گھوڑے پر سوار تھا۔ پیغامبر نے تمام فوج کے سامنے موسیٰ کے گھوڑے کی باگ پکڑلی۔ اور پھر اسکے ہاتھ میں فرمان دیا۔ مگر لوگوں کے دلوں میں خلیفہ کا رُعب ایسا بیٹھا ہوا تھا۔ کہ کسی سپاہی نے روک ٹوک نہ کی۔ ابن خلدون لکھتا ہے۔ کہ خلیفہ ولید کو مسلمانوں کا دُور دراز غیر ممالک میں نکل جانا پسند نہ آیا۔ مگر اسکاٹ کی رائے ہے کہ خلیفہ کو شاید یہ اندیشہ ہو گیا تھا۔ کہ کہیں موسیٰ اس ملک کو دبا کر خود مختار بادشاہ نہ بن بیٹھے۔ اندلس دمشق سے اتنا دُور تھا کہ اگر کوئی شخص خود مختاری کا ارادہ کر لیتا۔ تو اُسکی سرکوبی مشکل ہو جاتی۔ اس اچانک حکم سے موسیٰ کے ارادوں کو سخت ٹھیس لگی کیونکہ وہ چاہتا تھا۔ کہ فرانس کو فتح کرکے یورپ کی تمام سلطنتوں کو تہ و بالا کرے اور پھر وہاں سے قسطنطنیہ پہنچکر رومن امپائر کا خاتمہ کرے۔ اگر کہیں وہ اپنے ارادوں میں کامیاب ہو جاتا۔ تو آجکل تمام یورپ میں بلکہ تمام دنیا میں مسلمان ہی مسلمان نظر آتے۔ مسلمانوں کے دل ایسے بڑھے ہوئے تھے۔ کہ ان میں ہر ایک فرد یہ سمجھتا تھا۔ کہ وہ اللہ تعالےٰ کا برگزیدہ بندہ ہے۔ تمام دُنیا یہ جانتی تھی۔ کہ موسیٰ پچاس برس تک لڑتا رہا۔ مگر کبھی شکست نہیں کھائی۔ کیفیت یہ تھی۔ کہ جہاد کے نام سے مسلمانوں میں ایک جوش پھیل جاتا تھا۔ فرانس کی نیم وحشی سلطنت جو اندرونی اختلافات کی وجہ سے سخت کمزور حالت میں تھی۔ اس قابل نہ تھی۔ کہ مسلمانوں کا مقابلہ کر سکتی۔ بہرحال موسیٰ اس حکم کو پڑھکر سخت ناراض ہوا۔ مگر سوائے تعمیل کے اور کچھ چارہ نہ تھا۔ چنانچہ اس نے فوراً واپسی کی تیاری شروع کر دی بعض مورخین لکھتے ہیں۔ کہ موسیٰ کے چلے جانیکے بعد طارق اندلس کا گورنر مقرر ہوا۔ مگر مستند تاریخوں میں درج ہے۔ کہ طارق بھی موسیٰ کے ساتھ دمشق گیا تھا۔ موسیٰ نے اپنی غیر حاضری میں اپنے لڑکے عبدالعزیز کو اندلس کا نائب السلطنت مقرر کیا۔ اس نے تین بڑی گاڑیاں تیار کرائیں۔ جن میں بے شمار سونا چاندی اور جواہرات لدے ہوئے تھے۔ اس کے ساتھ چار سو شاہی خاندان کے فرد ہمرکاب تھے۔ جن کی گردنوں میں سونے کے طوق پڑے ہوئے تھے علاوہ ازیں تین سو دوشیزہ خوبصورت عورتیں

اس قافلہ میں تھیں غرض موسیٰ اس شان و شوکت سے قیروان پہنچا۔ اُس نے اپنے باقی تین پسران عبداللہ۔ عبدالملک۔ عبدالعلی کو افریقہ کے تین مختلف صوبوں کا گورنر مقرر کیا۔ اندلس اور افریقہ کے انتظام مکمل کر کے وہ دمشق کی جانب روانہ ہوا۔ وہ ابھی شام کی سرحد میں داخل ہوا ہی تھا۔ کہ اُس کو ولی عہد خلافت سلیمان کا ایک خفیہ خط ملا جس میں لکھا تھا۔ کہ خلیفہ ایک مہلک بیماری میں مبتلا ہے اور اسکے بچنے کی اُمید نہیں۔ اس لئے اسے ہدایت کی۔ کہ جب تک ولید فوت نہ ہو جائے۔ وہ آگے نہ بڑھے۔ سلیمان کا مطلب یہ تھا۔ کہ اگر ولید کی زندگی میں تحائف پہنچے۔ تو اسکی اولاد کی ملکیت ہوگی مگر موسیٰ نے سلیمان کے حکم کی کچھ پرواہ نہ کی۔ شائد اس خیال پر کہ اگر ولید بچ گیا۔ تو پھر اسکے واسطے اور زیادہ مصیبت ہو جائیگی۔ چنانچہ وہ فوراً دمشق کی طرف روانہ ہو گیا۔ اور جمعہ کے دن پہنچکر سیدھا جامع مسجد میں چلا گیا، جہاں ولید بھی نماز پڑھنے کے لئے گیا ہوا تھا۔ نماز کے بعد خلیفہ اس سے بغلگیر ہوا اور شاہی لباس اور پچاس ہزار دینار بطور انعام اسکو عطا کئے۔ ولید نے طارق کو بھی انعام و اکرام دیئے۔ موسیٰ کو دمشق میں آئے ہوئے چالیس روز ہی گذرے ہونگے۔ کہ ولید کا انتقال ہوا۔

اس امر میں مورخین کے درمیان اختلاف ہے۔ کہ آیا یہ دونوں سپہ سالار ولید کی زندگی میں دمشق پہنچے تھے۔ ابن خلدون بیان کرتا ہے کہ موسیٰ سلیمان کے عہد حکومت میں دمشق پہنچا۔ بہرحال سلیمان نے تخت پر بیٹھتے ہی موسیٰ سے انتقام لینا چاہا (اسی خلیفہ نے محمد بن قاسم فاتح سندھ کے ساتھ بھی ظالمانہ سلوک کیا تھا) اسکے خلاف بدزبانی۔ جبرستانی۔ رشوت وغیرہ کے مقدمات قائم کئے گئے۔ اور ایک یہ بھی جرم عائد کیا گیا۔ کہ اس نے بیفائدہ ہزاروں مسلمانوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالا تھا۔ اسکے خلاف زبردست شہادت پیش ہوئی۔ جس کو وہ تردید نہ کر سکا۔ جب اسکے جرائم ثابت ہو گئے۔ تو خلیفہ سلیمان نے جو سخت مزاجی میں مشہور تھا۔ اسکی تمام جائداد ضبط کر لی۔ اور اسپر دو لاکھ دینار جرمانہ کیا گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اسے زنجیر سے باندھکر تمام دن دھوپ میں کھڑا کیا گیا۔ موخر الذکر سزا اس واسطے دی گئی تھی۔ کہ اس نے خلیفہ پر نافرمانی کا الزام لگایا تھا۔ کئی گھنٹوں کی اذیت کے بعد بعض خیر خواہوں کی سفارش سے اسکی زنجیریں کھولدی گئیں۔ اور اسے دربار میں آنیسے منع کیا گیا۔ سلیمان اسکے پسر عبدالعزیز نائب السلطنت کو بھی قتل کرا دیا۔ کیونکہ اسے اطلاع ملی تھی۔ کہ وہ لزریق کی بیوہ (جو اسکی چہیتی بیوی تھی) کے ایما سے خود مختار حکومت کرنیکا ارادہ کر رہا تھا جب خلیفہ کے پاس عبدالعزیز کا سر بھیجا گیا۔ تو اسنے موسیٰ کو بلا کر اسے دکھلایا۔ تو وہ دیوانہ وار ہو کر وہاں سے بھاگ نکلا۔ اور صحرانوردی کرنے لگا۔ بقیہ عمر اس نے سخت مصیبت میں کاٹی۔ کہتے ہیں۔ کہ وہ بدوؤں سے بھیک مانگ کر اپنا پیٹ پالتا تھا۔ غرض یوں اسکی شاندار زندگی مفلسی کی حالت میں وادی القریٰ میں ختم ہو گئی۔ وہ ایسی گمنام حالت میں فوت ہوا۔ کہ کسی کو اسکی قبر کا بھی پتہ نہ لگا۔ یہ انجام تھا اُس سپہ سالار اعظم کا جس کا ثانی کوئی قوم پیدا نہ کر سکی۔ وہ موت سے ڈرنا جانتا ہی نہ تھا۔ فرائض منصبی اور دینی کا سختی سے پابند تھا۔ وہ انسان کو دیکھکر اس کا صحیح اندازہ لگا لیتا تھا۔ اس میں شک نہیں۔ کہ اسنے مشتبہ طریقوں سے بہت دولت جمع کر لی تھی۔ اور اپنے رفقا کو اس سے محروم رکھا۔ یہی ایک ایسا جرم تھا جس نے اسکو تباہ کیا۔ مگر بلاذری لکھتا ہے۔ کہ موسیٰ بھیک مانگتا ہوا نہیں مرا۔ کیونکہ یزید ابن مہلب نے اس کا جرمانہ ادا کر دیا تھا۔ یزید کو سلیمان کا مصاحب خاص تھا۔ نہ صرف یہی بلکہ یہ بھی معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ کچھ عرصہ کے بعد دربار خلافت کا ایک رکن بن گیا تھا۔ کیونکہ جب سلیمان نے ۹۷ھ میں حج کیا تھا۔ تو موسیٰ اس کا ہمرکاب تھا۔ اور اسی سفر کے دوران میں اسنے انتقال کیا۔ ڈوزی (مشہور مورخ) نے بلاذری کی تائید کی ہے۔ مرنیسے پہلے موسیٰ نے اپنے ایک دوست سے کہا تھا۔ کہ کل وہ شخص مر جائیگا جس کے ذکر سے مشرق و مغرب کسی وقت گونجتا تھا۔

تاریخ نہیں بتلاتی۔ کہ طارق کا کیا حشر ہوا۔ اگر اس پر بھی کوئی خاص مصیبت پڑتی۔ تو ضرور کوئی نہ کوئی موبخ اس کا حال لکھتا جس سے اندازہ لگ سکتا ہے۔ کہ اسے بقیہ زندگی آرام سے گذارنے کی اجازت دی گئی ہوگی۔ مگر یہ امر مسلمہ ہے۔ کہ اسے پھر کوئی بڑا عہدہ نہ ملا۔ کیونکہ دربار خلافت کے وزرا ایسے قابل آدمی کو سپہ سالار بناتے ہوئے ڈرتے تھے۔ یوں دنیا سے وہ آدمی بھی گمنامی کی حالت میں محو ہو گیا۔ جو طرح اپنے آقا سے بہتر تھا۔ جو لین سے عیسائی دنیا اتنی ناراض ہو گئی۔ کہ اسکی دشمنی کا سلسلہ لامتناہی ہو گیا۔ کئی پشتوں تک اس کا نام غدار مشہور رہا۔ فتح اندلس کے بعد جو لین سبتہ میں واپس چلا آیا۔ یہ علاقہ اسے بوجہ خدمات جاگیر میں دیا گیا۔ کہتے ہیں کہ طارق کی اولاد کئی صدیوں تک اندلس میں محترم رہی۔

مسلمانوں نے اپنے حلیفوں کے ساتھ جو وعدے کئے تھے۔ انہیں نہایت ایمانداری سے پورا کیا۔ فتح اندلس سے رعایا بالخصوص غلاموں کو بہرت فوائد پہنچے۔ انکی حالت پہلے سے بدرجہا بہتر ہو گئی۔ جو معاہدات کہ طارق یا اسکے جرنیلوں نے عیسائی رؤسا و عوام الناس کے ساتھ کئے تھے۔ ان سب کی تصدیق بارگاہ خلافت سے بلاکم و کاست کی گئی۔ اور جب تک مسلمان وہاں حکومت کرتے رہے وہ اپنے معاہدات پر قائم رہے۔

نئے فاتحین نے سابقہ قوانین کا احترام رکھا مسلمانوں نے اپنے عدل و انصاف اور مرحمت خسروانہ سے بہت ہی جلد عیسائیوں کے دلوں میں گھر کر لیا۔ یہودی مرفع الحال ہو گئے۔ عیسائی اپنے نقصانات بھول گئے۔ غلاموں نے اسلام قبول کر کے داغ غلامی ہمیشہ سے مٹا دیا۔ اور وہ خلیفہ کے مساوی ہو گئے۔ چودہ ماہ کے اندر ذخیرہ شام سے لیکر کوہ پاری نیز تک مسلمانوں کا تسلط ہو گیا۔ جس سرعت کے ساتھ مسلمانوں نے اندلس پر قبضہ کیا تھا۔ تاریخ عالم اسکی مثال پیش نہیں کر سکتی۔

(باقی آیندہ)

(خاص)

کلامِ نفیس

از جناب مولوی محمد یوسف صاحب نفیس بنگلوری تلمیذ رشید جانشین امیر مینائی

حضرت جلیل قبلہ مدظلہ!

ہجومِ حشر میں گم ہو گیا دل — فرشتو! ڈھونڈھ کر لانا مرا دل
نزاکت میں جو گل سے تھا سوا دل — حسینوں کی نگاہوں میں تُلا دل
نہ دیکھو، پیار کی چتون سے دیکھو — مرے پہلو میں ہے اک جُلبلا دل
نہیں کھلتا نہیں کھلتا وہ جوڑا — نہیں ملتا نہیں ملتا مرا دل
ارے ساقی! یہ دستِ نازنیں میں — بھری بوتل ہے یا میخوار کا دل
بڑے تم آئے دل کے لینے والے — مرے یاں! چاہیئے اسکو بڑا دل
پتہ دیتی ہے یہ ٹھوکر کسی کی! — کسی کا راستے میں ہے پڑا دل
حسینوں کی بھری محفل میں ہے ہے — مچل کر مجھ کو رسوا کر گیا دل
نہ ان کے ہے نہ میرے کام کا ہے — تو پھر ہے کس مرض کی تو دوا دل
یہ کیا لینا ہے اور یہ کیا ہے دینا — کہ بُل دے کر مجھے لے کر گیا دل
نہ جچتا تھا نظر میں جام جم بھی — مرے پہلو میں تھا جب تک مرا دل
بتاؤں کس کو، میں کس کا پتہ دوں — بھری محفل میں کوئی لے گیا دل

نفیس ایسا گیا گزرا نہیں ہے
بڑا ہے حوصلہ اس کا بڑا دل

ایک دوست سے خطاب

از جناب ماہر حیدرآبادی

یوں بھی ہوتا ہے کہ اس دنیا سے اُٹھ جاتا ہے دل
بیکسی و بے بسی میں جب کہ گھر جاتا ہے دل

یوں بھی ہوتا ہے کہ اکثر شدتِ رنج و الم
سرد کر دیتی ہے دل کو اور ان آنکھوں کو نم

یوں بھی ہوتا ہے کہ یاد آتی ہے اگلی داستاں
جس کی ہر ہر سطر میں ہیں عیش کی رنگینیاں

یوں بھی ہوتا ہے کہ تنہائی میں خوں روتا ہے دل
یاد کے اشکوں سے دامن فکر کا دھوتا ہے دل

یوں بھی ہوتا ہے کہ لیکر شوخیٔ رقصِ شرر
بارگاہِ دل میں ہوتی ہے مسرت جلوہ گر

کشتیٔ اُمید ہوتی ہے کبھی ساحل پہ غرق
آس ہوتی ہے کبھی پیدا تو لیکر عمرِ برق

یوں بھی ہوتا ہے کہ دل میں یاس کر لیتی ہے گھر
باندھ کر تیار ہو جاتی ہے جاں رختِ سفر

اکثر ایسے وقت میں اے دوست یاد آتا ہے تو
صبر پیدا کر کے دل میں مجھ کو بہلاتا ہے تو

تیری ہستی مرکزِ تخئیل جب بنتی ہے پھر
جان پیدا کر کے تن میں دل کو گرماتی ہے پھر

پھر تو تیری یاد میں اس طرح کھو جاتا ہوں میں
انجمن میں رہ کے خلوت کے مزے پاتا ہوں میں

دور رہ کر تجھ سے تجھ میں جذب ہو رہتا ہوں میں
خواب کے پہلو میں بن کر خواب سو رہتا ہوں میں

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن برادرم سید نذیر نیازی صاحب کے برادرِ محترم سید شبیر احمد صاحب بہت طویل علالت کے بعد کچھ عرصہ ہوا ڈیرہ دون میں انتقال کر گئے۔ سید نذیر نیازی صاحب کوئی سال بھر ان کی تیمارداری میں مصروف رہے تھے لیکن افسوس کہ مشیت ایزدی کا منشا یہی تھا کہ باوجود علاج کی انتہائی کوششوں کے اس ہونہار نوجوان کو دنیا سے اُٹھا لے۔ ہمیں نیازی صاحب۔ ان کے والد محترم اور دیگر عزیزوں سے اس روح فرسا صدمہ میں انتہائی ہمدردی ہے۔ خدا سے دعا ہے کہ وہ آپ لوگوں کو صبر کی توفیق عطا فرمائے اور مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں لے۔ اُمید ہے کہ ناظرین بھی مرحوم کے حق میں رحمت کی اور پسماندگان کیلئے صبر کی دُعا کریں گے۔ (صُدیر)

سرنگاپٹم

سُلطان ٹیپو شہید مجاہدِ اسلام کا تاریخی دارالخلافہ

از جناب ظفر قریشی صاحب دہلوی بی۔ اے

شہر کی قدامت اور تاریخی آثار جنوبی ہندوستان میں یونتو بیسیوں تاریخی اور قدیم مقامات ہیں جنہیں آثاری اور تاریخی حیثیت اور ہر نگاہ سے قابلِ وقعت سمجھا جاسکتا ہے لیکن سرنگاپٹم کا مقام اِسقدر تاریخی روایات اپنے گرد لئے ہوئے ہے اور اسکی قدامت اسقدر حیرت انگیز ہے کہ جنوبی ہند کا اور کوئی مقام اِس باب میں اُس کا مقابل تسلیم نہیں کیا جاسکتا۔ قطع نظر اسکی آثاری بلند پائیگی کے تاریخی حیثیت سے سرنگاپٹم دو ایسی زبردست تخصیتوں کے نام سے وابستہ ہے کہ اور کسی شہر کو جنوبی ہند میں نصیب نہیں۔ تاریخ نواب حیدر علی خاں بہادر خلد آشیاں مجاہد اسلام و مالک راہ معرفت کے نام سے واقف ہے اور اس کیلئے مؤرخ کو ایک علیحدہ باب اپنی کتاب میں دینا پڑتا ہے۔ اس کے بعد ان کے فرزند ذیجاہ سُلطان ٹیپو شہید نوراللہ مرقدہٗ کا نام اس شہر سے وابستہ ہے۔ ان دونوں شہدائے اسلام اور مجاہدین خدا کی تاریخ اور ان کی قربانیاں، ان کی عسکری قوتیں اور انگریزوں کے ساتھ انکی حیرت انگیز صولت وجسارت کے معرکے (جنہوں نے "دانایانِ فرنگ" کو پاگل بنا دیا تھا) اسقدر حیرت انگیز ابواب ہیں جنوبی ہند کی تاریخ کے کہ جس سے مُسلمانوں کیلئے سینکڑوں سپر چشمے رُشد و ہدایات کے نکل سکتے ہیں اور ان کی مُخفیہ قوتیں بیدار ہوسکتی ہیں، ان کی رگوں میں جو خون منجمد ہوگیا وہ ان مجاہدین اسلام کی نبرد آزمائیوں جہاد فی سبیل اللہ کے معرکوں کی یاد سے سیل آتشیں میں تبدیل ہوسکتا ہے جس سے اگر وہ چاہیں تو اب بھی ہر "غیراللہ" کو خس و خاشاک کی طرح بہا سکتے ہیں۔

سرنگاپٹم اسلامی مجاہدین کا وہ مقدس مقام ہے جہاں ترکش اسلام کے ان آخری تیروں نے سینۂ کُفر چھلنی کیا تھا اور جسکی چمک تک معاندانِ اسلام کے مزاجوں کو درہم برہم کردیتی ہے۔

شہر سرنگاپٹم کی تاریخ اور سُلطان ٹیپو کی مختصر تاریخ معلوم کرنے سے قبل جو اس شہر کے در و دیوار سے وابستہ ہے ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ عنوان کے اعتبار سے اس شہر کا پورا پورا خاکہ قارئین کے ذہن نشین کرادیں۔ شہر سرنگاپٹم ریاست میسور سے کچھ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ ہندوؤں کے ایک مشہور و مقدس دریا کاویری کے بیچ میں ایک جزیرہ ہے نہایت پختہ و عسکری لحاظ سے بہت قابل قدر جس کا طول ساڑھے تین میل اور عرض ڈیڑھ میل کے قریب ہے۔ اس جزیرہ پر سرنگاپٹم کا مستحکم شہر آباد تھا اور فوجی نقطۂ نظر سے یہ اسقدر اہم و غیر معمولی قوت کا مرکزی مقام تھا کہ انگریز و بنگا ہمیشہ اس پر دانت رہا لیکن مُسلمانوں کو داد دینی چاہئے اپنے مجاہدین کی سرفروشانہ سرگرمیوں کی کہ کس طرح انہوں نے ہندو ریاستوں کے دانتوں کے بیچ میں اس فوجی مرکز کو حاصل کیا۔ اور اسلامی صولت و جبروت کے عین تقاضی کے مطابق پسپا ہوئے بغیر اسکی حفاظت میں اپنی جانیں تک لڑا دیں اور ان کی نظرِ انتخاب پڑی تو ساری جنوبی ہند میں ایسے کانٹے کے مقام پر جو دال ہے ان بزرگوں کی فوجی قابلیت اور فنِ حرب کے نشیب و فراز پر پورا عبور رکھنے پر۔ یہ جزیرہ سرنگاپٹم کے علاوہ ہندوؤں کے لئے اس وجہ سے مشہور و منسوب ہے کہ وہاں ایک ہزار برس کے دو مندر بنے ہوئے ہیں جو اپنی قدامت اور تقدس کے اعتبار سے ہندوؤں کی یاترا ہے۔

پندرھویں صدی میں خاندان بیجانگر جب برسرِ حکومت تھا اُس وقت تھیا راجہ کو جو دریا کے اس پار کچھ شہروں کا مالک تھا ایک قلعہ تیار کرنیکی اجازت دیدی گئی تھی۔ یہ کہا جاتا ہے کہ جب یہ مشہور فوجی قلعہ تیار ہو رہا تھا اس وقت تعمیر کے لئے پتھر جینی مندروں کو توڑ کر لگائے جارہے تھے جو اردگرد بہت تھے ہم نہیں کہہ سکتے کہ اس روایت میں کہاں تک صحت کا شائبہ ہے لیکن اتنا جانتے ہیں کہ اس راجہ کے ایک پیشرو کو بیجانگر کے ایک ایسرائے نے تخت سے اُتار دیا تھا۔ بیجانگر کی سلطنت کا ایک ایسرائے تھا جس کا نام راجہ عنقر مالا تھا۔ اسنے اپنی عدم موجودگی میں

جزیرہ کے انتظام کے لئے میسور کے راجہ راجہ وادیر کو منتخب کیا اور ساری سلطنت کا انصرام اس کے سپرد کر دیا۔ راجہ وادیر والی میسور کی اولاد اس مشہور شہر سرنگاپٹم پر حکومت کرتی رہی۔

سلطان حیدر علی شہید ہندوؤں کی مسلم کش پالیسی کے خلاف علم جہاد بلند کر چکے تھے وہ ہندو ریاستوں کی چیرہ دستیوں سے اب مسلمانوں کے خون کی ارزانی نہیں دیکھ سکتے تھے چنانچہ سرنگاپٹم ان کے ہاتھ میں آیا اور آپ نے اسے اپنا دارالخلافہ بنایا۔ زیریں ہند کے کفرستان میں یہ پہلا مقام تھا جہاں اسلام کے سرفروش مجاہد نے عین اپنی موت کے مہینہ میں اپنی اسلام دوستی کا ثبوت دیا جس طرح ظلمت میں ایک کرن نور ہوتی ہے اسی طرح کفرستانِ ہند میں سرنگاپٹم اور سلطان حیدر علی ایک زبردست خار تھا جو ہندو ریاستوں کے سینوں میں کھٹکتا رہتا تھا لیکن اس شیر اسلام نے تمام سیل حوادث اور معاندانہ سرگرمیوں کا وہ شاندار مقابلہ کیا کہ آج تک تاریخ باوجود طرح طرح کی الزام تراشی کے نہ بھلا سکی۔ ایک طرف جوش اسلام اور صولت و جسارت کا بے پایاں سیلاب تھا جو حیدر علی کی عسکری قوتوں کو بیدار کر رہا تھا۔ دوسری طرف ہندو رئیسوں کی عیش پرستی۔ طوائف الملوکی اور ظلم و تعدی سے جس سے رعایا تنگ آچکی تھی اور ہمیشہ علم بغاوت بلند کرتی رہتی تھی سلطان حیدر علی نے اپنا علم جہاد بلند کیا ہی تھا کہ خود ہندو ریاستیں آآ کر سرنگوں ہوگئیں کیونکہ وہ کہتی تھیں کہ سینکڑوں لاکھوں بندگان خدا کی بہبودی، فلاح اور انتظام سلطنت کے لئے ایک زبردست مرکزی قوت کی ضرورت ہوتی ہے جو اس وقت جنوبی ہند میں مفقود تھی اس لئے حیدر علی کی ذات ایک نعمت تھی کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ اس سے بہتر منتظم ان کی ریاستوں کا اور ایسی زبردست مؤثر اور طاقتور مرکزی قوت کسی جگہ نہیں مل سکتی تھی جو اس زمانہ کی پیچیدہ سیاست کو سنبھال سکتی چنانچہ جس وقت راجاؤں نے سلطان حیدر علی سے وفاداری کا عہد باندھا ملک میں امن و امان قائم ہوگیا اور سرنگاپٹم پر اسلامی پرچم لہرایا جس نے سینکڑوں بھٹکے ہوئے کمزور دل ہندوؤں کو اسلام کے خود دار، شوکت آفریں، پر صولت آغوش میں لیلیا اور ان کی عسکری قوتیں پھر جو بیدار ہوئیں اور ادھر تربیت ملی حیدر علی جیسے بے پناہ جرنیل کی۔ غرض جنوبی ہند میں اگر کسی کی فوج لرزہ انگیزی کر سکتی تھی تو وہ حیدر علی خاں کی۔

سلطان حیدر کے بعد سلطان ٹیپو شہید ان کے فرزند نے سرنگاپٹم کی آخری وقت تک حفاظت کی۔ سرنگاپٹم کی مستحکم دیواریں فصیلیں اور دمدمے اس قدر مضبوط کر دیئے گئے اور انہیں فوجی نقطہ نگاہ کے خیال سے حیرت انگیز طور پر اتنا محفوظ بنایا گیا کہ سرنگاپٹم پر قبضہ کرنا اور سلطان ٹیپو سے مقابلہ کا خیال کرنا ایک مضحکہ خیز بات تصور کی جانے لگی۔ کچھ تو قدرتی طور پر سرنگاپٹم کا قلعہ مضبوط و محفوظ مقام پر واقعہ ہوا تھا اور کچھ سلطان ٹیپو کے مشوروں اور حیرت انگیز تعمیری فطرت نے اسے اسقدر مضبوط بنا دیا تھا کہ جنوبی ہند کا آہنی قلعہ متصور ہونے لگا گویا یورپ کا "پلونا" تھا۔ اس قلعہ کے استحکام کا یوں اندازہ لگایئے۔ جزیرہ کے چاروں طرف دریا تھا جس کی وجہ سے کوئی فوج بڑی تعداد میں شہر کا محاصرہ کرنے سے گریز کرتی تھی کیونکہ کشتیاں اس دریا میں چلتی ہی نہیں کیونکہ جگہ جگہ پہاڑیاں تھیں۔ اور معمولی عبور کے ذرائع کے علاوہ کوئی بیڑہ وغیرہ اس پہاڑی دریا میں نہیں لایا جا سکتا تھا کیونکہ پاش پاش ہو جاتا تھا۔ جزیرہ کے اس سرے سے لیکر اُس سرے تک مستحکم و مضبوط دیوار چلی گئی تھی جو بے پناہ پتھر یعنی سنگ خارا کی بنی ہوئی تھی اور جس کی بنیادوں میں سیسہ پلایا گیا تھا اس دیوار میں کہیں کہیں خلا رکھے گئے تھے تاکہ حملہ آوروں پر مدافعت کے وقت وار کئے جا سکیں۔ حملہ آور اس پتھر کی دیوار سے اگر سر ٹکرا کر بھی مر جائیں تو ٹس سے مس نہ ہوں۔ جنوبی طرف ایک زبردست قلعہ تھا جس کا ذکر آچکا ہے جو اس فصیل سے بھی زیادہ محفوظ اور حیرت انگیز طور پر مستحکم تھا۔ ان انتظامات سے آپ سلطان حیدر اور سلطان ٹیپو کی فوجی قابلیتوں کا لوہا تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائینگے۔

سلطان ٹیپو کا زمانہ اور شہر

سلطان ٹیپو کے زمانہ میں شہر کی حالت بہت عمدہ تھی۔ باشندے خوشحال اور مرفع الحال تھے تجارت روز افزوں ترقی پر رہی تھی کیونکہ بادشاہ کو اپنے شہر کی اقتصادی ترقی اور ملک کی افزائش دولت کا بڑا خیال رہتا تھا۔ سلطان ٹیپو ایک زبردست فوجی جرنیل ہی نہیں تھا بلکہ ایک زبردست منتظم بھی تھا اور اصول حکمران و وضع قوانین کا از حد ماہر تھا۔ اُس وقت سرنگاپٹم اپنی خوشحالی اور ترقی یافتہ حالت کے اعتبار سے ہندوستان کا دمشق یعنی عروس البلاد بنا ہوا تھا لیکن آجکل اس شہر کی جو حالت ہے وہ از حد قابل تاسف ہے! افسوس کہ حالت کیا سے کیا ہوگئی!! شہر کی رونق، شاہانہ احتشام (جو ایک مشرقی دارالخلافہ کا خاص رنگ ہوتا ہے) آب بالکل مفقود ہے۔ شہر سنسان اور اداس نظر آتا ہے وہ سرگرمی اور چہل پہل آب خواب میں بھی نظر نہیں آتی۔

ہندوستان کا شاید ہی کوئی ایسا شہر ہوگا کہ جو اس قدر خاموش اور غیر دلچسپ ہو جس قدر یہ سرنگاپٹم ہے۔

اگر آپ قلعہ کی جنوبی دیوار کے "ہاتھی دروازہ" سے اندر داخل ہوں تو ایک زبردست اُداسی چاروں طرف پھیلی ہوئی نظر آئیگی۔ محلات خالی ڈھنڈار پڑے ہیں۔ نہ لیکن رہے نہ مکان کی رونق اور چہل پہل رہی۔ کوئی سیاح اس سنسان و ویران نظارہ کو دیکھکر عبرت و بصیرت کے جذبات سے لبریز ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ یہ تو قلعہ اور محلات کی حالت ہے شہر کی حالت اس سے زیادہ اندوہناک اور اثر پیدا کرنیوالی ہے۔ کہیں کہیں ٹوٹے پھوٹے بازار امتداد زمانہ اور چرخ ستمگر کے چکر سے محفوظ رہ گئے ہیں۔ دوکانیں بے رونق اور حالت زبوں ہے جگہ جگہ اُجڑی ہوئی بستی کھنڈروں کے ڈھیر اور تہذیب شاہی کے آثار نظر آئیں گے جو زاغ و بوم کا نشیمن ہیں اور عبرت و موعظت کا ایک بے پناہ باب باصر کی نگاہ کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ اللہ اللہ ڈیڑھ دو صدی میں یہ باتیں خواب خیال ہوگئیں ؟!!

وہ فصیل، وہ مستحکم دیوار جس پر ٹیپو ناز کیا کرتا تھا غفلت امتداد زمانہ اور مرور ایام کی بدولت جابجا شق ہونی اور منہدم ہونی شروع ہوگئی ایکدن بالکل برباد اور قوۂ خاک ہو جائیگی! آہ وہ دیوار جس نے مجاہدین اسلام کے سینوں کی طرح ناموس مذہب کی حفاظت کی جس نے غازیان دین کو پناہ دی۔ آہ جو حقیقتاً "دیں پناہ" تھی اب ان غازیوں کی طرح موت کے آغوش میں جا رہی ہے لیکن نہ تاریخ نے ان مجاہدین کی قربانیوں کو بھلایا ہے اور نہ اس تودہ خاک وحشت کو بھلا سکے گی اس کے پیچھے صدیوں کی روایات اور سینکڑوں مجاہدین کے خون و استخوان کی پشت پناہی پر رہی ہے یہ گر جائے لیکن اسلام کی صولت و جبروت اور مجاہدین کی جسارت و بہادری کی داستان زمانہ بھلانے سے بھی نہ بھلا سکیگا۔ سلطان کے زمانہ کی جتنی عمارتیں تھیں وہ بیشتر منہدم و مسمار ہو چکی ہیں اور جو بچ گئی ہیں وہ برابر گر رہی ہیں اور کھنڈروں کی صورت میں تبدیل ہو رہی ہیں چنانچہ ان پر جھاڑیاں اور خودرو نباتات جابجا اُگ آئی ہیں اور یہ معلوم ہی نہیں ہوتا کہ یہ بھی ایک خوشحال و فارغ البال باشندوں کا مسکن تھا۔

لرزنے والی محراب

اگر جنوبی دیوار کے ہاتھی دروازہ میں سے گزر کر ہم آگے بڑھیں تو قلعہ میں مختلف چیزیں نظر آئینگی۔ مثلاً میگزین، عدالت خانہ، شری ناری سوامی کا مندر۔ قدیم محلات وغیرہ۔ سڑک کے کچھ فاصلہ پر ایک زبردست محراب نظر پڑتی ہے جو "داہا ولسن" کی محراب کہلاتی ہے اس سرے سے اُس سرے تک سو فٹ ہے یہ ایک مشہور فرانسیسی انجینئر نے ۱۸۰۹ء میں تعمیر کی تھی۔ اس مینار کے متعلق دیکھنے اور سوچنے کی یہ چیز ہے جو بہت حیرت انگیز ہے کہ اگر کوئی اس محراب پر چڑھکر کودے تو وہ ہلنے اور لرزنے لگتی ہے گویا کہ وہ کسی لچکدار شے کی بنی ہوئی ہے جیسے جھولا ہوتا ہے۔ ریلوے لائن کو عبور کرکے آپ کچھ دور آگے بڑھینگے تو بہت سی منہدم عمارتیں آتی جائینگی حتیٰ کہ آپ فصیل کے اُس حصہ کے پاس پہنچ جائیں گے جو بیچ میں سے پھٹی ہوئی ہے۔ اس شکستہ مقام کے ساتھ انگریزوں کی تاریخ وابستہ ہے۔ یہ وہ تاریخی مقام ہے جس میں آج سے ایک سو تیس ۱۳۰ برس قبل انگریزوں نے ہندوستان کی اس مشہور و مستحکم آہنی دیوار کو توڑ کر ٹیپو سلطان کو ہزیمت دی تھی۔ اس وقت انگریزوں کی ترکتازیاں بڑھ رہی تھیں۔ جنرل بیرڈ کی زیر کمان کافی یورشیں ہو رہی تھیں۔

سلطان ٹیپو کی مذہبی رواداری

شمال کی طرف "دہلی دروازہ" ہے جہاں ایک زندان ہے سو فٹ طویل اور پچاس فٹ عریض ہے اس میں جنگ کے قیدیوں کو رکھا جاتا تھا۔ آگے "کرشنا دیوی" ہے یعنی وہ مشہور سنگین مندر جسے پنچا نگر کے وائسرائے نے تعمیر کرایا تھا۔ اس مندر کے سامنے ایک وسیع قطعۂ اراضی ہے جہاں پر سلطان ٹیپو کا خاص محل، سرکاری دفاتر، خزانہ، توشہ خانہ وغیرہ عمارتیں تھیں۔

آپ نے غور کیا کہ میں نے قلعہ کا نقشہ کھینچتے ہوئے یہ ذکر کیا ہے کہ مندر کے پاس ایک وسیع زمین کا کھلا ہوا قطعہ ہے جہاں بادشاہ کا محل تھا اور سرکاری عمارتیں تھیں اسی سے ظاہر کرنا یہ مقصود تھا کہ بادشاہ کس قدر روادار تھا۔ اُس کے مذہبی خیالات کس قدر دُور اندیشانہ اور قابل تعریف تھے۔ اُس نے اپنے محل کے پاس ہی مندر کو رکھا، اُسے مندروں سے کوئی بغض نہ تھا، ہندوؤں سے کوئی پرخاش نہ تھی لیکن ہاں انگریز کا قدم ہندوستان کی سرزمین پر نہیں پر نہیں چاہتا تھا۔ وہ ملکی حکومت کا پہلا عملی مجاہد تھا گو آجکل کے متعصب اور اندھے مؤرخین ٹیپو کو ایک "مذہبی دیوانہ" کہکر اُسکی وقعت نوجوان نسل سے محو کرنا چاہتے ہیں اگر وہ مذہبی دیوانہ تھا تو اُس نے اپنے محل کے پہلو میں ہی جو مندر تھا اُسے ہی کیوں نہ سب سے پہلے مسمار کرایا۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ ٹیپو ایک مدبر سلطنت ہونیکی حیثیت سے ان اوصاف کا حامل تھا جو کسی اسلامی بادشاہ کو "ظل اللہ" بنانے کے لئے کافی ہوا کرتے ہیں۔ وہ دُنیا کے لئے رحمت بنکر آیا تھا نہ کہ لعنت و زحمت۔ بس یہی وجہ تھی کہ اس کا حسن سلوک ہندوؤں اور مسلمانوں

دونوں کے ساتھ یکساں تھا بلکہ بعض اوقات ہندوؤں کی زیادہ دلجوئی کیا کرتا تھا اِس خیال سے کہ رعایا اپنے دل میں نہ کڑھے کہ ان کا بادشاہ ان کا ہم مذہب نہیں ہے اس وجہ سے مراعات نہیں دیتا۔

یہ بات تو ان متعصب مؤرخین کی کتابوں میں بھی آچکی ہے کہ سلطان ٹیپو بیسیوں مندروں کو وظیفہ دیا کرتا تھا۔ ایک جگہ مذکور ہے کہ ہندو جوگیوں اور فقیروں کو بُلا کر اپنے شہر میں رکھا اور ان سے درخواست کی کہ وہ اس کے شہر میں آکر رہیں اور وہ ان کی جو کچھ خدمت کر سکے گا کریگا۔ وہ سمجھتا تھا کہ ان ہندو مسلمان فقیروں سے ہی سلطنت میں سچی خوشی پیدا ہوگی۔ اور بنیادیں مضبوط ہونگی۔ ہندو فقرا کی خدمت اور ان کے ساتھ حُسنِ سلوک و رواداری کا بڑا وصاف اس قسم کے معاندانہ پراپیگنڈے کا استیصال کرتا ہے جو ان متعصب مؤرخین نے پھیلایا ہے کہ سلطان ایک مذہبی دیوانہ تھا۔ قریب ہی ایک اور مقام ہے جسے "دروازہ آلی" کہتے ہیں۔

اس کے آگے وہ تاریخی مقام ہے جہاں سلطان ٹیپو نے آخری وقت تک ناموسِ اسلام کی حفاظت میں کُفر کی صفوں کو چیرتے ہوئے جامِ شہادت نوش کیا۔ مشرق میں ایک دلچسپ چیز جو اور آتی ہے وہ "جامع مسجد" ہے یہ شاہی عبادتگاہ بھی تھی اسکی بلند و بالا میناریں جو اسلامی شوکت و جبروت کا ایمان افروز نظارہ پیش کرتی ہیں وہ تصور ہی کیا جا سکتا ہے جس زمانہ میں سرنگاپٹم ایک اسلامی پادشاہ کا دارالامن تھا اُس وقت ان بلند و مستحکم میناروں پر سے مؤذن کی صدائیں اس کُفرستان ہند میں کیا منظر پیش کرتی ہونگی اس کا قیاس لگایا جا سکتا ہے! آہ! اسلام کے شاندار مجاہد! زندہ باد سلطان ٹیپو! پائندہ باد شوکتِ اسلامی کے مجاہدِ اعظم!! ان میناروں پر سے دُور دُور کا نظارہ کیا جا سکتا ہے۔ آنکھیں بند کر کے ذرا تصور کیجئے!

قلعہ کی مشرقی دیوار کے وسط میں "بنگلور دروازہ" ہے جس کا رُخ شہر بنگلور کے راستہ کی طرف ہے۔ اس دروازہ کے مشرقی حصہ کے متعلق لوگ کہتے ہیں کہ یہاں میر صادق وزیر کو مارا گیا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ ایک دن میر صادق چپکے سے دروازہ میں سے نکلنا چاہتا تھا کہ سنتری نے جو دروازہ پر تعینات تھا اُسے وہیں قتل کر دیا یہ سمجھکر کہ وہ اپنے آقا کے ساتھ غداری کر کے اُسے نرغہ میں چھوڑ کر دُشمن سے ملنے جا رہا ہے۔ چنانچہ اُس وقت سے میر صادق کو "یار مار" اور غدار و بیدل کی مثال میں پیش کیا جاتا ہے۔ اگر سلطان کے ساتھ ایسے غدار اور نمکحرام افسر نہ ہوتے تو اس وقت ہندوستان کا نقشہ شاید ایسا نہ ہوتا!

سلطان حیدر علی کا مقبرہ۔ جزیرہ مشرقی میں "لال باغ" ہے۔ سلطان ٹیپو کے زمانہ میں شہر کی طرح یہ بھی بارونق تھا میوہ دار درخت۔ پھولوں کی کیاریاں لگی ہوئی تھیں۔ جا بجا سایہ دار روشیں اور حوض تھے۔ غرض باغ شاہانہ شوکت و جمال کا کامل آئینہ دار تھا۔ اس باغ کے عین وسط میں وہ شاندار مقبرہ ہے جسے سلطان ٹیپو نے ۱۷۸۴ء میں تعمیر کرایا تھا اس کے وسط میں سلطان حیدر علی خُلد آشیاں کی آخری آرامگاہ ہے۔ دائیں طرف سیدانی بیگم کی قبر ہے یہ سلطان ٹیپو کی والدہ محترمہ تھیں اور بائیں جانب خود سلطان ٹیپو ابدی آرام کی نیند میں سو رہے ہیں۔ گو شمالی ہند کے مقبروں کے مقابلہ پر یہ عمارت کچھ بہت زیادہ آثاری اہمیت نہیں رکھتی ہے لیکن جنوبی ہند کے دُور افتادہ اور بے فیض مُلک میں ایسا خوبصورت مقبرہ تیار ہو جانا بھی کچھ کم فخر کی بات نہیں ہے۔ مقبرہ بہت خوبصورت سبک اور عُمدہ بنا ہوا ہے طرزِ تعمیر وہی مُغلوں کا سا ہے اور کسی اچھے انجینئر نے اسے بنوایا ہے۔ چوکور عمارت ہے۔ سیاہ مرمریں ستونوں پر قائم ہے اوپر ایک زبردست اور خوبصورت مدوّر بُرج ہے جس نے اس مقبرہ کی صولت اور شاہانہ دبدبہ میں اور بھی اضافہ کر دیا ہے۔ مقبرہ کے دائیں جانب ایک چھوٹی سی خوبصورت مسجد بھی ہے۔

اس ہی حصہ میں ایک اور اہم چیز جو سیاح کو دیکھنی چاہئے "دریا دولت باغ" ہے۔ یہ فصیل پناہ اور "لال باغ" کے مابین واقع ہے۔ یہ عمارت بھی بہت ہی دلآویز اور خوبصورت ہے۔ نہایت پاکیزہ تراش اور لطیف نقش و نگار ہیں۔ پتھروں کو تراش کر گلکاریاں اور رنگین کاریاں کی ہیں جنہیں دیکھکر دل مسرور ہو جاتا ہے۔ چونکہ یہ فصیل پناہ کے نزدیک واقع تھا اس وجہ سے سلطان ٹیپو اکثر دل بہلانے کے لئے اس نازک فرحت زا عمارت میں چند لمحات بسر فرمایا کرتے تھے۔ آپکی اکثر مہموں کے نقشے اس ہی دل پذیر دلکشا باغ میں ذہن میں طیار ہوئے تھے۔ اس عمارت کے اندر کی دیواریں اندلس کے طرزِ تعمیر کا ایک بہترین نمونہ ہیں۔ باہر کی جانب دیواروں پر "واٹر کلر" یعنی آبی رنگوں کی تصاویر اور نقشے بنے ہوئے ہیں جن میں سلطان کے انگریزوں پر غلبہ پانے اور معرکوں کی تاریخ ہے۔ قطع نظر ان کی تاریخی اہمیت کے یہ نقشے اور تصویریں آرٹ کا اتنا بیمثل نمونہ ہیں کہ بیان سے باہر ہیں۔ ذوق اور لطافتِ ذہن ان کی خوبصورتی اور نزاکت کی داد دے سکتی ہے اسی وجہ سے سلطان نے "دولت دریا" (یعنی آبی رنگوں کی

مصوری کی بیش بہا دولت) کا نام دیا تھا۔ سرنگاپٹم کی فتح کے بعد کرنل ولزلی اس باغ میں کئی مہینہ رہا اُسے یہاں سے جانے کو جی نہ چاہتا تھا۔ امتدادِ زمانہ سے نقش و نگار مٹ گئے تھے کہ لارڈ ڈلہوزی نے ایک مقامی مصوّر کے ہاتھوں ان کو دوبارہ اجاگر کرادیا۔ اب پھر محو ہوتے جارہے ہیں۔ آہ! وہ نقش بر آب ہی ہیں۔ سلطنت خواب و خیال ہوگئی تو یہ آبی رنگ کیوں نہ فنا ہوں؟!

سرنگاپٹم کا مشہور محاصرہ! اس جگہ سرنگاپٹم اور سلطان ٹیپو شہید کے حالات بہت تفصیل کے ساتھ بتائے گئے ہیں اس باب میں ہم چاہتے ہیں کہ ان حالات کا بھی کچھ ذکر کیا جائے جن کی وجہ سے سرنگاپٹم اور ٹیپو کا نام غیر فانی بن گیا۔ یہ سرنگاپٹم کا مشہور تاریخی محاصرہ ہے جس نے انگریزوں کو ناک چنے چبوا دیئے تھے۔ ٹیپو کا قلعہ کسی ہندو راجہ کی گڑھی تو تھی نہیں کہ دو سو سوار بھیجے اور فتح کرکے یونین جیک اُڑا دیا اور علاقہ "بحق ایسٹ انڈیا بہادر" ضبط کرلیا۔ کیونکہ دیسی حکومت خراب، انتظام ناقص اور رعایا پریشان تھی!" یہ بہانے تمام ہندوستان کو فتح کرتے کرتے قائم رہے۔ لیکن ٹیپو جیسے جری انسان کا مقابلہ اور سرنگاپٹم کے آہنی قلعہ کا محاصرہ کوئی معمولی بات نہ تھی۔ سرنگاپٹم زیرین جنوبی ہند کی فتح کی کنجی تھی اور انگریزوں نے اس ناقابل عبور مرحلہ میں ظفریاب ہونے کے لئے اپنی آخری قوتیں وہاں مرکوز کردی تھیں۔ ٹیپو کے پاس جوشِ ایمانی اور صولت و دبدبۂ اسلام کا وہ بےنظیر جوہر تھا جس نے اُسے آخر جامِ شہادت پلایا مگر مُلکِ خدا میں شرکتِ غیر قبول نہیں کی۔

محاصرہ سے پہلے سلطان ٹیپو نے قلعہ کے حصار کی بہت مضبوطی کردی تھی اور خاص طور پر نئی مرمت کرائی تھی جس سے یہ اور بھی ناقابل عبور بنگئی تھی۔ جنوبی اور مشرقی دیواروں کو بالخصوص بہت مضبوط بنایا گیا تھا۔ مغربی جانب کا حصار پہلے سے بھی کمزور تھا اور اب بھی سلطان نے اسکی طرف بہت کم توجہ کی۔ صرف یہ غلطی تھی جس کا نتیجہ اچھا نہ نکلا۔ اس کے علاوہ ایک اندوہناک چیز یہ تھی کہ خود سلطان کے بڑے بڑے افسر، رازدار اور جان نثار لوگ غدار و مخبر بن گئے۔ تمام خبریں انگریزوں کو پہنچانی شروع کردیں اور آخر کار دارالخلافہ کو بھی لٹوایا۔ اگر ایسے رفقا سلطان کی فوج میں نہ ہوتے تو آج ہندوستان میں راوی کی نگاہ کچھ اور دیکھتی!

اس غداری کا ہی نتیجہ تھا کہ انگریزوں کے حملہ سے بھی قبل سلطان کی فوج کا ایک بڑا حصہ جو شمال مغربی دیوار پر متعین کیا گیا لوٹ آیا۔ اگر یہ فوج آج بغاوت و غداری نہ کرتی اور انگریزوں کی اپنی پرانی چال یعنی پھوٹ ڈال کر حکومت کرنے کا حربہ افسروں پر کارگر ثابت نہ ہوتا تو سلطان کو کسی طرح شکست نہ ہوسکتی تھی۔ خود انگریز مؤرخین کاسل وکلارک وغیرہ اس کو تسلیم کرتے ہیں کہ سلطان کی فوجی قابلیت قلعہ کے استحکام اور دیگر مدافعانہ سرگرمیوں میں ذرہ برابر کمزوری نہ تھی اور انگریزی فتح کے لئے کوئی بدیہی آثار نہ تھے۔ غداروں کے لوٹنے کی وجہ سے سلطان کو بڑا دھچکا ہوا۔ اور زمانہ جنگ میں ایک مضبوط دست و بازو سے جو واحد امداد ملتی ہے اُس کے نہ ہونے سے سلطان کی طبیعت پر بڑا اثر پڑا۔

آہنی انسان! ٹیپو سلطان۔ انگریزوں کو اس محاصرہ سے معلوم ہوا کہ ٹیپو واقعی "آہنی انسان" تھا۔ ایک طرف انگریزوں سے لڑ رہا تھا اور دوسری تمام عالم اسلام کو "پان اسلام ازم" کا سبق دے رہا تھا اور ہندوستان میں سلطنت اسلامی کے قیام کے لئے تمام عالم اسلام کو اُبھار رہا تھا۔ تاریخ شاہد ہے کہ ٹیپو کے خفیہ خطوط قسطنطنیہ، افغانستان، ایران و مصر وغیرہ پہنچے حتیٰ کہ نپولین کو بھی دعوت دی گئی۔ فرانس کا یہ منچلا مجاہد انگریزوں کی ان ترکتازیوں کو کیوں کر برداشت کرسکتا تھا بس یہ دعوت پڑھکر تڑپ اُٹھا اور مشرق کو فتح کرنے کی ٹھان لی چنانچہ بیان کیا جاتا ہے کہ اُس نے ٹیپو کو تسلی دی کہ وہ انگریزوں کا مقابلہ ڈٹ کر کرے مدد پہنچتی رہیگی اور وہ بھی کچھ عرصہ بعد کمک لیکر انگریزوں کی سرکوبی کے لئے آموجود ہوگا۔ لوگ بیان کرتے ہیں نپولین اپنی فوجیں لیکر مصر تک آگیا اور وہاں آکر مسلمان بھی ہوگیا اور جامع ازہر میں نماز پڑھی۔ زار آغا مشہور ترکی غلام جس کی عمر پونے دو سو برس کی ہے وہ قسمیہ بیان کرتا ہے کہ میں نے نپولین کو محمد علی پاشا گورنر مصر کے ساتھ نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔ خیر بہرحال یہ تو مبالغہ معلوم ہوتا ہے اور خوش عقیدگی ہے لیکن اس کا تو کم از کم ثبوت ملتا ہے کہ وہ مصر تک پہنچ چکا تھا اور عنقریب سرنگاپٹم آنیوالا تھا لیکن یورپ میں جو جنگ تشنہ چھوڑ کر آیا تھا وہاں کا نقشہ بھی بدلنا شروع ہوگیا اور اُس نے دیکھا کہ بساط کا رُخ اب پلٹ جائیگا اور اس کا یورپ میں ہونا بےانتہا ضروری ہے اس کی غیر حاضری اور مشرق کے ایک دُور افتادہ علاقہ میں اس کا پھنسنا فی الحال مناسب نہ ہوگا یہ خیال کرکے نپولین پھر فرانس پلٹا اور اپنے

روسی محاذ کی جانب چلا گیا!

ٹیپو کی قوتیں بے پناہ تھیں اگر اس وقت نپولین بھی نہیں آیا تھا تو اسلامی حکومتوں کو ساتھ دینا چاہیئے تھا۔ لیکن آہ! ہر ایک اپنے اپنے افکار و حوادث میں مبتلا تھا کسی نے سلطان کی آواز پر لبیک کہی اور اس نے تن تنہا اسلام کے ایک سچے مجاہد کی طرح صرف خدا کے بھروسہ پر انگریزوں کی پیش قدمیوں کا مقابلہ کیا۔

اپریل ۱۷۹۹ء میں انگریزی فوجوں اور اُن کے اتحادیوں نے کاویری دریا کے جنوب اور شمال کی طرف بہت مضبوط پوزیشن حاصل کر لی اور وہاں آ ڈٹے گئے۔ اس کے بعد محاصرہ کا کام بہت سرگرمی اور بے انتہا جوش و خروش کے ساتھ شروع کر دیا۔ انگریزوں نے کئی دمدمے تیار کئے اور اُن پر قلعہ شکن توپیں چڑھائیں جسکی وجہ سے مختلف مقامات پر کئی اہم فوجی مرکز انہیں مل گئے۔

انگریزوں کی فتوحات کا ذکر پڑھتے ہوئے سلطان کی غدار فوج کے نمک حرام سپاہیوں کی بیر حمانہ جاسوسیوں اور امداد کا خیال رکھنا چاہیئے کیونکہ اس کے بغیر تاریخ کا صحیح اندازہ مشکل ہوگا۔ انگریزوں کو سلطان کی فوجی تیاریوں پر کسی طرح عبور اور غلبہ نہ تھا۔ وہاں انگریزوں کے پاس ایک حربہ تھا اور وہ "ڈپلومیسی" — "مکاری" اور لوگوں کو غداری پر آمادہ کر لینا تھا جس نے سلطان کی فوجوں کو آمادۂ بغاوت و غداری کر دیا!

غداروں کے ٹوٹنے کی وجہ سے سلطان کی ہمتیں سرد پڑنے لگیں لیکن وہ ایک بہادر و جری انسان کی طرح برابر مقابلہ پر ڈٹا رہا اور جس طرح سیل حوادث میں شیر بپھر بپھر کر حملہ کرتا ہے اسی طرح وہ انگریزوں کو پریشان کرتا رہا لیکن اس نے ایک زبردست فوجی جرنیل ہونیکی حیثیت سے یہ محسوس کر لیا کہ صورت حال نازک ہے۔ مغربی محاذ کمزور اور یار غار "یار مار" ثابت ہو رہے ہیں۔ اس لئے مصلحت کا تقاضا یہی ہے کہ انگریزوں سے سردست صلح کر لی جائے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں انگریزوں سے خط و کتابت ہوئی۔ لکھا ہے کہ انگریزوں کے خود سرافسروں نے جو شرائط سلطان کے سامنے پیش کیں وہ اس قدر تذلیل کن تھیں کہ سلطان کی حمیت اسلامی اور صولت پادشاہی نے انہیں قبول کرنیسے مرنا بہتر سمجھا۔ لڑتے ہوئے مر جانا افضل و احسن سمجھا بنسبت حقارت آمیز مشروط صلح کر کے جان بچانے سے۔ چنانچہ سلطان نے اُن ذلت آمیز شرائط کو پائے حقارت سے ٹھکرا دیا جن سے انگریزوں کی فرعونیت کو اور بھی شہ لگ گیا!

انگریزوں کے مطالبات یہ تھے کہ سلطان اپنی سلطنت کا نصف حصہ انگریزوں کے حوالہ کر دے۔ حوالہ کرنیکے وقت دو لاکھ پونڈ روپیہ بطور تاوان جنگ پیش کرے۔ اپنے تمام قیدیوں کو رہا کر دے۔ نیز اپنے دو لڑکوں اور چار افسروں کو انگریزوں کے حوالہ کر دے جو جنگ کے قیدیوں کی طرح رکھے جائیں گے۔

سلطان جیسا غیور و جری انسان، وہ آہنی ارادہ کا انسان بھلا غیر اللہ کی ان تذلیل کن شرائط کو کیونکر قبول کر سکتا تھا چنانچہ اس نے جہاد کو پسند کیا۔ جب طرفین کو یہ معلوم ہو گیا کہ صلح نہیں ہوگی تو دونوں طرف سے جنگ پھر زبردست تندی و سرگرمی کے ساتھ شروع ہو گئی۔ انگریزوں نے پھر جوش کے ساتھ محاصرہ کیا لیکن سلطان کی قوتیں مسلسل سرد پڑ رہی تھیں۔ قلعہ کے مغربی محاذ پر جتنی توپیں تھیں وہ خاموش ہو گئیں۔ مغربی اور شمال مغربی دستے بالکل تباہ ہو گئے تھے۔ سلطان کی جانب سے کبھی کبھی کوئی توپ جنوبی محاذ کی طرف سے چل جاتی تھی۔ لیکن یہ مقابلہ اب اسقدر کمزور ہو چکا تھا کہ انگریزوں کو بہت آس بندھ گئی تھی لیکن تعریف کرنی چاہیئے سلطان ٹیپو کی حمیت و جسارت کی کہ وہ ان تمام ہمت شکن باتوں کو دیکھنے کے باوجود ایک آہنی چٹان کی طرح اپنے مقام پر جما رہا، اس نے ذلت کی زندگی پر شجاعانہ موت کو ترجیح دی تھی اور شوق شہادت اُسے مجاہدین اسلام کی صف اوّل میں لیجانے کیلئے گدگدا رہا تھا اس لئے سیل حوادث میں مستحکم کھڑا رہا۔ انگریز ششدر رہے اُسکی حیرت انگیز بہادری اور قیامت انگیز عسکری جسارت سے حالانکہ حالات مساعد نہ تھے اور اور مدد کی اُمید نہ تھی۔ ظاہر ہے کہ وہ اس وقت ایک لاہوتی جوش میں تھا اُسے موت اور زندگی کا بھلا کہاں خیال تھا۔

قلعہ پر گولہ باری اور سلطان کی شہادت کا منظر!

سلطان کی فوجیں قلعہ کے باہر بھی بہادری کے ساتھ ڈٹی ہوئی تھیں اور ایک ایسا مرکزی مقام حاصل کر لیا تھا جو عسکری نقطۂ نظر سے بہت اہم خیال کیا جاتا تھا اور جسکی وجہ سے انگریز خائف نظر آتے تھے۔ انگریزوں نے اچھی طرح معلوم کر لیا تھا کہ سلطان کی فوج کو پسپا کرنا از حد دشوار امر ہے۔ علاوہ ازیں وہ ان کی موجودگی کی حالت میں دمدمے بنا کر

قلعہ شکن توپوں کا بھی خاطر خواہ استعمال نہیں کر سکتے تھے اس لئے انہوں نے اب ساری قوتیں سلطان کی فوجوں کو ہزیمت دینے پر مرکوز کر دیں۔ یہاں اس کا ذکر کرنا طوالت کا باعث ہوگا کہ انگریزوں کی اس زبردست یورش کا سلطان کی فوج نے کس دلیری، کس جسارت بہادری اور حیرت انگیز استقامت کے ساتھ مقابلہ کیا اور کس طرح انگریز جرنیل سلطان کی فوجی قابلیت کا لوہا مان گئے۔

شکست و فتح نصیبوں سے ہے ولے میر مقابلہ تو دلِ ناتواں نے خوب کیا!

واقعات شاہد ہیں کہ سلطان کی فوج باوجود سخت کشمکش اور انتہائی جدوجہد کے شکست یاب ہوئی اور اسے مجبوراً فصیل میں واپس آنا پڑا۔ سلطان کو خدا کی ذات پر بھروسہ تھا اور راست و چپ اپنے رفقا کو دیکھتا تھا لیکن سب نااہل تھے اس جیسی جسارت اور قوت و صولت کا کوئی مالک نہ تھا ورنہ اگر دو چار بھی اس جیسے فوج میں اور ہوتے تو میدان مار لیا تھا۔

۲ مئی کو انگریزی توپوں نے فصیل کی شمال مغربی دیوار پر گولہ باری شروع کر دی اور اس قدر تباہ کن ثابت ہوئی کہ محاصرہ کا اختتام نظر آنے لگا۔ انگریزی توپ کا ایک گولہ میگزین میں جا کر پھٹا جس سے قلعہ میں ایک زبردست لرزہ پیدا ہو گیا اور میگزین بھک سے اڑ گئی اور در و دیوار اور انسانوں کو اس قدر صدمہ ہوا کہ بیان نہیں کیا جا سکتا۔ بم کا میگزین میں پہنچنا تھا کہ سینکڑوں ہوائیاں گولے اور دیگر آتشیں اسلحہ جو اسوقت ہوا کرتے تھے اور میگزین میں بند تھے فضا میں پھٹ پھٹ کر ادھر ادھر گھومنے لگے جس سے سلطان کی فوج کو دشمن سے زیادہ نقصان پہنچا سینکڑوں سپاہی مر گئے اور زخمیوں کا تو کچھ شمار ہی نہ تھا۔

۲ مئی کی شام کے آخر تک قلعہ کے مغربی گوشہ میں ایک خلا پیدا ہو گیا جو رفتہ رفتہ بڑھ گیا۔ ۳ مئی کی صبح کو لفٹننٹ ٹیلر دریا پار سے آیا اور اس نے یہ خلا دیکھکر کہا کہ اب قلعہ میں داخلہ بالکل ممکن ہو گیا ہے۔ ۴ مئی کو ایک بجے احکام جاری ہوئے کہ قلعہ پر ایک زبردست متحدہ دھاوا بولا جائیگا تمام فوجیں مجتمع ہو جائیں۔ جرنل برڈ کو جو سرگا پٹم میں تین سال سے قید تھا ایک دھاوا کرنے والی کمپنی پر افسر کمان بنا دیا گیا۔ اس نے تلوار نکال کر انگریز سپاہیوں کو جوش دلایا کہ وہ اپنا نام نہ گنوائیں اور ایک عرصہ سے جو ذلت ہو رہی ہے اس کا ازالہ کریں اور بتا دیں کہ انگریز سپاہی کس قدر جانباز ہوتے ہیں۔

انگریز سپاہی اس جوشیلی تقریر سے آگے بڑھے اور دریا کو چھ منٹ میں عبور کر کے پار ہو گئے۔ گولیاں اور ہوائیاں اور دیگر آتشیں اسلحہ قلعہ کی جانب سے برابر بارش ہو رہی تھی مگر وہ دیوانہ وار بڑھے چلے آ رہے تھے۔ جس جگہ قلعہ کی دیوار میں خلا ہوا تھا اسکے پاس تھوڑی سی سلطان کی فوج تھی وہاں انگریزوں کی یورش کا اس نے جانبازانہ مقابلہ کیا مگر وہ پسپا ہو گئے اور فتحمند انگریزی فوج اندر داخل ہوئی۔ لیکن اسکی حیرت اور اندوہ و غم کی کوئی انتہا نہ رہی جب اس نے یہ دیکھا کہ ابھی اسے ایک اور پختہ فصیل کو توڑنا باقی ہے جو اس کے سامنے سدِ سکندری بنی ہوئی کھڑی تھی۔ ایک فصیل اور دوسری فصیل کے درمیان ایک زبردست خندق تھی۔ انگریز سخت پریشان تھے کہ آخر کیا کریں اور اس نئی افتاد کا کیونکر مقابلہ کریں!! افسوس کہ عمال کی غلطی سے اس خندق میں ایک عارضی کشتیوں کا پل پڑا رہ گیا تھا جو وہاں انگریزوں کیلئے ہرگز نہیں ڈالا گیا تھا۔ انگریزوں کو جونہی اس کا خیال آیا فوراً اس پر کود پڑے اور خندق کے اس پار پہنچ گئے جہاں ایک معمولی سی سوار فوج کا مقابلہ کر کے انہوں نے فصیل پر انگریزی جھنڈا نصب کر دیا۔

بادشاہ جاکٹ اور ایک پاجامہ پہنے ہوئے آبی دروازہ کے قریب ایک خیمہ میں بیٹھے ہوئے کھانا کھا رہے تھے۔ بازو پر امام ضامن بندھا ہوا تھا۔ زبان پر اللہ ہی اللہ تھا اور فوجوں کی سرگرمیوں اور جنگوں کے نقشے وہیں بن رہے تھے کہ یکایک اطلاع ملی کہ قلعہ کے باہر ایک دیوار شق ہو گئی ہے اور انگریزی فوج انکے بہترین جرنیل عبدالغفور کو شہید کر کے اندر داخل ہو گئی ہے۔ بادشاہ کو قدرتی طور پر اس لرزہ خیز خبر سے بہت تشویش ہوئی ابھی وہ مدافعت کی ترکیب سوچ ہی رہے تھے کہ یہ بھی معلوم ہوا کہ انہوں نے خندق کو بھی عبور کر لیا اور دوسری فصیل پر اپنا جھنڈا نصب کر دیا ہے۔

سلطان اس روح فرسا خبر سے تلملا اٹھا اور جلد جلد کھانا کھا کر تلوار سونت کر انہی کپڑوں میں جنگ کے شعلوں میں دیوانہ وار کود پڑا بھلا شوقِ شہادت لباس اور اسلحہ پوشی کی کب تاب لینے دیتا تھا!!

انگریزوں کی ہمتیں بڑھی ہوئی تھیں ان کی یورش سخت اور سلطان کی فوج گھبرائی ہوئی تھی بادشاہ بڑی مشکل سے فوج کو تسلی دیکر میدان میں ٹھہرا سکا لیکن حالت اس قدر خراب ہو چکی تھی کہ فوج کی کوئی ترتیب باقی نہ رہی تھی۔ سلطان نے ڈٹ کر تلوار کے جوہر دکھانے شروع کئے مگر فوج نے تتر بتر ہو کر اسکی رہی سہی امید بھی توڑ دی۔ مایوسی تو وہ کفر سمجھتا تھا اس لئے اس نے کسی کی پروا نہ کی اور انگریزوں کو آخری دم تک بہت سخت ہزیمت دی۔

صفیں کی صفیں چیرتا چلا گیا۔ اس قدر جسارت اور بہادری پیدا ہو گئی تھی۔ کہ بیان سے باہر ہے۔ اتنا جوش اگر دو چار سردارانِ فوج میں اور ہوتا تو پھر سرنگاپٹم فتح نہ ہو سکتا۔

سُلطان گھوڑے پر سوار ہوا اور اندرونی فصیل کی طرف چلا اور جب قلعہ کے شمال رُخ کے دروازہ پر پہنچے تو وہاں راستہ مسدود پایا۔ کیونکہ کشتوں کے پُشتے لگے ہوئے تھے۔ شہدا کی نعشوں کا ایک انبار لگا ہوا تھا اور بہت سے جامِ شہادت آہستہ آہستہ نوش کر رہے تھے!!

اِس قدر پریشانی، سراسیمگی اور اضطراب پھیلا ہوا تھا کہ خود سُلطان کے احکام کو کوئی نہ سُنتا تھا۔ انگریزی فوج اندر آ ہی چُکی تھی اور برابر آگے بڑھ رہی تھی سامنے سُلطان ٹیپو کو کھڑا دیکھکر درندوں کی طرح سے جھپٹی اور گولیاں چلانی شروع کیں۔ سُلطان سخت مجروح ہوئے اور نیچے گھوڑا بھی زخمی ہو گیا۔ کچھ جان نثار ساتھ تھے فوراً آپ کو گھوڑے پر سے اُتار کر اور سنبھال کر ایک پالکی میں لٹانا چاہا جو قریب ہی دروازہ کے ایک دریچہ میں رکھی رہا کرتی تھی لیکن ایسی بھگدڑ مچ رہی تھی کہ کچھ نہ ہو سکتا تھا۔ اس کشمکش کی حالت میں کوئی کسی کی نہ سُنتا تھا۔ ٹیپو کی تمام تربیت یافتہ فوج یا تو کام آ چکی تھی یا غدار ہو چکی تھی۔ اور اس کے علاوہ جتنے لوگ تھے وہ سب کیمپ کے مُلازم اور معمولی رنگروٹ تھے۔

گھمسان کی لڑائی ہو رہی تھی لوگوں نے آپ سے درخواست کی کہ حضور آپ یہ اعلان کر دیجئے کہ میں سُلطان ہوں اسکی وجہ سے آپ کو باقاعدہ حراست میں لیلیا جائیگا اور اس وبا میں نہیں مرینگے لیکن سُلطان کو جوش آ گیا اور جس نے یہ الفاظ کہے تھے تلوار کے ایک ہاتھ سے وہیں فنا کر دیا ——— دیکھا آپ نے بہادر جنیل کے کیسے تیور تھے!! وہ ذلت کی زندگی سے بہادروں کی سی موت زیادہ پسند کرتا تھا۔

آپ دروازہ میں جا کر صاحب فراش ہو گئے تھے اور باہر کچھ جان نثار ابتک لڑ رہے تھے۔ ایک انگریز سپاہی اس سہ دری میں آ گیا اور بادشاہ کی جواہرات سے مرصع پیٹی پر للچائی ہوئی نظروں سے دیکھا اور اسے چھیننے کی کوشش کی۔ بادشاہ اس گستاخی سے تلملا اُٹھا اور باوجود زخموں سے چُور ہونیکے حیرت انگیز جسارت کے ساتھ اُٹھکر انگریز سپاہی کے زور سے گھونسہ مارا اور وہ چکرا کر گرا۔ مگر بدبخت ستمگر لعین نے مرتے مرتے گولی چلادی جو آپ کی پیشانی مُبارک میں لگی اور آپ نے وہیں جامِ شہادت نوش فرمایا۔

"اِسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد"

رسم تدفین | جب ہر جگہ قبضہ ہو گیا تو انگریزوں نے سُلطان کے محل میں آدمی بھیجے اور اپنے آپ کو انگریزوں کے حوالہ کرنے کا مطالبہ کیا اس وقت تک سُلطان کے متعلق مختلف افواہیں اُڑ رہی تھیں اور کوئی باقاعدہ اِطلاع نہیں ملی تھی۔ پھر معلوم ہوا کہ دروازہ پر آپ لڑتے لڑتے جامِ شہادت نوش کیا۔ فوراً تلاش شروع کی گئی اور تھوڑی دیر کے بعد شہدا کی مُبارک نعشوں میں سے آپ کا جسدِ مُبارک بھی دستیاب ہوا۔

سُلطان کے جسم میں اب بھی حرارت موجود تھی ——— وہ ایمان کی حرارت تھی جو ہر سر مُو سے دادِ شجاعت دے رہی تھی اور ایک نہیں لاکھوں زندگیاں طلب کر رہی تھی کہ بار بار شوقِ شہادت پورا کر سکوں۔ آنکھیں بارونق تھیں اور کچھ کچھ کُھلی ہوئی تھیں۔ اور گو کئی زخم آئے تھے مگر چہرہ بالکل نورانی اور خوبصورت تھا بالکل فرق نہیں آیا تھا۔ ایمان کی شمع فروزاں پیشانی منوّر میں روشن تھی یعنی ماتھے پر خون کا قرمزی نشان بن رہا تھا!!!

آپ کی نعش محل میں لیجائی گئی اور صبح کو چند انگریز افسروں کی معیت میں جنازہ تیار کیا گیا اور لال باغ میں لایا گیا۔ شہر میں سے جب جنازہ کا جلوس جا رہا تھا شہر کی رعایا اپنے محبوب بادشاہ کی وفات پر دھاڑیں مار مار کر رو رہی تھی۔ بیکس و یتیم ہو گئی تھی۔ وہ منظر دیکھ کر بہت سے انگریز افسروں کی آنکھوں میں بھی آنسو جاری ہو گئے۔

لال باغ میں مقبرہ پر پہنچکر جنازہ کی نماز پڑھائی گئی۔ لاش کے ساتھ کسی قسم کی بے حُرمتی نہیں کی گئی اور اس باب میں انگریز فوجیوں نے بہت تدبر کا اظہار کیا ورنہ شہر کا مشتعل مجمع باغی ہو کر انگریزوں کیلئے ایک اور مُصیبت ثابت ہوتا!

نماز کے بعد آپ کا جسد اطہر گہری گور میں سُلا دیا گیا اور وہ ابدی نیند تا قیامت سوتے رہیں گے۔ "ترکش مارا خدنگِ آخریں" لوگ اِدھر اُدھر بہت رنجیدہ صورت بنائے کھڑے تھے اور کوئی آنکھ نہ تھی جو اس جری اِنسان کی وفات پر چشم پُرنم نہ ہو۔

کہا جاتا ہے کہ جونہی جسدِ خاکی خاک کے سپرد ہوا جزیرہ میں ایک ایسا زبردست لرزہ اور طوفان آیا کہ مقبرہ اور قلعہ و فصیل سب پنکھے کی طرح ہلنے لگی۔ گویا خداوندی قہر کا اظہار تھا اس زبردست اندوہناک واقع پر! آہ اس ہیرو کی شہادت پر آسمان و زمین ہل رہے تھے! مشیت کو جلال آ رہا تھا!!

اِنسان سُلطان ٹیپو کی قبر پر کھڑے ہو کر اُن جذبات سے مملو ہو جاتا ہے جو ایک ایسے سپاہی کی وفات کا خیال کر کے ہمارے دل میں آتے ہیں۔ سُلطان ایک مجاہد کی طرح

یہ مضمون ہندوستان کے مسلم سپاہی کی جرأت اور اسلام کا ہی مرہونِ منت ہے جس کی بدولت انگریز ہندوستان پر قبضہ کر سکا

جنگ نامۂ اسلام

از جناب منظور حسین صاحب منظور بی۔ اے۔ ایچ۔ پی۔ ایچ۔ یو۔ ہیڈ ماسٹر واں بھچراں

"جنگ بدر"

ہجرتِ نبویؐ کے بعد کفارِ مکّہ کے منصوبے

اُدھر مکّہ سے یثرب کو چلے ایمان کے حامی
اِدھر یہ سازشیں کرنے لگے شیطان کے حامی

کہ بہتر ہے یہ لکھدیں صاف لفظوں میں مدینے کو
نہ دے کوئی پناہ مطلق محمدؐ کے سفینے کو

نہیں تو لُوٹ کر انصار کی بے باک بستی کو
مٹا ڈالیں گے ہم اسلام کے بانی کی ہستی کو

رہے گا جب تلک یہ ہاشمی زندہ زمانے میں
نہ ہرگز چین آئے گا بُتوں کو اس گھرانے میں

ستایا ہے ہمیں اسکی عبادت کے طریقوں نے
کیا ہے تنگ ہم کو اس کے مُٹھی بھر رفیقوں نے

ہمارے لات کو عُزّیٰ کو وہ مردود کہتے ہیں
دِکھا سکتے نہیں ہم کو جسے معبود کہتے ہیں

قبیلوں کو جگا دیں غیرتوں کے تازیانے سے
مٹا دیں دُشمنانِ لات کی ہستی زمانے سے

یہ بہتر ہے مٹا کر رنجشیں اَب ایک ہو جائیں
بُتوں کی لاج رکھنے کیلئے سب ایک ہو جائیں

کُفّارِ مکّہ کی سازشوں کا اثر

غرض اِن مشوروں سے ارضِ مکّہ کے شریروں نے
غریبوں نے امیروں نے صغیروں نے کبیروں نے

تہیّہ کر لیا اہلِ مدینہ کو ستانے کا
مصائب بے گناہوں کے سروں پر روز لانے کا

ہوئیں بُرجِ نبوّت کو گرا دینے کی تجویزیں
مُسلمانوں کی ہستی کو مٹا دینے کی تجویزیں

طریقے سوچ کر اہلِ ہُدیٰ کو تنگ کرنے کے
بہانے ڈھونڈھنے بیٹھے نبیؐ سے جنگ کرنے کے

قبائل مشورے کرنے لگے شام و سحر باہم — مٹا کر رنجشیں ہونے لگے شیر و شکر باہم
نرالا تھا جہاں سے کفر کے طوفان کا غصّہ — ابوجہل و ابولہب و ابوسفیان کا غصّہ
رسولِ پاک کی توہین کرنا کام تھا اُن کا — ہمیشہ کفر کی تلقین کرنا کام تھا اُن کا
گوارا کر نہیں سکتے تھے یہ بیداد کے بانی — کہ ہو مہرِ نبوت کی مدینے میں درخشانی
دلوں میں ٹھان کر نورِ ہدایت کو مٹانے کی — یہی تجویز کی اہلِ مدینہ کو ڈرانے کی

"یہودی قوم سے سب جوڑ لیں رشتہ اخوت کا
کہ اب یہ وقت ہے قومِ منافق کی اعانت کا"

کفّارِ مکّہ کی طرف سے اہلِ مدینہ کو دھمکیاں

بالآخر جب صلاحیں مشورے طے ہو چکے باہم — تو کافر جابروں نے تصفیہ مل کر کیا اُس دم
کہ چٹھی لکھ کے بھیجیں ایک عبداللہ منافق کو — سُنا دے جو مدینے میں مخالف کو موافق کو
کہ طوفانِ الم ان کے گھروں پر آنے والا ہے — بُتوں کا قہر اب ان کے سروں پر آنے والا ہے
محمدؐ کو نہ ٹھیرائیں بنا کر مہماں گھر میں — نہ دیں ہرگز رفیقانِ محمدؐ کو اماں گھر میں
اگر چاہیں کہ مکّہ کے غضب سے گھر کو بچا لیں — تو بہتر ہے پکڑ کر اُن کو فوراً قتل کر ڈالیں

وگرنہ خطّۂ یثرب کی ہم کایا پلٹ دیں گے
وفورِ غیض میں دھرتی مدینے کی اُلٹ دیں گے

(جملہ حقوق محفوظ)

خضاب لاجواب

افسوس ہے کہ اکثر لوگوں نے خضاب کے اشتہار دے دے کر اپنی لفاظی اور جھوٹے دعووں کے ذریعے پبلک کو بدظن کر دیا ہے۔ ہمارا یہ دعویٰ تو ہرگز نہیں ہو سکتا کہ خضاب لاجواب کے صرف ایک دفعہ لگانے سے ہی بال سیاہ ہو کر عمر بھر کیلئے چھٹکارا ہو جاتا ہے بلکہ ہم اسکی واجبی تعریف ناظرین کی خدمت میں بلا پس و پیش درج کرتے ہیں اور یقین دلاتے ہیں کہ اگر آپ کو بلا کسی نقص خضاب کی ضرورت ہے جو سفید بالوں کو تھوڑی دیر میں قدرتی سیاہ رنگ دیتا ہے۔ بال مثل ریشم کے نرم رہتے ہیں اور لطف یہ ہے کہ اسکے لگانے سے پیشتر جتنے بال سفید ہونگے اتنے ہی رہیں گے۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ اس خضاب سے اچھا دنیا بھر میں آج تک کوئی خضاب ایجاد نہیں ہوا۔ اہل ملک نے اس خضاب کی خوبیوں کا اندازہ کر لیا ہے۔ آج تک کہیں سے بھی کسی قسم کی شکایت کا موقع نہیں ملا۔ خضاب لاجواب کی تصدیق میں صرف معززین کے ہزاروں خطوط موجود ہیں۔ اگر مہندی وسمہ کی تکالیف سے بچنا اور پیری میں جوانی چاہتے ہو تو آزماؤ۔

قیمت فی سٹ علاوہ محصول ڈاک ۸؍

ملنے کا پتہ:۔ مینجر آب حیات لمیٹڈ پنڈی بہاؤالدین پنجاب

شوقِ آرائش

از میاں احمد مجتبیٰ صاحب ترک نشی فاضل آڈیٹر کوآپریٹو سوسائیٹیز گوجرہ

وہ ایسی خوبصورت لڑکی تھی۔ جو کبھی کبھار قضا و قدر کی سہو سے غریب گھروں میں پیدا ہوتی ہیں۔ اسے کسی جہیز کسی ورثہ اور کسی جائداد کے ملنے کی مطلق اُمید نہیں تھی۔ اُسے کوئی متمول شوہر ملنا بھی ناممکن تھا۔ اس لئے بڑی کوشش سے اُسکی شادی چالیس روپیہ ماہوار والے ایک کلرک سے ہوئی۔

حُسن صورت آرائش و زیبائش کا متقاضی ہوتا ہے۔ فاطمہ بھی کلرک کے جھونپڑے میں بیٹھکر محلوں کے خواب دیکھا کرتی تھی۔ وہ ہمیشہ چاہتی تھی۔ کہ اُس کے گھر میں ایک ڈرائنگ رُوم ہو۔ جہاں وہ سہیلیوں سے مُلاقات کیا کرے۔ ایک ڈرائنگ رُوم ہو جہاں وہ اُنکی ضیافت کرے۔ زیورات ہوں۔ ریشمی لباس ہو۔ نوکر ہوں۔ موٹر ہو۔ باغ ہو۔ غرضیکہ وہ سب کچھ ہو جو امیرانہ ٹھاٹھ کے لوازمات میں سے ہے۔ لیکن جب وہ اپنے اردگرد کی اشیاء پر نظر ڈالتی۔ تو اُسے اپنی خام خیالی کا احساس ہونے لگتا جس سے اُسے دلی تکلیف اور دماغی کوفت ہوتی۔ وہ ہمیشہ مغموم و پریشان رہتی۔

رقیہ سے فاطمہ کی بچپن سے محبت تھی۔ وہ ہم عُمر تھیں ہمسایہ تھیں مل کے کھیلی تھیں۔ مل کے ابتدائی تعلیم حاصل کی تھی لیکن فاطمہ نے رقیہ کے ہاں آب آمد و رفت صرف اِس لئے ترک کر دی تھی کہ رقیہ ایک امیر باپ کی لڑکی تھی اور ایک بیرسٹر سے بیاہی گئی تھی۔ وہ امیرانہ شان سے رہتی تھی۔ وہاں جاکر فاطمہ کو اپنی کس مپرسی اور ناداری کا احساس مقابلتہً بہت زیادہ ہونے لگتا۔

فاطمہ کا شوہر صادق حسن ایکدن غیر معمولی خوشی کے ساتھ دفتر سے واپس آیا۔ اُسکے ہاتھ میں ایک سُنہری لفافہ تھا۔ "فاطمہ! تمہارے لئے ایک چیز لایا ہوں"۔ یہ کہکر صادق نے لفافہ فاطمہ کے ہاتھ میں دیدیا۔ فاطمہ نے لفافہ کھولا۔ اُس میں سے ایک سُنہری خوبصورت کارڈ نکلا۔ جس پر لکھا تھا:۔

"میں مسٹر صادق حسن کلرک سے استدعا کرتا ہوں کہ وہ معہ اپنی اہلیہ محترمہ کے ۱۵ ذوالحجہ کو بروز جمعہ میری شادی میں شامل ہو کر باعثِ عزت و رونق ہوں"۔ (احمد نواز خان سپرنٹنڈنٹ)

احمد نواز خان اس دفتر کا سپرنٹنڈنٹ تھا جس میں صادق حسن ایک معمولی کلرک تھا۔ اس میں کلام نہیں۔ کہ احمد نواز خاں صادق پر مہربان تھا۔ اس کا مُربی و حامی تھا۔ لیکن صادق کو یہ وہم تک بھی نہیں ہو سکتا تھا۔ کہ وہ اُسے شادی پر بھی مدعو کریگا۔ خصوصاً جبکہ ماتحت عملہ کے کسی اور فرد کو دعوتِ شمولیت نہیں دیگئی تھی یہ صادق حسن کی انتہائی قدر افزائی تھی۔ اِس لئے اُسے انتہائی خوشی و مسرت تھی۔ اُسے اُمید تھی۔ کہ اُسکی بیوی کارڈ پڑھکر خوشی سے کپڑوں میں نہ سمائیگی۔ لیکن فاطمہ اُلٹا سہم گئی۔ اور غم و غصہ کے آثار اُسکے چہرہ سے عیاں ہونے لگے۔

"بات کیا ہے۔ بولو تو" صادق نے نرمی اور لجاجت سے کہا۔

"میں پہنوں گی کیا" فاطمہ کڑک کر بولی۔ "زیورات میرے پاس نہیں۔ کپڑے میرے پاس نہیں۔ وہاں امیر عورتیں ہونگی"۔

صادق کی خوشی فاطمہ کی خوشی میں تھی۔ اپنے ذاتی مصارف کو کانٹ چھانٹ کر صادق نے ایک سو روپیہ کسی آڑے وقت کے لئے پس انداز کر رکھا تھا۔ بولا۔ ایک سو روپیہ میرا کُل اندوختہ ہے جس طرح چاہو استعمال کرو۔

"صرف ایک سو روپیہ! اس سے تو بمشکل جوڑا تیار ہوگا۔ زیور کہاں سے آئیں گے .... نہیں نہیں میں دعوت میں شمولیت کے قابل نہیں۔ زیورات کے بغیر وہاں جانا باعثِ ننگ و عار ہے"۔

کافی بحث و مباحثہ و ردوکد کے بعد صلاح ٹھیری۔ کہ فاطمہ اپنی سہیلی رقیہ سے زیور مستعار لے اور استعمال کے بعد واپس دیدے نیز انہیں کامل اُمید تھی۔ کہ رقیہ فاطمہ کی اس درخواست کو رد بھی نہ کریگی۔

دُوسرے دن علی الصبح فاطمہ رقیہ کے ہاں گئی۔ رسمی آؤ بھگت و نہ آنیکی شکوہ و شکایت کے بعد فاطمہ نے اظہار مطلب کیا۔ اور رقیہ نے خندہ پیشانی سے ہر امداد دینے کا اقرار کیا۔

رقیہ نے زیورات کا صندوقچہ منگایا اور فاطمہ کے سامنے کھول کر رکھدیا۔ فاطمہ جس زیور کو دیکھتی اُس پر فریفتہ ہوجاتی۔ کبھی اُس کے رنگ و روپ کی تعریف کرتی کبھی اُسکی گھڑت و بناوٹ کی تعریف کرتی۔ کبھی پہنکر قدِ آدم آئینہ کے سامنے ہوتی۔ اور اپنے رعنا جسم پر زیورات کی موزونیت کا اندازہ لگاتی۔ گھنٹہ بھر کی دیکھ بھال کے بعد ایک چندن ہار اور چمپا کلی فاطمہ کی نظرِ انتخاب میں پورے اُترے "مجھے صرف یہ دو چاہئیں" آخر فاطمہ نے کہا "بسر و چشم" رقیہ نے جواب دیا۔

فاطمہ زیورات لیکر خوشی و اطمینان کے ساتھ گھر آئی۔ دُوسرے دن تک جوڑا بھی تیار ہوگیا۔ اب فاطمہ اور صادق دونوں شادی کی تقریب کا انتظار کرنے لگے۔

آخر خدا خدا کرکے وہ دن آیا۔ فاطمہ نے جوڑا و زیورات زیب تن کئے۔ اور صادق حسن کے ہمراہ ٹانگہ میں سوار ہوکر برات میں جا شامل ہوئی۔ وہاں غیر معمولی چہل پہل تھی۔ انواع و اقسام کے خورد و نوش کے سامان تھے۔ سیر و تفریح کا بھی خاطر خواہ انتظام تھا۔ احمد نواز خاں نے ہر دو کی غیر معمولی طور پر خاطر و مدارات کی۔ مختلف افسروں سے تعارف کرایا۔ ہر دو وہاں خوشی و مسرت میں مگن رہے۔ آخر دس بجے کے قریب رخصتی ہونے لگی صادق اور فاطمہ بھی رخصت لیکر باہر آئے۔ اڈا نزدیک تھا۔ وہاں سے ایک ٹانگے پر بیٹھ گئے۔ چونکہ فاطمہ پوجل جوڑے اور زیورات کی عادی نہ تھی۔ اِس لئے زیورات اُتار کر رومال میں باندھکر پاس رکھ لئے۔ گھر پہنچے۔ ٹانگہ والا کو رخصت کیا۔ اور برات کے متعلق ایک مختصر سی گفتگو کے بعد اپنے بستروں پر چلے گئے۔ فاطمہ بستر پر بیٹھی ہی تھی۔ کہ اُس سے ایک جگر دوز چیخ نکل گئی۔ صادق دوڑکر فاطمہ کے پاس آگیا "کیا ہوا۔ کیا کہو تو" "زیورات ٹانگہ میں رہ گئے" بچارے صادق کے اوسان خطا ہوگئے۔ اور چہرہ کا رنگ فق ہوگیا۔

"تم نے ٹانگہ کا نمبر نوٹ کیا؟" نہیں "اور تم نے؟" نہیں۔ اِس "نہیں" کے تبادلہ سے ہر دو کے رہے سہے حواس بھی گم ہوگئے۔ کچھ دیر تامل کے بعد صادق نے کہا۔ اچھا میں پیدل جاتا ہوں۔ خدا کرے کہیں ٹانگہ مل جائے۔ بچارا ساری رات سردی میں مارا مارا پھرا کیا۔ اڈا پر گئی ٹانگہ والوں کو انعامات کے لالچ دیئے۔ منت سماجت کی۔ لیکن پتہ نہ چلنا تھا نہ چل سکا۔ علی الصبح بچارا ناکام واپس آیا اور فاطمہ کو اُسی طرح بستر پر بیٹھا ہوا پایا جس طرح چھوڑ گیا تھا۔ ہر دو مغموم و پریشان تھے۔ آج رقیہ کے ساتھ واپسی زیورات کا وعدہ تھا۔ وہ بھی پورا ہوتا نظر نہیں آتا تھا۔ آخر صادق نے فاطمہ سے رقیہ کی طرف رقعہ لکھوایا۔ کہ چندن ہار کا ایک ٹانکہ کھل گیا تھا جس کی مرمت ہو رہی ہے۔ عنقریب بھیجدیا جائیگا۔ اِس طرح تلاش کا اُنہیں مزید وقت مل گیا۔ لیکن کچھ پتہ نہ چل سکا۔ اب یہ تجویز ٹھہری۔ کہ رقیہ کو جس طرح بھی ہو زیورات واپس کرنے چاہئیں۔ ہر دو کئی صرافوں کی دکانوں پر گئے لیکن بلا قیمت بات کرتے بھی شرم آتی تھی۔ آخر پھرتے پھراتے صادق کی نظر اُس صراف پر پڑی جو اُسکے دفتر کے افسروں کو زیورات تیار کرا دیا کرتا تھا۔ صادق کی بھی اُس سے روشناسی تھی۔ کیونکہ اُس نے اپنی شادی کے موقعہ پر اُس سے انگوٹھی خریدی تھی۔ صادق کو یقین تھا۔ کہ صراف اُسے قرض بھی دیدیگا۔

آخر جھجک جھجک کر صادق نے اظہار مطلب کیا۔ صراف نے تحکمانہ انداز میں کہا۔ بخوشی لیکن بازاری رسوم ادا کرنے ہونگے۔ صادق مجبور تھا۔ بچارے نے اقرار کیا۔ مختلف چندن ہار و چمپا کلی منگائے گئے۔ فاطمہ نے آخر اُن میں سے دو کا انتخاب کیا۔ جو رقیہ کے زیورات سے بالکل ملتے جلتے تھے۔ چمپا کلی کی قیمت دو سو اور ہار کی قیمت پانچ سو ٹھہری۔ اور سات سو چودہ کا تمسک بشرح پندرہ روپیہ سالانہ لکھا گیا بچارے صادق نے ڈر ڈر کر دستخط کئے۔ اور زیورات لیکر گھر آئے۔

دُوسرے دن فاطمہ زیورات لیکر رقیہ کے پاس گئی۔ دِل ہی دِل میں ڈر رہی تھی۔ کہ رقیہ کہیں زیورات کو پہچان نہ لے۔ خدا کا شکر کہ رقیہ نے بن کھولے صندوقچہ لے کر لونڈی کے حوالہ کر دیا۔

اب صادق حسن صراف کی ایک آسامی تھا۔ مستقبل ہر دو کو بھیانک مناظر دکھلا رہا تھا۔ چالیس روپیہ ماہوار تنخواہ اور سات سو چودہ سُودی قرضہ۔ شہری زندگی۔ اخراجات کافی اور بالائی آمدنی ندارد۔ لیکن ہر دو نے جوانمردی اور شجاعت سے ادائیگی قرضہ کا تہیہ کر لیا۔ گھر آکر نوکر موقوف۔ سابقہ مکان چھوڑ کر ایک کوٹھری کرایہ پر لی۔ فاطمہ نے گھر کا سارا کام اپنے سر لے لیا۔ پانی خود لاتی۔ کپڑے خود دھوتی

کھانا خود پکاتی۔ اور سودا سلف خود لاتی۔ صادق بھی دفتر سے آکر گھر میں نچلا نہیں بیٹھتا تھا۔ بلکہ ایک سوداگر کے حسابات تیار کرتا تھا۔ جہاں سے اُسے معقول معاوضہ ملجاتا۔

صادق اور فاطمہ نے ایک ایک درم بچا بچا کر صرّاف کے نذر کئے لیکن پھر بھی سُود در سُود کے صدقے قسط میں سے ہر ماہ کچھ نہ کچھ بچ رہتا۔ جس کا وہ ناںواں نیا کر دیتے۔ اور منت و سماجت سے مزید مُہلت لیتے۔

یہ افلاس۔ ناداری اور قرضہ کی ذلیل زندگی سات سال تک رہی۔ ساتویں سال کے اخیر تک صادق نے اصل۔ سُود۔ در سُود در سُوم کل پائی پائی تک چُکا دیا۔ اور اطمینان کا سانس لیا۔

اِس سات سالہ ذلّت کی زندگی میں فاطمہ وہ تمام نسوانی صفات کھو چکی تھی۔ جن پر اُسے ناز تھا۔ اُس کے دل میں اب کوئی اُمنگ نہیں رہی تھی۔ عادات و لباس سے ایک معمولی خادمہ نظر آتی تھی۔ شکل و صُورت بالکل تبدیل ہوگئی تھی۔ اِس عرصہ میں وہ کسی سہیلی سے بھی نہ ملی۔ حتیٰ کہ رقیہ کو بھی فراموش کر دیا۔

آج قرضہ کی مُصیبت اُن کے سر سے ٹل چکی ہے۔ صرّاف کے آہنی پنجہ سے اُنہیں نجات مِل چکی ہے۔ آج اُس کا صادق اکڑ کر بازار سے گزر سکتا ہے۔ وہ اپنے دفتر کے ساتھیوں اور ہمجولیوں سے ہمپایہ ہونیکا دم مار سکتا ہے۔ فاطمہ گھر میں بیٹھی گذشتہ زندگی کا جائزہ لے رہی ہے۔ وہ خوشی بھری شام جب فاطمہ نیا جوڑا اور زیورات پہنکر احمد نواز خاں کی برات میں شامل ہوئی۔ زیورات کا عاریۃً لینا۔ جوڑا کی تیاری۔ زیورات کا گُم ہونا۔ اُسے رہ رہ کے یاد آرہے تھے۔ انہیں خیالات میں گُم ہو کر بیخودی اور خود فراموشی کی حالت میں فاطمہ گھر سے باہر نکلی۔ سامنے سے رقیہ چند ہمجولیوں کے ساتھ ہنستی ہوئی آرہی تھی۔

"آج میں سارا قصّہ رقیہ کو سُنا دونگی۔ اب ہم مقروض نہیں۔ قرضہ دام دام ادا ہوگیا۔ اب میں ویسی ہی آزاد ہوں جیسی وہ۔ آج ضرور بتا دوں گی ضرور" دل ہی دل میں فاطمہ نے یہ کہکر رقیہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا "بہن سلام"۔

آپ فاطمہ وہ فاطمہ نہیں تھی۔ کہ رقیہ بھی جھٹ پہچان لیتی۔ قرضہ اور محنت نے اُس کا کچومر نکال دیا تھا۔ "معاف رکھنا۔ آپ کو غلطی ہوئی۔ غالباً آپ نے مجھے پہچانا نہیں" رقیہ نے کہا۔

"میں فاطمہ ہوں فاطمہ" فاطمہ نے کہا۔

فاطمہ ... فاطمہ ... رقیہ دوڑ کر فاطمہ سے لپٹ گئی۔ تمہیں کیا ہوگیا۔ تمہاری شکل کیوں اِس قدر تبدیل ہوئی۔ فاطمہ اور اِس حالت میں؟

"ہاں فاطمہ اور اِس حالت میں۔ اور وہ بھی تمہارے طفیل"

"میرے طفیل، وہ کیسے؟"

"وہ چندن ہار اور چمپا کلی جو تم نے مجھے عاریۃً دیئے تھے"

"ہاں لیکن وہ تو تم نے واپس کر دیئے تھے"

"واپس تو کئے تھے۔ لیکن اصل نہیں۔ اُنہیں جیسے خرید کر" اُنہیں کی قیمت کی ادائیگی نے میری یہ حالت کی۔ آج دام دام ادا ہو چکا ہے۔ اور ہم خوش ہیں"

"تو کیا تم نے خالص زیورات خرید کر مجھے لا دیئے تھے" رقیہ نے کہا۔

"ہاں تبھی تو تم پہچان نہ سکیں۔ وہ بالکل اُنہیں جیسے تھے"

اُف ... فاطمہ میرا زیور تو بلمع کا تھا اُس کی قیمت تو بمشکل دس روپے ہوگی

موؤدہ۔ ایک لڑکی کی [illegible] کہانی [illegible] کی قیمت [illegible] سے [illegible] میں [illegible] صوفی پندرھویں [illegible] الدین [illegible]

دیوانۂ محروم

از مولینا جوش ملیح آبادی

فریاد ہے اے خلوتیِ پردۂ ناموس
کب سے ہوں تری دُھن میں گریبان دریدہ

واقف ہے کہ کس طرح سرِ بالش و بستر
راتوں کو تڑپتا ہے ترا زُلف گزیدہ

سینے میں کبھی مہر و محبت کو بھی دے راہ
اے جذبۂ اخلاص سے پیمان بُریدہ

دم بھر کو ٹھہر کر مری رُوداد بھی سُن لے
اے عُمرِ رواں! سایۂ آہوئے رمیدہ

ممکن ہو تو اب خاکِ مذلت سے اُٹھا لے
مَیں کب سے پڑا ہوں صفتِ اشکِ چکیدہ

وہ سجدہ کروں سر ہی نہیں، جان بھی جُھک جائے
دے اِذن اگر صولتِ ابروئے خمیدہ

ظالم! ترے دیوانۂ محروم کے سر پر
ہر لحظہ ملامت کی کمانیں ہیں کشیدہ

قسمت کی طرح دستِ طلب بھی تو ہے کوتاہ
افسوس ہے اے میوۂ شاداب و رسیدہ

وحشی کا کسی فصل میں جی خوش نہیں ہوتا
فریاد ہے اے موسمِ گلہائے دمیدہ

سونے کو ترستی ہیں برستی ہوئی آنکھیں
بیدار رہو اے تُرکِ محبت نچشیدہ

آتا ہوں تری راہ میں آلودۂ تشنیع
جاتا ہوں تری راہ سے دُشنام شنیدہ

"در کوئے تو معروفم و از روئے تو محروم
گرگِ دہن آلودۂ و یوسف ندریدہ" (سعدی)

(غیر بلوغ)

مانگ کیا مانگتا ہے؟

گھر بیٹھے مسمریزم (مینٹزم) زندہ جادوگری اور خفیہ علوم روحانیت سیکھ کر تو ایک دُنیا کو محوِ حیرت بنا سکتا ہے تاریکی میں ہاتھ پاؤں مارنے والے بدقسمت انسان! تیرے اندر حیرت انگیز اور عجیب و غریب روحانی طاقتوں کا ایک خزانہ پنہاں ہے تو اپنے آپ کو ایک بھکاری سمجھتا ہے مگر اندر جھانک کر دیکھ دُنیا جہان کی دولت تیرے قدموں پر نثار ہو رہی ہے۔ یوں اس دُنیا میں ایسی کونسی خواہش ہے جو تیرے ادنےٰ اشارے سے پوری نہ ہو سکے جسے تو بآسانی تسخیر نہ کر لے۔ حاکم یا افسر کو ہمخیال بنانا۔ روزگار میں حسبِ خواہش کامیابی حاصل کرنا۔ رقیب کو پھونک مار کر چنگا کر دینا۔ اپنی یا دوسرے شخص کی قسمت کو جنبشِ نظر سے بدل دینا۔ یہ سب کچھ تیرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ مفصل واقفیت کے لئے کچھ خرچ نہیں کرنا چاہیئے صرف ایک کارڈ پتہ ذیل پر آنا چاہیئے:۔

المشتہر:۔ پروفیسر ہوم آف میجک اینڈ مسمریزم یوسٹ نمبر ۱۵۰ لاہور

الفاظ کا جادو

از مولینا عبدالماجد صاحب دریابادی

اگر آپ کا تعلق اونچے طبقے سے ہے تو کسی "سرا" میں ٹھہرنا آپ کے لئے باعث توہین لیکن کسی "ہوٹل" میں قیام کرنا ذرا بھی باعث شرم نہیں۔ حالانکہ دونوں میں کیا فرق بجز اسکے ہے کہ "سرا" مشرقی ہے ہندوستانی ہے دیسی ہے اور "ہوٹل" مغربی ہے انگریزی ہے ولائتی ہے۔ کوئی اگر یہ کہدے کہ سرا کے فلاں "بھٹیارے" سے آپ کا یارانہ ہے تو آپ اُس کا منہ نوچ لینے کو تیار ہو جائیں لیکن فلاں ہوٹل کے "مینجر" سے آپ سے بڑا ربط و ضبط ہے اُسے آپ فخریہ تسلیم کرتے رہتے ہیں! حالانکہ سرا کے "بھٹیارے" اور ہوٹل کے "مینجر" کے درمیان بجز ایک دیسی اور دُوسرے کے ولایتی ہونیکے اور کوئی فرق ہے؟ کسی مدرسہ میں اگر آپ "مدرس" ہیں تو حقیر ہیں ذلیل ہیں لیکن کسی کالج میں اگر آپ "لکچرر" یا "پروفیسر" ہیں تو معزز ہیں، صاحب وجاہت ہیں۔ حالانکہ اپنے اصل مفہوم کے اعتبار سے "مدرس" اور "پروفیسر" بالکل ایک چیز ہیں۔

ندوہ کے "دارالاقامہ" میں اگر آپ قیام پذیر ہیں، تو آپ کا دل کچھ خوش نہیں ہوتا لیکن اسی دارالاقامہ کا نام جب آپ "شبلی ہوسٹل" سُنتے ہیں تو آپ کا چہرہ خوشی سے دمکنے لگتا ہے! "مدرسہ" میں اگر آپ پڑھتے ہیں یا پڑھاتے ہیں تو خود اپنی نظروں میں آپ ذلیل و خوار ہیں۔ لیکن اگر آپ کا تعلق کسی "کالج" سے ہے تو پھر آپ سے زیادہ معزز کون ہے؟ آپ ہر "مدرسہ طبیہ" "طبیہ اسکول" ہے اور "مدرسہ تکمیل الطب" اور "مدرسہ منبع الطب"، اب "تکمیل الطب کالج" اور "منبع الطب کالج"، "مدرسہ طبیہ ہاجیہ" کا زمانہ گیا، اب اس کا صحیح نام طبیہ ہاجیہ کالج ہے! طبیہ درسگاہوں کو چھوڑیئے خود دینی درسگاہوں کا کیا حال ہے؟ وہ دن گئے جب زبانوں پر "مدرسہ چشمہ رحمت" کا تذکرہ تھا اب وہ "چشمہ رحمت کالج" ہے اور وہاں کے "صدر مدرس" "پرنسپل" صاحب ہیں! فرنگی محل کے مدرسہ نظامیہ کے سب سے بڑے اُستاد کو "صدر مدرس" ذرا کہہ کے تو دیکھئے فوراً آپ کی غلطی کی تصحیح کیجائیگی کہ اُن کا عُہدہ اب صدر مدرسی نہیں "پرنسپلی" کا ہے۔

کوئی آپ سے کہے کہ یہ کیا آپ گلی میں کھڑے ہوئے "گلی ڈنڈا" دیکھ رہے ہیں تو آپ شرم سے پسینہ پسینہ ہو جائیں گے لیکن جب آپ "کرکٹ" یا "فٹ بال" یا "ہاکی" کا "میچ" کھلے میدان میں کھڑے دیکھ رہے ہونگے، تو اُس وقت نہ آپ اپنے بڑوں سے شرمائیں گے نہ چھوٹوں سے! "مینڈھے" لڑاتے ہوئے یا "بٹیر بازی" یا "مُرغ بازی" کرتے ہوئے اگر آپ کہیں پکڑ لئے گئے تو آپ اپنے کو کسی کے سامنے اپنا منہ دکھانیکے قابل نہ سمجھیں گے۔ لیکن جب آپ کے شہر میں Boxing کا مقابلہ ہوگا یا کوئی Heavy Weight Champion آجائیں گے تو اُن کے کمالات کا تماشا دیکھنا روشن خیالی میں داخل! کہیں چوری چھپے "ریس" یا "ٹوٹنگی" دیکھنے کھڑے ہو جایئے تو آپ کی ثقاہت اور وضعداری خود آپ پر لاحول پڑھنے لگے۔ لیکن "تھیٹر" اور "سنیما" میں ساری ساری رات بے تکلف بسر کیجئے کہ "ڈراما" جیسے فن شریف کی شرافت و عظمت میں کس کو کلام ہو سکتا ہے؟ اپنے دیس کے کسی بھانڈ، کسی بازندہ، کسی ڈھاڑی سے اگر آپ شناسائی ہوگئی ہے تو اُس کا ذکر زبان پر لاتے، آپ اپنے دوستوں اور بے تکلف ہم عمروں کے سامنے بھی شرماتے ہیں۔ جھپتے بھی ہیں لیکن چارلی چپلن اور میری پکفرڈ کے کمالات فن اور "آرٹ" کی جتنی داد چاہے، بھری محفلوں میں، بزرگوں اور اُستادوں کے مجمع میں اخبارات کے صفحات میں دیجئے۔ آپ کی نقادی ہی کی شہرت ہوتی چلی جائیگی "نٹوں" کا پیشہ بھی بھلا کوئی عزت کا پیشہ ہے اور خدانخواستہ آپ سے کسی نٹ یا نٹنی سے مُلاقات کیوں ہونے لگی لیکن وہی قلابازیاں کھانیوالے جب سرکس والے اور سرکس والیاں بنکر آپکے سامنے آتے ہیں تو نہ آپ اُن سے ملنے میں شرماتے ہیں نہ اُن سے تعلقات بڑھانے میں۔

جوئے یا جواریوں سے ظاہر ہے، ہماری شرافت کو کیا تعلق ہو سکتا ہے، کوئی ہمیں جواری کہدے تو اپنی جان اور اُس کی جان ایک کر دیں لیکن گھوڑ دوڑ کے دنوں میں اور کارنیوال کی راتوں میں، دن دہاڑے اور بجلی کی روشنی میں یہی ذلت ہمارے لئے

عین عزت بن جاتی ہے اور بڑے سے بڑے شریف وضیع نہ جوئے کی بازی لگاتے شرماتے ہیں اور نہ اپنے کو جواری کہلاتے! انخاس میں کسی "کباڑیئے" کی دکان پر مول تول کرنا ہماری عزت و شرافت کے لئے باعثِ ننگ لیکن مال روڈ پر "پیکالن صاحب" کی کوٹھی پر گشت لگانے میں نہ کوئی ننگ ہے نہ شرم، اس لئے کہ "پیکالن صاحب" "کباڑیئے" نہیں "آکشنر" اور "نیلامئے" ہیں! چوک اور امین آباد میں کسی حلوائی کی دکان سے پوری مٹھائی اپنے ہاتھ سے خریدیئے تو شرماتے جایئے، لیکن حضرت گنج میں ولیر یو کی دکان کے سامنے اپنا موٹر بلا تکلف روکئے، اور کیک اور پیسٹری کی خریداری بنفس نفیس بے جھجک فرمایئے اس لئے کہ ولیر یو "حلوائی" نہیں "کنفکشنر" ہے! نظیر آباد کے چوراہے پر کسی شربت والے کی دکان سے فالودہ کا گلاس خریدنا آپ کی خودداری کے منافی، لیکن حضرت گنج میں "صاحب" کی جگمگاتی ہوئی دکان پر بیٹھکر آئس کریم نوش فرمانا آپ کی عزت و شان کے عین مطابق۔ کسی "نانبائی" کی دکان پر لب سڑک بیٹھ کر کھانا کھانا ہمارے لئے باعثِ عار لیکن اُسی نانبائی کی دکان کو اگر "ریسٹران" کہکر پکارا جانے لگے۔ تو وہی عار فخر میں تبدیل ہو جائے۔ نائی بیچارہ جب تک محض نائی ہے اُس کے استرے اور کسوت کے آگے لب سڑک بیٹھکر سر جھکانا آپ کیونکر گوارا فرما سکتے ہیں، لیکن وہی نائی جب اپنے کو Hair Dresser کہلانے لگے اور اپنی لب سڑک دکان پر "ہیر کٹنگ سیلون" کا سائن بورڈ لگالے تو وہی ناگوار آپ کیلئے بطیب خاطر گوارا و پسندیدہ!

عدالت کا پیادہ جب تک "چپراسی" یا "مذکوری" ہے حقیر و ذلیل ہے لیکن وہی پیادہ اگر "بیلف" کہکر پکارا جاتا ہے تو معزز ہے اور آپ کی زبان پر محض بیلف نہیں، بلکہ "بیلف صاحب" ہے! کوئی چمار یا موچی اس قابل کب ہوتا ہے کہ آپ اُسے منہ لگائیں لیکن وہی رذیل اگر کسی ٹینری Tannery کا مالک کہلانے لگے تو معاً اُسکی رذالت آپ کی نگاہ میں عزت و شرافت سے بدلجاتی ہے! بنتی کا ساہوکار یا مہاجن بڑے سے بڑا ہو آپ کی نظر میں محض "بنیا" ہے، لیکن وہی بنیا اگر کسی بینک کا منیجر ہو جائے یا اپنے آپ کو "بینکر" کہلانے لگے تو دیکھئے اُس کا مرتبہ دم بھر میں کہاں سے کہاں پہنچ جاتا ہے۔ لفظ "مصاحب" آپ کی نظر میں اخلاقی حیثیت سے پستی و دنائت کی تصویر ہے لیکن اسی معنی کو "پرائیویٹ سکرٹری" اور "اے۔ ڈی۔ سی" کا جامہ پہنا دیجئے، معاً آپ کی نظروں کے سامنے وقعت و مرتبہ رعب و دبدبہ کی تصویر پھر جائیگی!

"پنچایت" کا نام آیا اور آپکے ذہن نے جلاہوں اور دھنیوں، قصائیوں اور کنجڑوں، نائیوں اور دھوبیوں اور دوسری نیچ قوموں کا تصور شروع کیا۔ لیکن ادھر پنچائت کے بجائے پارلیمنٹ اور اسمبلی، کونسل اور میونسپل بورڈ کے الفاظ بولے گئے اور آپ کا ذہن ان فرنگی پنچائیتوں کی بلندیوں پر رشک کرنے لگا۔

کوئی مولوی غریب اگر عالمگیری اور شامی کے جزئیات فقہیہ کا حافظ ہے تو غبی ہے، کودن ہے، کندۂ ناتراش ہے، محض مُلّا ہے۔ لیکن اگر کسی بیرسٹر صاحب کو ہائیکورٹ اور پریوی کونسل کے نظائر از بر ہیں تو اُن کی قابلیت اور ذہانت کے اعتراف میں سب سے آگے آپ ہی ہیں! فسانۂ عجائب اور طلسم ہوشربا کے نام آج مجال ہے کہ کوئی زبان پر لاسکے، لیکن لنڈن اور برلن، پیرس اور نیویارک کتنے ہی عجائبات نو اور کتنے ہی طلسمات ہوشربا ناولوں کے نام سے۔ سراغرسانی کے افسانوں کے نام سے۔ "سنسنی خیز" خبروں کے نام سے۔ رعشہ انگیز افتتاحیوں کے نام سے صاعقہ اثر مقالات کے نام سے اور خدا معلوم اور کس کس نام سے ہر سال اور ہر ماہ، ہر ہفتہ اور ہر روز، ہر صبح اور ہر شام شائع ہوا کریں۔ اُن سے باخبر رہنا اور پوری دلچسپی و انہماک کے ساتھ اُن کے نشر و اشاعت میں، اُن کے پڑھنے پڑھانے میں لگے رہنا دلیل روشن خیالی و دستاویز حقیقت رسی! کوئی آپ کو صلاح دے کہ "لوہاری" کا پیشہ اختیار کیجئے تو آپ اُسے گالی سمجھیں لیکن "میکینیکل انجینری" کے عُمدہ کی طرف آپ خود لپک لپک کر بڑھ رہے ہیں! "جراح" کے لفظ سے جو تخیل آپکے ذہن میں پیدا ہوتا ہے، وہ کس درجہ پست ہے لیکن "سرجن" کے نام لینے سے اُسی پستی میں کتنی بلندی آجاتی ہے۔ مئو اور ٹانڈہ کے رہنے والے "جُلاہے" آپکے نزدیک، ایک مسلّم طور پر پست و ادنی لیکن جو کپڑا بننے والے لنکا شائر کے رہنے والے ہیں کیا اُن کی بابت بھی آپ کا یہی خیال ہے؟ بنارس جو آپکے گرد و پیش ہے اُس کو کوئی عزت و وقعت یقیناً آپکے دل میں نہیں، لیکن جو کپڑا بیچنے والے مانچسٹر کے باشندے ہیں اُن کی بابت آپ کا کیا خیال ہے؟ بزرگوں کے سالانہ فاتحے منانا آپکے خیال میں دلیل حمق و علامت وہم پرستی۔ لیکن علی گڈھ و جامعہ میں پڑھکر "فاونڈرس ڈے" یا "یوم تاسیس" دھوم دھام سے منانا دلیل دانش و برہان روشن خیالی۔

کوئی کہانتک گنائے اور ناموں اور لفظوں کی کتنی لمبی فہرست تیار کرے۔ نمونہ کیلئے یہ بھی کافی سے زائد ہیں۔ اپنے تجربہ اور مشاہدہ سے کام لیکر

خود نظر دوڑائیے اور دیکھئے کہ زندگی کے ہر شعبہ میں، معاشرت و ملت کے ہر گوشہ میں فرنگیت کی کتنی مرعوبیت ہم پر اور آپ پر چھائی ہوئی ہے حقیقت تما مترد ہی ہوتی ہے، معنی و مفہوم بعینہ ایک ہوتے ہیں۔ لیکن جو لفظ اور جو نام فرنگیت کے راستہ سے "صاحب" کے رشتہ سے آپ کے کانوں تک پہنچے ہیں، اُن میں اُن کے دیسی مترادفات سے کتنی زیادہ عظمت، کتنی زیادہ اہمیت، کتنی زیادہ بلندی ہمارے دلوں اور دماغوں نے غیر محسوس طور پر قبول کر لی ہے! انگلوں نے بہت کیا تو یہ کیا کہ مُلک فتح کر لئے۔ قلعے سر کر ڈالے۔ فوجوں کو میدان جنگ میں شکست دیدی۔ اس سے زیادہ نہ چنگیز سے کچھ بن پڑا، نہ ہلاکو سے، نہ دارا سے، نہ سکندر سے۔ یہ شرف مخصوص اسی دوریا جوج کے لئے اُٹھ رہا تھا کہ جسم کے ساتھ ساتھ دِل و دماغ بھی فتح کر لئے جاتے ہیں اور ہاتھوں پیروں کے علاوہ عقلوں اور بصیرتوں سے بھی خطِ غلامی لکھا لیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ غریب محکوموں کے پاس خیر و شر، حسن و قبح، ہنر و عیب کا معیار لے دیکے بس یہی ایک رہ جاتا ہے کہ "صاحب" کی چشم التفات کدھر ہے؟ عزت بھی صلوب کی دی ہوئی اور دولت بھی صاحب کی مرحمت کی ہوئی۔ دین بھی صاحب کا عطا کیا ہوا۔ اور دُنیا بھی صاحب کی بخشی ہوئی۔ آپ نہ ہندو ہندو ہیں نہ مُسلمان مُسلمان بلکہ سب "رعایائے سرکار"۔ آپ کوئی مُسلمان تج زید ہے نہ عمر بکر۔ اور کوئی ہندو نہ رام ہے نہ کرشن نہ گوبند۔ بلکہ سب کے سب "صاحب بین" ہیں! ہندو بھی اور مُسلمان بھی، سکھ بھی اور پارسی بھی!

الفاظ عمومی اور اسمائے نکرہ کو بھی چھوڑیئے۔ قیامت یہ ہے، کہ اعلام اور اسمائے اشخاص تک یورپ زدگی کی وبا سے محفوظ نہیں۔ میاں "کلو" کو آپ نے اپنے ہاں جب دیکھا اکہ بانی ہی کرتے پایا۔ لیکن میجر "بلیک" Black آپ کے شہر کے سول سرجن ہیں! "اکو اہتر" آپ کے محلہ ہی میں رہتا ہے، لیکن پروفیسر "بلیکی" Blackey یونیورسٹی کے ایک ممتاز پروفیسر ہیں! "لالہ گھاسی رام" بیچارے "کانجی ہوس" کی محرری سے عُمر بھر آگے نہ بڑھ سکے۔ لیکن بریگیڈر جنرل "ہے" Hay برطانوی فوج کے ایک مشہور عالم افسر ہیں! میاں "رمضانی" کی ساری عُمر خدمت گاری میں گزری، لیکن مسٹر "مے" May پارلیمنٹ کے ایک نامور ممبر ہیں "مٹھوا" کہار اور "طوطا" کلوار آپ کی بستی ہی میں اپنی زندگی کے دن پورے کر رہے ہیں۔ لیکن سرجان "پارٹرج" Partridge آپ کے صُوبہ کے گورنر تھے مسٹر "کاک" Cock اس وقت تک آپ کے ضلع کے کلکٹر ہیں اور "سوان" Swan صاحب ابھی تبدیل ہو کر گئے ہیں۔ آپ کی ماما کا لڑکا "شیرا" بیچارہ ابتک چپراسی کی جگہ اُمیدواری کر رہا ہے لیکن "بل" صاحب Bull ترقی پاکر کمشنر ہو گئے۔ اور مسٹر "لیمب" Lamb اور مسٹر "کڈ" Kid آپ ہی کے ضلع کے حاکم بندوبست اور جائنٹ مجسٹریٹ ہیں۔ "دریاؤ سنگھ" غریب کو لیس جمعداری سے آگے بڑھنا نصیب نہ ہوا۔ سرجان "لیک" Lake دیکھتے دیکھتے ای۔ آئی۔ آر کے ایجنٹ ہو گئے۔ لالہ "لوہاری مل" کے چلائے عرائض نویسی کا کام بھی نہ چلا۔ جسٹس "اسمتھ" Smith ہائیکورٹ کی جج پر پہنچے! شیخ "جھاؤ" کی زندگی نوربافی کرتے کرتے ختم ہو گئی۔ پرچارس "وڈ" Wood حکومت ہند کے ہوم ممبر ہیں۔

صُوفی مُفت

اگر آپ رسالہ صُوفی کو مُفت پڑھنا چاہتے ہیں تو کم سے کم بیس روپیہ کی مطبوعات صُوفی منیجر صاحب رسالہ صُوفی سے منگالیں۔ اگر کارخانہ آبِ حیات لمیٹڈ کی تیار شدہ ادویات سولہ روپیہ کی طلب کریں تو بھی رسالہ صُوفی ایک سال مُفت حاضر ہوگا۔ لیکن اس اشتہار کا حوالہ دینا ضروری ہے۔

منیجر رسالہ صُوفی پنڈی بہاؤالدین پنجاب

سِل و دِق کی مجرب دوا اس بے نظیر دوا کا ہم نے کئی مریضوں پر تجربہ کیا ہے۔ واقعی تیر بہدف دوا ہے۔ قیمت فی بوتل جس میں سفوف و عرق شامل ہیں دس روپے (عہ۱۰)

خُونی بواسیر کی دوا بواسیر خُونی ہو یا بادی ہر ایک کا مفصل حال لکھنا چاہیئے۔ کیونکہ دونوں کی دوائی علیحدہ علیحدہ ہے صدہا مریض اس سے شفایاب ہو چکے ہیں قیمت فی بکس للعہ

سُوزاک کی دوا قرحہ و سوزاک کی شرطیہ دوائی ہے ۹۵ فیصدی مریضوں کو اچھا کر دیتی ہے قیمت فی شیشی للعہ

ذیابیطاسم ہر ایک قسم کی ذیابیطس کی مجرب شرطیہ دوائی قیمت فی بکس چار روپے (۴۱)

کھانسی کی گولیاں یہ گولیاں ہر قسم کی کھانسی کی مجرب اور زود اثر ہیں قیمت فی شیشی عہ

ملنے کا پتہ:۔ منیجر آبِ حیات لمیٹڈ پنڈی بہاؤالدین پنجاب

سُن لو میرا گیت

(۱) دُکھیا من ہے دُکھیا کایا
چھُوٹ گیا ہے اپنا پرایا
دُنیا کیا ہے؟ مایا مایا
مایا کے سب میت ہیں لیکن مایا کس کی میت
بابا سُن لو میرا گیت

(۲) دُنیا والے لوبھ کے بندے
تن کے اُجلے من کے گندے
جھُوٹی دُنیا جھُوٹے دھندے
کوئی نہیں ہے سنگی ساتھی سب کی جھوٹی پریت
بابا سُن لو میرا گیت

(۳) مایا ہی سے پیار ہے سارا
جھُوٹا یہ سنسار ہے سارا
کھوٹا کاروبار ہے سارا
ریت کا کوئی گھر انہیں ہے سب کی کھوٹی ریت
بابا سُن لو میرا گیت

(۴) جھُوٹی ساری دُنیا داری
مطلب کے ہیں سب نرناری
من کی دُنیا سب سے نیاری
من کے ہارے ہار ہے بابا من کے جیتے جیت
بابا سُن لو میرا گیت

(چندن)



سکھ اور ہندو

کیا سکھ بحیثیت قوم ہندوؤں سے علیحدہ ہیں؟

یہ مضمون ملک محمد اسلم خاں صاحب ایم۔ اے (کینٹب) کی خاص فرمائش پر انگریزی زبان میں لکھا گیا!

گول میز کانفرنس میں سکھوں کا ایک عجیب و غریب مطالبہ

(مولانا محمد یعقوب خاں صاحب ایڈیٹر "لائیٹ")

۲۴ اگست ۱۹۳۱ء کے "لائیٹ" میں جو بصورت پمفلٹ شائع ہوا ہے۔ مولینا محمد یعقوب خاں صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی ایڈیٹر "لائیٹ" نے ایک بسیط مضمون سکھ اور ہندو مذہب پر لکھا ہے۔ جس میں سکھوں کے اس مطالبہ پر کہ انہیں جداگانہ نیابت کا حق دیا جائے کیونکہ وہ ایک علیحدہ اقلیت کی حیثیت رکھتے ہیں تبصرہ کرتے ہوئے واقعات و شواہد کی روشنی میں یہ ثابت کیا ہے کہ سکھ قوم دراصل ہندوؤں کا ایک حصہ ہے اور اسی قسم کا ایک اصلاحی فرقہ ہے جیسا کہ آریہ سماج یا برہمو سماج ہندوؤں کے اصلاحی فرقوں کی حیثیت رکھتے ہیں جس طرح یہ دونوں فرقے ہندو قوم میں سے ہونیکے باوجود "ہندو" کا نام اپنے لئے پسند نہیں کرتے اور "آریہ" اور "برہمو" کہلانا انہیں زیادہ مرغوب ہے۔ ویسے ہی سکھ ہندو قوم میں سے ہونیکے باوجود "ہندو" نہیں بلکہ "سکھ" کہلانا زیادہ پسند کرتے ہیں۔

بابا نانک کا مذہب

مولانا نے مسلمانوں کے اس خیال کو پیش نظر رکھتے ہوئے کہ بابا نانک رحمۃ اللہ علیہ دل سے مسلمان تھے صاف لکھا ہے کہ یہ ایک علیحدہ سوال ہے جس پر اس وقت غور کرنا ضروری نہیں۔ ہمارا تعلق اس وقت موجودہ سکھ مذہب کے ساتھ ہے اور اس لئے اصل سوال صرف یہ ہے کہ عام طور پر انہیں کیا سمجھا گیا ہے جو رائے ان کے متعلق عام طور پر قائم کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ وہ ایک پکے ہندو تھے۔ ایک مصلح اور ہندو قومیت کے ممبر تھے۔

مغربی مصنفین کی آراء

اس حیثیت کو ثابت کرنے کے لئے مولینا نے بعض مغربی مصنفین اور ہندو قوم کے ایک بہت بڑے لیڈر اور موجودہ وزیر لوکل سیلف گورنمنٹ ڈاکٹر گوکل چند نارنگ کی آراء نقل کی ہیں۔ جن میں اس بات پر خاص طور پر زور دیا گیا ہے کہ بابا نانک دراصل ہندو مذہب رکھتے تھے۔ اور سکھ مذہب جس کی بنیاد انہوں نے ڈالی دراصل ہندو مذہب ہی کی ایک اصلاحی صورت ہے۔ اسکی تمام خصوصیات ہندوانہ ہیں۔ اور بقول ڈاکٹر فارکھار ایم۔ اے ہندوؤں کے فرقوں اور اس میں کوئی فرق نہیں۔ بلکہ تناسخ اور کرم کے مسائل اور ہندوؤں کے مجلسی نظام میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ یہی رائے ڈاکٹر بارتھ ایم اے نے اپنی کتاب "دی ریلیجنز آف انڈیا" میں ظاہر کی ہے۔ اور ڈاکٹر ٹرمپ نے اپنی کتاب "انڈین ریلیجنز" میں صاف لکھا ہے کہ

"نانک کے متعلق یہ سمجھنا غلطی ہے کہ اس نے خدا تعالےٰ کے متعلق ہندو اور اسلامی خیالات کو متحد کرنے کی کوشش کی ہے۔ نانک اپنے تمام خیالات کی رو سے ایک پکا اور سچا ہندو رہا ہے۔"

یہی رائے گورڈن کی ہے۔ جس نے سکھ مذہب کو برہمنوں کے مظالم کے خلاف ایک قسم کا باغیانہ طریق عمل قرار دیا ہے۔ اور بتایا ہے کہ برہمنوں کی اطاعت کا جوا گردن سے اتار کر بابا نانک نے اپنے آباؤ اجداد کے قدیم مذہبی خیالات کی طرف رجوع کیا۔

ڈاکٹر نارنگ کے خیالات۔ اسی سلسلہ میں ڈاکٹر گوکل چند نارنگ کی کتاب "ٹرانسفرمیشن آف سکھ ازم" سے بھی بعض فقرات نقل کئے گئے ہیں

جو اس بات کی اندرونی شہادت ہیں کہ سکھ مذہب ہندوؤں ہی کا ایک اصلاحی فرقہ ہے۔ اور کوئی علیحدہ مذہب نہیں۔ ان طویل و بسیط عبارات کو چھوڑ کر جو خانصاحب موصوف نے کتاب مذکور سے نقل کی ہیں کہ یہ بتایا جائے کہ ایک ہندو لیڈر کے نزدیک گورو نانک نے کن طریقوں سے ہندو قوم کی اصلاح کی۔ ہم ڈاکٹر نارنگ کے صرف دو فقرے نقل کر دینا کافی سمجھتے ہیں جن میں انہوں نے لکھا ہے کہ

"گورو نانک نے اپنے زمانہ کی ہندو قوم کی حالت کو پورے طور پر سمجھ لیا تھا اور وہ اس نتیجہ پر پہنچ چکے تھے کہ مذہبی اصلاح ہی اس کا حقیقی علاج ہے جس کے ذریعہ سے آنیوالی تباہی سے یہ قوم بچ سکتی ہے۔"

"اوپر جو کچھ بتایا جا چکا ہے اس سے صاف طور پر ظاہر ہو جائیگا کہ اگرچہ اسلام نے اس پر اثر ڈالنے کی کوشش کی تاہم سکھ مذہب کسی بات میں اس کا مرہون منت نہیں۔ برخلاف اس کے یہ ہندو مذہب کی ایک ترقی یافتہ شکل ہے۔"

آگے چل کر ڈاکٹر نارنگ نے یہاں تک لکھا ہے کہ اگر گورو نانک چاہتے تو اپنا علیحدہ مذہب بنا سکتے تھے۔ ایک بالکل علیحدہ مجلسی و مذہبی ضابطہ تجویز کر سکتے تھے اور ہندوؤں کے ورن آشرم سے بالکل قطع تعلق کر کے اپنی قوم الگ بنا سکتے تھے جو ہندو پرمتوں سے بالکل آزاد ہوتی۔ لیکن یہ ان کا مقصد نہ تھا۔ وہ اپنے آپ کو ہندو قوم سے علیحدہ کرنا نہیں چاہتے تھے بلکہ اسی کے اندر رہنا۔ اسی کے ساتھ مل کر کام کرنا اور اپنی شاندار اور اعلیٰ تعلیم سے اس کو مجلسی اور مذہبی زندگی کے ایک بلند مقام پر اٹھانا ان کا مقصد حقیقی تھا۔

ایک اور موقعہ پر ڈاکٹر نارنگ نے گورو نانک کو سب سے پہلا ہندو مصلح قرار دیا ہے۔ اور بتایا ہے کہ اسی کی بعثت نے ہندو قوم میں مشترکہ قومیت کی روح پھونکی۔ پھر ان کو ایک ایسا انسان قرار دیا ہے جس کو ہر ہندو اپنا کہہ سکتا ہے اور جائز طور پر اس پر فخر کر سکتا ہے۔

آریہ اور برہموؤں کو کیوں علیحدہ نیابت نہ دیجائے؟

ان تمام خیالات و آرا کو نقل کرنیکے بعد مولینا یعقوب خاں صاحب نے یہ سوال کیا ہے کہ ایسی حالت میں کہ سکھ مذہب انگریزوں اور خود ہندوؤں کے نزدیک ہندو مذہب کا ایک اصلاحی فرقہ ہے جیسا کہ برہمو سماج اور آریہ سماج کا حال ہے۔ یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اگر سکھوں کو علیحدہ اقلیت کی حیثیت دینا ضروری ہے تو اول الذکر دونوں فرقوں کو جو اسی قدر عددی قوت کے دعویدار ہیں بالخصوص آریہ سماج پنجاب میں اپنی اسی قدر آبادی کا دعویٰ کرتی ہے جس قدر سکھوں کی آبادی ہے۔ کیوں علیحدہ علیحدہ اقلیتوں کی حیثیت نہ دیجائے؟

اسلامی اور مسیحی فرقے اور جداگانہ نیابت

اسی سلسلہ میں مولینا نے اسلامی اور مسیحی فرقوں کی مثالیں پیش کی ہیں۔ اور بتایا ہے کہ مسلمانوں میں سنی شیعہ۔ وہابی اور احمدی فرقے موجود ہیں جن میں باہم جنگ و جدل بھی رہتا ہے تاہم وہ سب کے سب ایک ہی درخت کی شاخیں ہیں۔ اور تمام سیاسی مقاصد میں ایک ہی قوم کی حیثیت سے ان سے سلوک ہوتا ہے۔ یہی حال عیسائیوں کے رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ فرقوں کا ہے۔ اور ان تمام اسلامی اور مسیحی فرقوں میں سے کسی پر بھی علیحدہ اقلیت کی تعریف صادق نہیں آتی۔ خواہ ان کے اندرونی اختلافات کتنے ہی شدید کیوں نہ ہوں۔ تعجب ہے کہ سکھ جو ہندو مذہب کا ایک جزو لاینفک ہیں علیحدہ اقلیت کا مطالبہ کر کے دنیا کی آنکھوں میں خاک جھونکنا چاہتے ہیں۔ یہ تمام گورکھ دھندا حال ہی کی ایجاد ہے جس کا خیال کانسٹی ٹیوشنل طریق حکومت کی تجویز کو دیکھکر پیدا ہوا ہے۔ اس میں ایک چالاکی ہے جس سے کونسل میں مسلمانوں کے بالمقابل ہندو نیابت کو طاقتور بنانا مقصود ہے۔

گورو گوبند سنگھ کا کام

